بسم اللہ الرحمن الرحیم

دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ

تحفۃ الگیلانی

مجددی مقیمی

جدید تحقیق اور نئے تجربات کے ساتھ بھرپور

حصہ دوئم

مصنف

حضرت پیر سید سلطان حیدر شاہ گیلانی مجددی مقیمی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ

تحفۃ الگیلانی حجروی مقیمی

جدید تحقیق اور نئے تجربات کے ساتھ بھرپور

حصہ دوم

faridian

مصنف

پیر طریقت رہبر شریعت مہتاب قادریت شہزادہ غوث الورلی

حضرت پیر سیدنا سبطین حیدر شاہ گیلانی حجروی مقیمیؒ

آستانہ عالیہ گیلانی قادری 2½ کلومیٹر حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

دمِ میراں لعلؒ پاک بہاول شیر قلندرؒ

تحفۃ الگیلانی

حجروی مقیمیؒ

جدید تحقیق اور نئے تجربات کے ساتھ بھرپور

حصّہ دوم

مصنف

پیرِ طریقت رہبرِ شریعت مہتابِ قادریت شہزادۂ غوث الوریٰ حضرت

پیر سیدنا سبطین حیدر شاہ گیلانی حجروی مقیمیؒ

آستانہ عالیہ گیلانی قادری ½ ۲ کلومیٹر حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم

ضلع اوکاڑہ فون:- 861317 - 04449

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

نعت شریف

ہوائے مدینے جا توں جا لے جا پیغام میرا
ہتھ بنھ سلام آکھیں کہندا غلام تیرا

دکھڑے سناویں میرے پندھ آکھیں چوکھا ڈھیر اے
ٹر ٹر کے تھک میں جاواں مئیں ہوندا اے نیڑا
وائے مدینے جا توں لے جا پیغام میرا

ویکھو دیدار مینوں خوابے دے وچ کدی تے
ویکھاں نت نہ تینوں چاروں طرف اندھیرا
وائے مدینے جا توں لے جا پیغام میرا

جالی نوں بوسہ دیویں قدماں دے نیڑے بہہ کے
عرضی قبول کر لئے رحمت کرئے چا پھیرا
وائے مدینے جا توں لے جا پیغام میرا

سوہنے رسول عربی تیرے اسیں دیوانے
مکھڑا ویکھاؤ سانوں ہوجائے گا سویرا
وائے مدینے جا توں لے جا پیغام میرا

اک نظر کرم آقاؐ سبطین اُتے کر دے
گل لادیں نیویاں نوں تیرا شان ہے اچیرا
وائے مدینے جا توں لے جا پیغام میرا

انتساب

اُن ہستیوں کے نام جو آج تک کبیرہ صغیرہ گناہوں سے مُبرا ہیں اور والدین محترم ومکرمؒ میاں شہامدؒ ڈاکٹر سید حسنین حیدر گیلانیؒ اجمعین اور اپنی زوجہ محترمہ کے نام جن کی محبت شفقت لگن اور دعاؤں کے بل بوتے پر مجھ بندہ ناچیز میں قلم اٹھانے کی طاقت آئی ورنہ بندہ اس قابل کہاں تھا؟

جنہوں نے مجھ ناچیز کو کندن بننے کے قابل کیا۔

خدا تعالیٰ ان پر خاص رحمت کا سایہ قائم رکھے اور حضور ﷺ کی شفاعت نصیب فرمائے امین الٰہی بحرمتہٖ سید المرسلینؐ

فقط

بندہ ناچیز مصنف ہذا

27 جون 2002ء

کچھ مصنف کے بارے میں!

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

ابتدائے آفرینش سے لے کر تا قیام قیامت خدا تعالیٰ کے نور کے ظہور کیلئے مختلف واقعات رونما ہوتے آئے ہیں جن سے خدا تعالیٰ کی واحدانیت اور اس کے پیارے محبوب ﷺ کی رسالت کا پتہ چلتا آیا ہے۔ اگر ایک واقعہ اچانک پیش آجائے تو مسلمانوں کے نزدیک اس کو خدا تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ کہا جاتا ہے اور اگر یہی واقعہ خدا تعالیٰ کے پیارے رسولوں پیغمبروں، انبیاء علیہ السلام کے ہاتھوں اچانک ظہور پذیر ہوجائے تو اس کو مسلمانوں کے نزدیک معجزہ کہا جاتا ہے جس کی تاریخ گواہ ہے۔ اگر اسی طرح ہی خدا تعالیٰ کی برگزیدہ ہستیوں سے کوئی اچانک واقعہ رونما ہوجائے تو اس کو ولی اللہ کی کرامت کہا جاتا ہے۔ لیکن تین ہونے والے واقعات کا مظہر ایک ہی ہے۔ لیکن ہاتھ علیحدہ علیحدہ ہیں کرامت یا معجزہ بھی اُس وقت تک ظہور پذیر نہیں ہوتا جب تک خدا تعالیٰ کا حکم نہ ہو دُنیا اولیاء اکرام سے بھری پڑی ہے۔ ہر گلی کوچے محلے اور شہروں میں اولیاء اکرام اپنی کرامت کے تحت زندہ جاوید ہیں۔ مصنف کی پشت پناہی بھی اولیاء عظام سے بھری ہوئی ہے۔ آپ کے جد پاک میں حضرت عبداللہ نوری رحمتہ اللہ تعالیٰ اپنی تصنیف نکات نوریہ شریف میں فرماتے ہیں کہ ہمارے دادا حضور حضرت میراں بہاول شیر قلندر فرماتے ہیں کہ ہماری اولاد تین طرح کی ہیں ایک وہ جو پیدائشی طور پر مادر زاد ولی ہوتے ہیں دوسرے وہ جو دنیا میں محنت کر کے ولایت کا مقام حاصل کرتے ہیں تیسرے وہ جنہیں مرنے سے پہلے ہم ولی کر دیتے ہیں۔ سید سبطین حیدر گیلانی کا تعلق بھی ان ہی افراد میں ہوتا ہے جو کہ محنت مشقت کر کے راہِ سلوک کی منازل طے کر کے ولی بن جاتے ہیں۔ آپ کا تعلق حضرت میراں بہاول شیر قلندر کی تیرہویں پشت میں سے ہے۔ اور بائیسویں پشت میں حضرت جناب پیران پیر شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ ہیں۔ آپ نے دنیا میں رہتے ہوئے قناعت، پرہیزگاری کو اپنا شیوہ بنائے رکھا ہے۔ آپ ہر وقت تصوف اور علم شریعت کی باتوں کے نچھاور کرتے رہتے ہیں اکثر دیکھنے میں آیا کہ اگر کوئی آدمی صرف ایک ہفتہ آپ کی محفل میں بیٹھ جائے تو دنیا و مافیا کا خیال اُس کے دل سے نکل جاتا ہے۔ آپ کا شجرہ مبارک کچھ اس طرح ہے۔

شجرہ نسب:

سید سبطین حیدر گیلانی بن سید منصب علی گیلانی بن خادم حسین شاہ گیلانی بن سید نیاز علی گیلانی بن سید عظمت اللہ گیلانی بن سید عصمت اللہ گیلانی بن حضرت سید عظمت اللہ بن سید جعفر حسین بن حضرت سید محمد حسین المعروف نخی دولا پاک حسین بن سید شہنشاہ نورِ بھرپور بن حضرت سید علی امیر بالا پیر بن حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین بن حضرت سید ابو المعالی بن حضرت سید نور محمد بزرگ بن حضور میراں بہاول شیر قلندر بن حضرت سید تاج الدین محمود سرخ پوش بن سید علاؤ الدین بن سید فتح الدین بن سید حیدر الدین بن سید ظہیر الدین بن سید شمس الدین بن حضرت سید محمد مشتاق بن حضرت سید علی بن حضرت سید عبدالرزاق بن جناب پیران پیر شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضوان اللہ اجمعین۔ حضور میراں بہاول شیر قلندر بہت بڑے اجل اور بہت مایہ ناز مادر زاد کامل و مکمل خداتعالیٰ کے برگزیدہ بندے تھے۔ یہاں ہم اختصار کے ساتھ آپ کا ایک روحانی واقعہ تحریر کرنا چاہتے ہیں جس سے اہل ایمان والوں کے ایمان دوبارہ زندہ ہوجائیں۔ پڑھیں اور خوشی کے ساتھ جھوم جائیں۔

واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ ''بدایوں کے بادشاہ نے قلعہ بنگلور یا بنگالہ قلعہ (واقعہ ہندوستان) پر پہلا حملہ کیا تو ناکام ہوگیا پھر دوسرا حملہ کیا پھر ناکام ہوگیا پھر تیسرا حملہ کیا مگر پھر بھی ناکامی کا سامنا ہوگیا۔ اس طرح اس نے قلعہ بنگلور فتح کرنے کیلئے کوئی کسر نہ چھوڑی آخر کار سر پکڑ کر بیٹھ گیا کہ اُف یہ کیا ماجرا ہے کہ کئی بار حملے کرنے کے باوجود بھی قلعہ فتح نہیں ہو رہا۔ بادشاہ نے وزیر کو اپنی کچہری میں طلب کیا اور مشاورت شروع کر دی آخر کار طے یہ پایا کہ نجومیوں کو جمع کر کے پوچھا جائے کہ آخر ناکامی کی وجہ کیا ہے۔ بدایوں کے تمام نجومیوں کے علاوہ علاقے کے اجل نجومی بھی اکٹھے کئے گئے نجومیوں نے اپنی جان بخشی کرانے کے بعد آپس میں مشاورت کیلئے وقت مانگا تمام نے سوچا کہ اگر بادشاہ کو ٹھیک طور پر کوئی حل نہ مل سکا تو پھر ہوسکتا ہے کہ اپنے قانون کے تحت ہمارے سر قلم کر دے۔ نجومیوں کو کوئی آثار معلوم نہیں ہو پا رہے تھے کہ بادشاہ کو مشورہ کیا دیا جائے۔ تمام نجومیوں نے سوچنے کے بعد فیصلہ کیا کہ بادشاہ سلامت کو جب تک کوئی فقیر باللہ نہ مل سکے اُس وقت تک قلعہ فتح نہیں ہوسکے گا۔ بادشاہ نے تمام بادشاہی میں اعلان کر دیا کہ تمام لوگ اکٹھے ہوجائیں تمام عوام کے اکٹھا ہونے کے بعد بادشاہ نے اعلان فرمایا کہ کسی فقیر باکمال کی تلاش کی جائے۔ کچہری میں ہر طرف سناٹا چھا گیا۔ کچھ دیر

سکوت کے بعد ایک آدمی نے ایک قدم آگے بڑھایا اور عرض کرنے لگا بادشاہ سلامت، بادشاہ نے نگاہ اوپر اٹھائی اور گندگی سے اٹے ہوئے آدمی کی طرف دیکھا اور پاس آنے کا اشارہ کیا۔ آدمی کے کپڑوں سے پسینہ کی بو آرہی تھی پتہ نہیں کتنے عرصے سے کپڑے تبدیل کئے ہوئے تھے۔ آدمی نے کانپتے ہوئے ہاتھ باندھتے ہوئے عرض کی حضور والہ اگر ارشاد ہو تو کچھ عرض کروں بادشاہ نے حکم دیا ہاں کیوں نہیں؟ حضور میں ایک چرواہا ہوں سارا دن بھیڑ بکریوں کو جنگل میں چرایا کرتا ہوں جہاں میں بکریاں چراتا ہوں وہاں پر ایک ٹیلہ ہے ٹیلے کے اوپر میری بکریاں چڑھ جاتی ہیں پھر نہ آگے جاتی ہیں اور نہ ہی پیچھے واپس آتی ہیں سردی ہو یا گرمی بکریاں سارا دن ٹیلے سے نیچے اترنے کا نام ہی نہیں لیتی ہیں، جب آفتاب غروب ہونے کو ہوتا ہے تو پھر خود بخود ہی بکریاں گھر کی طرف روانہ ہوجاتی ہیں سارا دن نہ کچھ کھاتی ہیں اور نہ ہی کچھ پیتی ہیں لیکن گھر آکر ان کا دودھ نکالتا ہوں تو پہلے دن سے کچھ زیادہ ہوتا ہے۔ ٹیلے کے ساتھ ایک پتھر ہے اُس پتھر کے ساتھ میں ٹیک لگا کر سارا دن بکریوں کی حفاظت کرتا ہوں لیکن ،لیکن ..... چرواہے کی زبان تھتھلانے لگی اور چند لمحے کیلئے چرواہا سکوت میں چلا گیا اور ساتھ ہی اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ بادشاہ پر کپکپی طاری ہوگئی بادشاہ بولا ہاں بولو آگے کیا ہے؟ چرواہے نے اپنی آنکھیں صاف کرتے ہوئے کہا کہ اس ٹیلے کے اندر ایک غار ہے اُس غار میں سے اللہ ہو اللہ ہو کی آوازیں آتی ہیں۔ بادشاہ سلامت میرا اندازہ غلط بھی ہوسکتا ہے اور درست بھی ثابت ہوسکتا ہے اتنی دیر میں چرواہے کی آنکھوں سے دوبارہ آنسوؤں کا دریا چھلک پڑا۔ پھر سسکیاں لیتے ہوئے کہا کہ وہاں کوئی اللہ والا فقیر رہتا ہے۔ چرواہے کے جسم پر لرزہ طاری تھا اور ساتھ ساتھ معافی کا طلب گار بھی تھا۔ اے جہاں پناہ میرا اندازہ غلط بھی ہوسکتا ہے مگر میری جان بخشی کی جائے۔ اتنا کہنا تھا کہ تمام محفل میں ایک دم سناٹا چھا گیا اور عجیب قسم کی روحانی خوشبو آنی شروع ہوگئی۔ بادشاہ بھانپ گیا کہ وہاں واقعی کوئی اللہ کی برگزیدہ ہستی قیام پذیر ہے جس کی وجہ سے تمام محفل میں روحانی لہر چھا گئی ہے۔ وہ بادشاہ جلال الدین اکبر تھا۔ اکبر بادشاہ نے شاہی فرمان جاری کیا کہ اس غار کا جائزہ لیا جائے۔ بادشاہ کا کہنا تھا کہ پل بھر میں شاہی فوج نے غار کا محاصرہ کرلیا۔ غار سے پتھر ہٹایا گیا فوج یکدم غار کے اندر داخل ہوگئی، فوج کا سپہ سالار کیا دیکھتا ہے کہ ایک بزرگ ہستی زمین پر ٹیک لگائے استغراق کی حالت میں ہے۔ سپہ سالار نے بزرگ ہستی کا احترام کرتے ہوئے تمام جوانوں کو باہر نکال دیا اور خود اُس ہستی کا چہرہ تلاش کرنے لگا۔ تمام جسم پر

farukhan

گھاس چڑھ چکا تھا، بغلوں میں کبوتروں اور جنگلی پرندوں نے گھونسلے بنائے ہوئے تھے۔ اس فقیر کے جسم سے آہستہ آہستہ تمام گھاس اکھاڑ دی گئی اور کئی من روئی لا کر غار کے باہر رکھ دی گئی تا کہ دنیا کی ہوا اس فقیر کے جسم کو نہ چھو پائے۔ آپ کو بازوؤں سے پکڑ کر کھڑا کیا گیا تو پشت مبارک کی تمام جلد زمین کے ساتھ مل چکی تھی جونہی کھڑے ہوئے پشت مبارک سے ساری جلد اکھڑ گئی اور تمام جسم سے ہلکا ہلکا خون رسنے لگا۔ آپ کو اٹھا کر روئی کے بستر پر لٹا دیا گیا۔ نیچے اُوپر تمام جسم پر روئی رکھ دی گئی ، چارپائی کو شاہی فوج کے حوالے کر دیا گیا چند لمحوں بعد چارپائی شہنشاہ جلال الدین اکبر کے سامنے رکھ دی گئی۔ پھر جسم سے آہستہ آہستہ روئی ہٹانی شروع کر دی گئی یہ عمل کئی دن تک جاری رہا آخر ایک دن آیا کہ اس فقیر کے جسم سے تمام روئی اٹھا دی گئی۔ فقیر کو جب دنیا کی ہوا لگی تو زبان سے درویشانہ فرمان جاری ہوا۔ ''مجھے کہاں لایا گیا ہے'' فوج کے سپہ سالار نے عرض کی ''حضور بادشاہ جلال الدین اکبر کی کچہری میں!'' مجھے کس وجہ سے تنگ کیا گیا ہے۔ فقیر نے جلال کے لہجے میں کہا اتنے میں بادشاہ بھی دست بستہ سامنے کھڑا ہوگیا۔ حضور ایک عرض پیش گزار کرنی ہے۔ بادشاہ بولا! کیا بات ہے فقیر نے غضب ناک لہجہ میں پوچھا۔ حضور برصغیر کا بادشاہ آپ کی خدمت میں عرض پرداز ہے کہ قلعہ بنگلور فتح کرنا چاہتا ہے کئی مرتبہ حملے کیے مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آیا۔ فقیر باکمال جلال کی وجہ سے یکدم چارپائی پر اٹھ کر بیٹھ گیا اور کہا بس اتنی ساری بات پر فقیر کو تکلیف دی ہے۔ قلم دوات حاضر کی جائے فوراً سے پہلے قلم دوات کاغذ حاضر کر دیا گیا۔ ہاں ایک بات یاد رکھو یہ میں ایک تعویذ بنا کر آپ کو دیتا ہوں مگر یاد رکھنا کہ جب یہ تعویذ قلعہ کے اندر پھینکو گے تو قلعہ کی دیواریں زمین بوس ہوجائیں گی تو وہاں سے ایک فقیر آدمی بغل میں قرآن پاک رکھے نمودار ہوگا سفید ریش اور سفید کپڑے زیب تن ہوں گے اور قلعہ سے بھاگ نکلے گا اس کو کچھ نہ کہا جائے۔ باتیں کرتے کرتے ساتھ ہی فقیر نے قلم کے ساتھ کاغذ پر کچھ نورانی الفاظ درج کر دیئے اور بادشاہ کو کاغذ دیتے ہوئے اپنے الفاظ پھر جلالی طبعیت میں دہرائے۔ بادشاہ نے تعویذ تھامتے ہوئے فقیر کے ہاتھوں کو بوسہ دیا اور لکھی ہوئی تحریر کو بوسہ دینا شروع کر دیا۔ بادشاہ کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے بادشاہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فقیر نے کہا سنو! اس تعویذ کو تیر کے ساتھ باندھ کر قلعہ کے اندر پھینک دینا اور ساتھ ہی بلند آواز سے پکارنا ''دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندر''۔ اور ساتھ ہی فقیر نے اللہ ہو کی آواز بلند کی اور لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہوگیا۔ یہ بزرگ تھے جناب حضرت بہاول الدین

المعروف دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندر آپ کے فرمان کے مطابق تعویذ قلعہ میں پھینک دیا گیا اور قلعہ کی دیواریں زمین بوس ہوگئیں۔ چند ہی لمحوں میں ایک فقیر بغل میں قرآن دبائے ہوئے نمودار ہوئے اور دیکھتے ہی دیکھتے نظروں سے اوجھل ہوگئے اس طرح قلعہ بنگلور فتح ہوگیا۔

حضرت میراں بہاول شیر قلندرؒ نے ستر سال یادالٰہی میں اُس غار میں گزارے۔ اکبر بادشاہ کی کچہری سے غائب ہونے کے بعد کئی سال تک آپ کہیں نظر نہیں آئے۔ ایک دن بادشاہ کا کوئی خاص آدمی حج ادا کرنے کی غرض سے حجاز مقدس پہنچا تو حضور میراں پاک کو مسجد نبویؐ میں جھاڑو دیتے ہوئے دیکھا۔ یاد رہے کہ جب آپ اکبر بادشاہ کے ہاں سے اللہ ھو کا نعرہ لگا کر غائب ہوئے تھے تو سیدھے بیت اللہ شریف تشریف لے گئے تھے وہاں پر بھی آپ فقیرانہ لباس میں تھے اس لئے آپ کو حضور اکرم ﷺ کے روضہ پاک کے نزدیک جانے سے روک دیا گیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ میں خاص حسنی الحسینی ہوں لیکن وہاں کے لوگ نہ مانے آپ نے فرمایا کہ میں حضور پاک کی قبر انور پر سلام عرض کرتا ہوں اگر جواب مل جائے تو پھر آپ مان جائیں گے مجاوروں نے کہا ہم مان جائیں گے کہ آپ واقعی حضور پاک ﷺ کی اولاد ہیں۔ آپ آگے بڑھے قبر انور کو بوسہ دیا اور ہاتھ جوڑ کر عرض کیا السلام وعلیکم یا جدی۔ قبر انور سے جواب ملا وعلیکم السلام یا ابی تمام لوگوں کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور معافی کے طلب گار ہوئے۔

اکبر بادشاہ کے خاص آدمی نے واپس آکر جناب میراں پاک کا بتایا کہ جو فقیر آپ کی کچہری سے یکدم غائب ہوگیا تھا وہ مسجد نبویؐ میں جھاڑو دیتا ہوا دیکھا ہے۔ بادشاہ نے شاہی آدمی بھیج کر حضور میراں پاک کو واپس بلایوں میں بلا لیا۔ جلال الدین اکبر نے عرض کی کہ حضور ہمارے جتنے بھی مغل شہزادے ہوئے ہیں ان کی یہ روٹین تھی کہ ہم اپنی ہمشیرہ یا بیٹی کا رشتہ کسی نہ کسی ولی اللہ کو دیتے آئے ہیں اسی طرح ہی میں چاہتا ہوں کہ اپنی بیٹی کا رشتہ آپ کے ساتھ طے کر دوں آپ سخت جلال میں آگئے اور فرمانے لگے کہ ایک فقیر کو شہزادی کے ساتھ کیا غرض؟ ہم فقیر لوگ ہیں آپ کی ہمشیرہ شہزادی ہے۔ یہ کس طرح ہوسکتا ہے کچھ دیر بعد آپ کی طبعیت کے جلال میں نرمی آئی تو بادشاہ نے عرض کی حضور ہمیں شہزادی کے ساتھ غرض نہیں ہے ہم چاہتے ہیں کہ آپ کی نسبت ہمیں عطا ہوجائے کیونکہ ہمارے بڑوں کا شیوہ رہا ہے اس لئے میں بھی چاہتا ہوں کہ بڑوں کی پیروی کی جائے۔ حضور نے بادشاہ عرض منظور کر لی۔ قاضی کو بلا کر فوراً ہی رسم نکاح ادا کی گئی شاید کہ کہیں فقیر آدمی کی یہ لہر ختم نہ ہوجائے۔ عقد کرنے کے بعد بادشاہ نے کروڑوں روپوں کے ہیرے جواہرات اور شہزادی کے حصے کی بادشاہی حضور میراں پاک کے

نذرانہ پیش کر دیئے جو آپ نے منظور کر لیے۔

عقد کے فوراً ہی بعد آپ ہندوستان کے ضلع امرتسر کے علاقے پتھروال میں تشریف لے آئے، راستے میں ہزاروں کی تعداد میں گائیں بھینسیں، بکریاں ہیرے جواہرات سب کے سب خدا تعالیٰ کی راہ میں تقسیم کر دیئے تقسیم کرتے ہوئے ہر جانور کی اگلی دائیں ٹانگ رکھ لیتے، جو کچھ بھی تھا آپ نے خدا تعالیٰ کی راہ میں تقسیم کر دیا۔

کچھ دنوں بعد بادشاہ کے چند آدمی شہزادی کا پتہ کرنے آئے تو شہزادی نے فوجیوں کے آگے رونا شروع کر دیا کہ میرے بھائی کو کہنا کہ مجھے کس کے ہاتھ بھیج دیا ہے۔ فوجیوں نے ساری داستان بادشاہ کو پیش کر دی بادشاہ نے چند دنوں بعد اپنی لاڈلی ہمشیرہ کو ملنے کا پروگرام بنایا فوج کو ساتھ لیا اور علاقے پتھروال میں چلا آیا حضور کے آستانہ پر سلام عرض کرنے کے بعد کہنے لگا کہ حضور آپ نے یہ کیا ہے میں نے آپ کو کھربوں روپے کی جائیداد ہیرے جواہرات، جانور دیئے تھے وہ کدھر گئے ہیں اور گھر میں فاقہ کشی ہے آپ نے کہا کہ وہ ہم نے خدا تعالیٰ کی راہ میں تقسیم کر دیئے ہیں ادھر آؤ میں آپ کو دیکھا دوں آپ نے غضبناک لہجے میں کہا۔ بادشاہ دبے پاؤں آپ کے ساتھ ہو لیا۔ آپ نے اپنی کٹیا کے اندر بادشاہ کو داخل ہونے کو فرمایا جونہی بادشاہ اندر داخل ہوا تو کٹیا ایک میدان کی شکل اختیار کر گئی اور تمام جانور بادشاہ کو نظر آنے لگے وہ جنت کا ایک حسین منظر تھا، پھر آپ نے اپنے مُصلّٰی کو اٹھایا تو وہاں ہیرے جواہرات کی نہریں بہہ رہی تھیں۔ بادشاہ فوری طور پر آپ کے قدموں میں آ گرا اور معافی کا طلب گار ہوا۔

علاقہ پتھروال آج حجرہ شاہ مقیم کے نام سے مشہور ہے۔ حجرہ شاہ مقیم حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین کی جائے پیدائش کی وجہ سے مشہور ہوا وہ حجرہ آج بھی حضرت میاں بہاول شیر قلندر کے روضہ انور کے ساتھ مربعہ خلائق ہے۔ آپ نے 70 سال کا ایک چلہ اور 12,12 سال کے کئی چلہ کئے تھے۔ آپ اکثر شیر کی سواری کرتے تھے اور چابک کی بجائے ہاتھ میں سانپ کا کوڑا رکھتے تھے۔

جناب حضرت سید سبطین حیدر گیلانی مدظلہ تعالیٰ ان ہی بزرگوں کی اولاد ہیں۔ آج تک آپ کی جتنی بھی اولاد ہوئی ہیں باکمال ولی اللہ ہوئے ہیں۔ آپ نے تحفۂ الگیلانی لکھ کر عوام الناس پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے۔ یہ دوسری جلد بھی آپ کے الہامی، روحانی، تجرباتی مشاہدات کا نچوڑ ہے آپ نے ہمیشہ حق کی پیروی کی اور ہر بات اپنے مشاہدہ کے اندر رہتے ہوئے بیان فرمائی ہے۔ تحفۂ الگیلانی جلد اول جلد دوئم کو لکھتے ہوئے آپ نے کسی بھی کتاب کا سہارا نہیں لیا۔ اگر کوئی عدد کسی کتاب سے لی بھی ہے تو اس کو پہلے اپنے تجربہ میں رکھا ہے پھر اس

کا مشاہدہ کیا ہے بعد میں تحفۂ الگیلانی کی زینت بنایا ہے۔ کئی نام نہاد عامل لوگوں کو ہٹا دے کیلئے جواہر خمسہ۔ عرش المعارف، شمع شبستان رضا وغیرہ، کتابوں سے مواد اکٹھا کر کے ہو بہو شائع کر دیتے ہیں اسی طرح ہی ایک عامل نے اپنا نام کمانے کے لیے تحفۂ الگیلانی کے عملیات کو اپنے نام سے منسوب کر لیا تھا جب ہمیں معلوم ہوا تو ہم نے ان کے ساتھ قانونی چارہ جوئی شروع کر دی اور ساتھ ہی اُن آدمیوں کے ساتھ لعن طعن کیا۔ اُن کا نام ہم یہاں لکھنا ضروری نہیں سمجھتے بس یہی کہہ سکتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ان نام نہاد عاملوں سے دنیا کو بچائے رکھے اور کامل لوگوں کا سایہ ہم پر قائم رکھے اور لوگوں کو تحفۂ الگیلانی جیسے نایاب تحفے لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اور آخر میں ہماری دُعا ہے کہ خدا تعالیٰ حضرت سید سبطین حیدر شاہ صاحب مدظلہ تعالیٰ کو مزید راہ سلوک پر کامیابیاں عطا فرمائے اور ہمیشہ کتابوں کی شکل میں لوگوں کی خدمت کرنے کی توفیق دے اور ہمیں جاہل عامل ٹھگ لوگوں سے بچائے اور ان کو دنیا و مافیا کی دولت اور خوشیاں نصیب فرمائے (آمین ثم آمین)

دُعا گو

سید افضال علی شاہ گیلانی

محلہ چاہ لنگر والہ حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ

12 جولائی 2001 بمطابق 19 ربیع الثانی 1422 بروز جمعرات

ضروری اطلاع

اس کتاب میں جتنے بھی عملیات وظیفہ جات تعویذات، نیز کوئی بھی علم نجوم علم الاعداد ایسا نہیں ہے جو کہ بندہ ناچیز کا ذاتی تجربہ شدہ نہ ہو بلکہ ہر عمل، وظیفہ، تعویذ ہر چیز ایک مرتبہ تجربہ سے ضروری گزری ہے اس کتاب میں جو بھی عمل ہیں وظیفہ، اذکار اوراد وغیرہ گویا کہ دوسری کتابوں میں بھی ہوں گے مگر اس کتاب میں جو بھی لکھا گیا ہے تجربہ کی بنیاد پر ہی لکھا گیا ہے حتیٰ کہ کوئی بھی عمل نقل کر کے نہیں لکھا گیا۔ باقی اپنے تجربہ کے علاوہ اپنے بزرگوں کے آزمودہ اپنے اُستادوں کے آزمودہ اپنی تیس سالہ (عامل زندگی) کے تجربات، بزرگ دوستوں کے بتائے ہوئے تجربات خاص مریدین کے آزمودہ لکھ دیئے ہیں تا کہ مخلوق خدا مستفیض ہو اور دعاؤں سے نوازیں کوئی بھی عمل اپنے اُستاد کے بتانے کے بغیر نہ کریں۔ جن لوگوں نے پہلے اُستاد نہ بنائے ہوں وہ ہم سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں یا پھر کسی کامل اُستاد کی اجازت سے شروع کریں کیونکہ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کے شائع ہونے کے بعد اکثر لوگوں نے بغیر اُستادوں کے عمل کر لیے تھے۔ جب ناکامی کا سامنا کرنا پڑا تو پھر معلوم ہوا کہ ہم نے تو بغیر اُستاد کے عمل کئے تھے اس لئے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اس لئے اب ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اُستادوں کے بغیر عمل نہ کیا جائے۔

نوٹ! واللہ اَشدُّ والاعمل کرنے سے پہلے ہمیں ملنا ضروری ہے ملنے کے بغیر اجازت نہ ہوگی اس عمل کے عامل صرف ہم ہی ہیں انشاء اللہ اس لئے کسی اور کی اجازت کام نہ دے گی۔

فقط
مصنف کتاب ہذا

التماس

مجھ پر میرے اُستاد محترم میاں شاہ محمد عرف میاں شہامد رحمۃ اللہ علیہ کا خاص کرم ہے کہ بندہ اس قابل ہوا ہے۔

میاں صاحب سے میری پہلی ملاقات تقریباً نو سال کی عمر میں ہوئی تھی۔ پہلے وہ کسی اور گاؤں میں رہا کرتے تھے۔ زندگی کے آخری ایام میں آپ ہجرت کر کے ہمارے گاؤں میں تشریف لے آئے۔ آپ پیر احمد علی شاہؒ کے مرید تھے، آپ فرماتے تھے کہ میں بالکل اَن پڑھ تھا۔ جب پیر احمد علی شاہؒ کا انتقال ہونے لگا تو آپ نے آدمی بھیج کر مجھے بلا لیا اور فرمانے لگے کہ شہامد بیٹا! فلاں سبق روزانہ گیارہ سو دفعہ پڑھ لیا کرو۔ میں نے کہا کہ بابا جی میں تو بالکل اَن پڑھ ہوں میں تو قرآن بھی نہیں پڑھ سکتا ہوں میں کس طرح پڑھوں گا پھر آپ نے فرمایا چلو پانچ سو دفعہ پڑھ لیا کرو میں نے عرض کی بابا جی میں تو خاص اَن پڑھ ہوں۔ پھر آپ نے فرمایا! چلو سو دفعہ پڑھ لیا کرو میں نے پھر سے انکار کر دیا آخر کار پیر صاحب اُٹھ کر بیٹھ گئے فرمانے لگے شہامد اپنا منہ کھولو میں نے اپنا منہ کھولا تو انہوں نے لعاب دہن میرے حلق میں ڈال دیا اور چارپائی پر لیٹ کر فرمانے لگے کہ اس کو نگل جاؤ۔

تھوڑی دیر بعد میں نے جب بابا جی سرکار پر نگاہ ڈالی تو آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی تھی۔ میاں صاحب فرماتے تھے کہ جب میں اپنے گھر واپس آیا تو صبح تہجد کے وقت میرے دل میں خیال آیا کہ تہجد گزاروں پھر سوچا کہ مجھ کو نفل تو کیا وضو کرنا بھی نہیں آتا ہے تہجد کس طرح ادا کروں گا چند لمحے کی سوچ کے بعد میں اٹھا اور وضو کرنے لگا لیکن ایسا معلوم ہونے لگا کہ جس طرح میں پہلے بھی تہجد پڑھا کرتا تھا۔ میں نے پورے نفل ادا کئے، صبح کی نماز ادا کی پھر تلاوتِ قرآن پاک شروع کر دی مجھ کو اس طرح ہی معلوم ہوتا تھا جس طرح کہ یہ تمام کام میں پہلے بھی کیا کرتا تھا۔ پھر جس دن سے تہجد شروع کی تھی زندگی میں کبھی بھی قضا نہیں ہوئی تھی۔

میاں صاحب ذات کے تو کمہار تھے لیکن ہمارے علاقے میں عام عاملوں میں سے اُن کے پائے کا کوئی عامل نہ تھا۔ آپ نے ساری زندگی اطاعت خداوندی اور اطاعت رسولؐ میں گزار دی زندگی کے آخری لمحات میں جب میاں صاحب ہمارے گاؤں تشریف لائے تو ان کو بندہ ناچیز کے ساتھ خاص اُنس تھی۔ آپ فرماتے تھے کہ میں نے آپ کے گھر سے ایک چیز چوری

کی ہے۔ آپ مجھ سے لے لیں ایک دن پھر آ ہی گیا کہ ہم رات دو بجے کے قریب مسجد سے شب برات کی عبادت کر کے باہر نکلے تو میں نے میاں صاحب سے پوچھا کہ میاں صاحب وہ کون سی چیز ہے جو آپ نے میرے گھر سے چوری کی ہے۔ آپ نے بیماری نہ ہونے کے باوجود بھی اپنے چاروں طرف دیکھنے لگے پھر پوچھا کہ آپ کے پاس کوئی ہے تو نہیں۔ میں نے عرض کی کہ کوئی بھی نہیں ہے۔ آپ مجھ کو مسجد میں واپس لے گئے فرمانے لگے آپ سے میں اور میں کہا رہوں میں نے جو زندگی گزاری ہے اس کے بعد کوئی پتہ نہیں ہے کہ کب موت آجائے تم میرے سے تمام عمل لے لو تا کہ قیامت کے دن میرے گریبان کو پیر احمد علی سرکار نہ پکڑ لیں کہ میں نے تو تم کو سب کچھ عطا کر دیا تھا تم نے جس کی امانت لی تھی وہ ان کے حوالے نہیں کی ہے۔ لہٰذا میں یہ چاہتا ہوں کہ اب میرا آخری وقت ہے اور تمام ظاہری باطنی عمل تم کو دے دوں تو تم پھر آپ نے اپنے تمام باطنی راز مجھ پر فاش کرنا شروع کر دیے۔ انہوں نے سب سے پہلے استغفر اللہ کا سوا لاکھ کروا دیا تھا۔ پھر درود ابراہیمی کا چلہ کشی کروایا تھا۔ پھر آہستہ آہستہ ہم نے چلہ کی انتہا کر دی خدا تعالیٰ کا احسان ہے کہ بندہ ناچیز بچپن ہی سے اس راستے پر چل پڑا تھا۔ اب الحمد اللہ میری عمر تقریباً 40 سال کے قریب ہے اللہ تعالیٰ کا کرم خاص ہے کہ اب ناچیز حقیقت، معرفت اور شریعت کی دنیا کو سمجھنے کے قابل ہوا ہے مگر اس قابل کہاں تھا۔ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل جلد دوئم بندہ کی زندگی کے تجربات کا نچوڑ ہے اس لئے ہی اس کا نام تحفۃ الگیلانی رکھا ہے میری طرف سے ہر سلسلہ والوں کو اس کتاب کے عملیات کرنے کی اجازت ہے۔ کچھ تعویذات یا کوئی عمل ایسے ہیں جو کہ بغیر زکوٰۃ کے لکھے گئے ہیں اگر زکوٰۃ ادا کر لیں تو بہتر ہے ورنہ کوئی عمل کام کرے گا کوئی نہیں کرے گا اس میں کوئی شک کی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔ زندگی تجربے کی محتاج ہے، مخلوق خدا کی خدمت کیلئے وہ سربستہ راز فاش کر دیئے ہیں جو کہ عام عامل لوگ اپنے سینوں میں چھپائے رکھتے ہیں۔

فقط خیر اندیش

مصنف 27 جون 99

الحمد للہ

رب العالمین اللہ تعالیٰ کا کروڑوں احسان ہے کہ بندہ ناچیز نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل لکھی اور اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کو لاکھوں میں چار چاند لگا دیئے ہیں لاکھوں بندوں کی دعائیں اس کتاب لکھنے والوں میں عامل بنے کا حوصلہ دیا ہے۔

بیشمار لوگوں نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کو پڑھ کر ہماری طرف خط لکھے کہ ہم عملیات کی دنیا میں بالکل ہی نابلد ہو چکے تھے کئی کئی عملیات جلتے ہوئے کے ہاتھ نہ آیا بلکہ ناکامی کی انتہا ہوتی تھی ہم تحفۃ الگیلانی کی تعریف کرنے لگے تحفۃ الگیلانی مارکیٹ میں آئی تو ہم نے مطالعہ کیا تو ہم لوگوں کو عملیات کرنے کا حوصلہ ملا آخر اور اس کتاب نے ہم لوگوں کو دوبارہ زندگی بخشی ہے۔

فیصل آباد سے سید انور الحق شاہ گیلانی چشتی صابری لکھتے ہیں کہ ہمارے مرشد اس دنیا سے پردہ فرما چکے ہیں تو بعد میں عملیات کی کتابیں خریدنا شروع کر دیں ہیں مگر ہر عمل نے مجھ کو ناکامی دی ہے آپ کی لکھی ہوئی کتاب تحفۃ الگیلانی نے ہم کو دوبارہ زندگی بخشی ہے کیونکہ اس کا جو بھی عمل میں نے کیا وہ کامیاب رہا ہے۔ اس نے مجھ کو بہت سہارا دیا ہے، کھوئی ہوئی منزلیں مل گئی ہیں آج سے میں آپ کو اپنا استاد تسلیم کرتا ہوں امید ہے کہ بندہ کو مایوس نہ فرمائیں گے۔

خیر پور ٹامے والی سے قمر حیات بھٹہ لکھتے ہیں کہ! بندہ کافی عرصہ سے مختلف کتابوں کا مطالعہ کر رہا ہے۔ آپ کی کتاب تحفۃ الگیلانی کا مطالعہ کیا اس کتاب میں جس طرح نادر و نایاب عمل دیئے ہیں وہ اس بات کی دلیل ہیں کہ اس کتاب میں ہر عمل تحقیق و تجربہ سے ہی شامل کیا گیا ہے۔ جس سے کتاب کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ میں آپ کے زیر سایہ عملیات کی دنیا میں قدم رکھنا چاہتا ہوں اگر آپ اس بندہ کو اپنی نظر کرم میں لے لیں تو یہ بندہ کی خوش نصیبی ہوگی اور بندہ تا حیات جناب کی غلامی میں رہے گا امید ہے کہ مایوس نہ فرمائیں گے۔

اس طرح کے خطوط ہم کو کم از کم سات ساڑھے سات سو موصول ہوئے تھے جو کہ من و عن ہمارے پاس موجود ہیں اسی طرح ہی۔ ڈی آئی خان بیرپکہ گاؤں سے ملازم حسین لکھتے ہیں کہ جناب شاہ صاحب میں کافی عشروں سے عملیات کی کتاب کی تلاش میں تھا کہ کوئی نادر و نایاب کتاب مل جائے۔ ایک مرتبہ کتب خانہ پر کتابیں دیکھ رہا تھا کہ تحفۃ الگیلانی پر نظر پڑی کتاب کا مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ لوگ جنت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے پاس تلاش کرتے ہیں مگر میں کہوں گا کہ جنت آپ کی کتاب تحفۃ الگیلانی کے اندر چھپی ہوئی ہے جو اس کا مطالعہ کر کے عمل

کرے گا اس کو دنیا میں ہی جنت مل جائے گی میں آپ کی نظر کرم کا متمنی ہو۔ براہ کرم ملاقات کا شرف دیں۔

اس طرح کے سینکڑوں خطوط ملے ہیں جو اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے واقعی تحفۃ الگیلانی کو چار چاند لگائے ہیں۔ اب انشاء اللہ تحفۃ الگیلانی جلد دوئم میں بھی ہم وہ کچھ درج کریں گے جو جلد اوّل میں شائع ہونے سے رہ گئے تھے اور پھر کچھ عملیات ایسے بھی ہیں جو کہ بعد میں چلہ کشی کر کے اکسیر بنائے گئے ہیں۔ اب الحمد اللہ تحفۃ الگیلانی جلد دوئم آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ خدا تعالیٰ سے پُر اُمید ہیں کہ جس طرح تحفۃ الگیلانی جلد اول کی مارکیٹ میں اور عاملوں میں مانگ بڑھی ہے اس طرح اس کو بھی کامیابی نصیب ہو۔ خدا تعالیٰ کا لاکھوں احسان ہے کہ تحفۃ الگیلانی کو عزت وقار ملا۔ ہم خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ بہ سجود ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اور ہماری کتاب اور عاملوں کو عزت بخشی ہے۔ خدا تعالیٰ ہم کو مزید کامیابیوں کامرانیوں سے ہم کنار فرمائے آمین ثم آمین

صَلِّ اللّٰہ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ O

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
-1	تقریظ اوّل	31
-2	تقریظ دوئم	32
-3	ایک ضروری بات	33
-4	عامل کے لیے ضروری ہدایات	35
-5	بسم اللہ شریف کے اسرار مخفی	37
-6	بسم اللہ شریف کے فائدے	40
-7	ایک سال میں امیر و کبیر ہونے والے عمل	41
-8	بسم اللہ شریف برائے محبت	42
-9	بسم اللہ شریف ذہن کو تیز کرنے کیلئے	42
-10	بسم اللہ شریف بارش کرانے کیلئے	42
-11	بسم اللہ شریف کے اسرار مخفی منکشف کرنے کا طریقہ	42
-12	حاکم وقت یا کسی سے کوئی کام لینا ہو تو	43
-13	بسم اللہ شریف برائے تنگ حالی اور قرض سے نجات کیلئے	44
-14	اولاد کی زندگی بچہ کی پیدائش میں سہولت کے لیے بسم اللہ شریف کا عمل	44
-15	بسم اللہ شریف کے حروف کے معانی اور اسرار	45
-16	بسم اللہ کے کرشمے	46
-17	بسم اللہ شریف کے حروف کے خواص	47
-18	بسم اللہ شریف کے دیگر فائدے	54
-19	بسم اللہ شریف کے حروف کے مطابق کی آیات	55
-20	حرف "ب" سے شروع ہونے والی آیت	55
-21	حرف "سین" سے متعلق آیت	56
-22	حرف "میم" کے متعلق آیت	56
-23	حرف "الف" کے متعلق آیت	57
-24	حرف "لام" کے متعلق آیت	58
-25	حرف "ھ" کے متعلق آیت	59
-26	حرف "الف" کے متعلق آیت	60
-27	حرف "ز" کے متعلق آیت	60
-28	حرف "ح" کے متعلق آیت	61
-29	حرف "ن" کے متعلق آیت	62
-30	حرف "ی" کے متعلق آیت	62
-31	سورۃ فاتحہ کے اسرار و خواص اور دعوت کا طریقہ	63
-32	سورۃ فاتحہ برائے تنگی رزق	64
-33	فاتحہ مطلوب حاضر کرنے کے لیے	65
-34	فاتحہ کی ریاضت کا طریقہ	66
-35	دارین کی فلاح قضائے حاجت کیلئے سورۃ فاتحہ	66
-36	فاتحہ برائے مرض یا آسیب	67
-37	تسخیر خلق کے لیے سورۃ فاتحہ	67
-38	نقش سورۃ فاتحہ	68
-39	سورۃ فاتحہ برائے ادائے قرض	69
-40	سورۃ فاتحہ کا دوسرا نقش	69
-41	سورۃ فاتحہ کا تیسرا نقش	71
-42	سورۃ اخلاص کے دقائق	71
-43	سورۃ اخلاص کی ریاضت کا طریقہ	72
-44	نقش سورۃ اخلاص	73
-45	سورۃ اخلاص کی حاضرات	74
-46	سورۃ اخلاص برائے حل المشکلات	75
-47	سورۃ اخلاص برائے اسم اعظم خاص	76
-48	سورۃ اخلاص با موکل	77
-49	ستاروں کی گردش دور کرنے کا عمل	77
-50	دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل	78
-51	تسخیر خلق کا نایاب تحفہ	79
-52	عرش فرش کی کنجیاں	80
-53	قیدی کی رہائی کا طریقہ	80

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
-54	سیف سلطانی	81
-55	بدوح حاضر کرنے کا طریقہ	82
-56	اخرا کے لیے مجرب نقش	83
-57	دشمن کو زیر کرنے کا طریقہ	83
-58	گم شدہ چیز کے ملنے کے لیے	84
-59	سر درد کے لیے مجرب عمل	84
60	عمل برائے ادائیگی قرض	85
-61	برائے بخار	85
-62	مقدمہ کی فتح کے لیے	85
-63	نادعلی صغیر کا نقش	85
-64	نقش استعمال کرنے کا طریقہ	86
-65	نقش بھرنے یا پڑھنے کا طریقہ	87
-66	دن اور رات کی ساعت معلوم کرنے کے طریقے	92
-67	نقشہ سیارگان اوّل	93
68	نقشہ سیارگان دوئم	94
-69	ساعت معلوم کرنے کا دوسرا طریقہ	94
-70	قمری ماہ آفتاب 12 برجوں میں کس برج میں ہے؟	95
-71	سورج کے سایہ سے ناپ کے ساعت معلوم کرنا	96
-72	نقشہ رجال الغیب	96
-73	آیت، حرف اعداد کے موکل بنانا	97
-74	اعداد قلبی اور کلی نمبر نکالنا	98
-75	حمل روکنے کے لیے نقش	99
-76	چوہے بھگانے کا نقش	99
-77	حیض بند کرنے کے لیے نقش	100
-78	جائز محبت کے لیے چیلنج	100
-79	صلوٰت الحاجت	100
-80	چاند اور سورج گرہن کے بداثرات	101
-81	برائے امساک نقش	102
-82	بالچھر کا مجرب ٹوٹکہ	102
-83	کتے کی زبان بندی کے لیے	102
-84	تسخیر خلق اور زبان بندی کے لیے	102
-85	آیت لطیف کے بارے	103
-86	کلمہ طیبہ کے اسرار مخفی	103
-87	کلمہ طیبہ کے معنی	105
-88	نقش کلمہ طیبہ	107
-89	وسعت رزق کے لیے نایاب عمل	109
-90	ہر قسم کی بندش کرنے کے لیے	109
-91	عمل لاکھوں میں ایک	110
-92	قیدی کی رہائی کے لیے	117
-93	سورۃ اخلاص ہر کام کے لیے مجرب عمل	117
-94	نقش مخمس نادعلی کبیر	118
-95	نقش مخمس آیت واللہ اَشَدُّ	119
-96	اسم ذات	120
-97	آیت کریمہ کے فضائل	127
-98	آیت کریمہ بخار کے لیے	130
-99	تلاش گم شدہ کے لیے	130
-100	گناہوں سے توبہ کے لیے	130
-101	دُعائے سیفی کا مزید مجرب عمل	131
-102	سیف غوثیہ کا اور عمل	141
-103	حصار اسم اعظم	142
-104	دُعائے مقتل	143
-105	دعائے کیمیائے سعادت	143
-106	تنگی معاش کا عمل	145
-107	برائے قضائے حاجات	145
-108	نادعلی کبیر وصغیر یا موکل	145
-109	تنگی رزق کے لیے نقش	148
-110	ہمزاد کو قبضہ میں لانا	148
-111	بسم اللہ شریف پر مزید گفتگو	150
-112	بسم اللہ کی مختصر مگر جامع تفسیر	154
-113	اسم اللہ کے معنی اور اشتقاق	157
-114	بسم اللہ پڑھنے اور سننے کے فائدے	159
-115	بسم اللہ کیا ہے؟	160
-116	نقشہ بروج کی تاثیر وتانیث وتذکیر	163
-117	نقشہ متعلقہ بروج مخمس تاریخ	164
-118	ہر بند کام کھولنے کے لیے	164
-119	سعد ونحس ساعتیں معلوم کرنا	165
-120	چند شعبدے اور جنتر منتر	175
-121	خرچ کیا ہوا روپیہ واپس آجائے	176
-122	رات کو وقت پر جاگنے کے اعمال	177

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
-123	حاجاتِ مشکلہ کے لیے	179
-124	کرب وتکلیف کا عمل	180
-125	کشائش رزق کا مجرب عمل	180
-126	دعوت کشف قبور	181
-127	نقشہ بارہ بروج، متعلقہ موکلات حروف اور نحس تاریخ	181
-128	تسخیر نظر کا نایاب نسخہ	184
-129	حضرت جبرائیلؑ کے موکل تابع کرنا	184
-130	دانت درد کے لیے	185
-131	ہر قسم کی تنگی کے لیے	186
-132	غیب دست غیب	187
-133	پرائیویٹ یا سرکاری ملازمت حاصل کرنا	188
-134	بدمزاج عورتوں کو درست کرنا	189
-135	بسم اللہ شریف کے چند اور فضائل	189
-136	نقش برائے سردرد ہر قسم	192
-137	جوڑوں کے درد کا نقش	193
-138	نقش مرض ناخ دائیں ہاتھ پر	193
-139	دق سل، دمہ، رقت منی اور درد کمر کا نقش	194
-140	مئے نوشی اور ہر قسم کے نشہ کی عادت ختم کرنے کا طریقہ	195
-141	روحانی خواب نامہ	195
-142	استخارہ سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ	205
-143	خاتمہ مشکلات کا مجرب عمل	206
-144	نئے مکان میں خوشحال رہنے کا ٹوٹکہ	207
-145	کاروبار، گھر کی نظر بد کا ٹوٹکہ	208
-146	خاص نکتہ	208
-147	ہفت روزہ اوراد	209
-148	نقش استخارہ	210
-149	ناجائز گواہی والے کی زبان بندی	211
-150	آیت کریمہ کے نقوش	211
-151	خاص نکتہ	222
-152	اسم اللہ ایک نظر میں	223
-153	سورۃ یٰسین کے کرشمے	226
-154	پرائز بانڈ لاٹری کا نمبر نکالنا	239
-155	سورۃ مزمل شریف کے فائدے	239
-156	خاص نکتہ	245
-157	حضور پاک ﷺ اور اصحابہ اکرامؓ کے دو خاص وظائف	246
-158	لکی نمبروں کے نقوش	249
-159	فتح علی کیلئے	262
-160	زہرہ ستارہ کا عمل	262
-161	آیۃ الکرسی برائے بے گمان رزق	263
-162	نقش حزب البحر	264
-163	حضرت خضرؑ سے ملاقات کیلئے	264
-164	فراخی رزق کا مجرب عمل	265
-165	کشف قبور اور کشف قلوب	266
-166	مفلسی اور ناداری پیدا کرنے والی باتیں	270
-167	خاص نکتہ	273
-168	برائے تسخیر خلق	274
-169	برائے زیارت حضور پاکؐ	275
-170	چند قرآنی آیات کی تاثیر	276
-171	ہر سواری اور جانور سواری پر قابو پانے کے لئے	278
-172	مصیبت دور کرنے، قبولیت دُعا، تباہی دشمن کے اعمال	279
-173	فریقین میں تفرقہ ڈالنے کے اعمال	283
-174	بخار ہر قسم، فالج لقوہ، درد ہر قسم سے نجات کے اعمال	284
-175	کشائش رزق، علم کیمیاء اور دل کی بیماری کے اعمال	285
-176	سر درد کیلئے مجرب عمل	286
-177	کھانسی ہر قسم، بدن میں ریشہ، ریاح ہر قسم کیلئے	287
-178	ناف کا ہل جانا، پیڑو میں درد، کمر درد کا علاج	287
-179	استخارہ غوثیہ	288
-180	حاضری موکلات	288
-181	مجربات بزم پوری	292
-182	زکوٰۃ کی قسمیں	309
-183	باموکل عمل کرنے کیلئے خصوصی ہدایات	312
-184	مربع نقوش کا طریقہ استعمال	314
-185	بسم اللہ شریف کے سولہ نقوش	317

Tahukhan

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
-186	سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف کے سولہ نقوش	319
-187	سورۃ البقرہ کے سولہ نقوش	322
-188	سورۃ العمران کے سولہ نقوش	324
-189	خواص سورۃ النساء	326
-190	سورۃ مائدہ	327
-191	سورۃ انعام	328
-192	سورۃ اعراف	328
-193	سورۃ انفال	329
-194	سورۃ توبہ	330
-195	سورۃ یونس	330
-196	سورۃ ہود	332
-197	نقش سورۃ یوسفؑ	333
-198	نقش سورۃ رعد	334
-199	نقش سورۃ ابراہیمؑ	334
-200	نقش سورۃ حجر	335
-201	نقش سورۃ نحل	336
-202	نقش سورۃ بنی اسرائیل	336
-203	نقش سورۃ کہف	337
-204	نقش سورۃ مریم	338
-205	نقش سورۃ طٰہٰ	339
-206	نقش سورۃ انبیاء	339
-207	نقش سورۃ حج	340
-208	نقش سورۃ مومنون	340
-209	نقش سورۃ نور	341
-210	نقش سورۃ فرقان	342
-211	نقش سورۃ شعراء	342
-212	نقش سورۃ نمل	343
-213	نقش سورۃ قصص	344
-214	نقش سورۃ عنکبوت	344
-215	نقش سورۃ روم	345
-216	نقش سورۃ لقمان	345
-217	نقش سورۃ احزاب	346
-218	نقش سورۃ سباء	347
-219	نقش سورۃ فاطر	348
-220	مربع نقوش سورۃ یٰسین	348
-221	مثلث سورۃ یٰسین	351
-222	مخمس سورۃ یٰسین	351
-223	مکتب جناب غوث پاکؒ	352
-224	قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمام دنیاوی کام کرنے والوں سے پوچھے گا	357
-225	محبوب خداﷺ کی چند مسنون دعائیں	359
-228	موذی جانوروں سے محفوظ رہنے کا عمل	361
-227	خاص نکتہ	361
-228	پارہ امام	362
-229	تجربہ طریقت برائے حل المشکلات	366
-230	شتم گیلانی قادری مجردی قلندری	368
-231	کچھ اور واللہ اعلم کے بارے میں	369
-232	بے مثال عمل	371
-233	عمل لاکھوں میں ایک مزید وضاحت	373
-234	امراد کو قابو میں لانا	377
-235	سیف ہر مشکل کے لیے	378

ذرا نوٹ فرمالیں

ہم نے کتاب تحفۂ الگیلانی جلد اوّل، دوئم میں جتنے بھی عملیات وخلیفہ جات لکھے ہیں وہ سب کے سب میرے ذاتی تجربہ شدہ ہیں جو کچھ بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے وہ ذاتی مشاہدہ دوستوں کے تجربات، اپنے بزرگوں کے تجربات اور اپنے مریدین کے تجربات لکھے ہیں۔ کسی بھی کتاب سے کوئی بھی عمل یا وخلیفہ یا تعویذات وغیرہ نقل نہیں کیے ہیں گو کہ دوسری کتابوں میں ہوں گے مگر اس کتاب میں تجربہ کی بنیاد پر ہی لکھے گئے ہیں۔ تحفۂ الگیلانی جلد اوّل لکھنے کے بعد کئی نام نہاد عاملوں نے تحفۂ الگیلانی کے عملیات وخلیفہ جات تعویذات کو ہو بہو لفظ بلفظ اپنی کتابیں تیار کر کے لکھ دیے ہیں۔ اُن حضرات کو بھی اور دوسرے حضرات کو بھی تنبیہہ کرتے ہیں کہ اگر کوئی بھی کتاب مارکیٹ میں ایسی ملے جس میں تحفۂ الگیلانی کے عملیات شائع کیے گئے ہوں اور تحریر بالکل ہماری ہو تو ہمیں اطلاع دیں تاکہ آئندہ اُن کو ایسا کرنے سے روکا جاسکے۔ مزید تاکید کی جاتی ہے کہ اگر ہماری دونوں مطبوعات کے الفاظ اگر کسی نے چوری کر کے اپنے نام لکھے یا ویسے ہی نام کمانے کیلئے لکھ دیئے تو اُن کے خلاف کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اگر کوئی آدمی شائع کرنا چاہے تو ہم سے براہ راست مل کر اور ہمارے نام کے ساتھ شائع کر سکتا ہے لیکن اُس کے لیے اجازت کا ہونا ضروری ہے۔ پہلے اطلاع عرض ہے تاکہ آئندہ لوگوں کو پہلے معلوم ہوجائے پھر بعد میں معافی کی ذمہ داری نہیں ہوگی ہم ایسے نام نہاد عاملوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔ خدا تعالیٰ جعلی کام کرنے والوں کو راہ ہدایت نصیب فرمائے۔

معین ثم آمین

فقط

مصنف کتاب ہذا

12 جولائی 2001

گزارش

اس کتاب کو ہم نے شریعت حقیقت کو سامنے رکھتے ہوئے تیار کیا ہے۔ مگر کیا کریں انسان کو پیدائشی طور پر نسیان کی گھٹی لگی ہے۔ انسان غلطی کا پتلا ہے ہم نے سو فیصد کوشش کی ہے کہ اس کتاب میں کسی فرد، معاشرہ، کسی فقہ اور کسی مسلک کے بارے میں اپنی طرف سے کوئی بھی ایسی بات نہ لکھی جائے جس سے کسی فرقہ، گروہ، قوم، سلسلہ، مذہب، فقہ یا جماعت کی دل آزاری ہو اتنی کوشش کے باوجود بھی انسان اشرف المخلوقات ہونے کے ناطے سے فطری طور پر غلطی کا پتلا ہے پھر بھی اگر ایسی بات غلط لکھی گئی ہو یا اس کے پڑھنے سے کسی کی دل آزاری ہو تو اس بندہ کو حقیر جان کر معاف فرمائیں اور آئندہ کے لئے اطلاع دیں تاکہ اس غلطی کا ازالہ کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ اگر کتاب میں کہیں قرآنی آیات لکھنے میں، اُردو لکھنے میں، نقش بھرنے میں جہاں کہیں بھی غلطی محسوس ہو تو مصنف ہذا کو اطلاع ضرور دیں اور بندہ کو احقر العباد جانتے ہوئے معاف فرما کر احسان عظیم فرمائیں۔ امید ہے کہ بندہ کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔

فقط دعاؤں کا طالب

مصنف

آواز سگاں کم نہ کند رزق گدارا.....؟

حمد لامحدود اُس خدائے رحیم و ودود کے لیے ہے جس کے امر کن سے یہ جہاں رنگ و بو، ماؤ تو، این و آں، مکان ولامکان سب کچھ معرض وجود میں آیا ہے۔ اسی ذات واحد و یکتا و ستار و غفار و رحمٰن نے از آدم و تا عیسیٰ برائے آشکارا کردن شان محبوبی سرور ثقلین نبی الحرمین اس جہان میں ظہور پذیر ہوئے، نبیؐ آخر الزمان کی شان ذیشان بیان سے باہر ہے۔ آپ کی سیرت کے بارے میں حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآن یعنی آپ کا خلق پورا قرآن ہے۔ غور فرمائیں خلق ایک عادت کو کہتے ہیں اور اُس کی جمع اخلاق ہے تو جس ہستی کی ایک عادت پورا قرآن پاک ہو تو اس کی سیرت مطہرہ اور کریمانہ اخلاق کا کون اندازہ کرسکتا ہے کہ جس کا خلق خلاقِ عالم بیان فرمارہا ہے کہ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ تو کسی انسان کی کیا مجال ہے کہ وہ صفت و ثناء کا دم بھرے اُنؐ کا دیکھنا خدا کا دیکھنا اُنؐ کا بولنا خدا کا بولنا اُنؐ کا چلنا خدا کا چلنا اُنؐ کی مرضی خدا کی مرضی اُنؐ کا ہاتھ خدا کا ہاتھ، خدا محبّ ہے تو آپؐ محبوب ہیں سوچئے کہ محبوب کو ناراض کرنے سے محبّ کیسے راضی رہ سکتا ہے محبوب کبیریا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے میری آل کے ساتھ بغض رکھا اس نے میرے ساتھ بغض رکھا اور جس نے میرے ساتھ بغض رکھا اس نے خدا کے ساتھ بغض رکھا۔ ایک اور جگہ حدیث قدسی میں آپؐ نے ارشاد فرمایا مَنْ عَادلِي ولِياً فَقَدْ آذَنْتُهُ لِلْحرْبِ الحے ۔o یعنی ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس نے میرے دوستوں کے ساتھ عداوت رکھی میں اس سے اعلان جنگ کرتا ہوں'' تو سوچئے جس سے خود خدائے دو جہاں جنگ کرے کیا وہ دارین میں ہلاکت سے بچ سکے گا.....؟ ہرگز نہیں یا اگر کوئی اولیا اکرام کے ساتھ خاص کر اہل بیت کے بارے میں جو موشگافیاں کرے گا تو انشاء اللہ روز محشر اسے اس کے بارے میں جواب دہ ہونا پڑے گا۔

قبلہ شاہ صاحب کی ذات والا صفات محتاج تعارف نہیں آپ نے تحفۂ الگیلانی جلد اوّل تالیف فرمائی۔ یہ اُن کی اپنی کاوشوں کا نتیجہ ہے انہوں نے سالہا سال محنت کر کے تجربات کو کامیاب بنایا۔ اسی لئے تو اکثر و بیشتر حضرات نے اس سے بے بہا فیض حاصل کیا بگڑے ہوئے کام سنوارے صحت شفاء کا مسئلہ، محبت میں کامیابی اور ہر جائز مقاصد میں کامیاب و کامران ہوئے۔ جلد اوّل کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ بک گیا اور اس کے بعد یکے بعد دیگرے اس کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں یہ بین الاقوامی شہرت کی حامل ہر

دلعزیز کتاب مستطاب تحفۃ الگیلانی کی مقبولیت کا واضح ثبوت ہے کہ بعض ناشرین اور مصنفین نے شہرت حاصل کرنے کیلئے دوسری کتابوں سے عملیات چوری کر کے شائع کرتے ہیں ان لوگوں نے ہماری کتاب تحفۃ الگیلانی کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا لیکن قبلہ شاہ صاحب کی فطرت میں یہ چیز شامل نہیں ہے انہوں نے جو بھی تالیف کیا اپنے تجربات کی بنا پر تالیف کیا اپنے تجربات سے لوگوں کو آگاہ کیا کئی ناشرین، مصنفین نے تحفۃ الگیلانی کی شہرت دیکھتے ہوئے کتاب کے کچھ اعمال چوری کر لئے، اور اپنے نام سے منسوب کر لئے کتابیں چھپوالیں اور اپنی دکانداری چمکائی مگر کیا خوب کسی شاعر نے کہا ہے کہ۔

عرضی تو میندیش زغوغائے رقیباں
آواز سگاں کم نہ کند رزق گدارا

کے مصداق حضرت شاہ صاحب کا ظرف عالی اتنا وسیع ہے کہ آپ نے فرمایا! کوئی اپنے مسلمان مردہ بھائی کا گوشت کھاتا ہے تو اس کا وبال اسی ہے پر اللہ تعالیٰ اپنے حبیبؐ پاک کے صدقہ و وسیلہ جلیلہ سے ہمیں اور بھی بلندیاں عطا فرمائے گا۔

حاسد حسد کی آگ میں خود ہی جلا کرے
وہ چراغ کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

اب ماشاء اللہ آپ حضرات کے ہاتھوں میں تحفۃ الگیلانی جلد دوئم ہے۔ مصنف کتاب ہذا کا کچھ تعارف پہلے حصوں میں کیا جا چکا ہے۔ راقم الحروف جب پہلی بار آپ کی زیارت سے مستفیض ہوا تو آپ کے چہرہ اقدس کو دیکھ کر خدا یاد آیا ایسی روحانیت، ایسی سادگی، ایسا خلوص، ایسی محبت ایسا اخلاق و کردار بہت کم لوگوں میں جلوہ افروز ہوتا ہے آپ کی طبعیت جلالی مگر جمال کا عنصر غالب نظر آیا۔ آپ بیک وقت عالم باعمل، عامل کامل، منجم، ماہر علوم فلکیات و سیارگان، پیر روشن ضمیر تجزیہ، سیف زبان، بہترین معبرہ مبلغ، ادیب، تجزیہ نگار، شاعر اور لامحدود خوبیوں سے مزین ہیں۔ صاحب تصرف کیوں نہ ہوں آپ کا سلسلہ نسب جن ہستیوں سے جا ملتا ہے ان میں ایک علوم کا شہر ہے تو دوسرا اس شہر کا دروازہ ہے لیکن یہ خوبیاں ایک اہل نظر ہی دیکھ سکتا ہے۔

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے
دیدہ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

نبی پاک ﷺ کو ایمان کی نگاہ سے دیکھنے والے صدیقؓ، فاروقؓ، کانِ حیاو حیدر کرار بنے مگر حسد کی نگاہ سے دیکھنے والے ابوجہل، ابولہب، مسیلمہ کذاب وغیرہ بنے۔

خاصان خدا کو جادوگر کاہن کہنے والے خود ہی قصر عدالت میں گرفتار و سرگرداں ہوئے۔ روز اوّل سے ہی حق و باطل باہم ٹکراتے آئے ہیں۔ حضرت آدم علیہ اسلام کے مقابل، شیطان ہابیل کے مقابل قابیل، حضرت نوحؑ کے مقابل کنعان، حضرت موسیٰؑ کے مقابل فرعون حضرت ابراہیمؑ کے مقابل نمرود حضرت داود کے مقابل جالوت حضرت حسینؓ کے مقابل یزید کفر کے مقابل اسلام نبرد آزما ہوئے ہمیشہ فتح حق کی ہوتی رہی ہے۔

کلک رضا ہے خنجر خونخوار برق باد
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

لکھنے والوں نے تو قرآن کریم کا جواب بھی لکھا لیکن جھٹلانے والے ہی ہر جگہ پر ذلیل و خوار ہوئے اور اپنے منطقی انجام کو پہنچے قبلہ شاہ صاحب موصوف کا سلسلہ نسب حضرت دولا پاک لعل حسین سے ہوتا ہوا حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین حضرت میراں لعل پاک بہاول شیر قلندر حجرہ شاہ مقیم سے ہوتا ہوا حضرت پیران پیر غوث محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی سے حضرت مولا علیؓ شیر خدا تک جا ملتا ہے جو خود بھی ولی ہیں اور ولی گر بھی ہیں آپ ہی خوش قسمت لوگوں کو ولایت کی مہر سعادت لگاتے ہیں اور جو بھی بدبخت آپ کی آل و اولاد سے عناد اور فساد رکھے آپؐ اس سے بیزار ہوتے ہیں حضرت علیؑ کے متعلق سرکارؐ دو جہان نے ارشاد فرمایا لَحْمُكَ لَحْمِیْ جِسْمُكَ جِسْمِی تو جس ذات والا صفات کے یہ اوصاف ہوں۔ اس کی بیزاری سے رسولؐ خدا بیزار اور جس سے رسولِ خدا بیزار ہوں اس سے خود خدا بھی بیزار ہے اور جس سے خدا بیزار ہو اس نامراد مردود سے ہر چیز بیزار ہے۔

ادب گاہیست زیر آسمان از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید وبا یزید اینجا

بہجۃ الاسرار میں حضرت عبداللہ تمیمی نے لکھا ہے کہ ایک غوث صاحب حال و کشف و کرامات تھے زمانہ طالب علمی میں ابن سقا اور حضرت عبدالقادر غوث اعظم ہم تینوں ہم عصر تھے۔ ایک دن ہم نے پروگرام بنایا کہ کسی دن اس برگزیدہ بندے کی زیارت کریں گے میں نے کہا وہاں جائیں گے تو بھلا وہ میرے دل کی بات بتاتے ہیں یا نہیں یا میرے سوال کا جواب دیتے ہیں یا نہیں۔ ابن سقا نے کہا میں ان سے ایسا سخت سوال کروں گا کہ وہ چکرا جائیگا اور میرے سوال کا جواب نہیں دے سکے گا اور حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر نے فرمایا میں تو کوئی سوال نہیں کروں گا اور میں تو یہ دیکھوں گا کہ وہ مجھے کتنا

فیض دیتے ہیں۔

تو جب یہ حضرات وہاں پہنچے تو وہ بزرگ انہیں دیکھتے ہی غائب ہوگئے تھوڑی دیر بعد ظاہر ہوئے اور سخت لہجے میں ابن سقا کو کہنے لگے کہ تو کہتا ہے میں تیرے سوال کا جواب نہیں دے سکوں گا اور چکرا جاؤں گا تو یہ تیرا سوال ہے اور یہ اس کا جواب ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ دنیا تیرے کانوں کی لو تک پہنچ چکی ہے اور ذلیل وخوار ہورہا ہے تیری لاش کتے کھا رہے ہیں اور کبھی گلیوں میں لڑکے گھسیٹتے پھرتے ہیں اور راہوں پر چلنے والے تیری لاش پر تھوک رہے ہیں۔ پھر عبداللہ تمیمی کی طرف متوجہ ہوکر کہا یہ تیرا سوال اور یہ اس کا جواب ہے لیکن تو ہلاکت سے بچ جائیگا پھر وہ حضرت غوث پاک کی طرف متوجہ ہوکر کہنے لگے کہ آؤ میں تمہیں لامحدود فیض دیتا ہوں قیامت تک آپ کے نام کے ہر طرف ڈنکے بجتے رہیں گے اور تمام پیر آپ کو پیر مانیں گے اور تو محی الدین اور غوث الاعظم بنے گا۔

قارئین ایک ولی کی گستاخی کا انجام آپ نے دیکھا کہ ابن سقا کے ساتھ وہی کچھ ہوا جو آپ نے فرمایا اور باقی حضرات سے بھی وہ ہی ہوا جو آپ نے فرمایا تو عرض یہ ہے کہ اولیاء اللہ اور آل رسول کی گستاخی وجہ ہلاکت بن جاتی ہے۔

مقربانِ خدا سے کوئی بھی اپنے آپ فاروق اعظم، امام اعظم، غوث اعظم، فقیہ راعظم نہیں بن جاتا ہر ایک چیز کسی کے بنانے سے بنتی ہے۔ مولائے روم سے پوچھئے آپ فرماتے ہیں۔

"کوئی چیز اپنے آپ نہیں بنتی لوہا آپ اپنے تلوار نہیں بن جاتا جب میں شمس تبریز کا غلام بنا تو مولوی سے مولائے روم بن گیا۔"

اسی طرح کے القابات وغیرہ خود بخود نہیں ملتے نہ ہی کوئی خود بخود اپنے نام کے ساتھ ایسے القابات لگا سکتا ہے۔

قبلہ شاہ صاحب کو بھی یہ القابات اپنے پیرومرشد اور اپنے اساتذہ اور دوسرے لوگوں سے ملے ہیں جو کہ آپ کے حلقہ ارادت میں ہیں کچھ لوگ کتاب تو کیا کتاب پر لکھے ہوئے القابات دیکھ کر ہی جلنے سڑنے شروع ہوگئے ہیں حالانکہ کتاب کے سرورق اور بیک پر لکھا ہے کہ ٹائٹل محمد عارف ربانی، اس کے باوجود بھی لوگوں میں تعصب کی آگ بھڑک رہی ہے نبی پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے اور وہ پھر کوئلہ بن جاتی ہے پھر راکھ بن جاتی ہے۔ اتنی سمجھ

بوجھ ہونے کے باوجود بھی لوگ تعصب کریں تو ہمارا کیا ہے؟ ہماری دلی دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ ہمیں اہل بیت اطہار کا خادم بنائے اور پاک و برگزیدہ ہستیوں کی خدمت و ادب و احترام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ کی ذات بابرکات کو تا قیام قیامت، ناموری عطا فرمائے۔

بجاہِ حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فقط

حافظ محمد عبدالحمید سجاد بقلم خود

ایم اے عربی ایم اے اسلامیات

بن ابو البقا محمد حبیب اللہ محلّہ درس

نزد دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف

فون نمبر 04449/71667

17 جون 2002

بمطابق 5 ربیع الثانی 1423

farukhan

تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کے بعد

ہمیں بہت سارے لوگوں کے خطوط ملے اور کافی تعداد میں لوگوں کے ساتھ ملنے کا اتفاق ہوا۔ جلد اوّل کی تعریف میں جو خطوط ملے ان میں سے کچھ ہم نے جلد اوّل کے ساتھ لگا دیئے تھے لیکن چند ایک باتیں جو کہ بزرگوں سے زبانی ملی تھیں وہ ہم یہاں درج کرتے ہیں تاکہ عام فہم لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ کتاب کے پس پردہ کیا کیا ہستیاں کارفرما تھیں جن کی وجہ سے جلد اوّل کو زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی۔

جو باتیں ہم اب لکھ رہے ہیں وہ پہلی جلد کے دوسرے ایڈیشن کے ساتھ بھی لکھی جاسکتی تھیں مگر ہمیں ان کے لکھنے کی اجازت نہ تھی۔ اب جونہی اجازت مل گئی ہے تو ہم یہاں چند خاص باتیں لکھنا چاہتے ہیں تاکہ کتاب کے پڑھنے والوں کو ٹھیک طور پر معلوم ہوجائے کہ کتاب اور اس کے مصنف کی اصلیت کیا ہے۔

جلد اوّل ہم نے جولائی 1998ء میں شائع کروائی تھی۔ کتاب شائع ہونے کے بعد ہم نے اس کی ایک جلد سجادہ نشین سید اعجاز علی شاہ گیلانی کے آستانہ پر بھی پیش کی مگر جناب نے چند دوسری کتابوں کی طرح چند دن کتاب کی ورق گردانی کرنے کے بعد واپس کسی مرید کو دے دی لیکن حال ہی میں جب ہم کتاب کی دوسری جلد تیار کررہے تھے تو جناب سید اعجاز علی گیلانی کو خصوصی طور پر دوبارہ اجازت ہوئی کہ کتاب پڑھیں۔ پھر انہوں نے کتاب کو تسلی کے ساتھ پڑھا اس کے بعد جناب سید اعجاز شاہ گیلانی کے چھوٹے صاحب زادے سید مدد علی شاہ نے بھی کتاب کو بغور پڑھا۔ کتاب تحفۃ الگیلانی کے مطالعہ کے بعد سرکار اعجاز علی شاہ صاحب نے موقعہ پر موجود تمام مریدین کو کہا کہ اس کتاب کو تمام خریدو اور اس مصنف کی زیارت بھی کی جائے۔ رات کو مجھے فون پر اطلاع دی گئی کہ صبح سرکار کی کوٹھی پر حاضر ہوں۔ صبح سات بجے میں وہاں پہنچ گیا جو مریدین رات کو موجود تھے وہ تمام صبح ملے۔ پیر مدد علی شاہ اور پیر محمد عارف بھی ملے۔ اس کے بعد ملنے ملانے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ وہاں پر سجادہ نشین سید اعجاز علی شاہ فرمانے لگے کہ بیٹا پہلے پہل یہ روٹین تھی کہ جب بھی حضرت دولا پاک حسین کی اولاد میں کوئی پیدا ہوتا تو سجادہ نشین حجرہ منورہ ان کو گھٹی دیتے تھے۔ اس طرح جب آپ پیدا ہوئے تھے تو آپ کو میرے دادا حضور سید امداد علی شاہؒ اور میرے والد محترم حضرت پیر سید آغاز نثار علی شاہؒ نے گھٹی دی تھی۔ آپ کو دو مادر زاد ولیوں کی گھٹی دی گئی تھی۔ اس کے بعد جناب سید امداد علی شاہؒ اور

سید آغاز سید نثار علی شاہ صاحبؒ جب کراچی جایا کرتے تھے تو آپ کے والد صاحب کے پاس جایا کرتے تھے۔ اُن کے پاس ہی رہا کرتے تھے۔ آپ فرمانے لگے کہ میں بھی کئی مرتبہ والد حضور کے ساتھ کراچی تمہارے والد صاحب کے پاس گیا تھا۔ وہاں پر میں آپ کو اپنے کندھوں پر بیٹھا کر باہر لے جایا کرتا تھا میں نے بھی آپ کو اپنا جوٹھا کھلایا ہوا ہے۔ آپ تو بہت مقدر والے ہیں کہ حجرہ شریف کے تین سجادگان کی آپ کو گھٹی لگی ہوئی ہے۔

الحمد للہ کہ خدا تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بندہ ناچیز کو سجادگان حجرہ شاہ مقیم کی گود میں بیٹھنے کا بھی شرف حاصل ہوا ہے۔ نسبت تو تمام حجرہ کے سادات خاندان کی ہے مگر قرابت کسی کسی کو نصیب ہوتی ہے۔ حضور میراں پاک بہاول شیر قلندرؒ کا فرمان عالی شان ہے کہ میرے پشت میں ہر بندہ ولی ہے لیکن ان کی تین قسمیں ہیں اوّل یہ کہ جو مادر زاد ولی ہیں۔ دوئم یہ کہ جن کو زندگی میں کچھ محنت کرنا پڑتی ہے۔ سوئم یہ کہ جب ہماری اولاد میں سے کوئی انتقال کرنے لگے تو ہم پہلے اس کو ولایت عطا کرتے ہیں پھر اُس کی جان کند ہونے دیتے ہیں۔

اس طرح ہی راولپنڈی سے ایک مجذوب نے ہمیں ایک خط لکھا کہ میں آپ کو ملنا چاہتا ہوں ہم نے اُن کو وقت دے دیا کہ فلاں دن تک آجانا وہ بتائے ہوئے وقت میں تشریف لے آئے اور تین دن تک ہمارے ساتھ رہتے رہے۔ تیسرے دن انہوں نے بتایا کہ مجھے کافی عرصہ سے آپ کا نام بتایا جاتا تھا کہ یہ امانت باطنی ان کو دے دینا لیکن میں نے آپ کی امانت اپنے پاس رکھ لی اور سوچا کہ کبھی ملاقات ہوگی تو ان کو دے دوں گا اس طرح مجھے تمام باتیں بھول گئیں جو آپ کو دینا تھیں ایک دن ویسے ہی مارکیٹ سے گزر رہا تھا کہ آپ کی کتاب پر نگاہ پڑی تو آپ کا نام دیکھ کر مجھے آپ کی امانتیں یاد آگئیں اب میں وہ آپ کو دینے آیا ہوں۔ ہم نے پوچھا کہ وہ کس نے آپ کو دی تھی وہ کہنے لگے کہ میراں غوث پاک تھے یا میراں بہاول شیر قلندر تھے۔ ابھی مجھے کوئی کچھ یاد نہیں ہے کیونکہ کافی عرصہ ہوگیا ہے ان کے نام کے ساتھ میراں کا لفظ تھا۔

اس طرح ہی پاکپتن شریف سے ایک نذیر نامی آدمی مجھے ملنے آیا تو انہوں نے مجھ کو حضرت امام علی رضا کے روضے کے غلاف کا چھوٹا سا ٹکڑا دیا اور ایک تسبیح دی۔ انہوں نے کہا کہ میں بغداد شریف گیا ہوا تھا تو وہاں پر ایک فقیر ملا تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ پنجاب کے رہنے والے ہیں۔ میں نے کہا ہاں تو انہوں نے مجھے یہ چیز دے کر فرمایا کہ فلاں نام کا ایک آدمی فلاں جگہ رہتا ہے ان کو دے دینا کہ امام علی رضا نے عطا کئے ہیں۔

میں وہ چیزیں لے کر پاکستان آ گیا تو مجھے پتہ بھول گیا اس طرح کچھ عرصہ گزر گیا میں آپ کا پتہ بھول گیا تھا کہ ایک دن بازار میں تحفۃ الگیلانی دیکھی اور خریدی جب اُس پر نام پڑھا تو آپ کا پتہ مجھے یاد آ گیا تو وہ چیزیں اب میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

اس طرح کے واقعات تحفۃ الگیلانی جلد اوّل لکھنے کے بعد ظہور پذیر ہوئے تھے اگر ان حالات و واقعات کو لکھنا شروع کردیں تو کم از کم تین سو صفحات پر مشتمل ایک کتاب تیار ہوسکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر خدا تعالیٰ نے ہمت عطا فرمائی تو انشاء اللہ آئندہ کوئی علیحدہ کتاب کی صورت میں پیش کریں گے تاکہ راہِ سلوک کے لوگوں کو ان واقعات سے روشنی مل سکے اور ان واقعات کو سامنے رکھتے ہوئے رہنمائی حاصل کریں۔

فقط دُعاؤں کا طالب
مصنف کتاب ہذا
12 جولائی 2001

تقریظ (اوّل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صلی علی محمد وّآل محمدٍ

حمد و ثناء اُس بزرگ برتر اور ستار غفار کی جس نے انسان کو ارض و سما پر اپنے خلیفہ کا امتیاز بخشا..... آج..... کا جیتا جاگتا زندہ ثبوت جو مشیت ایزدی کا عرفان رکھتا ہے۔ کائنات کی ہر الجھی ہوئی گتھی کو سلجھانے اور اسرار و رموز جاننے اور اپنی جستجو ہر قید و بند اور سود و زیاں سے بے پرواہ ہو کر تحقیق کے ہر میدان میں کسی حد پر قناعت کئے بغیر کود پڑتا ہے۔

اس کے ذہن میں پرورش پانے والا ہر خیال جب تک تجربے کی بھٹی کی بھینٹ نہ چڑھے اُسے چین نہیں آتا..... یعنی..... انسان.....؟

کتاب ہذا تحفۃ الگیلانی (جلد دوئم) ہر اُس راز کا منبع ہے جن کیلئے ہر انسان ہمیشہ سرگرداں رہتا ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں ہر اُس عمل، وظیفہ، تعویذ وغیرہ کو شامل کیا ہے جو کہ انہوں نے اپنے تجربات کے ساتھ مشاہدہ کیا ہے۔ یہ کتاب ان کے مشاہدات کا نچوڑ ہے۔ اس میں ہر بات تحقیق کے بعد شامل کی گئی ہے۔ میں کتاب ہذا کے مصنف سید سبطین حیدر گیلانی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے زندگی کے تمام اوراق تجربات میں صرف کر دیئے ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی کے 34 سال ان تجربات میں گزار دیئے اپنے 34 سالہ تجربات اور قابلیت کو بروئے کار لاتے ہوئے مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے اس کتاب کو عوام الناس میں عام کیا تاکہ شائقین عملیات، روحانیات اور علماء حضرات اس سے فیض یاب ہوسکیں اور فروغ علم میں مصنف کے معاون ثابت ہوں اور میں خداوند کریم کی غفاری و رحیمی سے پُرامید ہو کر کہتا ہوں کہ مصنف کی یہ کاوش قارئین پر مثبت اثرات مرتب کرے گی (آمین ثم آمین)

فقط دُعا گو
نصیر احمد قادری چشتی
درس نظامی حجرہ شاہ مقیم (اوکاڑہ)
22 جولائی 2001 بروز اتوار

تقریظ (دوئم)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O الحمد للہ رب العالمین O موجودہ حالات میں جدھر نظر اُٹھائیں ہر کوئی سکون قلب کی تلاش میں سرگرداں ہے کوئی یہ سمجھ بیٹھا کہ زر، زن یا زمین میں سکون ملے گا، کوئی نرم و نازک صوفوں اور بستروں میں سکون کا طالب ہے، کوئی تیز رفتار سواریوں میں سکون کا متلاشی ہے ایئر کنڈیشنڈ کاروں سے لے کر تیز رفتار طیاروں تک، بلند و بالا عمارات سے لے کر زیر زمین تہہ خانوں تک، بینک بیلنسز سے لے کر حکومتی عہدوں تک، گلی کوچوں سے لے کر بازار حسن تک، ملاں کی اذان سے لے کر مجاہد کے ایثار تک ہر طرف سکون کے طالب ہیں لیکن جس راستے کا لوگ انتخاب کر چکے ہیں یہ راستہ سکون کا نہیں ہے بے سکونی کا ہے، فارغ البالی اور خوش حالی کا نہیں بدحالی اور پریشانی کا ہے جب راستہ ہی درست نہ ہو تو مقصد تک پہنچنا ناممکن ہے، محال ہے۔ سکون کا درست راستہ معلوم کرنے کیلئے قلب کی صفائی ضروری ہے احکم الحاکمین کے حضور عرض پرداز ہوں تو پوچھیں کہ سکون کہاں ہے؟ کیسے دستیاب ہوگا؟ فرمایا الابذکر اللہ مطمین القلوب خبردار اللہ کریم کے ذکر ہی سے دلوں کو سکون، اطمینان اور چین نصیب ہوتا ہے۔

حدیث نبوی ہے من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلینفعہ جو اپنے ایمان دار بھائی کو فائدہ دینے پر قادر ہو اسے چاہیے کہ فائدہ پہنچائے۔ دوسری حدیث ہے اللہ جل شانہ کو ساری مخلوق میں سب سے زیادہ پیارا وہ ہے جو اس کی مخلوق کیلئے زیادہ نفع رساں اور مفید ہو۔ ان احادیث پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مصنف کتاب ہذا (جزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء) نے اس کتاب کو مرتب کیا ہے اور مخلوق خدا کو ذکر الٰہی کے ذریعے دینوی، اخروی، قلبی قالبی جسمانی اور روحانی سکون کے طریقے بتانے پر گامزن ہیں۔ میں نے اس کتاب کو متعدد مقامات سے مطالعہ کیا ہے اس میں بزرگان دین اور سادات اکرام کے فیوضات و برکات اور انوارات کے چشمے موجود ہیں۔ دُعا ہے کہ اس کتاب کی برکات زیادہ ہوں اس کو شہرت دوام اور مقبولیت عامہ تامہ نصیب ہو اور مصنف گرامی قدر حضرت سید سبطین حیدر گیلانی مدظلہ العالی کو خدا تعالیٰ اعلیٰ سے اعلیٰ تر کمالات عطا فرمائے۔

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

مفتی محمد لطف اللہ نور اشرفی
دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور اوکاڑہ
جمعۃ المبارک 17 شعبان اعظم 1422ھ
بمطابق 3 نومبر 2001ء

ایک ضروری بات

عمل کرنے سے پہلے کسی کامل کی اجازت کا ہونا ضروری ہے اور مرشد کامل کی اجازت یا نگاہ کا ہونا ضروری ہے۔ کسی کامل مرد کو اپنا اُستاد بنائیں اگر کسی کا کوئی اُستاد ہے تو پھر ٹھیک ہے ورنہ بغیر استاد کے کوئی بھی عمل نہ کریں۔ اُستاد کے بغیر عمل ادھورے رہ جاتے ہیں اور اکثر لوگ ناکام ہوجاتے ہیں۔ اگر کوئی مصنف ہذا سے مل کر شاگردی اختیار کرنے کو تیار ہے تو براہ راست مل سکتا ہے اور شاگردی اختیار کر سکتا ہے۔ اگر کوئی بیعت ہونا چاہے تو ہوسکتا ہے۔ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل شائع ہونے کے بعد اکثر لوگوں نے خطوط لکھے ہیں کہ آپ نے اپنی کتاب میں رجال الغیب، ستاروں کی ساعت، ستاروں کے شرف وغیرہ کا کہیں بھی ذکر نہیں کیا ہے اس کی وجہ کیا ہے؟

دراصل بات یہ ہے کہ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ کریم کہیں شکار کے لیے تشریف لے گئے۔ آپؓ نے اپنے شکار کا نشانہ بنا کر تیر چلایا تو تیر نشانہ سے ہوتا ہوا ایک پہاڑ کو بھی کراس کر گیا پاس ہی ایک آدمی کھڑا تھا اس نے جب یہ منظر دیکھا تو اس نے لوگوں کو بتایا کہ یہ واقعہ پیش آیا ہے ان میں ایک نجومی بھی تھا اس نے کہا کہ میں یہ بات نہیں مانتا لوگوں نے پوچھا کہ کس لئے۔ نجومی نے کہا کہ وہ پہاڑ تو 100 سال بعد موم ہوتا ہے جب موم ہوجائے تو پھر سوئی میں دھاگہ ڈال کر بھی نکالا جاسکتا ہے۔ ابھی تو اس پہاڑ کو موم ہوئے چند سال ہوئے ہیں۔

لوگوں نے کہا کہ چلو حضرت علیؓ سے پوچھ لیتے ہیں لوگوں نے حضرت علیؓ سے پوچھا تو آپؓ نے فرمایا کہ یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے یہ تو اب پھر ہم آپ کو دوبارہ کر کے دیکھا سکتے ہیں۔ چلو دوبارہ آپ کو کر کے دیکھا دیتے ہیں۔ تمام لوگ دوبارہ پہاڑ کے پاس چلے گئے جب حضرت علیؓ نے کمان میں تیر ڈال کر کھینچا تو نجومی نے کہا کہ حضورؓ کچھ دیر کے لیے اس طرح ہی ہاتھ رکھیں۔ آپؓ نے کمان کو تان رکھا۔ نجومی نے اپنے علم جعفر رمل وغیرہ کے ساتھ جب حساب لگایا تو پہاڑ موم ہو چکا تھا حالانکہ چند دن پہلے پہاڑ اپنی مدت پوری کر کے موم ہو چکا تھا۔ علم نجوم کے تحت 100 سال بعد موم ہونا تھا حالانکہ ابھی تو 100 تو کیا صرف چند گھنٹے ہی گزرے تھے کہ سرور کائنات ﷺ کے چچا زاد بھائی اور شیرؓ خدا تعالیٰ نے پہاڑ کو دوبارہ موم کر دیا۔ جب نجومی نے یہ عمل دیکھا تو سرکار کو عرض کرنے لگا کہ حضور بس تیر نکال دیں آپ نے پوچھا کیوں؟ نجومی نے کہا کہ میرے عمل کے مطابق پہاڑ موم

ہو چکا ہے۔ یہ تھا کامل لوگوں کا کمال۔

بس صرف یہی وجہ تھی کہ ہم کو ستاروں کی ساعتوں ، قمر در عقرب شرف وغیرہ کی ضرورت ہی نہ محسوس ہوئی کیونکہ ہمارے سر پر بھی کامل ولیوں کا سایہ تھا جس وجہ سے ہم کو ان چیزوں کی ضرورت ہی نہ محسوس ہوئی۔

لیکن احتیاط کے طور پر اور لوگوں کے اصرار پر ہم اس کتاب میں ہر بات کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر چیز کو شامل کریں گے تا کہ اس کتاب کے ہوتے ہوئے عامل حضرات کو دوسری کتابوں کے سہارا لینے کی ضرورت ہی نہ محسوس ہو۔

لہٰذا اگر کوئی نیا عامل یا کوئی پرانا عامل اس راز کو جاننا چاہتا ہو تو پھر اس کو ہمارے ہاتھوں بیعت ہونا ہوگا اور شاگردی بھی ہماری کرنا ہوگی تا کہ ہم اس کو بھی یہ راز بتادیں گے کہ وہ کیا وجہ تھی جس وجہ سے ہم لوگوں کو ان باتوں کی ضرورت محسوس نہ ہوئی تھی۔ اب ہم صرف لوگوں کے لیے یہ باتیں لکھیں گے ورنہ خدا تعالیٰ کا فضل کرم ہے کہ اب بھی ہم کو ان باتوں کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ایک راز ہے جو کہ ہم اس کو عام لوگوں سے چھپائے رکھنا ہی بہتر سمجھتے ہیں تا کہ علم اور عمل کی حرمت برقرار رہ سکے۔ اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہے تو پھر ہمارے آستانہ کے دروازے ہر آنے والے کے لیے کھلے ہیں مگر ہماری بیعت کا ہونا ضروری ہے۔

آزمائش شرط ہے۔ ورنہ ضروری بھی نہیں ہے کہ ہر کسی کو اس راز کی بات کو بتا دیں ہم نے راز کو راز میں لکھ دیا ہے اگر کوئی سمجھ سکے تو سمجھ لے۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات

1- عمل صرف وہ کیا جائے جو کہ بہت ضروری ہو۔

2- عمل صرف اور صرف نیک نیت کے ساتھ کریں ورنہ نقصان ہوگا اور برے بھلے کے خود ذمہ دار ہوں گے

3- عمل کو بعد نماز عشاء شروع کریں اور جگہ کا پاک صاف ہونا ضروری ہے یا پھر جس وقت کا عمل لکھا ہو اس وقت کی پابندی رکھیں

4- عمل کے دوران بات چیت نہ کریں۔

5- عمل کرتے وقت اور بعد میں پنجگانہ کی پابندی بہت ضروری ہے۔

6- کوئی بھی عمل گھر میں نہ کریں عمل کسی جنگل کسی تنہا مکان یا نہر کے کنارے بھی کئے جاسکتے ہیں جو عمل نہر کے کنارے پر کرنے کے لیے لکھے ہوں گے وہ صرف نہر کے کنارے پر ہی کئے جائیں۔

7- عمل کے دوران پرہیز جلالی جمالی ضروری ہے۔ اگر پرہیز نہ کیا گیا تو پھر کامیابی ناممکن ہوگی اور وظیفہ بجائے سیدھا ہونے کے الٹا ہوجائے گا یا پھر بالکل فائدہ ہی نہ دے گا۔

پرہیز جلالی

اگر عامل جلالی آیات وعملیات کرے تو لازم ہے کہ ہر قسم کا گوشت ، مچھلی ، انڈا ، شہد اور مشک کا استعمال نہ کرے۔ اونی اور ریشمی کپڑا ، چرمی ڈول کا پانی اور ہر اس چیز جو جانور سے پیدا ہوتی ہے سے مکمل پرہیز کرے۔ جوں نہ مارے ہاتھی دانت اور کے سینگ کے دستہ والی چھری چاقو یا چھڑی بھی استعمال نہ کرے۔ جوتی اور موزہ نہ پہنے دوران عمل حجامت نہ کروائے اور نہ ہی ناخن تراشے رکھے ، عورت کے نزدیک نہ جائے۔ بعض عامل مسور کی دال اور پانی کے علاوہ لہسن اور پیاز اور دیگر بو والی سبزی مثلاً مولی وغیرہ کے استعمال سے بھی منع کرتے ہیں۔ دوسرے کے بستر پر نہ سوئے ، ہر وقت باوضو رہے ، کسی دوسرے کے ساتھ بھی نہ لگیں اگر طاقت ہو تو روزہ بھی رکھے کسی قسم کا میوہ نہ کھائے ، دودھ گھی کسی استعمال نہ کرے کسی قسم کی مٹھائی نہ کھائے ، تل اور سرسوں کا تیل بھی منع ہے البتہ اگر کسی مسلمان تیلی سے نہایت صفائی اور احتیاط کے ساتھ نکلوا کر استعمال کرے ، ہر

روز غسل کرے، دودھ والے درخت کا پتہ نہ توڑے، کسی جاندار جانور پر سواری نہ کرے۔ بغل موئے زیر ناف موئے اور ناخن تراشنے کی اجازت بعض عامل دے دیتے ہیں۔

پرہیز جمالی

مچھلی گوشت ہر قسم، سرکہ پیاز، لہسن ترک کر دے، جماع نہ کرے۔ دودھ، دہی لسی استعمال نہ کرے۔ ہر وقت لباس پاک صاف رکھے، باوضو رہے ہلکی غذا استعمال کرے حجامت کرا سکتا ہے، سیا ہوا کپڑا پہنے اور سواری بھی رکھے۔

8- عمل کے دوران اگر ڈر محسوس ہو تو فوراً مرشد کا تصور کرے یا اُستاد کا تصور کرے دونوں کا تصور اکٹھا بھی کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے دن اُن کو بتائے جس نے اجازت دی تھی۔

9- ہر نوری عمل کرنے سے پہلے جب شروع کرے 41 بار درود پاک ابراہیمیؑ پڑھے اور ختم کرنے پر بھی 41 بار پڑھے۔ جہاں ضروری ہو یا عامل نے بتایا ہو تو پھر۔

10- عمل کے دوران منہ قطب شریف کی طرف رکھے

11- بعض عامل چلہ کشی کے دوران حصار کر لیتے ہیں مگر میرے اُستاد صاحب کے نظریہ کے مطابق اور میرے تجربہ کے مطابق حصار کی بھی ضرورت نہیں ہے بلکہ اگر حصار کر بھی لیا جائے تو کوئی اعتراض نہیں ہے بلکہ صرف آیۃ الکرسی پڑھ لی جائے تو یہ ہی کافی ہے۔

12- چلہ کرنے کے لیے علیحدہ کپڑے پاک صاف ہوں جو کہ پہلے دن سے لے کر آخری دن تک ہی پہنے جائیں۔ کپڑے صرف پڑھائی کے وقت ہی پہنیں پھر کسی کیل پر لٹکا دیں۔ دوسرے دن پھر پڑھائی کے وقت پہن لیں۔

13- بعض عامل سفری ٹائپ ہوتے ہیں یعنی کہ آج رات ادھر دوسری رات اُدھر ان کو چاہیے کہ ایک عدد جائے نماز (ریشمی نہ ہو) اپنے پاس رکھے جب پہلے دن منزل شروع کی ہے اپنی نماز کی جگہ بچھائے پھر دوسرے دن جہاں بھی جائے وہ جائے نماز ساتھ رکھے بوقت ضرورت استعمال کرے لیکن جہاں بھی جائے کمرہ علیحدہ ہونا ضروری ہے۔

14- وظیفہ، چلہ شروع کرنے سے پہلے کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کرے تا کہ عمل ٹھیک کامیاب ہو۔

بسم اللہ شریف کے اسرار مخفی

اس سے پہلے ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں بسم اللہ شریف کے مختلف فائدے بیان کئے تھے لیکن اس حصہ میں ہم بسم اللہ شریف کے مخفی اسرار کے بارے میں بھی کچھ لکھنا چاہیں گے اس لئے کہ ہم نے پہلی جلد میں لکھا ہے کہ اگر بسم اللہ شریف کا ہی صرف چلہ کیا جائے تو کافی ہے مگر کچھ نادان لوگ بسم اللہ شریف کو کچھ اہمیت نہیں دیتے حالانکہ اس میں سارے قرآن پاک کے اسرار پوشیدہ ہیں مگر جاہل لوگ کیا جانیں کہ بسم اللہ شریف کیا ہے جو اسرار اللہ تعالیٰ نے بسم اللہ شریف میں پیدا کئے ہیں اگر کوئی مکمل طور پر ان کو جان جائے تو وہ شخص قیامت والے دن آگ سے محفوظ رہے گا اور دنیا میں بھی آگ اس کو نہ چھوئے گی۔ جو کوئی اس کو لکھ کر بھی اپنے پاس رکھے گا تو وہ بھی آگ میں نہ جلے گا۔ حدیث پاک میں ہے کہ ہر کام بسم اللہ شریف پڑھ کے شروع کرنا چاہیے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ''وہ کام ادھورا ہوگا'' اور ایک روایت میں ہے کہ ''وہ کام ابتر ہوگا۔

جس میں بسم اللہ شریف نہ پڑھی جائے گی یعنی کہ اس میں برکت نہ ہوگی۔

ایک اور روایت ہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے جو بھی کتابیں نازل ہوئی ہیں وہ تقریباً چار سو صحیفے ہیں جن میں سے ساٹھ حضرت شیث علیہ السلام پر نازل ہوئے، تیس حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت موسیٰ علیہ اسلام پر تورات کے نازل ہونے سے پہلے نازل ہوئے۔ تورات زبور انجیل، قرآن شریف اور تمام سابقہ کتابوں کے معانی کا مجموعہ قرآن شریف ہے اور قرآن مجید کے معانی کا مجموعہ سورۃ فاتحہ ہے اور سورۃ فاتحہ کا مجموعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے اور بسم اللہ کا مجموعہ حرف ''ب'' ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ بی ما کان و بی ما یکون O یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے ہی ساتھ وہ تھا جو تھا اور میرے ہی ساتھ وہ ہے جو ہوگا۔

روایت ہے جب بسم اللہ نازل ہوئی تو اس کے نازل ہونے پر عرش ہلا۔ ملائکہ دوزخ نے کہا کہ جس نے اس کو پڑھا وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ بسم اللہ شریف کے انیس 19 حروف ہیں اور ملائکہ محافظین دوزخ بھی اُنیس[19] ہیں۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا جب بسم اللہ نازل ہوئی تو ابر مشرق کی طرف بھاگا اور ہوا ٹھہر گئی اور سمندر چڑھ آیا اور جانور گردن جھکا کر خاموش ہو گئے اور شیطان کو آسمان سے شہابیے

مارے گئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی تھی کہ جب میرا نام کسی مریض پر دم کیا جائے گا تو شفا ہوگی جس چیز پر یا کام پر بسم اللہ پڑھی جائے گی اس میں برکت ہوگی۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ موکلین دوزخ سے نجات مل جانے کا بہترین طریقہ کثرت سے بسم اللہ شریف کا ذکر کرنا ہے کیونکہ 19 حروف بسم اللہ شریف کے ہیں اور 19 ہی دوزخ کے موکلین ہیں۔ ہر حرف کے بدلے ایک موکل سے نجات ہوگی۔ جو کوئی بسم اللہ کا ذکر رکھے گا اس کو علوی اور سفلی میں رعب نصیب ہوگا۔ بسم اللہ شریف کی طفیل سے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی سلطنت قائم ہوئی تھی۔ جو کوئی بھی سو مرتبہ بسم اللہ شریف لکھ کر اپنے پاس رکھے گا لوگوں میں اس کا رعب پیدا ہوگا۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے جس شخص کو کوئی حاجت ہو اس کو چاہیے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے پھر جمعہ کو غسل کر کے جامع مسجد میں جائے اور کچھ صدقہ بھی کرے نماز جمعہ ادا کرے پھر بعد میں بکثرت سے بسم اللہ شریف کا ورد کرے بعد میں اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ آئندہ جمعہ آنے سے پہلے حاجت بر آئے گی۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس بات کو جاہل لوگوں پر ظاہر نہ کرو اس لئے کہ اگر اس بات کا اُن کو پتہ چل گیا تو وہ پھر جس کے حق میں بدعا کیا کریں گے وہ پوری ہوگی۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا کہ آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں فرق ہے، پھر فرمایا کہ شیطان سے حفاظت صرف بسم اللہ شریف ہی کر سکتی ہے۔ بسم اللہ شریف میں لفظ اسم اللہ اس بات کی دلالت کرتا ہے کہ اسم یہ اعظم ہی ہے کیونکہ اسم اعظم ہی اسم جلالی ہے وہ وہی اسم الاقطاب ہے اور اُس ہی طرف رجوع کیا جاتا ہے مثلاً جب کوئی تم سے سوال کرے کہ رحمٰن کون ہے تو آپ کہیں گے اللہ جب کوئی پوچھے کہ رحیم کون ہے تو آپ پھر بھی یہ کہیں گے کہ اللہ یعنی کہ ہر چیز کا واجب الوجود اللہ ہی ہے۔ اسی طرح ہر اسم کی رفاقت اللہ ہی کی طرف کی جاتی ہے اور اسی سے اس کی جلالت کی معرفت ہوتی ہے اور اس کا بلند مرتبہ معلوم ہوتا ہے۔ اس اِسم کو تمام اسماء پر بڑا شرف ہے۔ شرف کی چند وجوہات یہ ہیں کہ جب اس میں سے الف دور کرو گے۔ لِلّٰہ رہ جاتا ہے اور جب للہ سے تم ل کو ختم کردو گے تو لہ رہ جاتا ہے اور جب لام کو بھی دور کیا تو پھر رہ جاتا ہے جس کے سب حروف بالذات قائم ہیں اور یہ بات کسی اور اسم میں نہیں ہے مثال کے طور پر۔

اسم اللہ سے مراد ہے اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الحَیُّ القَیُّوم

جب الف دور کیا تو باقی للہ رہ گیا اس سے مراد لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الاعرض ہے پھر للہ سے لام دور کیا تو باقی لہ رہ گیا لہ سے مراد ہے لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط وَاِنَّ اللّٰہَ لَھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ O یعنی کہ اس کا مال ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بے شک اللہ ہی بے نیاز سب خوبیوں والا ہے O اگر لہ سے لام دور کیا تو پھر لا رہ گیا جس سے مراد ہے ھُوَ الَّذِی خَلَقَکُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَۃٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَۃٍ ثُمَّ یُخْرِجُکُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّکُمْ ثُمَّ لِتَکُوْنُوْا شُیُوْخًا وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے بنایا پھر پانی کی بوند سے پھر خون کی پھٹک سے پھر تمہیں نکالتا ہے۔ بچہ پھر تمہیں باقی رکھتا ہے کہ اپنی جوانی کو پہنچو پھر اسے لیے بوڑھا ہو۔

اس کے علاوہ اس اسم کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ یہ اسم ذات واحد اور توحید الٰہی پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس کا پہلا حرف الف ہے، الف پہلا حرف پہلی اکائی ہے اس لئے ذات باری بھی الف کی تعداد کے مطابق طاق ہی ہے۔ اور اپنے عدد میں فرد واحد ہے اور یہ الف اس حدیث شریف کی طرف اشارہ کرتا ہے جس کے سامنے کل موجودات سرخم کئے ہوتے ہیں اس اسم کے آخر میں ھ ہے جو توحید الٰہی کی طرف اشارہ ہے مثلاً وہ اپنی زبان میں کہہ رہا ہے میں وہی ہوں یہ وہی ہے وہ وہی ہے۔ کون اللہ۔ اس لئے قرآن پاک میں ارشاد باری ہے۔ اے محبوبؐ کہہ دو ان سے کہ چاہے رحمٰن کر کے پکارو چاہے رحیم کر کے یہ وہی اللہ ہی ہے۔

پس تم کو اختیار ہے کہ اللہ کہو یا رحمٰن کیونکہ اللہ ربوبیت اور رحمانیت کی دونوں صنعتوں کا جامع ہے۔ اللہ کا ہر نام بزرگ ہے۔ اگر تم کو اللہ تعالیٰ کی رحمت درکار ہو تو پھر یا رحمٰن کہہ کر پکارو۔

اس اسم میں چار حروف ہیں ایک الف دو لام ایک ہ اس طرح اس کی طبائع بھی چار ہیں اور سمتیں بھی چار ہیں۔ مشرق، مغرب، شمال، جنوب اس طرح ملائکہ تسبیح بھی چار ہیں۔ جبرائیل۔ میکائیل۔ اسرافیل۔ عزرائیل۔ جبرائیل وہ ہیں جنہوں نے رسالت کا پیغام حضور اکرم ﷺ تک پہنچایا۔ اسرافیل صاحب صور ہیں جبکہ قیامت والے دن صور پھونکا جائے گا۔ حضرت عزرائیل قبض ارواح پر معمور ہیں۔ مومن کے واسطے قبض روح میں راحت ہے اور کفار کے لیے عذاب ہے۔ میکائیل رزق پر معمور ہیں۔ اس کے علاوہ بسم اللہ تعالیٰ کے ہزاروں نہیں لاکھوں اسرار مخفی ہیں ہم نے صرف عقل والوں کے لیے چند

ایک درج کئے ہیں تاکہ عقل مند اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اب ہم اس کے فائدوں کی طرف آتے ہیں جو کہ چند ایک درج کئے جاتے ہیں کیونکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کریم فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کا دل سورۃ یاسین ہے اور سورۃ یاسین کا دل سَلام قَولًا مِن رَب رَحیمٌ ہے اور سَلام قَولًا مِن رَب رَحیم کا دل سورۃ فاتحہ ہے۔ سورۃ فاتحہ کا دل بسم اللہ شریف ہے اور بسم اللہ شریف کی ''ب'' کا نقطہ میں ہوں یعنی کہ حضور حضرت علیؓ نے اپنے آپ کو ''ب'' کا نقطہ تصور کیا ہے حالانکہ سرور کائنات ﷺ نے فرمایا ہے کہ میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہے آگے آپ خود اندازہ لگالیں کہ سرور کائنات شہر اور علی دروازہ ہیں اور دروازے کے بغیر مکان یا چار دیواری نامکمل ہوتی ہے لیکن حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میری حیثیت بسم اللہ کے نقطہ ''ب'' میں موجود ہے۔ اگر صرف اور صرف ''ب'' ہی کی تشریح کی جائے تو پتہ نہیں کتنے ہزاروں صفحات پر کتاب تیار ہوجائے کیونکہ آپ خود دیکھ لیں کہ لفظ ''ب'' سے قرآن پاک میں کئی حروف آئے ہیں یعنی کہ کئی آیت ب سے شروع ہوتی ہیں یا بے والے الفاظ آتے ہیں مثلاً بی مَاکَان ، بَاسِطُ، بَصِیر''، بشیءٍ من العلم۔ اس طرح اگر مطالعہ کیا جائے تو ہزاروں حروف ملیں گے۔ لہٰذا ''ب'' کے حروف کی گہرائی میں جانے کی مزید ضرورت نہیں ہے۔ ہم اصل مقصد کی طرف آتے ہیں۔

بسم اللہ شریف کے فائدے

اب ہم اصل مقصد یعنی کے بسم اللہ شریف کے فائدے بیان کرتے ہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو اہل آسمان بہت خوش ہوئے اور عرش عظیم خوشی سے جھومنے لگا اور لاتعداد فرشتے جن کی تعداد صرف خدا تعالیٰ کو ہی معلوم ہے بسم اللہ شریف کے ساتھ نازل ہوئے۔ ملائکہ کا ایمان بڑھا۔ افلاک میں حرکت پیدا ہوئی اس کی عظمت کے آگے بڑے بڑے جابر فرعون جیسے ذلیل خوار ہوئے اور پانی میں ڈوب کر مر گئے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حضرت آدم علیہ السلام کے چہرہ انور پر لکھی ہوئی تھی۔ جب حضرت آدم علیہ کی پیدائش ہوئی تو اس سے کئی سو سال پہلے حضرت جبرائیل کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ حضرت ابراہیمؑ کو جب آگ میں پھینکا گیا تو یہ صرف بسم اللہ شریف کا کام تھا کہ آگ گلزار ہوگئی ایک تو حضرت جبرئیل کے چہرہ مبارک پر لکھی ہوئی تھی دوسرا حضرت ابراہیمؑ آگ میں جانے سے پہلے ہی بسم اللہ پڑھ چکے تھے اور بسم اللہ شریف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان

مبارک پر لکھی ہوئی تھی تب ہی انہوں نے پیدا ہوتے ہی باتیں شروع کر دی تھیں اور پھر آپ بسم اللہ شریف ہی پڑھ کر مردہ پر پھونک مارتے تھے تو مردہ زندہ ہوجاتا تھا۔ بسم اللہ شریف ہی تھی جو کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی کہ آپ نے اپنا عصا زمین پر پھینکا تو بہت بڑا اژدھا بن گیا اور جادو کے تمام سانپ کھا گیا یہ بسم اللہ شریف کا ہی کمال تھا کہ آپ نے اپنا عصا دریا پر مارا اور دریا دونوں طرف سے رک گیا اور بارہ خشکی کے راستے بن گئے اور بسم اللہ شریف ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی جس کی برکت سے آپ نے پوری دنیا میں حکومت کی کائنات کی ہر چیز آپ کے تابع تھی اور یہ بسم اللہ شریف کا ہی کام تھا کہ آصف بن برخیا نے پڑھی تو ملکہ بلقیس کا تخت آنکھ جھپکنے سے پہلے آگیا اور حضرت سلیمانؑ نے جو ملکہ بلقیس کے نامہ لکھ کر ارسال کیا تھا اس پر بھی لکھا تھا، وانہٗ مِنْ سُلَیمَانَ وانَّہٗ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرحیمO جو شخص اس کے عددوں کو نکال کر سات سو چھیاسی بار ہر روز بعد نماز فجر پڑھا کرے گا اس کے دل کی مراد بر آئے گی۔ برائی کے دفع کرنے اور نیکی حاصل کرنے کے لئے اگر کوئی ہر روز رات کو سوتے وقت 21 مرتبہ پڑھ کر سوجایا کرے تو وہ شیطانی خیالات سے محفوظ رہے تجارت خوب بڑھے گی چوری ناگہانی موت ، ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ جب کسی ظالم کے سامنے پیش ہو تو پچاس مرتبہ پڑھ کر ظالم کے منہ پر پھونک مار دے تو اس کی ہیبت سے محفوظ رہے گا۔ ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اور ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ایک سال میں امیر و کبیر ہونے کا عمل

اگر کسی آدمی کو بہت تنگی رزق ہو اور چاروں طرفوں سے زمین تنگ نظر آنے لگے تو اس کو چاہیے کہ طلوع آفتاب کے وقت سورج کی طرف منہ کر کے سات سو چھیاسی مرتبہ بعد نماز فجر بسم اللہ شریف پڑھے پھر بعد میں ایک سو ستر 170 مرتبہ درود ابراہیم پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر اندر اپنے کنبہ میں، اپنے محلہ میں، اپنے گاؤں میں اپنے علاقے میں امیر ترین شخص ہوگا یاد رکھیے کہ اس عمل کے دوران پرہیز جلالی جمالی کی کوئی ضرورت نہیں ہے لیکن دوران عمل ناغہ نہ ہو۔ ورنہ عمل ٹھیک طور پر کام نہ کرے گا۔ جہاں جس دن آسمان پر بادل ہوں یا دھند چھائی ہوئی ہو تو پھر بھی آفتاب کی طرف منہ کر کے ہی پڑھنا ہے خواہ آفتاب نظر آئے نہ آئے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ شریف برائے محبت

سوموار کے دن پہلی ساعت میں یا پھر جمعہ کی پہلی ساعت میں اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے بیس[20] ناخن اتار کر آگ میں جلائیں پھر اس راکھ پر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ شریف پڑھ کر جس کو وہ راکھ کھلائی جائے گی وہ شخص محبت میں دیوانہ ہوگا۔ بہت مجرب ہے۔

بسم اللہ شریف ذہن کو تیز کرنے کے لیے

اگر کسی کا حافظہ بہت کمزور ہو تو فجر نماز ادا کرنے کے بعد سات سو چھیاسی بار بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں اور 21 دن نہار منہ استعمال کریں تو انشاء اللہ چند ہی دنوں میں حافظہ تیز ہو جائے گا جو کچھ یاد کرے گا بھولے گا نہیں۔ جب بچہ باتیں کرنا سیکھنا شروع کرے تو سب سے پہلے اس کو بسم اللہ شریف سکھائی جائے تو وہ بچہ اپنی زندگی میں کوئی برا کام نہ کرے گا اور ہر طرح کی بری محفل سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ شریف بارش کروانے کیلئے

اگر کسی علاقے میں بارش کی وجہ سے قحط سالی ہو تو پھر جب چاہیں بارش کروانا مقصود ہو تو چاہیے کہ نفل دو گانہ ادا کریں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص 11 مرتبہ پھر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ شریف پڑھیں دونوں رکعت اسی طرح ہی ادا کرنی ہے۔ بعد دعا مانگتے وقت 65 بار پھر بسم اللہ شریف پڑھیں تو انشاء اللہ ابھی دعا مانگ ہی رہے ہوں گے تو بارش شروع ہو جائے گی نہیں تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسی دن تو ضرور آجائے گی۔ بفضل تعالیٰ

بسم اللہ کے اسرار مخفی منکشف کرنے کا طریقہ

اگر کوئی چاہے کہ خدا تعالیٰ کی معرفت کے اسرار مجھ پر منکشف ہوں تمام عالم میں ہر ہونے والی بات کا پتہ چل جایا کرے۔ بسم اللہ شریف کے عجائبات منکشف ہوں اسم اعظم کے اسرار منکشف ہوں۔ اس کو چاہیے کہ نماز فجر ادا کرنے کے بعد ہر روز چالیس دن تک دو ہزار پانچ سو مرتبہ یعنی کہ اڑھائی ہزار مرتبہ بلاناغہ بسم اللہ شریف پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نو چندے جمعہ کو زہرہ کی ساعت میں پاک صاف ہو کر شروع کرے۔ نو چندے

جمعہ آنے تک پہلے جتنے دن ہوں روزہ رکھے اور زیتون کے تیل سے افطار کرے اور ساتھ کھجور بھی استعمال کرے پھر جب نو چندے جمعہ کا دن آئے تو پھر روزہ رکھ کر عمل شروع کر دے۔ پھر بعد میں چاہے روزہ رکھے نہ رکھے۔ 41 دن ابھی نہ گزریں گے کہ آدمی پر مخفی اسرار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے مگر ریاضت اور راز داری بہت ضروری ہے ورنہ کام نہ ہوگا۔ جو کچھ بھی اسرار ظاہر ہوں ان کو پوشیدہ راز رکھے اگر کسی کو کوئی راز ظاہر کر دیا گیا تو پھر دوبارہ کوئی راز ظاہر نہ ہوگا بلکہ ایام کی گردش شروع ہو جائے گی پھر بعد میں کسی بھی عمل میں کامیابی نہ ہوگی کیونکہ یہ ایسے راز سربستہ ہوں گے جو صرف خدا تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور خدا تعالیٰ کے پیاروں کے پاس ہوتے ہیں مگر وہ وقت آنے پر ظاہر کرتے ہیں بلکہ وقت آنے پر بھی ظاہر نہیں کرتے کیونکہ خدا تعالیٰ کی خدائی میں دخل اندازی ہوتی ہے آگے آپ خود اندازہ لگالیں۔

حاکمِ وقت یا کسی سے کوئی کام لینا ہو تو

اگر کسی جابر حاکم یا حاکمِ وقت یا کسی سے کوئی کام لینا ہو اور وہ کام نہ دیتے ہوں تو چاہیے کہ کسی بھی جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور زیتون سے افطار کرے اور مغرب کی نماز کے بعد بسم اللہ شریف کو 121 مرتبہ پڑھے پھر بے شمار پڑھتا رہے یہاں تک کہ عشاء کا وقت آجائے پھر 121 مرتبہ پڑھ کر بے شمار پڑھتا رہے یہاں تک کہ اس کو نیند آنا شروع ہو جائے جب نیند آنا شروع ہو جائے تو پھر چارپائی پر لیٹے لیٹے پڑھتا رہے حتیٰ کہ سو جائے پھر فجر کے وقت 121 مرتبہ پڑھے پھر کاغذ پر 121 مرتبہ زعفران کے ساتھ لکھے، پاس عنبر وغیرہ کوئی بھی خوشبو روشن کرے پھر لکھنا شروع کرے، لکھ کر چاندی کی تختی میں بند کروا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ اس کی برکت کے ساتھ جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی عزت کریں گے اور مشکل سے مشکل کام بھی ہو جائے گا جس سے بھی کوئی مطلب ہوگا پورا ہوگا۔ دنیا کی نگاہ میں اس کا رعب ہوگا اور ہر کوئی اس کی عزت و توقیر کرے گا۔ بعض عاملوں نے اس کو حرف کی صورت میں لکھا ہے مثلاً اس کے علیحدہ علیحدہ حروف کر لیں اور پھر لکھیں یعنی کہ ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م۔ لیکن اگر دونوں طرح استعمال کئے جائیں تو پھر کوئی مضائقہ نہیں ہے یعنی کہ اگر مکمل طور پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا جائے تو پھر بھی اور اگر علیحدہ علیحدہ حروف لکھے جائیں تو پھر بھی کوئی بڑی بات نہیں ہے دونوں کا مطلب ایک ہی ہے بلکہ جس آدمی نے حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کی ہوگی اس

کے لیے علیحدہ علیحدہ حروف ہی اچھے ہوں گے۔ حروف تہجی کی زکوٰۃ کا طریقہ ہم آگے لکھیں گے۔

بسم اللہ شریف برائے تنگ حالی اور قرضہ سے نجات کے لیے

اگر کوئی بہت تنگ حال ہو، کوئی ذریعہ معاش نہ ہو، دکانداری نہ چلتی ہو، کاروبار میں کوئی ترقی نہ ہورہی ہو تو اس کو چاہیے کہ ہرن کی جھلی لے کر اس پر زعفران کے ساتھ 121 بار بسم اللہ شریف لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار مین ترقی ہوگی دکانداری خوب چمکے گی اور قرض سے نجات حاصل ہوگی۔ اگر کوئی آب زم زم سے دھو کر پیئے تو ہر قسم کی شفاء ہوگی۔ کسی چینی کے برتن میں لکھے زعفران یا مشک کے ساتھ اور ہر برائی سے محفوظ ہوجائے گا۔ بفضل تعالیٰ

اولاد کی زندگی، بچہ کی پیدائش میں سہولت کے لیے بسم اللہ شریف

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا بچے پیدا ہو کر فوت ہوجاتے ہوں تو چاہیے اس کو کہ ایک سو دس مرتبہ بسم اللہ لکھ کر حیض سے پاک ہونے کے تین روز بعد اس کو کمر میں باندھ لے اور صحبت کرے انشاء اللہ ضرور حاملہ ہوگی اور اگر عورت کو دردزہ ہو تو اس کو پلائیں فوراً بچہ ہوگا اور اگر ایک کاغذ پر 35 مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو اس کی برکت سے گھر میں شیطان کا گزر نہ ہوگا اور خوب برکت ہوگی۔ اگر کاغذ پر لکھ کر دکان میں لگائیں تو بہت فائدہ ہوگا اور خریدار کی نظر اس کی طرف جم جائے گی۔ جو شخص یکم محرم کو 130 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام عمر اس کو اور اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچ سکے گی۔ حاملہ ہونے کے لیے تعویذ کو حمل ٹھہرنے کے بعد تین ماہ رکھیں پھر کھول دیں اور اگر جس کی اولاد نہ جیتی ہو وہ اس کو 61 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اولاد اس کی اولاد زندہ رہے گی۔ یہ عمل بہت مجرب ہے اگر اس کو 100 مرتبہ لکھ کر کسی کھیت یا باغ میں دفن کر دیں تو کھیتی خوب اچھی ہوگی اور کل آفات سے محفوظ رہے گی اور اگر 70 مرتبہ لکھ کر مردہ کے کفن میں رکھ دیں تو منکر نکیر کی تکلیف سے نجات ہوگی۔

قیامت میں نجات عمل بسم اللہ شریف

جو کوئی اپنی زندگی میں ہر وقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے یا پھر ہر نماز کے بعد کم از کم ایک سو دس مرتبہ پڑھا کرے گا خدا تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ سے نجات دیں گے اور

قیامت کے دن اس پر دوزخ کی آگ حرام ہوجائے گی اور جنت اس پر واجب ہوجائے گی۔ جنت کے آٹھوں دروازے اُس کے لیے کھول دیئے جائیں گے جہاں سے چاہے داخل ہوجائے۔

بسم اللہ شریف کے حروف کے معانی اور اسرار

اب ہم بسم اللہ کے علیحدہ علیحدہ حروف کی حکمت ،معانی اور اسرار کی طرف آتے ہیں۔ ہر حرف کے بدلے میں علیحدہ علیحدہ معانی ہیں اور ہر حرف کے اسرار بھی علیحدہ ہیں ''ب'' سے خدا تعالیٰ کی بہاء ہے ''س'' سے اس کی ثناء اور میم سے مجد اور ملکوت اور الف سے خدا تعالیٰ کی ازیست اور لام سے لطف و کرم اور ھ سے خدا تعالیٰ کی ہدایت اور الف سے اَمر اور لام سے ملک اور ''را'' سے خدا تعالیٰ کی رحمت ہے اور ح سے خدا تعالیٰ کی حکمت اور میم سے ملک اور نون سے خدا تعالیٰ کی نعمت مراد ہے۔ اگر بسم اللہ کی ب کو 21 بار لکھ کر آیت کے حروف اور بڑھائے یعنی کہ اس طرح س ل ا م ع ل ی ن و ح ف ی ا ل ع ا ل ع ل م ی ن لکھ کر زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے کو پلائیں تو اس کا زہر کافور ہوجائے گا۔ اگر کوئی بسم اللہ شریف کو لکھ کر اس کی م پر نگاہ لگا کر ہر روز چالیس بار بسم اللہ شریف پڑھے گا اس کو خیر و برکت نصیب ہوگی اور جو کچھ اس کے پاس ہوگا اس میں اضافہ ہوگا اور اگر الرحمٰن الرحیم کو پچاس مرتبہ لکھ کر اور 150 مرتبہ بسم اللہ شریف اس پہ پڑھے اور اپنے پاس رکھے اور حاکم یا ظالم کے پاس جائے تو اس کے شر اور غضب سے محفوظ رہے گا اور اگر کوئی خلوص نیت سے ہر روز روزہ رکھے اور ریاضت کے ساتھ چودہ روز تک ایک ہزار بار پڑھتا رہے تو چودہ طبق اس پر روشن ہوں گے۔ بسم اللہ شریف میں اللہ اسم اعظم ہے اور رحمٰن اور رحیم اس کی صفت ہیں وہ دین میں رحیم اور دنیا میں رحمٰن ہے۔ قرآن پاک میں بسم اللہ کے بعد الحمد للہ رب العالمین لکھا ہے یعنی بسم اللہ تو الحمد کے آگے اور الرحمٰن الرحیم رب العالمین کے آگے ہے معلوم ہوا کہ اللہ کی پوری تعریف مالک یوم الدین میں ہے جس میں اظہار ربوبیت ہے کہ وہ سب سے بڑا بادشاہ ہے اور قیامت کے دن کا محاسبہ کرنے والا ہے اور بادشاہوں کا بڑا بادشاہ ہے پس معلوم ہوا کہ بسم اللہ شریف انتہا بھی ہے اور ابتداء بھی ہے اس کا اسرار بھی توحید ہی ہے حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے کم از کم اپنی زندگی میں تین سو مرتبہ بسم اللہ لکھی ہوگی اور یقین کے ساتھ پڑھی ہوگی اس شخص کو خدا تعالیٰ دوزخ سے رہائی دے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔ انجیل میں

خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمایا ہے کہ تم نماز اور قرآت میں پہلے بسم اللہ پڑھا کرو کیونکہ جو شخص اس کو پڑھے گا منکر اور نکیر کے ہول سے محفوظ رہے گا اور مرتے وقت موت اُس پر آسان ہوگی اور قبر اس کی کشادہ ہوگی اور جب قبر سے اٹھے گا تو جسم اس کا گورا سفید اور منہ نور سے چمک دار ہوگا اور حساب بھی اللہ تعالیٰ اس پر بہت تھوڑا اور آسانی سے لے گا اس کے اعمال بھاری ہوں گے اور پل صراط پر اس کے لئے نور چمکے گا یہاں تک کہ جنت میں داخل کر دیا جائے گا اور میدان قیامت میں مغفرت کے ساتھ پکارا جائے گا۔ حضرت عیسیٰ نے عرض کیا کہ خداوند قدوس یہ فضائل کس کے واسطے ہیں فرمایا خدا تعالیٰ نے یہ تمہارے واسطے ہیں جو تمہاری پیروی کرے گا اور حضرت محمدؐ کی امت کے لیے ہیں پھر حضرت عیسیٰؑ نے اپنے تمام اصحاب کو بسم اللہ شریف کی تعلیم کی مگر جب حضرت عیسیٰؑ آسمان پر چلے گئے تو پھر بسم اللہ کی یہ برکت آپ کی قوم سے چلی گئی تھی کیونکہ وہ تمام لوگ گمراہ ہوگئے تھے۔

جب حضورؐ پاک کو معبوث کیا تب سے قرآن پاک کی سورتوں اور دفتروں میں لکھی جانے لگی خدا تعالیٰ نے قسم کھائی تھی کہ جس چیز پر مومن بسم اللہ شریف کہے گا اس میں برکت اور تکمیل ہوگی۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے صدق دل سے بسم اللہ کہی اس کے واسطے پہاڑ بھی مغفرت کی دعا مانگتے ہیں اور ان کی مغفرت مانگنے کو لوگ نہیں سنتے نیز فرمایا کہ جب بندہ بسم اللہ کہتا ہے تو جنت کہتی ہے۔ لبیک وسعد یک یعنی میں حاضر ہوں اے اللہ تیرے اس بندے نے بسم اللہ کہی ہے تو اس کے حالات بدل دے قیامت کے دن دیگر اُمتیں اس اُمت کی بزرگیاں دیکھ کر کہے گی کہ سبحان اللہ، اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ کی امت کے اعمال وزن دار کر دیئے ہیں تو ان کے نبی ان کو جواب دیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ ہر کام کی ابتداء اللہ تعالیٰ کے نام سے کرتے تھے اور بسم اللہ شریف میں تین اسم ہیں کہ ان کو جب میزان کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور کل آسمان و زمین کو ایک پلڑے میں رکھا جائے تو بسم اللہ کا پلڑا بھاری ہوگا بسم اللہ شریف سے ہی اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل ہوجاتا ہے۔

بسم اللہ شریف کے کرشمے

جو کوئی بسم اللہ شریف کی عظمت کا خیال رکھ کر لکھے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں مقربین میں

لکھا جاتا ہے۔ حضرت عکرمہؓ سے روایت ہے کہ سب چیزوں سے پہلے اللہ تھا اور کوئی چیز اس کے ساتھ نہ تھی اس وقت خدا تعالیٰ نے نور پیدا کیا اور نور کے بعد لوح و قلم پیدا کئے اور پھر قلم کو حکم دیا کہ جو کچھ تا قیامت ہونے والا ہے سب لوح پر لکھ دے۔ قلم نے لوح پر سب سے پہلے جو لکھا تھا وہ بسم اللہ شریف ہی تھی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو امن والی قرار دیا ہے۔ فرشتے اس کو پڑھتے ہیں۔ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ اسلام پر نازل ہوئی اس وقت انہوں نے فرمایا تھا اب میری اولاد عذاب سے محفوظ رہے گی پھر حضرت ابراہیمؑ آگ میں ڈالے جانے لگے تھے تو بسم اللہ نازل ہوئی تھی اس کی برکت سے آگ گلزار ہوگئی تھی پھر حضرت سلیمانؑ پر نازل ہوئی تھی اس وقت تمام فرشتوں نے کہا تھا کہ اب سلیمان کا ملک پورا ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ تمام عباد و زہاد میں اعلان کرو جس نے آیت ایمان سُنی ہو وہ سلیمان کے پاس آئے چنانچہ سب حضرت سلیمانؑ کے پاس جمع ہوگئے آپ مُنبر پر چڑھے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سنائی سب خوش ہوئے اور عرض کیا کہ ہم گواہ ہیں کہ آپ یعنی کہ سلیمان بن داؤد بے شک اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں پھر ان کے بعد بسم اللہ شریف آسمان پر چلی گئی اور پھر حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی اور اس کی برکت سے انہوں نے فرعون اور قارون کو مقہورؔ کیا تھا پھر حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی کی کہ اے مریم کے فرزند تم جانتے ہو کہ یہ آیت کیا ہے حضرت عیسیٰ نے عرض کیا اے پروردگار میں نہیں جانتا ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ ایمان کی آیت ہے تم اس کو چلتے پھرتے کھاتے پیتے غرض ہر حال میں اس کی مدامت کرو۔ قیامت کے دن جس کے نامہ اعمال میں یہ ہوگی اس کے سب گناہ بخشے جائیں گے۔

حکایت ہے کہ ایک بزرگ دوسرے بزرگ سے ملاقات کر کے اور فیض یاب ہونے کے لیے چلے۔ جب ان کے دروازے پر پہنچے تو بہت سارے لوگ بیٹھے ہوئے تھے جو بزرگ کے باہر آنے کا انتظار کر رہے تھے۔ جب وہ باہر تشریف لائے تو قوس قزح نکلی ہوئی تھی شیخ نے بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنا قدم مبارک قوسِ قزح پر رکھا اور چڑھ گئے جو بزرگ زیارت کے لیے گئے تھے انہوں نے چیخ ماری پھر شیخ کا دامن خوب مضبوط پکڑا یہاں تک کہ مرتبہ کو پہنچ گئے اور یہ بزرگ شیخ ابوعبداللہ احرامی تھے۔

بسم اللہ شریف کے حروف کے خواص

بسم اللہ شریف کے کل 19 حروف ہیں اور وہ مندرجہ ذیل ہیں ب س م ا ل ل ھ ا

ل رح م ن ال رح ی م ان تمام حروف کو جو کہ مکررہ ہیں علیحدہ کیا تو پھر ب س م ال ھ ن رح ی رہ گئے ان کے پڑھنے کا طریقہ اور خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

''ب''

ہرن کی کھال پر ہزار مرتبہ حرف ب لکھیں اور دشمن کا نام بمعہ والدہ کے لکھیں انشاء اللہ دشمن دفعہ ہوجائے گا۔ قیدی کی رہائی کیلئے ہزار مرتبہ پڑھیں تو قیدی کو رہائی نصیب ہوگی۔ اگر ہر روز ہزار مرتبہ پڑھیں تو کوئی مصیبت نہ آئے گی۔ بلی کے چمڑے پر لکھیں تیرف سے نجات ملے گی۔ جو کوئی الباری عمل کا وظیفہ رکھے گا تو وہ مرنے کے فوراً بعد ہی بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوجائے گا۔ اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم اس کا وظیفہ رکھے گا تو اس کے ہاتھ میں شفا ہوگی۔ اگر کوئی گلاب کے پھول پر 57 مرتبہ پڑھ کر اپنے محبوب کا نام لے کر اس کو سونگھائے گا تو محبوب فرمانبردار ہوگا۔ اگر کوئی پھول پر دم کر کے اپنی دکان میں رکھے گا تو گاہک خوب آئیں گے۔ اگر کوئی ''یا باسط'' صبح کی نماز کے بعد سلام پھیرنے کے فوراً بعد 72 مرتبہ پڑھے گا صبح آنکھ کھلنے کے فوراً بعد 72 مرتبہ پڑھے۔ رات سوتے وقت چارپائی پر لیٹتے وقت پڑھے تو انشاء اللہ اس کو کبھی بھی رزق کی تنگی نہ آئے گی۔ اگر کوئی ''یاباعث'' کو سوتے وقت اپنے سینہ پر 100 مرتبہ پڑھ کر پھونک مار کر سوجایا کرے تو اس کا سینہ نور علیٰ نور ہوجائے گا اور ہمیشہ اپنا وظیفہ رکھے۔ یا بدیع ہر قسم کے غم فکر کے لیے مفید ہے اس کو ستر 70 مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔ بعد نماز عشاء پڑھیں منہ قبلہ کی طرف کر کے سوجایا کریں تو خواب کے ذریعے اس کو اپنی مہم کا پتہ چل جائے گا کہ کس طرح آسان ہوگی۔ حرف ''ب'' کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ''یا باسط یا جبرائیل ہر روز ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ شروع کریں تو انشاء اللہ حرف ''ب'' کی تمام خوبیاں آپ پر منکشف ہوجائیں گی اور حرف ''ب'' کے اسرار آپ پر ظاہر ہوں گے مگر راز، راز ہی رہے تو پھر ہے۔

''سین''

حرف سین 21 مرتبہ پیپل کے درخت کے پتے پر لکھیں اور ساتھ گمشدہ کا نام لکھیں انشاء اللہ گم شدہ جلد واپس آئے گا۔ 40 مرتبہ بعد نماز ظہر پڑھیں تو صاحب کرامت ہوگا۔ 40 حروف لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو بچہ جلدی باتیں کرنے لگے گا۔ حروف سین کے پہلے حرف والے نام اسماء الٰہی یا سمیع اگر کوئی بعد نماز چاشت بروز جمعہ اس اسم کو 500

مرتبہ پڑھے گا یا روزانہ 100 مرتبہ پڑھے گا تو اس کے بعد جو بھی دعا مانگے گا قبول ہوگی بفضل تعالیٰ۔

''م''

اگر کوئی حرف میم 101 مرتبہ سیب پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں باکمال محبت پیدا ہوگی۔ کسی مطلب کے لیے 90 مرتبہ پڑھ کر آدمی پر پھونک ماریں تو مطلب حل ہوگا۔ 40 حروف چینی کے پیالہ میں زعفران سے لکھ کر نسیان کے مریض کو پلائیں تو حافظہ تیز ہوگا۔ قرآن پاک حفظ کرنے والے لوگ اس سے اچھا خاصہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کوئی حرف میم والے اسما الحسنیٰ مثلاً یا مجید کو کوئی جزامی اپنے وظیفہ میں رکھے تو انشاء اللہ کوڑھ سے محفوظ رہے گا۔ یا ہر روز 100 مرتبہ پانی پر دم کر کے پیا کرے شفا ہوگی اور اگر کوئی ''المعی'' کو 70 مرتبہ پڑھا کرے تو کمر درد کو شفا ہوگی۔ جس عورت کا بار بار حمل ضائع ہوجاتا ہو تو وہ عورت 70 مرتبہ ہر روز پڑھا کرے اور 70 مرتبہ لکھ کر کمر پر باندھے تو حمل کبھی بھی ضائع نہ ہوگا، سات ماہ مکمل ہونے پر اتار دیں۔ اسماء الٰہی یا ماجد کا وظیفہ رکھنے سے باطنی انوارات حاصل ہوتے ہیں۔ اس کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد بکثرت پڑھا کریں اوّل آخر درود ابراہیمی پڑھیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ ''یا المعالی'' ہر قسم کے درد کے لیے بہت مفید ہے۔ خواہ کوئی بھی درد ہوگا اس کا وظیفہ رکھنے سے کوئی بھی درد نہ ہوگا یا پھر ہمیشہ 11 مرتبہ پڑھ کر جسم پر پھونک مار لیا کریں۔ درد شقیقہ کے لیے بھی بہت مفید ہے وہ درد جو صبح سے شام تک اکثر رہتا ہے یا پھر کئی کئی دن لگاتار رہتا ہے۔ اس کے لیے بہت مفید ہے۔

یَامَالِکَ الْمُلْک

روزانہ پڑھنے سے قرضہ سے نجات ہوگی اور انسان دن بدن مال دار ہوجائے گا لیکن اپنی کمائی سے گیارہواں حصہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا ہوگا۔ پھر زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔

اسم مُحَمَّد''

اس کے اعداد 92 ہیں ہر روز چار سو مرتبہ پڑھنے سے مالدار ہوجائے گا اور باطنی اسرار اس پر منکشف ہوں گے۔

محمود"

اس کو روزانہ 400 مرتبہ پڑھنے سے تونگر ہوگا انشاء اللہ

ماحی"

روزانہ بعد نماز فجر 500 مرتبہ پڑھنے سے گناہوں سے مغفرت نصیب ہوگی۔

مصطفی"

روزانہ 100 مرتبہ یا 231 مرتبہ وظیفہ رکھنے سے خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ومنظور ہوگا۔

مرتضیٰ"

بعد نماز عصر روزانہ 100 مرتبہ پڑھنے سے کوئی بھی آفت نہ آئے گی۔

مختار"

اگر کہیں قحط سالی ہو تو وہاں اس کا ذکر کرنے سے بارش ہوگی اور قحط سالی ختم ہوجائے گی۔ جو کوئی روزانہ 100 مرتبہ وظیفہ رکھے گا قحط سے محفوظ رہے گا۔

مُصَدق"

جس شخص کو جھوٹ بولنے کی عادت ہو اس کو روزانہ 234 مرتبہ پڑھا کرے تو جھوٹ بولنے کی عادت ختم ہوجائے گی۔ پڑھ نہ سکتا ہو تو پانی پر دم کروالیا کرے۔

حرف "الف"

صبح آنکھ کھلتے ہی بستر پر لیٹ کر ایک ہزار مرتبہ پڑھیں تو صاحب ثروت ہو۔ سفید حریرہ رکھے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کی نظروں میں مقبول ہو۔ حرف الف کا اسماء الٰہی یا اللہ جو کوئی ہر نماز کے بعد 66 مرتبہ پڑھے گا پھر دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ جو کوئی تہجد کی نماز کے بعد 4690 مرتبہ اس کا ذکر کرے گا اس کے موکل تابعدار ہوں گے۔ جو کوئی تہجد کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ ذکر کرے گا مشکل آسان ہوگی۔ جو کوئی اس اسم کو لکھ کر روزانہ دیکھا کرے گا خدا تعالیٰ کی محبت کا شرف حاصل کرے گا۔ یہ اسم جمیع صفات کا جامع ہے۔ قرآن پاک میں 360 مرتبہ آیا ہے اگر کوئی روزانہ 2 ہزار مرتبہ ورد رکھے تو

صاحب کشف کرامت و باطن کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھے تو وہ آدمی صاحب یقین ہوجائے۔ رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں کہ جو کوئی خلوت میں تین ہزار مرتبہ یا اللہ، یا اللہ پڑھے تو دل اسرار کا مخزن ہوجاتا ہے۔

حرف "لام"

چھری پر 71 مرتبہ لکھیں، 71 مرتبہ دم کریں پھر بادام کی دو گریوں پر پڑھیں جو ایک ہی بادام سے نکلی ہوں عورت مرد کو کھلائے یا مرد عورت کو کھلائے تو محبت پیدا ہوگی۔ وقت اور جگہ کی قید کے ساتھ روزانہ 41 دن 200 مرتبہ پڑھ کر دشمن کے خانہ کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں تو دشمن سے نجات ملے گی۔

یَالَطیف"

اگر کسی لڑکے لڑکی کی شادی نہ ہورہی ہو تو ان کو چاہیے کہ پہلے دو رکعت نماز ادا کریں پھر اس کا ثواب حضور اکرم ﷺ کے ہدیہ پیش کریں پھر اس کے بعد 100 مرتبہ یالطیف پڑھا کریں انشاء اللہ شادی جلدی ہوجائے گی۔ مریض کی شفایابی کے لیے 100 مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں تو شفا ہوگی۔ انشاء اللہ مریض جلدی شفایاب ہوگا۔

حرف "ھ"

اگر کوئی 40 مرتبہ قبرستان کی مٹی پر پڑھ کر دشمن کے گھر ڈالے تو دشمن کا گھر تباہ ہوگا یا پھر اپنی آگ میں خود جلتا رہے گا۔ اگر کوئی "یاہادی" کا ہر روز وظیفہ رکھے تو انشاء اللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہوں گے۔

حرف "ن"

فولادی چھری پر 104 مرتبہ لکھ کر ساتھ نام بمعہ والدہ لکھیں۔ تو خواب بندی ہوگی۔ یا "یانور" اس کا ذکر کرنے سے دل منور ہوتا ہے اور دل برائی کی طرف راغب نہیں ہوتا۔ ہر نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے 256 مرتبہ پڑھنا ضروری ہے پھر بعد میں دل کی طرف نگاہ کر کے پھونک ماریں یہ عمل نو چندے جمعہ کو شروع کرنا ضروری ہے۔ جو کوئی آیت "نصر مِنَ اللّٰہ وَ فَتح" قَرِیب" کا ہر روز ذکر کرے گا انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی نصیب ہوگی۔ لوگ عزت کریں گے۔

حرف ''ز''

درد شقیقہ کے لیے پانچ مرتبہ ماتھے پہ لکھیں۔ اتوار کے دن 100 مرتبہ عمارت کی بنیاد پر لکھیں خراب نہ ہوگی۔ 70 مرتبہ مرغ کے گلے میں لکھ کر ڈالیں اور جہاں دفینہ کا شک ہو مرغ کو وہاں چھوڑ دیں اگر دفینہ ہوا تو مرغ اپنے پاؤں سے جگہ کریدے گا۔ 70 مرتبہ لکھ کر گدھے کے کان میں دو دن رکھیں پھر نکال کر قلعی شدہ برتن میں رکھیں اُوپر نمک ڈال کر ڈھک دیں۔ رات کو برتن سرہانے رکھ کر سو جائیں دفینہ نظر آئے گا۔ اسم الٰہی ''یا رحمٰن'' اگر اس کو ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں تو مرض نسیان، غفلت اور سخت دل نرم ہو جائے گا۔ اگر فجر کی نماز کے بعد پڑھے 100 مرتبہ تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنا کرم فرمایا کرتا ہے اور خدا اپنے بندوں پر ہر حال میں رحم فرماتا ہے۔

یَارَافِع''

آدھی رات کے بعد تہجد ادا کرنے کے بعد رات کے پورے بارہ بجے اس کو 100 مرتبہ پڑھے تو دنیا میں صاحب مال دار ہو۔ اگر ہر روز 20 مرتبہ پڑھے تو نیک دلی مراد حاصل ہوگی۔

یَا رَقِیبُ

جو کوئی ہر روز اس کا ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ وظیفہ رکھے گا خدا تعالیٰ اس پر مقربان مقرر کر دے گا جو اس کی حفاظت کریں گے۔

روف''

اس کا ہر روز 1000 مرتبہ ذکر کرنے سے دشمن اور ظالم سے نجات مل جاتی ہے۔

رَشِید''

یہ اسم استخارہ کے طور پر کام دیتا ہے۔ اگر کوئی مہم ہو اور اس کا حل نظر نہ آتا ہو تو رات کو 1000 مرتبہ پڑھ کر سو جائیں تو مصیبت اور مہم کا خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔

حرف ''ح''

35 حروف چینی کے پیالہ پر لکھ کر مریض کو پلائیں شفاء ہوگی خواہ پرانے سے پرانا مرض کیوں نہ ہو۔

حَکِیم''

جو کوئی بعد نماز جمعہ عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں 100 مرتبہ پڑے اور پھر سو رہے تو آنے والے حالات معلوم ہوں گے۔ اگر کہیں جنگل میں رات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو تمام مطالب پورے ہوں گے یا جس کے لیے پڑھا گیا تھا پورا ہوگا بفضل تعالیٰ

یَا حَافِظ''

دشمن کو زیر کرنے کے لیے پڑھے مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دن روزہ رکھے ہر روز میٹھی کھیر کے ساتھ افطار کرے۔ تین دن روزہ رکھنے کے بعد چوتھے دن اس اسم مبارک کو ہر روز 70 مرتبہ بعد نماز ظہر ادا کرے۔ ہر قسم کی مہم آسان ہو جائے گی۔ ہر آنے والے حالات معلوم ہو جائیں گے۔

حَفِیظ''

اگر کوئی آدمی چور ہو یا پھر زانی ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر روز ہزار مرتبہ پڑھا کرے تو زنا کی عادت ختم ہو جائے گی اور چوری کی عادت بھی ختم ہو جائے گی۔

حَمِیدُ''

جو کوئی اس کا وظیفہ رکھے گا اس کی بدزبان جاتی رہے گی۔

حرف ''ی''

سفید حریر پر روغن زیتون سے 100 مرتبہ لکھے۔ حاسدوں سے بچے۔ 100 مرتبہ زراعت پر پڑھ کر روزانہ پھونک مارے تو زراعت اچھی خاصی ہوگی۔ اگر جو کوئی بعد نماز عصر ننگے سر روزانہ یااللہ یا رحمٰن یا رحیم کا ذکر کرے گا ہر طرح کی آفات سے محفوظ رہے گا رزق کی تنگی دور ہوگی۔ قرضہ سے نجات ہوگی دل منور ہوگا۔ مخلوق خدا عزت کی نگاہ سے دیکھے گی۔

بسم اللہ شریف کے دیگر فائدے

جاننا چاہیے کہ اوّل صحیفے حضرت ابراہیم کے ہیں جن کی خبر حضور اکرم ﷺ کو پہلی وحی میں دی گئی ہے۔ اِقْرَا بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِی خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَان مِن عَلَقٍ o اقرا کے بعد با آتا ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ نے 81 فرشتے پیدا کئے ہیں جو اس کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ خواص بسم اللہ میں حضورؐ سے منقول ہے جو شخص صبح کو تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ الَّذِی لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ'' فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ O پڑھے تو دوسری صبح تک ہر ناگہانی بلا سے محفوظ رہے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ فالج سے محفوظ رہے گا۔ روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولیدؓ کو ایک شخص نے سم قاتل کا پیالہ دیا اور کہا اگر ان کلمات کی تاثیر سے ٹھیک رہے تو اس کو پی لو اس وقت بہت یہ اصحابہؓ وہاں موجود تھے آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر زہر پی لیا اور آپ کو کچھ نقصان نہ ہوا۔

حضرت نوح کی کشتی چلی، حضرت ابراہیمؑ پر آگ گلزار ہوئی۔ یہ سب بسم اللہ شریف کا کمال تھا۔ اگر تم بھی نجات چاہتے ہو تو جب گھر میں داخل ہو تو بسم اللہ پڑھو، گھر سے باہر نکلو تو براستہ پڑھو، جب دروازہ بند کرو تو بسم اللہ کہو کیونکہ پھر شیطان کا داخلہ بند ہو جاتا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ جس نے وضو کرتے وقت بسم اللہ نہ کہی تو اس کا وضو اکارت گیا۔ جس نے جذامی کے ساتھ بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھایا تو کچھ نہ ہوگا۔

جو شخص جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے پھر شکل ''ب'' لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ اس کا سینہ فراخ کرے گا اور کاہلی جاتی رہے گی۔ ہر کام میں برکت ہوگی۔ وہ شکل ''ب'' پر ہر روز نظر جما کر دیکھا کرے تو فرشتے نظر آنے شروع ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے حرف میم کو پیدا کیا تو ایک نور روشن کیا جو حرف عقل سے بھی ہے۔ اس میم سے ہی سورج مدد لیتا ہے جو کہ چوتھے آسمان پر ہے۔

اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ملکوت و ملک پیدا کئے اور کل عالم کے اسرار بھی اس میم کے ساتھ ہیں۔ اس میم کی برکت سے اعمال کی مدد ہوتی ہے۔ بسم اللہ کا مرتبہ عظیم ہے۔ میم کے اعداد بھی چالیس ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ نوے فرشتوں میں سے موکل کئے ہیں اور یہ وہی راز ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے احمد اور احد میں رکھا ہوا ہے۔

بسم اللہ شریف کے حروف کے مطابق کی آیات

بسم اللہ شریف کے 19 حروف ابجد ہیں۔ ان 19 حرفوں میں بھی بہت سارے راز پنہاں ہیں۔ مگر وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم اس راز کو بھی ظاہر کر رہے ہیں کہ واقعی بسم اللہ شریف کو کیوں ہر کام سے پہلے ضروری سمجھا گیا ہے اور فرض کیا گیا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جس کام میں بسم اللہ شریف نہ پڑھی جائے وہ ادھورا اور بے برکت ہوتا ہے۔ جس کھانے پر بھی بسم اللہ نہ پڑھی جائے اس کھانے میں ساتھ شیطان شریک ہو جاتا ہے کھانا کھانے کے لیے۔ لیکن جوں جوں دنیا ترقی کرتی گئی ہے ہر چیز کی تحقیق شروع ہوتی گئی ہے۔ اس طرح ہی ہم نے بسم اللہ شریف کے بارے تحقیق کی تو کئی راز ظاہر ہوئے تھے جن میں سے صرف چند ایک آپ کی نظر کئے ہیں تاکہ آپ لوگوں کو بھی کچھ بسم اللہ شریف کے بارے میں سمجھ بوجھ آجائے۔ لیکن اب بھی کچھ چیزیں ہم نے شامل حال کیں ہیں اور کچھ ابھی شامل حال نہ کیں ہیں۔ صرف اُتنا ہی درج کرتے ہیں جتنا کہ آپ لوگوں یا عام سمجھ کے لوگوں کی سمجھ میں بھی آجائے کیونکہ عقل مند کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے مگر کچھ لوگ اشاروں سے بھی نہیں سمجھ سکتے ہیں۔ بسم اللہ شریف کے کل 19 حروف ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م بسم اللہ شریف کے ایک ایک حرف کے مطابق ایک ایک یا دو دو آیات قرآن مجید لکھی جاتی ہیں۔ جن میں بسم اللہ شریف کے ایک ایک حرف کا راز پنہاں ہے۔

حرف ''بے'' سے شروع ہونے والی آیات

حرف بے بسم اللہ شریف کا پہلا حرف ہے جس کے بارے میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ بسم اللہ کی ب کا نقطہ میں ہوں۔ آپ اس آیت سے بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ''ب'' کے نقطے میں کیا راز ہے۔ اگر کوئی شخص آیت کے حروف ابجد نکال کر اس میں بسم اللہ شریف کے 786 کے اعداد جمع کرے پھر اپنے نام کے اعداد جمع کر کے پھر حرف ''ب'' کے عدد کو 2 سے ضرب دے اور پھر اُن حروف کے مطابق آیت مذکورہ کا وظیفہ رکھے تو اس کی زبان سیف ہو جائے گی۔ جو کچھ منہ سے نکالے گا پورا ہوگا مگر ناجائز کام کا خود ذمہ دار ہوگا۔ خدا تعالیٰ ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق دے اور خود قدرت کی ذات کا مشاہدہ کریں اور حرف بے کی طاقت دیکھیں۔

آیات یہ ہیں

1- بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ

ترجمہ: نیا پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جب کسی بات کا حکم فرمائے تو اس سے فرماتا ہے کہ ہوجا وہ فوراً ہوجاتی ہے۔

2- بِنَصْرِ اللّٰهِ ط یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ط وَهُوَالْعَزِیْزُالرَّحِیْمُ ط

ترجمہ: اللہ اس کی مدد سے مدد کرتا ہے جس کی چاہے اور وہی ہے عزت والا مہربان۔

حرف ''سین'' سے متعلق آیات

حرف سین بسم اللہ شریف کا دوسرا عدد ہے جس کے اعداد 60 ہیں۔ اس کی آیات جمالی ہیں۔ ان آیات میں خدا تعالیٰ کی ذاتی صفات ہیں اور خداتعالیٰ کا جمال ہے۔ اس کے وظیفہ کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں آیات میں سے جس کا چاہو وظیفہ کرو۔ آیت کے اعداد نکال کر اس میں 786 اعداد بسم اللہ شریف کے جمع کر کے اپنے نام کے اعداد بھی جمع کرو پھر 60 عدد حرف سین کے ساتھ ضرب دو پھر ساٹھ اعداد نکال دو پھر جو باقی بچے اس کے مطابق صبح تہجد کی نماز کے بعد اور فجر کی نماز سے پہلے اپنے وظیفہ میں رکھو۔ انشا اللہ خدا تعالیٰ کا عرفان نصیب ہوگا مگر مرشد کامل ہونا ضروری ہے اور خدا تعالیٰ کی قدرت کا مشاہدہ کرو اور راز کو راز میں رکھو ورنہ دنیا تم کو پاگل کردے گی اور اس آیت کے پڑھنے سے دس ہزار انوارات کی تجلی انسان پر پڑتی ہے۔ اگر مرشد ناقص ہوا تو دماغ پھٹ جائے گا۔

آیات یہ ہیں۔

1- سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ O لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ O

ترجمہ پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔

2- سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ O

ترجمہ: پاکی اور برتری ہے اللہ کو ان کے شرک سے۔

حرف ''میم'' کے متعلق آیت

حرف میم بسم اللہ شریف کا تیسرا حرف ہے جو کہ بادی ہے اور اس کی سمت مغرب کی جانب ہے اس کے اعداد چالیس(40) ہیں اس کا موکل رومائیل ہے حرف میم کا تعلق انسان کے وجود کے باہر کے حصہ سے ہے۔ جو شخص اس آیت کا وظیفہ رکھے گا خداتعالیٰ اس کو دنیا میں ہر طرح کی آفات سے محفوظ رکھیں گے اور ہر طرح کی مشکلات سے نجات ملے گی۔ حرف میم کی تسخیر کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد 50 مرتبہ 40 دن تک یا میم بحق یارو

مائیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں تو انشا اللہ حرف میم کے موکلات آپ پر ظاہر ہوں گے اور متعلقہ آیات کا وظیفہ رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ آیت کے اعداد جمع نام بمعہ والدہ ضرب 40 تفریق چار باقی جو بچے اس کے مطابق آیت کا وظیفہ مغرب کی نماز کے بعد مغرب کی طرف منہ کر کے پڑھیں انشا اللہ حرف میم کے انوارات وتجلیات کا مشاہدہ کریں لیکن راز، راز ہی رہے۔ اس وظیفہ میں بھی کامل مرشد کا ہونا بہت ضروری ہے۔ لیکن اپنے طور پر نہ کریں ان کے جاری ہونے سے پہلے مخلوق کی تسخیر شروع ہوگی پھر بعد میں دوسرے انوارات ظاہر ہوں گے کیونکہ ان کا تعلق انسان کے ظاہری وجود سے ہے۔ آیت یہ ہے۔

مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِیْ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ O ط

ترجمہ: جسے اللہ راہ دکھائے تو وہی راہ پر ہے اور جسے گمراہ کرے تو وہی نقصان میں ہے۔

حرف ''الف'' کے متعلق آیت

حرف الف ابجد کا پہلا حرف ہے اور بسم اللہ شریف کا چوتھا لفظ ہے۔ ابجد کے لحاظ سے اس کا عدد صرف ایک ہے بعض لوگوں کے خیال میں الف کے اعداد ہزار ہیں کیونکہ الف کے عربی کے لحاظ سے ہزار معنی ہیں جو کہ ایک راز ہے۔ اس کا موکل اسرافیل ہے اور اس کا عنصر آتش ہے۔ سمت اس کی مشرق کی جانب ہے۔ اس کا وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد ایک کاغذ پر زعفران کے ساتھ مشرق کی طرف منہ کر کے ایک ہزار مرتبہ لکھو اور پھر اس کو روزانہ صبح سویرے ہر روز دیکھا کرو اور ایک ہزار مرتبہ آیت مندرجہ ذیل پڑھو انشا اللہ اس کے پڑھنے سے اندر کے اوصاف ظاہر ہوں گے کیونکہ اس کا تعلق ظاہر اور باطن دونوں سے ہے۔ لیکن جو کچھ راز ظاہر ہوں ان کو اپنے راز میں ہی رکھے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ حضرت سلطان باہوؒ فرماتے ہیں۔

الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے مرشد من وچ لائی ہو

حضرت بلھے شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں۔

ہک الف مینوں درکار چمینہ انج چھڑیندا یار

عقل مند کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ O

ترجمہ: بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش پر استوار فرمایا۔

حرف ''لام'' کے متعلق آیات

حرف لام حروف ابجد کا آٹھواں حرف ہے۔ ابجد کے حساب سے اس کے اعداد 30 تیس ہیں اور بسم اللہ شریف میں چار مرتبہ آیا ہے دو مرتبہ اسم ذات میں اور ایک مرتبہ الرحمٰن اور الرحیم میں آیا ہے۔ یہ حرف بھی آتشی ہے۔ اس کا تعلق انسان کے سجدہ سے ہے بلکہ جو بھی چیز سجدہ کرتی ہے صرف تعلق اس کا سجدہ سے ہے۔ اس کا موکل طاطائیل ہے اور سمت اس کی مشرق کی جانب ہے۔

حرف ''لام'' کے موکل تابع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر سے فارغ ہو کر آفتاب کی طرف منہ کر کے چالیس مرتبہ لفظ لام لکھے۔ اس کے لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اوپر سے میم ہو اور نیچے سے لام ہو اس طرح م۔لام کی گولائی میں اسم اللہ لکھے پھر آیت کے اعداد کے مطابق لام پڑھے پھر بعد میں آیت کو آیت کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ انشا اللہ اس کے پڑھنے سے تمام مخلوق تابعداری کرے گی۔ آیتیں چار لکھی جارہی ہیں اس لئے کہ بسم اللہ شریف میں لام چار مرتبہ آیا ہے۔ پہلی لام کا تعلق سجدہ سے ہے۔ دوسری آیت کا تعلق مخلوق سے ہے تیسری لام کا تعلق جمادات سے۔ ہے لہٰذا چاروں کا تعلق علیحدہ علیحدہ ہے اور چاروں کے انوارات تجلیات بھی علیحدہ علیحدہ ہیں پہلے دو لام خاص ہیں اور دوسرے دو عام ہیں۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَافِيهِنَّ ط

ترجمہ: اللہ کے لیے ہی ہے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب کی سلطنت

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَافِي الْاَرْضِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا O

ترجمہ: اسی کا ہے مال جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور اللہ کافی کارساز ہے۔

3- لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ط وَمَاتُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ O

ترجمہ: تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو اور تم جو کچھ خرچ کرو اللہ کو معلوم ہے۔

4- لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ

مَاقَالُوْا O

ترجمہ: بے شک اللہ نے سنا جنہوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم غنی اب ہم لکھ رکھیں گے ان کا کہا۔

حرف ''ھ'' کے متعلق آیت

حرف ھ حروف ابجد کا پانچ واں حرف ہے جو کہ آتشی ہے۔ اس کے اعداد 5 ہیں سمت اس کی مشرق ہے اور بسم اللہ شریف کا ساتواں حرف ہے۔ عربی زبان میں ''ھ'' وہی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کا ظاہری مقام فنا ہے۔ اگر ''ھ'' کے اوپر پیش پڑھا جائے تو لفظ ھُو بنایا جاتا ہے جس کا لفظی اور تصوف کے اعتبار سے معنی فنا ہے۔ جو شخص اس اسم کا اور اس اسم کے متعلق آیت کا ذکر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بہت جلدی فنا فی اللہ کی منزل پر پہنچا دے گا۔ اس کے وظیفہ کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز تہجد اپنا منہ مشرق کی جانب کر کے اپنے قلب پر اور اپنے دماغ پر ہو کی ضرب دے۔ پہلے پانچ دفعہ دل پر پھر دماغ پر 5 مرتبہ ضرب دے حتیٰ کہ سر کو درد شروع ہوجائے پھر تھوڑی دیر کے لیے آرام کرے اور درود پاک پڑھے پھر جب درد سر کو آرام آجائے تو پھر دوبارہ کرے۔ اس طرح کل پانچ دفعہ کرنا ہوگا۔ مگر مرشد کامل کا ہونا ضروری ہے کیونکہ اس کی مشق کرنے سے اکثر لوگوں کا دماغ خراب ہوجاتا ہے مگر جو لوگ نادان ہیں۔ لفظ ''ھ'' کی آیت کے وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کے اعداد نکال کر ان کو پانچ سے ضرب دو پھر پانچ منفی کر دو باقی جو بچے ان کو پانچ پر تقسیم کر دو۔ جو جواب آئے جواب کے مطابق ہر نماز کے بعد اپنے اوپر چادر ڈال کر منہ چھپا کر اور آنکھیں بند کر کے پڑھا کرے۔ چادر کا سیاہ ہونا ضروری ہے تو انشا اللہ بہت جلد ہی اپنی کھوئی ہوئی منزل تلاش کرے گا اور جس چیز کو ہاتھ لگائے گا فوراً ہوجائے گی۔ لیکن اس منزل کے کرنے سے انسان کے سامنے ابتدائے آفرینش سے لے کر قیامت تک کے حال ظاہر ہوں گے مگر ہر بات کو راز میں رکھے عقل والے کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

آیت: هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط

ترجمہ: وہی ہے کہ تمہاری تصویر بناتا ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہے اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں عزت والا حکمت والا۔

حرف الف کے متعلق آیات

حرف الف کے متعلق ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں لیکن مزید اس لئے لکھا ہے کہ حرف الف بسم اللہ شریف میں تین مرتبہ آیا ہے۔ ایک کے متعلق پہلے لکھا جا چکا ہے۔ لیکن دوسرے دونوں الف کا تعلق خدا تعالیٰ کی تعریف سے ہے اور تعریف کا تعلق ظاہر سے ہے۔ الف انسان کی پیشانی پر واقع ہے۔ بعض اولیائے اکرام کے نزدیک خدا تعالیٰ کی ذات اقدس ہے کیونکہ حرف الف حروف ابجد کا بھی پہلا حرف ہے اور اسم ذات اللہ کے بھی پہلے آیا ہے۔ جس شخص کی پیشانی پر الف ہوتا ہے وہ آدمی بامراد ہوتا ہے اور دوسرے کے دل میں جلدی گھر کر جاتا ہے۔ جس طرح خدا تعالیٰ وحدہ لا شرک ہے وہ آدمی بھی اپنی مثال آپ ہوتا ہے اس کے فائدے اور طریقہ کار وہی ہے جو پہلے لکھا ہے۔ لیکن بسم اللہ شریف میں تین بار آنے پر ہم دوسری دو آیات بھی لکھ رہے ہیں تاکہ کسی کے دل میں شک کی کوئی گنجائش باقی نہ رہ جائے۔

آیت: اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍO

ترجمہ: بے شک اللہ جسے چاہے بے حساب دے۔

آیت: اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"O

ترجمہ: بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

حرف ''ر'' کے متعلق آیت

حرف ''ر'' ابجد کے اعتبار سے بیسواں حرف ہے اس کے اعداد 200 ہیں۔ مؤکل اس کا اموا کیل ہے۔ موافقت کے لحاظ سے آبی ہے۔ سمت اس کی شمال ہے۔ بسم اللہ شریف میں دو مرتبہ آیا ہے۔ انسان کے اندر اس کا مقام پشت ہے۔ کیونکہ اس کا تعلق رحمٰن اور رحیم سے ہے اس لئے اس کی صفت بھی رحمان ہے۔ رزق کی تنگی کے لیے حرف رحمٰن رحیم بہت کارگر ہیں اس کی آیت کا تعلق خدا تعالیٰ کی قدرت سے ہے۔ اگر کوئی اس حرف کی آیات کا ذکر کرتا رہے اس میں خدا تعالیٰ کی رحمانی اور رحیمی طاقت آئے گی اور مشاہدہ حاصل ہوگا۔ اس کے مشاہدہ کا وقت عصر کا ہے اور مغرب تک رہتا ہے۔ جو کوئی ان آیات کا وظیفہ رکھے گا انشا اللہ اس آدمی کو زندگی میں کبھی بھی رزق کی تنگی نہ آئے گی۔ ان کے وظیفہ کا طریقہ یہ ہے کہ ان دونوں آیات کے علیحدہ علیحدہ اعداد نکال کر پھر اس میں اپنے نام کے اعداد جمع کریں پھر یا ''باسط'' کے اعداد بھی جمع کریں۔

پھر ہر آیت سے پہلے یا اموا کیل باسط بحق آیت پڑھیں تو انشا اللہ آدمی کے در و دیوار رزق کی کشادگی سے بھر جائیں گے مگر اپنے نام کے اعداد کے مطابق پورے کرے رزق سے خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کریں تاکہ رزق میں کمی نہ آئے۔ اس کا وظیفہ رکھنے سے باطنی خزانے نظر آئیں گے۔ مگر نکالنے آپ کے لیے حرام ہیں کیونکہ یہ بھی خدا تعالیٰ کا مخفی راز ہے اگر آپ ظاہر کریں گے تو خطا وار ٹھہرائے جائیں گے۔

آیت: رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ الخہ

ترجمہ: دونوں مغربوں اور دونوں مشرقوں کا رب۔

آیت: رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًاO

ترجمہ: وہ پورب کا رب اور پچھم کا رب اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم اس کو ہی اپنا کار ساز بناؤ۔

حرف ''ح'' سے متعلق آیات

ابجد کے لحاظ سے یہ آٹھواں حرف ہے اور اس کے اعداد بھی آٹھ ہیں۔ سمت اس کی شمالی ہے مزاج اس کا آبی ہے۔ بسم اللہ شریف میں 2 مرتبہ آیا ہے۔ اس کا موکل تنکا فیل ہے۔ انسان کے اندر اس کا ٹھکانہ دماغ ہے۔ ظاہری تعلق اس کا مشاہدہ سے ہے خواہ کوئی بھی مشاہدہ ہو اس کے وظیفہ کا طریقہ ہمارے لحاظ کے مطابق یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ پر ح حا حوحی آٹھ مرتبہ لکھیں پھر اس پر ٹکٹکی لگا کر یا ہو یا ہو پڑھیں پھر آنکھیں بند کر کے اپنی آنکھوں کے آگے ح حا حوحی لکھا تصور کریں پھر خدا تعالیٰ کے صفاتی نام جن کے قلبی اعداد بنانے سے آٹھ ہوں دیکھے یا پھر اپنے نام کے اعداد کے قلبی اعداد نکال کر دیکھے کہ آٹھ آتے ہیں یا کہ کم ہیں۔ اگر اپنے اعداد بھی آٹھ آتے ہوں تو پھر صفاتی نام بحق یا تنکا فیل آگے اپنی مرضی کے حرف ''ح'' سے متعلق دونوں آیتوں میں سے کوئی بھی لگالیں اور اس کا وظیفہ رکھیں۔ طریقہ یہ ہے کہ آیت کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد جمع کریں پھر آٹھ سے ضرب دیں پھر حاصل ضرب کو آٹھ پر تقسیم کریں جو باقی بچے وہ رہنے دیں۔ جواب کے مطابق ایک کے بدلے ایک تسبیح کریں تو قدرت کی ذات آپ کے دماغ کو روشن کردے گی۔ ہر آنے والے آدمی کے دماغ میں جو خاکہ ہے آپ پڑھ لیں گے اور نئی نئی ایجادات آپ پر رونما ہوں گی مگر اپنے دماغ کو ٹھیک طور پر استعمال کریں ورنہ نقصان ہوگا تجربہ ہمارا ہے مشاہدہ آپ کر کے دیکھ لیں۔

آیت: حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ O
ترجمہ: یہ کتاب اُتارنا ہے اللہ کی طرف سے جو عزت والا علم والا ہے۔

آیت: حُنَفَآءَ لِلّٰہِ غَیْرَ مُشْرِکِیْنَ بِہٖ ط
ترجمہ: ایک اللہ کے ہو کر اس کا ساجھی کسی کو نہ کرو۔

حرف ''ن'' کے متعلق آیت

''ن'' بسم اللہ شریف کا تیرواں حرف ہے۔ اس کے اعداد حروف ابجد کے مطابق پچاس ہیں۔ اس کا موکل حولائیل ہے اور سمت اس کی مشرق ہے اور عنصر اس کا آتش ہے۔ انسان کے اندر اس کا مقام دل ہے۔ ظاہری اور باطنی انوارات اس میں پنہاں ہیں۔ باطن اس کا قرآن پاک کی تفسیر ہے۔ ظاہر اس کا انسان کی سوچ ہے۔ اس کے وظیفہ کرنے سے دلوں کے حالات ظاہر ہوتے ہیں۔ باطنی فائدے اس کے یہاں لکھنے سے نالاں ہیں۔ وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ تہجد اور فجر کی نماز سے پہلے اس آیت کو آیت کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ راہ سلوک پر چلنے والوں کے لیے اس کا وظیفہ کامیاب ہے۔ جو کوئی حرف ''ن'' چاندی کی انگوٹھی پر زہرہ کی ساعت میں شرف زہرہ کے وقت کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے گا لوگوں میں اس کی دہشت اور ہیبت پیدا ہوگی اس کا تعلق تفسیر سے ہے خواہ لوح محفوظ کی تفسیر ہو یا قرآن پاک کی تفسیر ہو۔ جو کوئی بھی وظیفہ رکھے گا تفسیر کرنے کے الہامات اس پر ظاہر ہوں گے جس طرح مولانا رومؒ۔، امام احمد رضا خانؒ

آیت: نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ط O
ترجمہ: قلم اور اس کے لکھے کی قسم۔

حرف ''ی'' کے متعلق آیت

حروف ابجد کے لحاظ سے اس کے اعداد دس ہیں۔ اس کا تعلق اسم ذات سے ہے مزاج اس کا خاکی ہے اور سمت اس کی جنوب ہے۔ موکل اس کا سرکہتائیل ہے۔ انسان کے اندر اس کا تعلق لطیفہ نفس سے ہے۔

وظیفہ کرنے کا طریقہ اس کا یہ ہے کہ نماز مغرب ادا کرنے کے بعد دس مرتبہ اسم ذات پڑھیں پھر اس کے بعد آیت کے اعداد کے مطابق آیت پڑھیں اور اپنا معمول بنائیں تو انشا اللہ جلد ہی اپنے نفس امارہ کو نفس لومہ پھر نفس مطمعنہ میں دیکھیں گے۔ مگر اس مشق کے لیے ضروری ہے کہ پہلے 41 دن روزہ رکھیں۔ صرف کھیر سے افطار کریں کھیر

بھی نمکین ہونی ضروری ہے۔ صبح کے وقت ہلکی غذا کھائیں۔ عشاء کے وقت دو نفل ادا کریں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کے بعد آیت کے اعداد کے مطابق آیت پڑھیں۔ دونوں نفلوں کا ثواب حضور غوث پاک کے اور حاضر ڈیوٹی فقیر کے ہدیہ پیش کریں۔ انشا اللہ چالیس دن کے اندر اندر کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

آیت یہ ہے:

یَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ وَّاَنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ O
ترجمہ: خوشیاں مناتے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل کی اور یہ کہ اللہ ضائع نہیں کرتا اجر مسلمانوں کا۔

ہم نے بسم اللہ شریف کے حروف اور کرشمے وغیرہ جو کچھ تجربہ میں آئے تھے لکھ دیئے ہیں۔ اگر انشا اللہ تعالیٰ خدا تعالیٰ نے چاہا تو مزید کوئی کتاب لکھنے کا موقعہ ہاتھ آیا تو مزید اس کی وضاحت ضرور کریں گے۔ یہ جو کچھ ہم نے لکھا ہے سب کا سب الحامی طور پر لکھا ہے کیونکہ ہمارا زیادہ تر تعلق عملیات کے بعد تصوف کے ساتھ ہے اس لئے تصوف میں باطنی انورات و تجلیات کا ظہور پیدا ہوتا رہا ہے۔ جب پھر کبھی بات ہوئی تو انشا اللہ آپ لوگوں تک ضرور پہنچائیں گے تاکہ مخلوق فائدہ اٹھائے۔ ہاں اگر ہم بسم اللہ شریف کے خواص حروف کے فائدے بسم اللہ شریف کے کرشمے مزید لکھنا چاہیں تو کئی ہزار صفحات پر ایک کتاب تیار ہوسکتی ہے۔ اس لئے ہی تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا تھا کہ بسم اللہ شریف کا ''ب'' والا نقطہ میں ہوں۔ آپ نے دیکھا کہ ہم نے بسم اللہ شریف کے کتنے راز ظاہر کر دیئے ہیں مگر اس کتاب کو پڑھنے والے کے لیے ضروری ہے کہ جاہل لوگوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ ہماری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ہم کو بسم اللہ شریف پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی برکت سے ہم پر دوزخ کی آگ حرام فرمائے اور جنت ہم پر واجب قرار دے۔ آمین ثم آمین۔ آئندہ صفحات پر ہم مزید گفتگو بسم اللہ شریف پر لکھیں گے۔

سورۃ فاتحہ کے اسرار وخواص اور دعوت کا طریقہ

سورہ فاتحہ کو حضور اکرم ﷺ نے اُمّ القرآن فرمایا ہے اور اُم الشفاء بھی فرمایا ہے۔ کیونکہ سورہ فاتحہ میں خدا تعالیٰ کی رحمانیت خدا تعالیٰ کی قدرت، بزرگی اور توحید شامل ہے۔ اگر اس کی ایک ایک سورۃ کا جائزہ لیا جائے تو پھر کئی دفتر کتابوں کے بھر جائیں گے مگر ہم اس میں وہی شائع کریں گے جو عام آدمی کی رسائی تک ہو کیونکہ اس کے اسرار مخفی عام تو کیا خاص آدمیوں کی پہنچ سے بھی بالاتر ہیں۔ لیکن ہم یہاں پر چیدہ چیدہ بیان کریں

گے تا کہ سورۃ فاتحہ بھی اس کتاب کی زینت بن جائے۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ سورۃ فاتحہ کے اسرار مجھ پر ظاہر ہوں تو اس کے لیے ضروری ہے کہ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ روزہ رکھے اور خود روٹی پکا کر کھائے یا پھر روٹی وہ عورت پکائے جو حیض سے پاک ہو یعنی کہ اس کو حیض بالکل نہ آتا ہو اور ساتھ نمازی پرہیزگار بھی ہو۔ اس کا چلہ ہمارے خاص مرید محمد اشرف آف بونگہ صالح نے کیا تھا اور ہم نے اس کو کروایا تھا مگر تھا اَن پڑھ اس وجہ سے ٹھیک طور پر فائدہ نہ اٹھا سکا۔ کوشش کریں کہ پہلے آپ جو بھی کام کرتے ہیں چھوڑ دیں اور صرف مزدوری کریں جو کہ راج گیر کے ساتھ ہو اور اس رقم سے اپنے 41 دن کا راشن خریدیں پھر روزے رکھیں یا پھر خود کو یہ معلوم ہو کہ میری روزی واقعی حلال ہے تو پھر مزدوری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ روزے پہلے 41 دن رکھنا ہوں گے پھر 41 روزے پورے ہونے کے بعد پھر بعد نماز عشاء 360 بار سورۃ فاتحہ پڑھیں پرہیز جلالی جمالی مزدوری ہے۔ انشا اللہ 41 یوم تک آپ پر سورۃ فاتحہ کے اسرار ظاہر ہوں گے مگر راز راز ہی رہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ سورۃ فاتحہ میں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج ہے۔ اگر کوئی دانت درد کے لیے سات سات مرتبہ سات بار دم کرے تو انشا اللہ دانت درد ختم ہو جائے گا۔

اگر کسی مریض کو چینی کی رکابی پر عرق گلاب مشک کے ساتھ لکھ کر پانی پلائیں تو انشا اللہ سات یوم میں فائدہ ہوگا۔

سورۃ فاتحہ تنگی رزق کے لیے

اگر کسی کو رزق کی بہت تنگی ہو اور کاروبار ٹھیک نہ چل رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ نو چنداتوار کو بعد نماز عشاء یعنی کہ دن ہفتہ کا ہو اور رات اتوار شروع ہو تو پہلے دن ستر مرتبہ درود ابراہیمی اور 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ دوسرے دن ساٹھ مرتبہ درود ابراہیمی اور ساٹھ مرتبہ سورۃ فاتحہ پھر 50 مرتبہ درود شریف اور 50 مرتبہ سورۃ فاتحہ حتیٰ کہ اس طرح پھر دس پر آجائے پھر بند کر دے۔ جب نو چنداتوار پھر آئے تو دوبارہ شروع کر دے انشا اللہ پہلے ہفتہ کے اندر ہی روزگار چل جائے گا ہاں اگر ایسا کرنے سے فائدہ نہ ہو تو پھر ہر ہفتہ یعنی کہ ستر مرتبہ سے دس مرتبہ ہر مرتبہ اوپر بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق پڑھتا رہے جب دس پر پہنچ جائے تو پھر اگلے دن دوبارہ ستر مرتبہ پھر شروع کرے۔ انشا اللہ بہت فائدہ مند ہے۔ مجرب المجرب ہے تجربہ شدہ ہے۔

سورۃ فاتحہ مطلوب حاضر کرنے کے لیے

اگر کوئی ناراض ہو کر چلا گیا ہو یا گم ہو گیا ہو یا پھر محبوب ناراض ہو گیا ہو تو چاہیے کہ نو چندے جمعہ کو روزہ رکھے اور مسلسل سات روزے رکھے۔ طالب اور مطلوب کے اعداد نکال کر سورۃ فاتحہ اعداد کے مطابق پڑھے اور سورۃ فاتحہ کا نقش پاس رکھ کر اس پر نگاہ رکھے اور مطلوب کا تصور رکھے۔ انشا اللہ سات دن کے اندر اندر مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ پڑھائی کے وقت بخورات جلائے پڑھتے وقت نقش کھول کر سامنے رکھے پڑھنے کے بعد نقش گلے میں رکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۳۹	۲۲۳۳	۲۲۳۶	۲۲۲۲
۲۲۳۵	۲۲۳۳	۲۲۲۹	۲۲۳۴
۲۲۲۴	۲۲۳۸	۲۲۳۱	۲۲۲۸
۲۲۳۲	۲۲۲۶	۲۲۲۵	۲۲۲۷

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے تین بار سورہ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص اور 2 بار معوذ تین پڑھے سوائے موت کے ہر مرض سے شفا یاب ہوگا۔ جب حضرت حسنؓ حضرت حسینؓ بیمار ہوئے تو حضور پاکؐ کو بہت رنج ہوا تو اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی کہ سورۃ فاتحہ 40 بار پانی پر دم کر کے اس سے ان کے ہاتھ منہ اور پیر دھلائیں اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ جس شخص کو سورۃ فاتحہ پاک برتن پر لکھ کر پلاؤ اللہ تعالیٰ اس کو آرام دے گا جس کو نسیان کی بیماری ہو وہ اس کو دھو کر پیئے تو بھول کا مرض جاتا رہے گا۔ جو اس کو بکثرت پڑھتا رہے گا اس کا دل کل خطرات سے پاک ہو جائے گا۔ جو شخص کسی ظالم کے پاس سورۃ فاتحہ پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ حضرت امام سبعجی کو درد کی شکایت تھی آپ نے کافی علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا ایک دن آپ کو ندا آئی کہ فاتحہ پڑھ کر دم کرو فائدہ ہوگا انہوں نے فاتحہ کے ساتھ دم کیا تو آرام آ گیا۔

ابن قیمؒ فرماتے ہیں سب سے بہتر علاج سورۃ فاتحہ ہے وہ اپنا واقعہ لکھتے ہیں کہ میں ایک مدت سے مکہ میں تھا اور مجھ کو کوئی مرض تھا۔ میں نے کئی حکیموں سے علاج کروایا تو آرام نہ آیا۔ میں نے سوچا کہ خود ہی علاج کرتا ہوں تو میں نے سورۃ فاتحہ سے اس مرض کا

علاج کیا تو مجھ کو آرام آ گیا۔ پھر میں جس شخص کو بیمار دیکھتا ہوں اُس کو میں فاتحہ پڑھ کر دیتا ہوں تو اس کو آرام آجاتا ہے۔ جو کوئی سورۃ فاتحہ لکھ کر بارش کے پانی میں دھو کر مریض کے منہ اور ہاتھوں پر ملے اور پانی کو دن میں تین بار پیئے تو شفاء پائے گا۔ اگر کوئی 41,41 مرتبہ تین بار پڑھ کر مشک پر دم کرے پھر مشک کے ساتھ سرمہ رکھے بعد میں دونوں کو اکٹھا کر کے پیس دیں۔ پھر اپنی آنکھوں میں ڈالے تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ نظر تیز ہوجائے گی۔ انشا اللہ اور آنکھوں کی کل بیماریاں ختم ہوجائیں گی۔

سورہ فاتحہ کی ریاضت کا طریقہ

اگر کوئی سورہ فاتحہ کی ریاضت کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک تنہا مکان لے جس میں سوائے خدا تعالیٰ کے اور کوئی نہ ہو۔ اور نہ تم کو کوئی دیکھ سکے۔ اس کمرہ میں سات دن اعتکاف کرے اور ہر روز روزہ رکھے ترکِ حیوانات ولذت سے مکمل طور پر پرہیز کرے۔ اور فقط سادہ روٹی کھائے وہ بھی زیتون کے تیل کے ساتھ تیار کی گئی ہو۔ کوشش کرے کہ خود تیار کرے ورنہ کسی پاک باز شخص سے روٹی تیار کروایا کرے۔ آٹا جو کا ہونا ضروری ہے۔ یہ روٹی بھی پیٹ بھر کر نہ کھائی جائے۔ ہر نماز کے بعد پانچ سو دفعہ سورہ فاتحہ پڑھے تو انشااللہ اس کی ریاضت کے آثار پانچویں دن نظر آنے شروع ہو جائیں گے۔ سات دن اعتکاف ضروری ہے ورنہ 14 دن سے زیادہ نہیں کرنا چاہیے۔ یہ عمل صرف ربیع الاول کے ماہ میں کرنا ضروری ہے۔

دارین کی فلاح قضائے حاجات کے لئے سورہ فاتحہ

اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو یا رزق کی تنگی ہو تو اس کو چاہیے کہ سورۃ فاتحہ ہمارے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق پڑھے۔ انشااللہ اس کی حاجت اور رزق کی تنگی سات دن کے اندر اندر ختم ہو جائے گی اور حاجت بر آئے گی۔ اگر سات دن میں حاجت نہ بر آئے تو پھر سات دن اور پڑھے انشااللہ سات دن کے اندر اندر ہی حاجت بر آئے گی۔ ترکیب یہ ہے کہ نوچندے اتوار کو یعنی کہ دن ہفتہ کا ہو اور رات اتوار کی ہو تو عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر پڑھے اور اگر دینی مطالب ہیں تو پھر قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے عشاء کی نماز کے بعد 11 دفعہ درود ابراہیمی اور ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِینَ پانچ سو چھ مرتبہ پڑھے پھر ایک سو مرتبہ آمین پڑھے اور پیر کی رات کو الرحمٰن الرحیم 556 مرتبہ پڑھے اور سو مرتبہ آمین کہے

پھر گیارہ مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھے۔ پھر منگل کی رات ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم گیارہ مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھے اور مَالِكِ يَوْمِ الدِّين دو سو گیارہ مرتبہ پڑھے پھر سو مرتبہ آمین پڑھے پھر گیارہ مرتبہ ابراہیمی درود پاک پڑھے۔ بدھ کی رات اِيَّاكَ نَعْبُدُوَ اِيَّاكَ نَسْتَعِينَ 1000 مرتبہ پڑھے۔ اوّل آخر صرف درود ابراہیمی پڑھے پھر جمعرات کی رات ایک سو مرتبہ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم گیارہ مرتبہ ابراہیمی درود پاک اور اِهْدِنَا الصِّراطَ الْمُسْتَقِيمَ 1040 مرتبہ پڑھے اور سو مرتبہ آمین کہے پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس طرح ہی جمعہ کی رات گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر صراط الَّذِينَ اَنعَمتَ عَلَيهِم گیارہ سو تیرہ مرتبہ پڑھے اور پھر سو مرتبہ آمین پڑھے اور بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر ہفتہ کی رات پانچ سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو مرتبہ درود ابراہیمی پھر چار ہزار ستر مرتبہ غَيرِ الْمَغضُوبِ عَلَيهِم وَلَا الضَّالِّينَ پڑھے اور پھر سو مرتبہ آمین پڑھے اور پھر سجدہ میں چلا جائے اور سجدہ میں جا کر دعا مانگے انشا اللہ پوری ہوگی۔ مجرب ہے تجربہ شدہ ہے۔

سورۃ فاتحہ برائے مرض یا آسیب

اسباب مرض یا آسیب جانچنے کے لیے مریض کے بستر کے کپڑا میں جس پر اس نے رات گزاری ہو اس کو کسی گز یا کسی بھی چیز سے ناپ لیں۔ پھر اس پر سورۃ فاتحہ تین بار اور آیۃ الکرسی تین بار اور سورہ والصافات پڑھے اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے۔ پھر اس کو ناپے اگر بڑھ جائے بیماری شیاطین کی ہے یعنی کہ جادو ٹونہ ہے۔ اگر کم ہوجائے تو پھر جن یا آسیب ہے اور جو برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔ پھر مرض کے مطابق علاج کریں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔

تسخیر خلق کے لیے سورۃ فاتحہ

یہ عمل بھی میرے ایک دو خاص مریدوں کا تجربہ شدہ ہے۔ لیکن وقت کی کمی ہونے کے باعث بندہ خود نہیں کرسکا لیکن جن دوستوں نے آزمایا ہوا ہے وہ کہتے ہیں کہ تسخیر خلق کے لیے بہت مجرب عمل ہے اور اگر ڈاکٹر یا حکیم یا کوئی عامل اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہے کو تو ہاتھ میں شفا ہوگی۔ رزق کی تنگی دور ہوگی اور مخلوق بہت زیادہ رجوع کرے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نو چندی جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان 41 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور پھر اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے پھر 41 مرتبہ درود ابراہیمی

پڑھ کر فرض نماز ادا کرے۔ انشا اللہ 41 دن کے اندر اندر خلق کی تسخیر پیدا ہوگی۔ ہاتھ میں شفا ہوگی۔ انشا اللہ با اجازت عمل درج ہے۔

نقش سورۃ فاتحہ

سورۃ فاتحہ کا نقش بھی عجیب اثر رکھتا ہے۔ نقش کو چینی کی پیالی یا رکابی میں لکھیں۔ بعض عاملوں نے رکابی پر پکا پکا کر کے ہی کندہ کیا ہوتا ہے۔ بہتر تو یہ ہے کہ ہر مرتبہ نیا لکھا جائے پھر مریض کو رکابی میں پانی ڈال کر دن میں تین مرتبہ پلائیں انشا اللہ جلد شفا ہوگی۔ دشمن کی زبان بندی کے لیے بھی بہت مجرب ہے نیز ہر قسم کی بیماری کے لیے اس میں شفا ہے۔ چاہے پانی پر دم کر کے دیں چاہے چینی کی رکابی پر لکھ کر مریض کو پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

ولا الضالین	غیر المغضوب علیھم	صراط الذین انعمت علیھم	اھدانا الصراط المستقیم	ایاک نعبدو ایاک نستعین	الرحمن الرحیم مالک یوم الدین	الحمد للہ رب العالمین
مالک یوم الدین ایاک	صراط الذین انعمت علیھم	غیر المغضوب علیھم	الصراط المستقیم صراط الذین	انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	الحمد للہ رب العالمین	الرحمن الرحیم مالک یوم
نعبد وایاک نستعین اھدنا	مالک یوم الدین ایاک	صراط الذین انعمت علیھم	غیر المغضوب علیھم	ایاک نعبدو ایاک نسعتین	المغضوب علیھم ولا الضالین	الدین ایاک نعبدو وایاک نستعین
اھدنا الصراط المستقیم	نعبدو وایاک نستعین اھدنا	یااللہ یااللہ یااللہ	الرحمن الرحیم مالک یوم	ولا الضالین	الذین انعمت علیھم غیر	
الصراط المستقیم صراط الذین انعمت	الصراط المستقیم صراط	الحمد للہ رب العلمین	یااللہ یااللہ یااللہ	اھدنا الصراط المستقیم	الصراط المستقیم صراط	صراط الذین انعمت علیھم

علیھم غیر المغضوب علیھم	انذین انعمت علیھم	غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد	وایاک نستعین اھدنا	غیر المغضوب علیھم
ولا الضالین	الصراط المستقیم	وایاک نستعین اھدنا	الدین ایاک نعبد	الرحمن الرحیم مالک یوم	الحمد للہ رب العالمین	ولا الضالین

سورۃ فاتحہ برائے ادائے قرض

اگر کوئی قرض میں مبتلا ہو اور کوئی صورت قرض اتارنے کی نہ ہو تو اس کو چاہیے بدھ جمعرات جمعہ تین دن روزہ رکھے اور پاک کپڑے پہن کر پاک جگہ پر بیٹھ کر سورۃ فاتحہ ہمارے بتائے ہوئے طریقہ سے پڑھے۔ انشااللہ پردہ غیب سے اس کا قرض ادا ہوجائے گا۔ طریقہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَo الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاحَیّ یَا قَیُّوم یَارَؤف یَاعطوفُ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِo اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ O یَاعالم السرائر یَامُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ یَاسَرِیْعُ یَاقَرِیبُ اِھْدَانَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاط الَّذِین اَنْعَمْتَ عَلَیھِمْ غَیرِ الْمَغْضوبِ عَلَیھِم وَلَا الضَّالِین۔

ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں انشا اللہ سات دن کے اندر اندر قرضہ ادا ہوجائے گا۔

سورۃ فاتحہ کا دوسرا نقش

تجربہ شدہ ہے۔ اس نقش سورۃ فاتحہ کو ہر روز لکھ کر اور آٹے میں گولی بنا کر نہر میں یا دریا میں چالیس روز ڈالیں 41 تعویذ لکھنا ہوں گے اور ہر روز ہی اس تعداد سے لکھیں ناغہ نہ ہونے دیں اور روزانہ لکھ کر روزانہ ہی نہر میں بہا دیا کریں اس کے بعد اس نقش کی تسخیر چل جائے گی۔ اگر بے کار ہے تو روزگار اس کے لیے غائب سے مل جائے گا۔ اگر مریض کو پلائے گا تو شفا ہوگی۔ سات دن صبح نہار منہ پلائیں۔ اگر پانی میں یا دودھ میں گھول کر اپنے دشمن یا زبان دراز آدمی کو پلائیں انشا اللہ زبان بندی ہوگی دشمن دوست

ہوجائے گا اگر نقش اپنے بازو کے ساتھ باندھے تو ہر آنے والی آفت سے محفوظ ہوں گا۔ عامل ہونے کے لیے تعویذ نہر میں ضرور ڈالیں ورنہ تعویذ کام بہت تھوڑا کرے گا۔ اگر نہر میں 41 دن ڈال دیا تو پھر عامل ہوجائے گا ہر نقش کام کرے گا ورنہ لکھتے لکھتے ہی آدمی عامل بن جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی اس کی زکوٰۃ نکال دی جائے تو اچھا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

جبرائیل	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ						میکائیل
الحمد لله	رب العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط
رب العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم
الرحمن	الرحيم	مالك يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين
الرحيم	مالك يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت
مالك يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم
اياك نعبد	واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم	غير المغضوب
واياك نستعين	اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم	غير المغضوب	عليهم
اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم	غير المغضوب	عليهم	ولاالضالين
اسرائيل							عزرائيل

سورۃ فاتحہ تیسرا نقش

یہ نقش بھی سورۃ فاتحہ کا ہے اس کی زکوٰۃ ادا کریں تو ہزار ہا درجہ بہتر ہوگا۔ صرف 11 نقش لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کے پانی میں یا نہر میں ڈالیں تا کہ نقش کی زکوٰۃ ادا ہو سکے۔ یہ تعویذ صرف اور صرف محبت کے لیے زیادہ استعمال ہوتا ہے اور وہ بھی جائز محبت کے لیے ہے۔ ہماری طرف سے ناجائز کرنے والے کو کوئی اجازت نہیں ہے ورنہ اگر کرے گا تو خود ذمہ دار ہوگا بلکہ اثر زائل ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

جبرائیل	والقيت عليك				میکائیل
	۲۰۶	۴۰۲	۲۰۶	۲۰۰	
	۴۰۴	۲۹۹	۲۴۹	۲۰۵	
	۱۹۸	۴۰۱	۲۰۷	۲۹۵	
	۲۰۶	۲۹۷	۲۰۶	۱۴۲	
عزرائیل	علی عینی				اسرافیل

سورۃ اخلاص کے وظائف

سورۃ اخلاص کے بارے میں ہمارے ایک دوست محمد رفیق عرف نمبردار کوئیکی بہاول نے تجربہ کیا تھا۔ بہت کامیاب رہا تھا وہ لاہور میں ملازمت کیا کرتے تھے کہ وہاں ان کے ایک دوست نے پیشوا بابا چراغ شاہ کے واقف بن گئے۔ نمبردار نے ان سے عرض کی کہ بابا جان ہم کو بھی اپنے لنگر میں سے کچھ دیں۔ ایک انہوں نے پھر یہ عمل عطا فرمایا تھا اور ہمارے دوست محمد رفیق نمبردار نے اس کو اپنے تجربہ میں لائے بہت کامیاب رہا تھا۔ بابا چراغ شاہ کے بتائے ہوئے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء پرہیز جلالی جمالی کر کے صرف 4100 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھتے رہیں اوّل آخر درود ابراہیمی 11`11 مرتبہ پڑھیں۔ تو سورۃ اخلاص کے موکل اگر اپنے تابع کرنے ہوں تو پھر بعد نماز عشاء سورۃ اخلاص 7100 مرتبہ پڑھیں۔ پرہیز جلالی جمالی بہت ضروری ہے انشا اللہ ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھنے سے اس کے موکل ظاہر ہوں گے۔ اُن سے آپ نے جو وعدہ کلام کرنا ہے کر کے پھر چھوڑ دیں اور حاضری کا طریقہ پوچھ لیں کہ کس طرح کرنا ہے کہ تم حاضر ہوجاؤ گے۔ یہ عمل ہم نے خود شروع کیا تھا تو ساتویں دن مؤکلات حاضر ہونے کے اثرات ظاہر ہونے شروع ہوگئے تھے۔ مگر کچھ بنا کی وجہ سے عمل کو بند کرنا پڑا پھر دوبارہ کرنے کی ابھی

تک ہمت نہیں رہی ہے کہ دوبارہ چیک کر لیں۔

سورۃ اخلاص کی ریاضت کا طریقہ

یہ عمل میرے ایک بزرگ دوست کا تجربہ ہے مگر انہوں نے بمشکل لکھنے کے لیے عطا فرمایا ہے۔ پہلے تو آپ لکھنے کے لیے بھی اجازت نہ دیتے تھے آخر کار ہماری کوششوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ لوگوں کی بھلائی کے لیے انہوں نے اجازت دے دی ہے۔ تاکہ مخلوق اس سے بھی مستفیض ہوجائے۔ اس عمل کے کرنے کے لیے ہماری اجازت ضروری ہے خواہ آپ کے جہاں بھی استاد ہوں انہوں نے اجازت دینے کی اجازت عطا فرمادی تھی کہ اگر کوئی اجازت طلب کرے تو دے دینا مگر میرا نام تک نہیں ظاہر کرنا ہوگا ورنہ میں آپ کے خلاف ہوجاؤں گا۔ انہیں کے حکم کے تحت عمل درج ہے اور نام پوشیدہ راز ہے۔ اگر کسی کے نصیب میں ہو تو ہمارے سے اجازت طلب کر سکتا ہے۔

کوئی بھی چاند جب نظر آئے تو جب اس کی نو تاریخ ہو تو اُس دن جمعرات کا دن ہونا ضروری ہے یعنی کہ جب چاند نظر آئے تو پھر دوسرے دن بدھ ہوگا تو چاند کی نو تاریخ کو جمعرات ہوگی۔ پابندی نہیں ہے کوئی خاص چاند کا مہینہ ہونا ضروری نہیں ہے لیکن تاریخ نو چاند دن جمعرات کا ہونا ضروری ہے۔ دنیا سے خلوت اختیار کرے دنیا سے بالکل ہی کنارہ کش ہونا ضروری ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی مکمل طور پر کریں۔ ایک جگہ پر مکمل طور پر قیام رکھیں۔ کسی آدمی کے پاس نہ جائیں اعتکاف کی صورت اختیار کریں اور روزہ رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ روزہ صرف جو کی روٹی سے افطار کریں۔ جو کی روٹی میں نمک ملانا ضروری ہے اور ساتھ زیتون کا تیل استعمال کریں۔ عشاء کے وقت شروع کریں ہر نماز فرض ادا کرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں بعد نماز تہجد بھی ایک ہزار مرتبہ پڑھیں بلکہ ہر نماز حتیٰ کے اشراق، چاشت کے بعد بھی ہزار مرتبہ پڑھیں اس طرح دن میں آٹھ ہزار مرتبہ ہوگی اور کل چودہ دن عمل کرنا ہوگا۔ چودھویں دن اس کی تعداد ایک لاکھ بارہ ہزار ہوجائے گی۔ جب چودھواں دن ہوگا تو اس سے پہلے یا چودھویں دن تین موکل حاضر ہوں گے ان کے چہرے اس قدر چمکدار ہوں گے اندھیرا کمرہ روشن ہوجائے گا ان کی چمک آنکھوں کو خیرہ کرنے والی ہوگی وہ آپ کو سلام پکاریں گے تو آپ بھی ان کو ان کے سلام کا جواب دو پھر وہ پوچھیں گے کہ ہم کو کس لئے آپ نے بلایا ہے۔ آپ ان سے کہیں کہ ہماری تابعداری کرو یعنی کہ جو میں حکم دوں بجا لایا کرو۔ وہ آپ سے بھی ایک

شرط منظور کروائیں گے وہ یہ ہوگی کہ نماز کی پابندی کرو ہر روز قرآن پاک کی تلاوت کرو ہر جمعرات یا جمعہ کے دن قبرستان جایا کرو اور ہر نماز جمعہ کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر تمام مسلمانوں کو بخشا کرو اور کبھی بو والی چیز نہ کھانا حقہ سگریٹ سے مکمل پرہیز کرنا تو پھر ہم تمہارے بھائی ہیں ورنہ ہم آپ کے پاس نہیں آئیں گے۔ اگر شریعت کی مکمل پاس داری کریں گے تو پھر ہم حاضر ہوجایا کریں گے پھر اُن سے ان کے نام پوچھیں اور آنے کا طریقہ پوچھ کر اجازت دے دیں لیکن جاہل لوگوں سے اس کو بچا کر رکھنا ہوگا کسی کو بتانا نہیں اگر بتا دیا تو پھر وہ آپ سے روٹھ جائیں گے۔

نقش سورۃ اخلاص

ہمارا بارہا دفعہ کا تجربہ ہے ہم نے اکثر دوستوں کو اس کی اجازت دے رکھی ہے۔ اس کی تاثیر بھی عجیب ہے۔ سب سے پہلے اس نقش کو 41 مرتبہ روزانہ لکھیں اور 41 دن لکھیں جب اکتالیسواں دن مکمل ہوجائے تو پھر کام میں لائیں انشا اللہ تعالیٰ ہر مرض کے لیے کامیاب رہتا ہے۔ اگر کوئی بچہ جلدی باتیں نہ سیکھے تو اس نقش کو زعفران کے ساتھ چینی کی رکابی میں لکھیں پھر وہ پانی ہر روز 14 دن مریض کو پلائیں انشا اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔ اگر کسی بچے کو یا بڑے کو نسیان کا مرض ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو صبح نہار پئیں انشا اللہ 7 دن کے اندر نسیان جاتا رہے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہے تو اس نقش کو وہاں رکھیں جہاں سے چیز گم ہوئی ہے انشا اللہ اس کی برکت سے کھوئی ہوئی چیز مل جائے گی۔ اگر کوئی بھاگ گیا ہو اور واپس آنے کا کوئی امکان نظر نہ آتا ہو تو ایک نقش لکھ کر وزن کے نیچے رکھو اور دوسرا چرخہ یا پنکھے کے ساتھ باندھ کر چکر دیں انشا اللہ جلد واپس آجائے گا۔

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	ہ	یلد	وہ	یولد	ولم
ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ا	ل	ل	لا
ھو	اللہ	احد	اللہ		الصمد	لا	یلد	ولا	یولد	ولا
ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ا	ل	ل	لا
	احد	اللہ	الصمد		لا	یلد	ولا	یولد		ولا
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یو	لد	ولم	یکن	لہ	کفواً
د	ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ل	د	

الصمد	لا	یلد		ولا	ید	لد	ولا	یکن	لا	کفواً
ا	ل	ل	لا			ا	ل	ل	لا	
لم	یلد			ولم	ید	لد	ولم	یکن	له	کفواً
ایلد	ح	ولاد	یول	للل	ولا لا	یکن	له	کفواً	احـــد	

سورۃ اخلاص کی حاضرات

سورۃ اخلاص کی حاضرات کا طریقہ بھی میرے محترم دوست کا آزمودہ ہے۔ ہم صرف عمل اس لئے لکھ رہے ہیں کہ لوگوں کو اس سے فائدے حاصل ہوں اگر کوئی ان سے فائدہ نہیں لے سکتا ہے تو اپنے اعمال چیک کرے کہ میں اس قابل بھی ہوں کہ نہیں اگر قابل ہوں تو پھر کام چل جائے گا اگر قابل نہیں ہو تو پھر کسی کامل مرد کے ہاتھوں بیعت ہوجاؤ تاکہ کام میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ اس کی حاضرات بھی میرے ایک بزرگ دوست کا تجربہ ہے جنہوں نے پہلے ہی نام نہ شائع کرنے کی تلقین فرمائی تھی اس لئے ہم نے بھی نام کو کوئی ضروری نہیں سمجھا ہے۔ ہمارا مقصد صرف کام سے کام ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نقش کو چال کے مطابق پر کریں۔ چال اس کی خانہ نمبر 1، 235 ہے۔ نقش پر کریں اور سولہویں خانہ میں سیاہی لگا دیں سیاہی بھی خود تیاری کی ہو جس کا طریقہ یہ ہے روغن زیتون یا روغن کنجد بالکل خالص ہو گیارہ دن تک ہر روز گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشا اس تیل پر سورۃ اخلاص پڑھیں اور ہر روز دم کرتے رہیں۔ گیارہ دن بعد بادام کا چھلکا جلا کر باریک پیس لیں اس میں ڈالیں اور تھوڑا سا زعفران بھی شامل کر لیں پھر دیکھیں کہ تیل کا رنگ سیاہ ہوگیا ہے کہ نہیں اگر ہوگیا ہے تو ٹھیک نہیں تو چراغ روشنائی بازار سے مل جاتی ہے لے لیں اور تیل میں باریک پیس کر حل کریں۔ نقش خانہ مربع پڑھ کر کے سولہویں خانہ میں تیل لگا دیں اور کسی نابالغ بچے کو جس کی عمر 14 سال سے کم ہو اور سات سال کے درمیان ہو تعویذ دے دیں۔ اس کو بولیں کہ 16 نمبر خانہ میں جہاں سیاہی لگائی ہے دیکھے پھر آپ خود سورۃ اخلاص پڑھ کر بچے کے اوپر دم کریں اور تھوڑی بہت میٹھی چیز لے کر بچے کو کھلائیں۔ انشا اللہ حاضرات حاضر ہوں گے اور ان سے آپ مندرجہ ذیل باتیں پوچھ سکتے ہیں۔ گم شدہ چند کا پتہ، جادو ٹونہ وغیرہ کاروبار میں رکاوٹ صحت از بیماری۔ کون سا کاروبار ٹھیک رہے گا۔ اس طرح آپ ہر مشکل کا حل پتہ کرواسکتے ہیں جو سورۃ اخلاص کی پڑھائی

کرنی ہے وہ مندرجہ ذیل ہے

یا عطرائیل بحق قل ہو اللہ احد یا ہمواکس بحق اللہ الصمد یا طاطائیل بحق لم یلد ولم یولد یا اجمائیل بحق ولم یکن لہ کفواً حدہ

نقش یہ ہے

۲۳۵	۲۴۹	۲۴۵	۲۴۳
۲۴۶	۲۴۱	۲۳۶	۲۴۸
۲۴۰	۲۴۲	۲۵۱	۲۳۷
۲۵۰	۲۳۸	۲۳۹	۲۴۴

سورۃ اخلاص برائے حل المشکلات

یہ عمل بھی ہمارے بزرگ دوست سید صاحب کا تجربہ شدہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی تکلیف ہو یا کوئی مشکل پیش آجائے بلکہ سخت ترین مشکل کے لیے عمل کرے۔ عام مشکل کے لیے نہ کرے یا جس کا کوئی حل نظر نہ آتا ہو تو پھر اس عمل کو کام میں لائے۔ آپ فرماتے ہیں کہ آدھی رات کو کم از کم ساڑھے بارہ ایک بجے اُٹھ کر غسل کرے اور لکڑی کی چوکی پر بیٹھ کر اوّل و آخر ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور ایک سو مرتبہ سورۃ اخلاص بمعہ موکلات ورد کرے تو انشا اللہ پہلے ہی دن مشکل حل ہوجائے گی لیکن پرہیز جلالی جمالی ضرور رکھے اور روزہ بھی رکھے اگر روزہ نہ رکھ سکے تو پھر عمل کو کام میں نہ لائے۔ پہلے دن سو مرتبہ درود پاک پھر سو مرتبہ سورۃ اخلاص دوسرے دن پھر دو سو مرتبہ سورۃ اخلاص اور دوسو بار درود پاک ابراہیمی اوّل آخر پڑھے۔ تین دن اس طرح ہی عمل کرے۔ انشا اللہ تین دن کے اندر کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۃ شریف یہ ہے۔

یَا اَحد یَاصَمَدُ یَامَلِكِ عَہدَ الصَّمَدَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰن الرَّحیم قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَدُ اللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْ کَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یہ عمل بدھ والے دن شروع کرے اور صرف تین دن میں مکمل کرے اگر تین دن میں فائدہ حاصل نہ ہو تو پھر آئندہ بدھ پھر سے عمل شروع کرنے سے پہلے کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کرے پھر عمل شروع کرے۔ اگر کوئی اُستاد ہے تو پھر

اُن سے اجازت حاصل کرے اور عمل ورنہ ہم سے رجوع کیا جاسکتا ہے عمل کرنے کے لیے تنہائی کا ہونا ضروری ہے۔

سورۃ اخلاص برائے اسم اعظم خاص

ہم یہاں پر سورۃ اخلاص بطور اسم اعظم خاص کے طور پر درج کرتے ہیں جو کہ ہماری ذاتی رائے کے علاوہ بہت سارے کامل لوگوں کی خاص رائے ہے بلکہ تجربہ کے طور پر عمل کیا تھا۔ ہمارے چند دوست جو کہ روحانیت کے خاص پیکر ہیں اس میں اُن تمام لوگوں کی رائے شامل ہے مگر جب تک انسان تجربات کی چکی سے نہ گزرے اُس وقت تک کسی بات یا عمل پر یقین ناممکن ہے کیونکہ موجودہ دور میں ہزاروں میں سے ایک آدمی ایسا ہوگا جس کا ایمان پختہ ایقان ہو ورنہ نو سو ننانوے لوگ اعتبار کرنے سے گریزاں ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ اے علی رات کو سوتے وقت ایک قرآن پاک پڑھ کر سویا کرو۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کس طرح ؟ آپ نے ارشاد فرمایا اگر تم لوگ تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیا کرو تو ایک قرآن پاک پڑھنے کا ثواب آپ کو مل جایا کرے گا۔ اس لئے ہی بعض ہمارے دوست عاملوں نے اس کو اسم اعظم کا درجہ دیا ہے۔ یہ سورۃ اسم ذات اور خدا تعالیٰ کی احدیت پر مشتمل ہے۔ اس میں دو مرتبہ اسم ذات آتا ہے۔ ایک مرتبہ صمد اور دو مرتبہ احد آتا ہے۔ اسم ذات کا تعلق خدا تعالیٰ کی وجودیت سے ہے۔ اللہ سے مراد واجب الوجود ہے اور احد کے معنی اکیلا ہے یہ بھی اسم ذات کے زمرے میں آتا ہے کیونکہ واجب الوجود بھی خدا تعالیٰ کی ذات ہے اور احد صمد بھی خدا تعالیٰ کی ذات ہے یعنی کہ اسم ذات بھی سب ذاتوں کی نفی کرتا ہے اور احد، صمد بھی سب ذاتوں اور سب باتوں کی نفی کرتا ہے۔ اس لئے ہی زیادہ تر عامل کامل حضرات اس کو اسم اعظم کا درجہ دیتے ہیں۔ سورۃ اخلاص میں فنا ہونے کا طریقہ ہمارے مختلف نواع کے عاموں کے نزدیک علیحدہ علیحدہ ہے لیکن ہم اس جگہ پر صرف اپنی ذاتی رائے ہی پیش کریں گے تاکہ اختلاف کا اندیشہ نہ ہو۔ اگر کوئی سورۃ اخلاص میں فنا کا مقام حاصل کرنا چاہے تو پہلے اس کو چاہیے کہ ،رجب شعبان ،رمضان کے تین ماہ پورے روزے رکھے بالکل ناغہ نہ ہونے دے۔ جب رمضان شریف کی ستائیسویں، شعبان کی پندرہویں اور رجب کی ستائیس تاریخ آئے تو بعد نماز عشاء ایک ہزار نفل ادا کرے خواہ وہ ایک رات میں مکمل ہوں یا تین رات میں مکمل ہوں حد درجہ پانچ دن رات میں ہزار نفل پڑھے اور ہر

رکعت میں ایک سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اس طرح ہزار نفلوں میں ایک لاکھ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھی جائے گی۔ ہر عمل 27 رجب ،پندرہ شعبان اور 27 رمضان کو علیحدہ علیحدہ کرنا ہے۔ اس طرح تینوں راتوں میں کل پندرہ دن لگانے ہیں اس سے زیادہ نہیں لگانے بلکہ کوشش کریں کہ ہزار نفل تین راتوں میں ختم ہوجائیں اس طرح بہتر تو ہے کہ تو راتوں میں عمل ختم ہوجائے۔ جب آپ رمضان کے مہینہ میں روزے رکھیں گے تو پھر اعتکاف بھی ضروری کریں۔ جب آپ تمام نفل یعنی کہ تین ہزار ادا کرلیں گے تو پھر عید الفطر والے دن ختم شریف کا اہتمام کریں۔ ختم شریف میں بھی سورۃ اخلاص ہزار مرتبہ پڑھی جائے گی۔ پھر آپ نے تین ماہ کے اندر جو کچھ سیکھا ہے، پڑھا ہے اس کا تمام ثواب تمام اہل بیعت اور جناب غوث پاکؒ کے ہدیہ پیش کردیں پھر اس کے بعد ہر روز بعد نماز عشاء اندھیرے کمرہ میں عشاء کی نماز ادا کریں اور ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص دل ہی دل میں پڑھیں زبان نہ ہلنے پائے اور تصور کریں کہ آپ کے چہرہ اور چھاتی پر سورۃ اخلاص لکھی ہوئی ہے۔ پڑھائی کے دوران آنکھیں بند رکھیں ایک ہفتہ اس طرح کرنے کے بعد دوسرے ہفتہ فجر کے وقت اس طرح کریں پھر تیسرے ہفتہ عشاء کے بعد کریں جب آپ کو سینہ پر اور چہرہ ماتھے پر سورۃ اخلاص لکھی ہوئی نظر آنا شروع ہوجائے تو پھر آپ دل پر تصور کریں اس طرح ایک ہفتہ کریں تو انشا اللہ آپ کے دل پر سورۃ اخلاص نقش نظر آئے گی۔ بس یہی سورۃ اخلاص میں فنا ہونے کی منزل ہے لیکن یہ عام لوگوں کا کام نہیں ہے۔ وہ لوگ خاص ہوتے ہیں جو یہ منزل طے کرتے ہیں۔

سورۃ اخلاص باموکل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْمِ○ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ جب یَاجبرائیل اللّٰہ الصّمد اجب یا اسرافیل لم یلد ولا یولد اجب یا عزرائیل ولم یکن لہٗ کفوًا احد

ستاروں کی گردش دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص گردش ایام میں آجائے اور ہر وقت ستاروں کی گردش میں رہے تو اس کے لیے یہ عمل درج ہے بلکہ اس کا وظیفہ رکھنے سے انسان پر ستاروں کی گردش کبھی نہیں آتی۔ اس کا طریقہ مختلف لوگوں کی آراء میں مختلف ہے مگر ہم یہاں صرف وہ طریقہ درج کرتے ہیں جو کہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور میرے عامل دوستوں اور مریدین کا خاص آزمودہ ہے کیونکہ موجودہ دور میں انسان کے اندر روحانی قوت کی بجائے شیطانی قوت بہت زیادہ

ہے اس لئے ہر دوسرا آدمی ستاروں کی گردش میں مبتلا ہے انسان کے اندر جتنی روحانی قوت ہوگی ستاروں کی گردش کے زیر اثر کم رہے گا۔ اگر جتنی روحانی قوت کم ہوگی اُتنا ہی گردش ستاروں کی رہے گی۔ اگر کوئی آدمی اس کا ہمیشہ وظیفہ رکھے گا تو ستاروں کی گردش سے بچا رہے گا۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ نو چندی جمعرات کو نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد 9 مرتبہ صرف پڑھ لیں پھر نادعلی کبیر تین مرتبہ پڑھیں اس کے بعد قبرستان میں چلے جائیں وہاں پر کیڑوں و مکوڑوں کو 9 دن روزانہ دانہ کھلائیں۔ کیڑوں مکوڑوں کو دانہ صرف نو دن کھلانا ہے پھر اس کے بعد جب نو دن پورے ہوجائیں تو ہر روز ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشا اللہ ستاروں کی گردش سے جان چھوٹی رہے گی عمل یہ ہے۔

یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ یَارحمٰن یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاحَافِظُ یَاناصِرُ یَامُعِیْنُ یَاشَافِیُ یَاکَافِیُ یَاقَادِرُ یَاکَرِیْمُ بَحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ بَعَقِ حٰمٓعٓسٓقٓ بَحَقِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنِ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتِ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالْمُشْتَرِیُ وَالزَّحِلِ وَالزُّھْرَہِ وَالْعطارد وَالْمَرِیْخَ وَالرَّاس وَالذَّنْبِ بَحَقِ یَااللّٰہُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَالَمْ یَلِدْوَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کفوًا احد صَلی اللّٰہ علی خیر خلقِہٖ محمدٍ واٰلہ وَ اصحابہٖ اَجْمعین برحمتك یَااَرْحَمَ الرَّحمین۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل

یہ عمل میرا ذاتی تجربہ ہے۔ میں نے ایک مرتبہ اس کو ایک آدمی کو ہلاک کرنے کے لیے کیا تھا مگر عمل نے اپنا اثر بہت سخت دکھایا تھا۔ میں نے اہل بیعت ہونے کے ناطے سے اس کو معاف کر دیا تھا۔ اس عمل نے تین دن بعد اپنا اثر شروع کر دیا تھا جب میں نے اس کا اثر دیکھا تو بند کر دیا تھا۔ اصل میں اس کے بند کرنے کی وجہ یہ تھی کہ جس آدمی کے لیے میں نے یہ عمل کیا تھا تیسرے دن اُس آدمی پر پاکستان ایکٹ کے تحت 307 لگ گئی تھی۔ میں نے صرف اس لئے اس کو چھوڑا تھا کہ عمل میں کر رہا تھا میرا دشمن جیل میں 307 کا کیس بھگت رہا تھا۔ لیکن اس نے کسی اور کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ میں نے سوچا کہ یہ خود قتل ہو تو پھر ٹھیک ہے اگر یہ کسی کو قتل کر دے گا تو پھر دوسرے فریق کو کس گناہ کی سزا ملے گی۔ بس یہ بات سوچ کر بند کر دیا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قافلہ جب دریا سے گزر گیا تھا اور فرعون کا قافلہ دریا میں داخل ہوا تھا تو اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام

پر یہ وظیفہ وحی کی صورت میں نازل ہوا تھا کہ تمام مل کر اس کا وظیفہ کرو تو تمہارا دشمن ختم ہوجائے گا۔ یہ وظیفہ مجھے میرے استاد محترم حضرت علامہ حافظ عبدالحمید سجاد ایم اے عربی سے ملا تھا۔ انہوں نے عطا کیا تھا اور یہ ان کا بھی تجربہ ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد نکال کر اور اپنے دشمن کے نام بمعہ والدہ اعداد نکال کر اس کو گیارہ گنا کر لیں پھر اس تعداد میں بعد نماز عشاء تین ہزار مرتبہ اور باقی ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ چلتے پھرتے بھی پڑھتے رہیں اور دشمن کا تصور ہر وقت سامنے رکھیں۔ دوسرا طریقہ جو ہم نے خود کیا تھا وہ یہ ہے اوّل آخر درود پاک ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اور پندرہ ہزار مرتبہ روزانہ پندرہ دن پڑھنا ہے۔ انشا اللہ پندرہ دن کے اندر دشمن کا جنازہ نکل جائے گا۔

عمل یہ ہے۔

سَیُلْھَزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَo

حلال روزی کمانے والا اللہ
کا دوست ہے۔
(فرمان نبوی ﷺ)

تسخیر خُلق کا نایاب تحفہ

یہ عمل بھی ہمارا ذاتی تجربہ ہے اور میرے ماموں جان محمد حسن چک نمبر 65/4-R ضلع ساہیوال والے اور سید عابد حسین شاہ چک نمبر 478/ج۔ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کا بھی ذاتی تجربہ ہے۔ طریقے اس کے مختلف ہیں پہلے ہم پیر عابد شاہ کا طریقہ لکھتے ہیں۔ اس کا طریقہ اُن کے نزدیک یہ ہے کہ بمعہ نماز فجر اس عمل کو 41 مرتبہ پڑھیں تو 41 دن پڑھیں پرہیز جلالی جمالی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انشا اللہ چند دنوں میں دکان پر گاہک خوب آئیں گے۔ ڈاکٹر حضرات اس عمل کو نہ کریں اُن کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ہر کاروباری آدمی اس کو پڑھ سکتا ہے۔ 41 دن کرنے کے بعد پھر روزانہ 11 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشا اللہ تسخیر جاری ہوجائے گی۔

دوسرا طریقہ سید محمد حسن صاحب کا ہے۔ اُن کا طریقہ یہ ہے کہ آدھی رات کو اُٹھ کر غسل کر کے تہجد ادا کریں پھر اس کا ورد تین سو مرتبہ کریں۔ خوشبو لگائیں پرہیز جلالی جلالی مکمل رکھیں۔ یہ طریقہ بھی 41 دن کرنا ہے اور پہلے والے طریقہ سے زیادہ پائے دار

ہے۔ اس میں موکلات بھی حاضر ہوجاتے ہیں اور انسان کی استطاعت کے مطابق کام کرتے ہیں تعویذات وغیرہ والے کے لئے بہت مجرب ہے بندہ ناچیز نے دونوں پر عمل کر کے آزمائش کی تھی اور کامیاب رہا تھا وظیفہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صلی علی محمّدٍ وَآل سیدنا و مولانا محمد بعداد کلما تك وألطافك وَبارك وَسلم حرز کردم لا الہ الا اللہ حصار کر دم محمد رسول اللہ یا جبرئیل یا میکائیل یا افتمائیل یاتنکافیل اُحضِرُ قَلبِ المَخلُوقاتِ لِلمُسَخَرَاتِ وَالْفَتُوحاتِ والْحَاجَاتِ بحق یَابَدوح

بسم اللہ شریف ہر مرتبہ ساتھ پڑھنی ہے۔

زمین پر فساد پھیلانے والے کو اللہ پسند نہیں فرماتا۔

عرش فرش کی کنجیاں

اگر کوئی چاہے کہ مجھ کو عرش وفرش کے خزانے مل جائیں تو اُس آدمی کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اس عمل کو پانچ سو مرتبہ پڑھا کرے۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ اگر کوئی چاہے کہ مجھ کو عرش فرش کی کنجیاں مل جائیں تو اس عمل کا وظیفہ رکھا کرے تو اس کو باطنی خزانے عطا ہوجائیں گے۔ مگر ان کو خدا تعالیٰ کے حکم کے بغیر کھولنا اور بند کرنا نہیں چاہیے اور خدا تعالیٰ کے حکم کے بغیر خرچ کرنا بھی ناجائز ہوگا۔

عمل یہ ہے

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَاَسْتَغْفِرُاللّٰہَ وَ لَاحَوْلَ وَلَاقوۃَ اِلَّابِاللّٰہ وَھُوَالاَوَّلُ وَلَآخِرُ وَالظَّاہِرُ البَاطِنُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

قیدی کی رہائی کا طریقہ

اگر کوئی آدمی حق پر یا ناحق قیدی ہوگیا ہو یا سزائے موت کا حکم ہوگیا ہو یا اپنے گناہوں کی وجہ سے قید ہوگیا ہو یا کسی نے ناجائز طور پر قید کر رکھا ہو تو اس کو چاہیے کہ نماز

تہجد ادا کرے۔ پھر بعد میں 63 مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھ کر 63 مرتبہ یہ دعا پڑھے

یَاعَلِیمُ یَاحَکِیمُ یَاعَلُّی یَاعَظِیمُ

پھر سورۃ فاتحہ 10 بار پڑھے قیدی کی رہائی کے لیے دُعا کریں یا قیدی خود پڑھے اس طرح ہر نماز کے بعد پڑھے۔ انشا اللہ چند ہی دنوں میں رہائی نصیب ہوگی۔ یہ عمل میرا اور میرے اُستاد محمد حسین عرف بندو خان کا تجربہ شدہ ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ انشا اللہ زنجیروں کے ساتھ باندھے ہوئے بھی رہائی پاتے ہیں۔

سیف سلطانی

یہ عمل میرے محترم دوست ادریس خان کا تجربہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چاہے کہ میرے دشمن برباد ہوجائیں، میں جو کوئی بات بھی منہ سے نکالوں پوری ہوجائے، جس کام کا ارادہ کروں پورا ہوجائے تو اس آدمی کو چاہیے کہ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ سیف سلطانی کا چلہ مکمل کرے اور عشاء کی نماز کے بعد ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہا کرے۔ چلہ پورا ہونے پر کچھ خیرات کرے پھر ہر روز ایک سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھتا رہا کرے انشا اللہ جو ارادہ کرے گا پورا ہوگا۔ آپ ابھی کام کے بارے میں سوچ ہی رہے ہوں گے کہ باطنی طور پر کوئی آ کر آپ کا کام کر جائے گا۔ آپ کو معلوم اس وقت ہوگا جب آپ کا مقصد پورا ہوجائے گا۔ آپ کی زبان سیف ہوجائے گی مگر ناجائز طور پر اگر آپ کریں گے تو خود ذمہ دار ہوں گے۔ ہماری طرف سے اس کی اجازت لینا ضروری ہے ورنہ کام نہ ہوگا۔

سیف سلطانی یہ ہے۔

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار
لافتاح الاعلی لا سیف الا ذوالفقار

شاہِ مرداں شیر یزداں صاحب دُلدل اسوار
پر بلائے دور باشد ایں بوخند ہفت بار

شاہ ماہ سلطان عالم سید احمد کبیر
خاطر ماں جاما کو نارا

یاغوث الاعظم دستگیر
یاغوث الاعظم دستگیر

سیف سلطانی

یہ سیف بھی میرے دوست ادریس خان کی عطا کردہ ہے۔ سلیمانی میں نے ایک دو مرتبہ اس کو مشکل کے لیے پڑھا تھا بہت تیر بہدف ہے۔ ایک وقت میں صرف ایک کام کے لیے کریں۔ اچھا تو ہے کہ اس کا چلہ کر لیں تا کہ آئندہ وقتوں میں بھی کام آئے ورنہ ایک کام کے لیے چلہ کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھتے رہا کریں۔ انشا اللہ آپ کی مشکل حل ہوجائے گی۔ رزق کی تنگی، کاروبار میں رکاوٹ دشمن کو برباد کرنا حتیٰ کہ آپ ہر قسم کی مشکل کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے چلہ کرنے کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ بعد نماز عشاء ہر روز 41 دن تک 1100 مرتبہ پڑھا کریں پرہیز جلالی جمالی بہت ضروری ہے اجازت ہمارے سے لینا ضروری ہے۔ تب کام میں لائیں ورنہ نقصان ہونے کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ سیف سلیمانی یہ ہے۔

حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام یا نبیؑ یا علیؑ یا حسنؑ یا حسینؑ یا بی بی فاطمہؑ میری مدد کرو میری مشکل حل کرو۔

بدوح حاضر کرنے کا طریقہ

اس سے پہلے ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں بدوح حاضر کرنے کا طریقہ لکھا تھا لیکن یہ طریقہ اُس سے زیادہ مجرب اور کامیاب ہے۔ یہ عمل بھی میرے دوست ادریس خان نے عطا کیا ہے۔ اس کو حاضر کر کے آپ ہر طرح کا کام لے سکتے ہیں مگر ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس عمل کے لیے ہم سے رجوع کر کے اجازت لے سکتے ہیں یا پھر اپنے کسی کامل اُستاد سے اجازت لیں۔

عمل یہ ہے۔

یَاحَافِظُ یَانَاصِرُ یَامَلِكِ یَوْمِ الدِّیْنَ بحق یا بدوح پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ مکمل طور پر عمل کرنا ہے۔ بعد نماز عشاء قائم جگہ پر 41 دن کے لیے کریں اور ہر روز 1100 مرتبہ پڑھیں انشا اللہ عمل سدھ ہوجائے گا۔ عمل کے دوران اگر خوف آئے تو اپنے اُستاد کا تصور کریں تو خوف جاتا رہے گا۔ وظیفہ مکمل چلہ ہونے پر کچھ روپوں کی چیز لے کر بچوں میں تقسیم کریں۔ اس کو حاضر کر کے آپ اس سے ہر کام لے سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز کام کی نیت نہ کریں اگر حرام کی نیت کریں گے تو پھر بدوح حاضر نہیں ہوگا۔

قلب نور کے بغیر مردہ کتے سے بھی بدتر اور قلب کی روشنی والا کتا اصحاب کہف کے ساتھ (مصنف ہذا)

اٹھرا کے لیے مجرب نقش

یہ نقش ہمارے دوست کا آزمودہ ہے یہ بھی ادریس خان نے عطا کیا تھا۔ اگر عورت کو بچے ٹھیک طور پر پیدا نہ ہوتے ہوں یا دوران حمل عورت کو مختلف بیماریاں گھیرے میں رکھیں تو اُس کے لیے مجرب ہے۔ اگر کوئی بچہ بہت روئے تو پھر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اگر عورت کو اٹھرا کی کسر ہے تو پھر ایک عدد گلے میں ڈال لے اور دوسرا کم از کم حمل کے باقی دنوں میں استعمال کرے۔ انشا اللہ کامیاب ہوجاؤ گے۔

نقش یہ ہے۔

یاجبرائیل یامحمد ۷۸۶ یامحمد جبرائیل

یامحمد۸	یاعلی۱	یامحمد۶
یاعلی۳	یامحمد۵	یاعلی۷
یامحمد۴	یاعلی۹	یابدوح۲

یااسرائیل بحق یابدوح یاعزارئیل

دشمن کو زیر کرنے کا طریقہ

دشمن کو زیر کرنے کے لیے یہ عمل بھی عجب تاثیر رکھتا ہے۔ ہمارا بھی آزمودہ ہے اور ہمارے دوستوں کا بھی آزمودہ ہے۔ اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دوپہر کے وقت جب سورج کا زوال شروع ہوجائے یعنی کہ تقریباً پونے بارہ بجے شروع کریں۔ وضو کر کے کھڑے ہو کر پڑھیں اور چاند کے آخری دنوں میں بدھ کے دن سے شروع کریں۔ دشمن کا تصور کریں ہر مرتبہ بسم اللہ شریف ضرور پڑھیں۔ صرف اکتالیس مرتبہ پڑھنا ہے اگر نادعلی کبیر باموکل پڑھا جائے تو بہتر ہے اگر نہ آتا ہو تو پھر آخر میں ہر مرتبہ نادعلی صغیر پڑھنا ہے۔ نادعلی کبیر باموکل آگے لکھیں گے۔ عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم

بفضل بسم الله الرحمن الرحيم ببركت بسم الله الرحمن الرحيمo يا اَبَاالغِيثِ اَغِثنِي نَادِعَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبُ تَجِدْهُ عَوْنًالَكَ فِي النَّوائِبُ كُلُّ هَمٍ وَ غَمٍّ سَيَنْجَلِي بَعْظَمَتِكَ بَااَللّٰه بِنَسُوَّتِكَ يَامُحَمَّدٌ بِوَلَا يَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ

گم شدہ چیز کے ملنے کے لیے

یہ عمل سید افضال علی گیلانی کا تجربہ شدہ ہے۔ انہوں نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کے لیے عطا کیا تھا مگر کسی مجبوری کی وجہ سے رہ گیا تھا۔ اَب انشا اللہ درج ہے۔ اگر کسی کی کوئی چیز گھر میں یا دکان میں گم ہوجائے یا رکھ کر بھول جائے تو اس کو چاہیے کہ اوّل سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور پھر سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پورے زور سے تالی بجانی شروع کرے اور پوری طاقت کے ساتھ بجاتا رہے یہاں تک کہ طاقت جواب دے جائے۔ تو انشا اللہ گم شدہ چیز یا رکھ کر بھولی چیز فوراً ہی مل جائے گی۔

سر درد کے لیے مجرب عمل

اگر کسی کے سر میں درد ہوجائے اور کسی طریقے سے آرام نہ آرہا ہو تو ماتھے کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے پکڑ کر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر پھونک ماریں۔ اس طرح سات مرتبہ پڑھیں تو انشا اللہ درد فوراً ہی کافور ہوجائے گا۔ مجرب افضال علی شاہ۔

ایضاً

یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ اگر کسی کے سر کو درد بہت زیادہ ہو کسی بھی طریقہ سے آرام نہ آرہا ہو تو اس کے ماتھے پر چاقو، چھری یا قلم کے ساتھ لفظ یَابَاسِطُ، لکھیں تو انشا اللہ فوراً ہی درد زائل ہوجائے گا بہت مجرب ہے۔

ایضاً

سر درد کے لیے بہت عجیب چٹکلہ ہے ایک فوراً ایک سیکنڈ میں درد کو اتارنا ہو تو ماتھے کے اوپر فرعون غرق تین مرتبہ لکھیں درد فوراً اتر جائے گا۔ لیکن اصل حل تلاش کر کے اس کا علاج کریں کہ کس وجہ سے درد ہوا تھا یہ صرف چٹکلہ ہے فوراً درد ختم ہوجاتا ہے۔

عمل برائے ادائیگی قرض

یہ عمل ہمارے بزرگوں کا آزمودہ ہے۔ اکثر ہمارے بزرگ اپنے مریدین کو بتایا کرتے تھے۔ ہم نے یہاں بااجازت لکھ دیا ہے تاکہ مخلوق خدا اس سے مستفیض ہو اور دعائیں دے اگر کسی پہ قرضہ بہت زیادہ ہوگیا ہو کر اور قرضہ اُتارنے کی کوئی صورت دکھائی نہ دے رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پھر 125 بار اسم یا غنی یا مغنی پڑھے تو انشا اللہ اُسکے قرض کی ادائیگی ہوجائے گی۔ یہ عمل ہمارے بزرگوں کے مریدین نے اکثر تجربہ کیا ہوا ہے۔

برائے بخار

ہر قسم کے بخار کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سید افضال علی شاہ کا آزمودہ ہے۔ ہم نے بھی آزمایا بہت اچھا فائدہ حاصل ہوا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوّل درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ پھر سورۃ کوثر سفید کورے کاغذ پر سیاہ روشنائی سے لکھ کر پھر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ لکھیں اور اس نقش کو مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیں تو انشا اللہ ہر قسم کا بخار اتر جائے گا۔

مقدمہ کی فتح کے لیے

اگر کوئی مقدمہ میں ناجائز طور پر پھنس گیا ہو یا جائز مقدمہ بھی ہو تو اس کو چاہیے کہ اوّل آخر 41,41 بار درود ابراہیمی پڑھ کر 340 بار آیۃ کریمہ پڑھے تو انشا اللہ مقدمہ میں جیت ہوگی جب تک عدالت میں مقدمہ جاری ہے۔ ہر روز بعد نماز عشاء پڑھتا رہا کرے۔ جب مقدمہ سے رہائی ہو تو پھر حسب ضرورت ایک دیگ یا دو دیگیں خدا تعالیٰ کی راہ میں زردہ یا پلاؤ پکا کر تقسیم کرے۔

آیت کریمہ یہ ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ

نادعلی صغیر کا نقش

اس سے پہلے ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں نادعلی کبیر کا نقش لکھا تھا اب یہ نقش نادعلی صغیر کا نقش ہے۔ اس کو خاص کر آسیب کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر کسی کو جن

بھوت تنگ کرتے ہوں، رزق کی تنگی ہو، ہر قسم کی تنگی، ہر قسم کی بیماری کے لیے بہت مفید ہے پہلے آپ دیکھیں اگر آپ کا رکھا ہوا نقش ویسے ہی کام کرے لوگوں کو فائدہ دے تو بہتر ہے۔ ورنہ اس نقش کی زکوٰۃ ادا کر لیں۔ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر ادا کرنے کے بعد گیارہ دفعہ نادعلی صغیر پڑھیں۔ پھر 41 عدد نقش لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلائیں مچھلیاں خواہ گھر میں پالی ہوں یا نہر کے کنارے لے جا کر پانی میں پھینک دیا کریں اس طرح کرنے سے آپ کی زکوٰۃ پوری ہوجائے گی یہ عمل آپ نے 41 دن کرنا ہوگا۔

اگر آپ اس نقش کو سوا لاکھ بار لکھ کر پانی میں ڈالیں تو آپ کے پاس نادعلی کی حاضرات آجائیں گی۔ اگر سوا لاکھ نقش پانی میں بہاتے ہیں تو پھر صرف پرہیز جمالی کرنا ہوگا۔ پھر یہ نقش آپ کے ہاتھ آجائے گا۔ اس سے جو کام اپنی مرضی سے لیں۔ اس کے ظاہری فائدے کے ساتھ ساتھ باطنی فائدے بھی گیارہ سو ہوتے ہیں مگر عقل والوں کے لیے ہیں۔ مریض کے گلے میں بازو میں ڈالیں اور پانی میں زعفران یا مشک سے دھو کر پلائیں عرق گلاب کے ساتھ بھی لکھ کر پلایا جاتا ہے۔



۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۸	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

نقش استعمال کرنے کا طریقہ

اس سے پہلے ہم نے تحفۂ الگیلانی جلد اوّل میں صفحہ نمبر ۲۸، ۲۹ پر دو نقش لکھے تھے جس کا ہم نے طریقہ کا استعمال کرنے کا نہیں لکھا تھا جس کی وجہ سے ہم کو کئی سینکڑے خطوط آئے ہیں کہ آپ نے بعض نقشوں کا طریقہ استعمال نہیں لکھا ہے اس لیے ہم اس کتاب میں تعویزات کے استعمال کا طریقہ لکھتے ہیں کہ تعویز کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

انسان کے اندر چار عنصر پائے جاتے ہیں ہوا مٹی پانی اور آگ ان چاروں عناصر کی

وجہ سے انسان قائم ہے اگر ایک عنصر جسم کے اندر ہاوی ہوجاتا ہے یا کم ہوجاتا ہے تو انسانی جسم بیمار ہوجاتا ہے یا انسان کے اندر پاگل پن کا دورہ پڑ جاتا ہے۔ اگر انسان کے اندر آتش زیادہ آجائے تو انسان گھر سے بھاگ جانے کی کوشش کرتا ہے یا گھر کے تمام افراد کے ساتھ جھگڑا شروع کر دیتا ہے۔ اس طرح ہی ہر عنصر انسان کے اندر اپنا اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ فتح نامے زبان بندی کے نقش گلے میں رکھے جاتے ہیں یا پھر وزن کے نیچے بھی دیئے جاتے ہیں بھاگے ہوئے کے لیے وزن کے نیچے ہوا میں درخت وغیرہ کے ساتھ زیر آتش دان بھی رکھے جاسکتے ہیں۔ بیماری کے لیے پلائیں اور گلے میں بھی تعویز رکھا جاتا ہے۔ محبت کے لیے نقش استعمال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب اور مطلوب دونوں کے ناموں کے پہلے اعداد دیکھو کہ کون سے ہیں اگر آتشی ہیں تو زیر آتش اگر آبی ہیں تو پلائیں یا دریا میں گولیاں بنا کر بہائیں اگر خاکی ہے تو پھر وزن کے نیچے یا گلے میں رکھے اگر بادی ہیں تو پھر ہوا میں لٹکائے یا پھر طالب مطلوب دونوں کے ناموں کے حروف کو دیکھو کہ کس کے نام میں حروف کون سے زیادہ ہیں پھر اس کے مطابق کرو یا پھر صرف مطلوب کے نام کے پہلے حرف کے مطابق یا پھر سب حروف کو دیکھو کہ کون سے زیادہ ہیں اُس کے مطابق استعمال کرو۔ بعض دفعہ دیکھنے میں آیا ہے کہ نہ ہی آبی کام کرتے ہیں نہ خاکی نہ آتشی اور نہ ہی بادی کام کرتے ہیں اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ نقش کو چاروں عنصر کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اگر ایک کام نہ بھی کرے تو پھر دوسرا کام کر دیتا ہے۔ اس طرح تعویز کے فعل ہونے میں کوئی امکان نہیں ہوتا ہے اس میں تسلی بخش کام ہوجاتا ہے یا پھر تعویز دیتے وقت سائل کو کہہ دیں کہ پہلے سات دن وزن کے نیچے نقش رکھے اگر کام ہوجائے تو اچھا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر درخت کے ساتھ یا پنکھے کے ساتھ یا چرخہ کے ساتھ گھمائیں یا پھر سات دن زیر آتش دان کے رکھے تاکہ گرمائش ملے تو پھر کام ہوجائے گا سب طریقے لکھ دیئے ہیں جو کہ ہمارے پاس تھے آگے آپ جو مرضی طریقہ استعمال کریں۔

نقش بھرنے یا پُر کرنے کا طریقہ

نقش پُر کرنے یا بھرنے کے کل 28 طریقے ہیں۔ مگر ہمارے ہاں زیادہ تر صرف نقش مثلث یا نقش مربع پُر کئے جاتے ہیں ہر نقش کی چار چالیں ہوتی ہیں۔ آتشی، آبی، خاکی، بادی۔ نقش مثلث زیادہ تر خاکی چال سے لکھا جاتا ہے اور مربع نقش سولہ

چالوں سے لکھا جاتا ہے۔ آپ اگر مربع نقش استعمال کرتے ہیں تو پھر آپ نقش مربع کو ہر چال کے ساتھ استعمال کریں تاکہ پوری طرح فائدہ حاصل ہو سکے۔ مثلث کی اکثر ایک ہی چال استعمال ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ نقش آدم نقش حوا چار چالوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ لیکن اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ زیادہ تر نقش مثلث کی چال خاکی یا آبی ہی ہوتی ہے۔ بعض لوگوں کے نزدیک نقوش کے تعلقات کواکب کے ساتھ ہوتے ہیں۔ لیکن میرے نزدیک اس کا استعمال نہیں ہے کیونکہ کامل اور عامل لوگوں میں فرق ضرور ہوتا ہے۔ یہاں پر صرف عامل لوگوں کی سہولت کے لیے درج کرتے ہیں تاکہ مزید کسی کتاب کو پڑھنے یا سمجھنے کی ضرورت نہ محسوس ہو۔

قمر کے لیے مثلث 3x3 کا نقش اور زحل کے لیے بھی۔

عطارد اور مشتری کے لیے مربع نقش 4x4 ہوتا ہے۔

زہرہ اور مریخ کے لیے نقش مخمس 0x0 ہوتا ہے۔

شمس کے لیے مسدس 6x6 کا نقش ہوتا ہے۔

مریخ اور زہرہ کے لیے 7x7 کا نقش بھی استعمال ہوتا ہے۔

مشتری اور عطارد کے لیے 8x8 کا نقش ہوتا ہے۔

زحل اور قمر کے لیے 9x9 کا نقش استعمال ہوتا ہے۔

مثلث اس لئے زیادہ استعمال ہوتا ہے کہ اس کا تعلق قمر سے ہوتا ہے اور قمر ہر ماہ شرف ہوتا ہے۔ باقی ستاروں کو سال بعد یا سالوں بعد ہوتا ہے۔ اس لئے زیادہ تر نقش مثلث اور مربع استعمال کریں۔

نقش عام طور پر دو قسم کے پُر کیے جاتے ہیں (1) اعدادی یہ وہ نقش ہے جس کے اندر اعداد بھرے ہوں اور دوسری قسم وفقی ہے یہ وہ نقش ہے جس کے اندر حروف بھرے ہوں مثال کے طور پر۔

نقش اعدادی

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

نقش وفقی

ح	د	ا
ا	ح	د
د	ا	ح

سب سے پہلے یہ جاننا چاہیے کہ کم سے کم کتنے اعداد کا نقش بھرا جاتا ہے۔ پندرہ کا نقش

کم سے کم اعداد کا ہے۔ اس سے کم عددوں کا نقش بھرنا مشکل ہوتا ہے بلکہ بھرا ہی نہیں جاتا ہے۔ پندرہ کے نقش کو نقش حوا یا نقش آدم کہا جاتا ہے اور اگر اس سے کم عدد کا نقش بھرا جائے تو اس کو نقش دولخت کہتے ہیں اور اکثر اس کو معتبر نہیں سمجھا جاتا ہے۔ بہتر تو یہ ہے کہ آپ کسی بھی آیت مبارک کا چلہ کر لیں پھر اُس آیت کے اعداد کے مطابق نقش بھرنے کا طریقہ استعمال کریں تو کوئی بھی نقش خطا نہیں جائے گا۔

نقش مربع پُر کرنے کے لیے آیت کے کل عدد میں سے 30 کو تفریق کریں اور حاصل تفریق کو چار پر تقسیم کریں اور حاصل ضرب سے نقش مربع پر کرنا شروع کریں۔ جس خانے سے چاہتے ہوں لیکن اگر تقسیم کرنے پر ایک باقی بچے تو خانہ تیرہ میں اور اگر دو باقی بچے تو خانہ نویں میں اگر تین بچے کو خانہ پانچویں میں ایک عدد زیادہ کر کے کسر پوری کریں۔

نقش مخمس بھرنے کے لیے آیت کے کل عدد سے 60 تفریق کریں اور حاصل تفریق کو 5 پر تقسیم کریں اور حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں۔ لیکن اگر ایک بچے تو خانہ اکیس میں اگر دو بچے تو خانہ سولہ میں اگر تین بچے تو خانہ گیارہ میں چار بچے تو خانہ چھ میں ایک عدد کا اضافہ کریں تو کسر پوری ہوگی۔ نقش مسدس بھرنے کے لیے کل اعداد آیت سے 105 تفریق کریں اور حاصل تفریق کو چھ پر تقسیم کریں اور حاصل قیمت سے نقش بھرنا شروع کریں۔ لیکن اگر کسر ایک رہے تو پھر خانہ 31 میں اگر دو بچیں تو پھر خانہ 25 میں اور اگر تین تو پھر خانہ 19 میں اگر چار بچیں تو خانہ 13 اگر پانچ بچے تو خانہ سات میں ایک زیادہ کر دیں۔ پھر نقش پُر کریں مسبع نقش بھرنے کے لیے کل اعداد میں سے ایک سو پچھتر 175 تفریق کریں حاصل تفریق کو سات پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو خانہ ایک میں رکھ کر شروع کریں۔ لیکن اگر چھ کی کر رہے ہوں تو آٹھ خانہ میں اور اگر 5 باقی بچے تو خانہ 15 میں اگر چار بچے تو خانہ 22 میں اگر تین بچے تو خانہ 29 میں اور اگر 2 کی کسر رہے ہوں تو خانہ 36 میں اگر ایک کسر رہے ہوں تو پھر خانہ 43 میں ایک کا اضافہ کریں۔

نقش مثمن یعنی کہ 8x8 کے نقش کو بھرنے کے لیے کل اعداد میں سے 225 تفریق نقش کریں اور آٹھ پر تقسیم کریں حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کر دیں اگر ایک بچے تو پھر خانہ 57 میں اگر 2 بچے تو پھر خانہ 49 میں اگر تین بچے تو پھر خانہ 41 میں اگر چار بچے تو پھر خانہ 33 میں اگر پانچ بچے تو پھر خانہ 25 میں اگر چھ کی کسر ہو تو پھر خانہ 17 میں اگر سات کی کسر ہو تو پھر خانہ نو میں ایک عدد اضافی رکھ کر نقش پُر کریں۔

نقش متسع بھرنے کے لیے یعنی کہ 9x9 کا نقش بھرنے کے لیے 349 اعداد آیت کے

اعداد سے تفریق کرو اور حاصل تفریق کو نو پر تقسیم کردیں اور حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں 8 باقی رہ جائیں تو پھر خانہ دس میں سات بچے تو خانہ 19 میں اگر 6 بچے تو خانہ 28 میں اور اگر 5 بچے تو خانہ 38 میں اور اگر 4 بچے تو خانہ 46 میں اگر تین بچے تو خانہ 55 میں اور اگر 2 بچے تو پھر خانہ نمبر 64 میں اور اگر ایک کسر بچے تو پھر خانہ نمبر 73 میں ایک عدد کا اضافہ کرکے اور پھر نقش کو اچھی طرح پُر کریں۔

نقش 10x10 کو بھرنے کے لیے 505 عدد کو آیت کے عدد میں سے تفریق کریں اور جو باقی بچے اس کو 10 پر تقسیم کریں حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں لیکن اگر 9 بچے تو خانہ گیارہ میں اگر 8 بچے تو خانہ 21 میں اگر سات بچے تو خانہ 31 میں اور چھ ہو تو خانہ 41 میں اگر 5 ہو تو خانہ 51 میں اور اگر 4 ہو تو خانہ 61 میں اگر تین ہو تو خانہ 71 میں اگر 2 بچے تو خانہ 81 میں اور اگر ایک باقی بچے تو خانہ 91 میں ایک عدد زیادہ کر کے لکھیں کسر پوری ہوگی۔ نقش یازدہ یعنی کہ 11x11 بھرنے کے لیے آیت کے اعداد میں سے 672 تفریق کریں اور باقی کو گیارہ پر تقسیم کریں اور حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں اگر برابر تقسیم نہ ہو تو کسر 10 کی آئے گی تو بارہویں خانہ میں اضافہ کر کے نقش پورا کریں باقی سب نقش میں 10x10 والی چال ہوگی۔ نقش 12x12 کو پُر کرنے کے لیے آیت کے اعداد میں سے 880 تفریق کریں اور حاصل تفریق کو 12 پر تقسیم کریں اگر برابر تقسیم ہو تو ٹھیک ہے۔ ورنہ گیارہ بچے تو خانہ 13 میں ایک عدد اضافہ کریں۔ باقی اس ترتیب سے پیچھے واپس آتے جائیں اور ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں۔

نقش مثلث کی چال

	خانہ آتشی	
خانہ بادی		خانہ آبی
	خانہ خاکی	

نقش مربع کی چال

آتشی	بادی	آبی	خاکی
آتشی	بادی	آبی	خاکی
آتشی	بادی	آبی	خاکی
آتشی	بادی	آبی	خاکی

نقش مخمس کی چال

آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی
	بادی		بادی	
		آبی		
	آبی		آبی	
آتشی	بادی	آبی	خاکی	خاکی

نقش مخمس کی چال

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

نقش مربع کے سولہ خانوں کی چال

آتشی چال صحت کے لیے

۸	۱۴	۱۱	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خاکی چال محبت کے لیے

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۹	۶
۵	۱۰	۱۵	۴

آبی چال دشمن سے امان کے لیے

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

بادی چال دولت کیلئے

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۱۶	۳
۴	۱۵	۱۰	۵

چھٹا خانہ خالی بیماری کے لیے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

پانچواں خانہ آتشی ڈوبنے سے بچنے کے لیے ہے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

آٹھواں خانہ آبی جلائی کیلئے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

ساتواں خانہ بادی زیادتی مال کیلئے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

دسواں خانہ خاکی عزت زبان بندی کے لیے

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

نواں خانہ آتشی فتح یابی کے لیے

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

خانہ گیارہ بادی دوست کی ملاقات کے لیے

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱۰	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ ۱۲ آبی مغلوبی دشمن کے لیے

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

خانہ تیرہ آتشی زراعت کے کیڑوں کے دفع کرنے کے لیے

	۴	۵	۱۰
	۹	۱۶	۳
	۷	۲	۱۳
	۱۴	۱۱	۸

خانہ چودہ خاکی زراعت کی زیادتی کے لیے

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱۰	۸	۱۱

خانہ پندرہ بادی عشق اور حاضری معشوق کے لیے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

خانہ سولہ آبی اپنے آپ کو روزی حکام کے ہاں عزت کے حصول مراتب کے لیے

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

دن اور رات کی ساعت معلوم کرنے کے طریقے

دن رات کی ساعتوں کے بارے میں ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں نہیں لکھا تھا۔ مگر دوستوں کے کافی خطوط آئے ہیں کہ آپ نے ساعتوں کے بارے میں نہیں لکھا ہے۔ اس میں نہ لکھنے کی وجہ یہ تھی کہ ہم نے جو بھی عمل کیا تھا وہ کامل اُستادوں کی اجازت سے کیا تھا جو شخص کامل ہوتا ہے اُس کے آگے ساعت چہ معنی۔ قدرت کی ذات کا کرشمہ ہے کہ ہم کو جب عمل کرنے کی اجازت ہوئی اور ہم نے دوسرے دن ساعت چیک کی تو اچھی ساعت ہوتی تھی۔ بہرحال یہ خدا تعالیٰ کا نظام ہے مگر آج تک ہم نے ستاروں کی ساعتوں کو سامنے رکھ کر کوئی بھی کام نہیں کیا ہے۔ تجربہ اس بات کا شاہد ہے اور تحفۃ الگیلانی جلد اوّل بھی اس بات کی گواہ ہے کہ ہم نے جو بھی عمل لکھا ہے خاص کر جو ہمارا ذاتی تجربہ اُس میں آپ کو کہیں بھی رجال الغیب، ستاروں کی ساعت ستاروں

کا شرف وغیرہ کے بارے میں کہیں بھی ذکر نہیں ملے گا۔ لہٰذا اس کتاب میں ہم عامل حضرات کے لیے صرف لکھنا چاہتے ہیں لیکن میرے خیال میں کامل آدمی کے آگے اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ آگے آپ خود اندازہ لگالیں۔ دن رات کی ساعتوں کے بارے میں مختلف لوگوں کی رائے مختلف ہے۔ بعض عاملوں نے ساعت کو سورج نکلنے کے وقت سے لے کر سورج غروب ہونے تک کے کل گھنٹے جمع کر کے نو ستاروں پر تقسیم کر دیئے ہیں۔ مثال کے طور پر دسمبر کے مہینہ میں سورج سوا سات بجے طلوع ہوتا ہے اور سوا پانچ بجے غروب ہوجاتا ہے۔ اس طرح کل گھنٹے دس بنتے ہیں اس نو پر تقسیم کرنے پر تقریباً ایک گھنٹہ اور چھ منٹ کی ساعت بنتی ہے۔ اور بعض عاملوں نے صرف ایک گھنٹے کی ساعت بنائی ہے اور آخری ستارہ آنے پر پھر پہلے سے شروع کر دیتے ہیں۔ ہم دونوں طریقوں کے نقشے لکھ دیتے ہیں تاکہ جو کسی کے اُستادوں کا طریقہ کار ہے اُس پر عمل کر کے مستفیض ہوں۔ ہم نے تو ابھی تک ساعت کے مطابق کام نہیں کیا ہے اور نہ ہی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ فلاں نقش درست ہے۔ بہرحال کسی کو بھی غلط نہیں کہہ سکتے کیونکہ ہر عامل نے اپنے تجربہ کے مطابق ہی لکھا ہے۔

نقشہ سیارگان اوّل

ساعت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
اتوار	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
منگل	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد

نقشہ سیارگان دوئم

ساعت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پیر	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب بدھ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

قلب کی روشنی، جہنم کی آگ سے
بچنے کا ذریعہ پل صراط کی آسانی
اور عرش مُعلّٰہ کے پائے کا ایک
حصہ ہوتا ہے (مصنف ہذا)

ساعت معلوم کرنے کا دوسرا طریقہ

نقشہ دن

ساعت	طلوع آفتاب تا نیم چاشت	نزدیک زوال	تا ظہر	میان دو نماز	نماز دیگر	آخر روز
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

نقشہ ساعت شب

ساعت	اوّل شب	نماز خفتن	نیم شب	دبانگ مرغ	صبح کاذب	صبح صادق
شب ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب پیر	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	عطارد

یہ نقشہ اُس وقت کا ہے جب دن رات برابر بارہ بارہ گھنٹے کے ہوتے ہیں اور جب گھنٹے بڑھنے لگیں تو اس کے مطابق سے حساب ساعات سیارگان کرنا چاہیے۔ مثلاً جب پندرہ گھنٹے کی شب اور نو گھنٹے کا دن ہوتا ہے تو شب کی ہر ساعت سوا دو گھنٹے کی ہوگی اور دن کی ہر ساعت ڈیڑھ گھنٹہ کی ہوگی۔

قمری ماہ آفتاب بارہ بُرجوں میں کس بُرج میں ہے

محرم الحرام عقرب بُرج	صفر بُرج قوس	ربیع الاوّل بُرج جوزا	ماہ ربیع آلاخر بُرج دلو
جمادی الاوّل حوت	جمادی الاخر بُرج حمل	رجب بُرج ثور	شعبان بُرج جدی
رمضان بُرج سرطان	ماہ شوال بُرج اسد	ذیقعد بُرج سنبلہ	ذی الحج برج میزان

سورج کے سایہ سے ناپ کر ساعت معلوم کرنا

سورج نکلنے سے لے کر سایہ 80 قدم کے فاصلہ پر ہو تو پہلی ساعت ہے۔ اگر چالیس قدم کے فاصلہ پر ہو تو دوسری ساعت ہے اگر بیس قدم کے فاصلہ تک ہو تو تیسری ساعت ہے اور اگر دس قدم کے فاصلہ تک ہو تو چوتھی ساعت ہے اور اگر سایہ پانچ قدم کی دوری تک ہو تو پانچویں ساعت ہے اور اگر ڈھائی قدم کے فاصلہ تک ہو تو پھر چھٹی ساعت ہے۔ اگر آفتاب اپنے خانہ مغربی میں آئے تو ڈھائی قدم تک ساتویں ساعت ہوگی۔ اگر پانچ قدم تک ہو تو آٹھویں ساعت ہوگی اور اگر دس قدم تک تو نویں ساعت ہوگی۔ اگر بیس قدم ہو تو دسویں ساعت اگر فاصلہ چالیس قدم ہو تو گیارہویں ساعت اور اگر فاصلہ اسی قدم ہو تو بارہویں ساعت ہوگی۔ اس طرح قدم ناپ کر بھی ساعت معلوم ہو سکتی ہے۔

نقشہ رجال الغیب

رجال عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی مرد کے لیے ہیں، الغیب کے معنی پوشیدہ کے ہیں رجال الغیب ایسا مرد جو کہ اگر کسی کے بھی سامنے آجائے تو منحوس ہوتا ہے، علم نجوم میں اس کی کافی اہمیت ہے۔ مورخین فرماتے ہیں کہ عملیات کا ہر کام اس کی سمت کر کے کرنے سے نقصان ہوتا ہے لہٰذا اس منحوس سمت کی طرف منہ کر کے عمل، وظیفہ، چلہ کشی نہیں کرنی چاہیئے۔ اس کی سمت مختلف تاریخوں میں مختلف طرف ہوتی ہے۔ بعض عاملوں کے نزدیک صبح صبح اس کی طرف منہ کر کے بھی اٹھنا منحوس ہوتا ہے۔ رات کو سوتے وقت دیکھ لیں کہ صبح رجال الغیب کس طرف ہوگا اور صبح اُٹھ کر اس سمت کی طرف نہ اٹھ کر چلیں اس کو کبھی آپ کی کمر کی طرف ہونا ضروری ہے نقش لکھتے وقت وظیفہ کرتے وقت چلہ کرتے وقت اس کی طرف ہمیشہ منہ نہ کریں تاکہ عملیات میں کامیابی ممکن ہو سکے۔

نقشہ رجال الغیب مندرجہ ذیل ہے اس کا تعلق چاند کی تاریخوں سے ہوتا ہے۔ نقشہ میں دیکھیں کہ رجال الغیب کس طرف کس تاریخ کو ہوتا ہے۔ ہمیشہ اس کی طرف کمر کر کے کام کریں تاکہ منحوس سمت آپ کے سامنے نہ ہو۔



آیت، حروف، اعداد کے مؤکل بنانا

مؤکل بنانے کے طریقے بھی ہر عامل کے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ لیکن حضرت ابن بونی ؒ نے بھی علیحدہ علیحدہ طریقے بتائے ہیں طریقے سب کے سب ٹھیک ہیں مگر ہر عامل نے اپنا اپنا وطیرہ علیحدہ علیحدہ بنایا ہوا ہے۔ ہم یہاں پر تینوں طرح درج کرتے ہیں۔ حضرت ابن بونیؒ فرماتے ہیں کہ کسی بھی آیت کے حروف لے کر ان کے اعداد نکال لیں۔ مثال کے طور پر آیت کے کل اعداد 792 ہیں دو نو سات بنے ہیں دو عدد کا حرف ''ب'' نو عدد کا حرف ''ط'' ہوا اور سات عدد کا حرف ''ز'' یا ''ذ'' ہوا۔ اس طرح بطز کو اکٹھا لکھ دیا آخر میں اس کے ''ائیل'' لگا دیا یہ بن گیا بطزائیل اس طرح بھی ٹھیک ہے۔ اس طرح آیت کے سارے حروف لکھو پھر ان میں سے مکرر لفظ علیحدہ کریں اور جو مکرر نہیں ہیں ان کو علیحدہ کرو۔ مثال کے طور پر بسم اللہ شریف کے حروف کل یہ ہیں ب س م ا ل ل ھ ا ل رح م ن و ل رح ی م حرف مکرر نکالیں۔ مکرر حروف ا ل م ر نکال دیئے۔ باقی حروف ب س م ا ل ھ رح ن ی رہ گئے۔ دائرہ حروف موکلات کے مطابق حرف ''ب'' کا موکل جبرائیل ''س'' کا ہمواکیل ''م'' کا رومائیل ا کا اسرافیل ''ل'' کا طاطائیل۔ ''ھ'' کا دوریائیل ''ر'' کا اموائیل ''ح'' کا تنکافیل ''ن'' کا حولائیل ''ی'' کا سرکہتائیل بن گیا ہے۔ بسم اللہ

شریف باموکل پڑھنے کا طریقہ یہ ہوگا۔

اجب یا جبرائیل بسم اللہ ہمواکیل الرحمٰن یا رومائیل الرحیم یا اسرافیل یا اس طرح سے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ اجب یا جبرائیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باہمواکیل یا رومائیل یا اسرافیل یا طاطائیل یا دور یائیل یا اموا کیل یا تنکائیل یا حولائیل یا سرکہتائیل یا پھر مقرب موکلوں کے نام لکھے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر اجب یا جبرائیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اسرافیل یا عزرائیل یا میکائیل۔ اس طرح آپ ہر آیت اور عددوں کے موکل بنا سکتے ہیں۔ بعض عامل حضرات کا معمول یہ ہوتا ہے کہ آیت کے اعداد کے مطابق تعویذ پُر کرلیا پھر چاروں کونوں کے اعداد علیحدہ علیحدہ لکھ لئے مثلاً واللہ اَشد آیت کے کل اعداد 1263 ہیں اور جب مربع خانہ نقش تیار کیا تو دائیں سے بائیں اوپر والے کونے میں 308 عدد آئے بائیں کونے میں 315 عدد آئے بائیں طرف نیچے والے کونے میں 317 آئے دائیں والے نیچے کونے میں 323 آئے۔ سب سے پہلے کونے کے اعداد 308 ان کے عدد 8 ''کا'' حرف ابجد ''ح'' بنا اور تین کا ''ج'' بنا ہے ''ح'' اور ''ج'' کو اکٹھا لکھنے پر حجۃ بن گیا اس کے آخر میں کلمہ ائیل لگایا تو حجائیل بن گیا۔ اس طرح آپ ہر عدد کے موکل بنا سکتے ہیں۔ نام کے موکل بنانے کا طریقہ بھی یہی ہے پہلے مثلاً نام حسیب ہے۔ ان کے حروفوں کے موکل بنائے ہوئے ہوتے ہیں جو کہ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں صفحہ نمبر 139 پر نقشہ موجود ہے۔ یا پھر نام کے اعداد لیں حسیب کے کل اعداد 80 بنے اور اس کے اعداد قلبی 8 بنے آٹھ کا حروف ابجد ''ح'' بنا ہے ''ح'' کے ساتھ آگے کلمہ ائیل لگایا تو حائیل بن گیا اس طرح بھی کام لیا جاسکتا ہے۔

اعداد قلبی اور لکی نمبر نکالنا

آج کل مارکیٹ میں، اخباروں، میں رسالوں میں قلبی اعداد کا قلبی نمبر اور لکی نمبر کا بہت چکر چل رہا ہے۔ عامل حضرات لکی نمبروں اور قلبی اعداد سے لوگوں کو جگہ جگہ بٹور رہے ہیں ہم یہاں قلبی اعداد یا لکی نمبر نکالنے کا طریقہ لکھ دیتے ہیں تاکہ آپ بھی اس بات سے مستفیض ہوسکیں۔ کوئی بھی نام لیں مثلاً انسانوں کے نام ہفتہ کے دنوں کے نام مہینہ کے نام وغیرہ لے کر ان کے حروف ابجد نکال لیں مثلاً ایک آدمی کا نام بشیر احمد ہے۔ اس کے کل اعداد 656 بنے ان کو آپس میں جمع کیا پانچ کو چھ میں جمع کرنے سے گیارہ بنے گیارہ میں پانچ جمع کئے تو کل عدد سولہ ہوگئے سولہ کے چھ اور ایک کو جمع کیا تو پھر سات بن گئے

یہ آپ کا لکی نمبر کہلائے گا اور قلبی اعداد سولہ کہلائیں گے۔ اگر آپ لاٹری خریدتے ہیں تو ان کے نمبر جمع آپس میں کریں تو جو عدد آخری آئے گا وہ اُس لاٹری کا لکی نمبر ہوگا۔ جب ماہ، دن، اور نام کے لکی نمبر آپس میں ملیں گے تو پھر آپ کو 100 فیصد لاٹری میں کامیابی ہوگی۔ اگر ماہ دن میں ایک آدھ ضرور مل گیا تو پھر بھی لاٹری وغیرہ کی کامیابی آپ کی ہوگی اگر آپ گاڑی خریدتے ہیں تو پھر اس کے نمبر بھی اس طرح کر کے چیک کئے جاسکتے ہیں کہ گاڑی کامیاب رہے گی یا نہیں دنوں کے بھی کر لیں آیا کہ آپ کے لیے کون سا دن اچھا ہے۔ سمتوں کے بارے میں بھی آپ اس طرح کر سکتے ہیں کہ کون سی سمت آپ کے لیے ٹھیک ہے۔

حمل روکنے کے لیے نقش

موجودہ دور میں ہر طرف خاندانی منصوبہ بندی کے لیے نئے نئے طریقے ایجاد ہورہے ہیں مگر اعمال قرآنی کی طرف کسی کی بھی رغبت نہیں ہے۔ اگر ہم کلام اللہ سے فائدہ حاصل کریں تو ہر مشکل سے چھٹکارہ مل جاتا ہے، حمل کو روکنے کے لیے یعنی کہ منصوبہ بندی کے لیے یہ نقش میرے ایک عزیز کا تجربہ شدہ ہے۔ یہ تعویذ جس مرد کے پاس ہوگا اس کو اپنے گلے میں ڈال کر بیوی سے ہم بستری کرے تو عورت کو حمل نہ ٹھہرے گا۔ ایک نمبر تعویذ مرد گلے میں رکھے نمبر 2 تعویذ عورت اپنے گلے میں رکھے مگر ناجائز کرنا حرام ہے۔ خدا کے حضور آپ خود اس کے ذمہ دار ہوں گے۔

نمبر 1

اوما فدا

او
وج دو

نمبر 2

۶۱۹ ؑ ۱۸۸۱۱۲۱ او، ۱۱۱ وہ ۸۸۱ ھ کرّ ماوا اوروح دو

یا مھلو خطیا حططططہ

چوہے بھگانے کا نقش

زراعت کی فصل میں چوہے زیادہ ہوجائیں اور فصل کو خراب کرنا شروع کر دیں یا

گھر میں چوہے زیادہ ہوں یا دکان وغیرہ میں چوہے زیادہ ہوجائیں اور نقصان دینا شروع کر دیں تو اس نقش کو نوچندی اتوار کو صبح صبح چار عدد لکھیں پھر فصل یا دکان یا مکان کے چاروں کونوں میں دفن کردیں۔ دفن کرتے وقت سات سات مرتبہ سلام قولاً من رب رحیم ہر نقش والی جگہ پر پڑھیں انشاء اللہ چوہے بھاگ جائیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

حیض بند کرنے کے لیے

جس عورت کو بکثرت حیض کی بیماری ہو یا حمل کے دوران حیض جاری ہوجائے یا حیض ایک ماہ میں دو تین مرتبہ آئے تو اس نقش کو ایک عدد لکھ کر گلے میں عورت کے ڈالیں اور ایک عدد لکھ کر کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ بفضل تعالیٰ خون حیض بند ہوجائے گا اگر یہ نقش کام نہ کرے تو پہلے 41 دن 41 مرتبہ روزانہ لکھیں پھر عمل میں لائیں انشا اللہ نقش کام کرے گا۔ علامت یہ ہے۔

ھحاحح دوسر دھے لا

جائز محبت کے لیے چیلنج

اگر کوئی مرد عورت پر قادر نہ ہو یا دوستوں میں نااتفاقی رہے یا بہن بھائیوں میں نااتفاقی رہے یا والدین کے ساتھ چپقلش جاری رہے تو چاہیے کہ بعد نماز عشاء 479 مرتبہ سلام ''قولاً من رب رحیم پڑھے اور مطلوب کا نام لے کر دعا مانگے اگر مٹھائی کھلا سکتا ہو تو بعد میں مٹھائی پر دم کر کے کھلائے۔ کھلا چیلنج انشاء اللہ بہت جلد کام بن جائے گا مگر جائز ہو تو۔

صلوٰت الحاجت

اگر کوئی کام مشکل ہوجائے یا پھر کام ہونے کی کوئی امید نہ ہو تو دو رکعت نماز صلوٰت الحاجت کے نام سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 51 مرتبہ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ فاتحہ 63 مرتبہ پڑھیں اور ہر سجدہ میں سجدہ تسبیح کے بعد 41 مرتبہ لا الہ الا انت سبحانك اِنی کنت من الظالمین پڑھیں پھر سجدہ

میں ہی سلام پھیرنے کے بعد دعا مانگیں انشاء اللہ جلد پوری ہوگی یہ عمل صرف بعد نماز تہجد یا بعد نماز عشاء پڑھیں۔ تہجد کا وقت زیادہ موزوں ہوتا ہے۔ انشاء اللہ ہر مشکل کا حل ہوجائے گا۔ اجازت ضروری ہے۔

چاند یا سورج گرہن کے بد اثرات

چاند یا سورج گرہن جب ہو تو آپ دیکھیں کہ کس ماہ ہوا ہے اس ماہ سے لے کر آنے والے سورج گرہن یا چاند تک ان کے اثرات مندرجہ ذیل ہوں گے۔ آپ چاند یا سورج گرہن سے ملکی اور دنیاوی حالات کا جائزہ پیش کر سکتے ہیں جو کہ بالکل سچ ثابت ہوگا۔ آپ ایڈوانس پیش گوئی کر سکتے ہیں کہ یہ سال کس طرح رہے گا ملکی حالات خاص طور پر بتائے جاسکتے ہیں۔

اگر چاند یا سورج گرہن محرم کے مہینے ہو تو	کشف وخون زیادہ ہوں
ربیع الاوّل میں ہو تو	قحط سالی ہو کوئی وبا پھیلے
ربیع ثانی میں ہو تو	ملک میں فتور رونما ہو
جمادی الاوّل میں ہو تو	بارشیں بکثرت ہوں اموات ناگہانی ہو
جمادی الثانی میں ہو تو	فصل خوب ہو نرخ ارزاں ہوں
رجب میں ہو تو	مصیبتیں نازل ہوں
شعبان میں ہو تو	خلقت راحت سے زندگی بسر کرے
رمضان میں ہو تو	رعایا تکلیف سے زندگی گزارے
شوال میں ہو تو	طرح طرح کی بیماریاں پھیلیں
ذی الحجہ میں ہو تو	خوب فراخی ہوگی

برائے امساک

یہ عمل بھی ہمارے دوستوں کے تجربہ میں شامل ہے۔ ہم نے بھی ایک اپنے دوست کو لکھ کر دیا تھا بہت کامیاب رہا۔ اصل میں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند گرہن کے وقت کمر تک پانی میں کھڑے ہو کر تانبے کی پتری پر لکھیں پھر اس کو استعمال میں لائیں۔ فوری ضرورت کے لیے عرق گلاب کے ساتھ سادہ کاغذ پر لکھیں اور استعمال میں لائیں مگر ناجائز کام سے پرہیز کریں صرف اپنی بیوی کے لیے اجازت ہے۔ اگر تانبہ کی تختی پر کندہ کرالیں

تو پھر یہ نقش تاحیات کام دیتا رہے گا۔ جب تک یہ نقش کمر پر رہے گا انزال نہ ہوگا۔ پچھتر فی صد سے لے کر ننانوے فیصد کامیاب ہے کنجد آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ

بالچر کا مجرب ٹوٹکہ

یہ ٹوٹکہ بھی عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ گھریلو مکھیاں کم از کم 50 عدد پکڑ کر روغن کنجد میں ڈال کر کڑاہی میں جلائیں جب روغن جلنا شروع ہوجائے تو پھر نیچے اتار کر اچھی طرح کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ بعد میں ٹھنڈا ہونے پر کسی باریک کپڑا سے پُن لیں پھر اس تیل پر 41 مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر تین بار پھونک لگائیں اور بعد میں استعمال کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

نمبر 2 : کالا بچھو لے کر سرسوں کے تیل میں جلائیں پھر 41,41 مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کریں اور متاثرہ جگہ پر لگائیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

کتے کی زبان بندی کے لیے

عام کتے یا جابر کتے کی زبان بندی کے لیے بہت مجرب نسخہ ہے۔ اس سے انسان کی بھی زبان بندی ہوسکتی ہے فی الحال تو کتے کی زبان بندی کے لیے مجرب ہے۔ آٹے پر دم کر کے یا روٹی پر دم کر کے یا ویسے ہی بھونکتے ہوئے کتے پر دم کریں تو کتے بھونکنے سے باز آجائیں گے عمل یہ ہے۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ

تسخیر خلق، زبان بندی کے لیے

عمل: يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝

یہ عمل بھی عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کو میں نے ایک مرتبہ کیا تھا میرے ایک دوست کا خاص تجربہ شدہ ہے اس کے عمل سے دشمن کی نظروں سے بچا جاسکتا ہے۔ دشمن کی زبان بندی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لیے بھی مجرب ہے۔ حاسدوں کی زبان بندی کے لیے بھی عجیب چیز ہے۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ 41 دن تک پرہیز جلالی اور جمالی کے ساتھ گیارہ سو مرتبہ ہر روز بعد نماز عشاء پڑھیں عمل کامیاب ہوجائے گا۔ یا پھر معمول

کے مطابق ہر روز ایک سو بار پڑھ لیا کریں تو تین ماہ کے بعد عمل ہاتھ آجائے گا۔ پھر اس کو آپ اپنے روزانہ کے اذکار میں رکھیں تو خلق کی تسخیر کے لیے بہت مجرب ترین ہے۔ عامل حضرات اس سے اچھا خاصہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر حضرات اس عمل سے پرہیز رکھیں۔ سرکاری ملازمت والوں کے لیے بھی نقصان دہ ہے صرف شوقین حضرات یا عامل حضرات کے لیے مجرب ترین ہے۔

آیت لطیف کے بارے

قرآن پاک میں لطیف والی چار آیتیں ہیں ان کا علیحدہ علیحدہ مطلب ہے پہلی آیت سورۃ انعام میں ہے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ دوسری آیت سورۃ یوسف میں ہے اِنَّ رَبِّیْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ تیسری آیت سورۃ شعورہ میں ہے اور چوتھی آیت سورۃ ملک میں ہے۔ ان تمام کے علیحدہ علیحدہ خواص ہیں۔ پہلی آیت اُس شخص کے لیے ہے جو کسی ظالم سے خوف زدہ ہو۔ اس کو لازم ہے کہ یہ آیت 129 مرتبہ شام اور صبح کو پڑھا کرے تو دشمن سے امان میں رہے اور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ دوسری آیت اُس آدمی کے لیے ہے جو کسی بھی رنج و غم میں مبتلا ہے۔ اور سختی میں ہے وہ اس کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے تو سختی غم دور ہوجائے گی۔ تیسری اور چوتھی آیت کا ذکر کرنے والوں کو دنیا میں کامیابی ہو اور علاقے میں حکومت کے تمام دنیاوی مطالب پورے ہوں ان کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد اور آیت کے اعداد جمع کر کے اپنے وظیفہ میں صبح اور شام کی نماز کے بعد پڑھے۔ انشاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔

کلمہ طیب کے اسرار مخفی

کلمہ طیب اسلام کا بنیادی رکن ہے۔ اس میں ایمان کی دو صفتیں ہیں پہلی صفت توحید کی ہے اور دوسری صفت رسالت کی ہے۔ اس میں کئی ہزار گنا نوری کرنٹ ہے جو کہ کھربوں وولٹیج کا مالک ہے۔ جس طرح عام بجلی اگر انسان کو ایک منٹ سے پہلے ختم کر دیتی ہے صرف معمولی جھٹکا ہوتا ہے اور اس سے انسان کی جان کند ہوجاتی ہے اور روح پرواز کرجاتی ہے۔ اس طرح ہی اس میں بھی کرنٹ ہے پوری کائنات کا مدار اس پر ہی چل رہا ہے۔ دنیا کی بنیاد بھی اس پر رکھی گئی تھی اس ہی وجہ سے اسلام کا یہ بنیادی رکن ہے۔ حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ افضل ذکر لا الہ الا اللہ افضل دعا الحمد للہ ہے

اس لئے ہی اس کو ترجیح دی گئی ہے۔ حدیث پاک میں وارد ہے کہ جس شخص نے صرف ایک مرتبہ دل لگا کر کلمہ طیب پڑھ لیا تو اس پر جنت واجب ہوگی۔ اگر ایک کافر ساری عمر گناہوں میں اور کفر میں گزار دیتا ہے تو جب اس پر نزع کا وقت آجائے تو وہ سچے دل سے کلمہ طیبہ پڑھ لے تو وہ شخص جنت میں جائے گا اس لئے ہی ہم نے اس کو کھربوں ملین دوملیج کا مالک کہا ہے کہ اگر زندگی میں صرف ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے تو پوری زندگی کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں یعنی کہ کلمہ شریف کی دوملیج سے جل جاتے ہیں۔ کلمہ شریف میں اتنی زیادہ نور کی بجلی ہوتی ہے اگر عام بجلی انسانی جسم کو ایک منٹ کے اندر تباہ کر دیتی ہے تو نور کی بجلی کی کیا اہمیت ہوگی جو کہ قلم کی نوک سے باہر ہے قلم کی کیا مجال ہے کہ یہ سب کچھ درج کر دے۔ جب حضرت آدمؑ اور حضرت حواؑ کی آپس میں جدائی ہوئی تھی تو صرف یہ ہی بات تھی کہ حضرت آدمؑ نے لوح محفوظ پر خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ ہے حضور پاکؐ کا نام دیکھا یعنی کہ کلمہ طیبہ شجرہ مطہرہ پر لکھا دیکھا جہاں پر پوری کائنات کے نام محفوظ تھے۔ عام مرسلین کے نام درج تھے تو حضرت آدم نے عرض کی یا الٰہی یہ کس ہستی کا نام ہے جو کہ تیری عظمت کے ساتھ لکھا ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے آپ کو منع فرمایا تھا کہ اس شجر کے پاس نہ جانا تو تم کیوں گئے اس بنا پر حضرت آدم اور حضرت حوا کو جنت سے نکال دیا گیا۔ پھر جب حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی تو آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا الٰہی جو نام تیرے نام کے ساتھ یعنی کہ کلمہ طیبہ کے واسطے مجھ کو معاف فرمادے تو آپ کی توبہ قبول ہوئی یہ کلمہ شریف ہی هٰذِهِ شَجَرَةَ تھا۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے مجھے اپنی دو جوتیاں دے کر ارشاد فرمایا اے ابوہریرہؓ میری ان دونوں جوتیوں کو لے جاؤ اور جو شخص بھی تم سے ملے اور وہ کلمہ طیبہ کا زبان سے اقرار کرتا ہو اور دل سے اس کے معنی کی تصدیق کرتا ہو اس کو جنت کی خوشخبری پہنچا دو۔ یعنی وہ مسلمان ہے کیونکہ جنت میں مسلمانوں کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ اونٹ پر سوار تھے اور معاذؓ آپ کے پیچھے بیٹھے تھے اُس وقت آپؐ نے فرمایا "اے معاذؓ اس کے جواب میں معاذؓ نے عرض کیا لبیک یا رسولؐ اللہ آپؐ نے حتیٰ کہ تین مرتبہ فرمایا آپ نے تین مرتبہ عرض کیا تب آپؐ نے تیسری مرتبہ فرمایا جو کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا زبان سے اقرار کرے اور دل سے تسلیم کرے تو اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔ حضرت معاذؓ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسول ﷺ نے فرمایا کہ جنت کی کنجیاں لا الا اللہ کا اقرار کرنا

ہے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ تین چیزیں ایمان کی بنیاد ہیں اگر یہ ہوں تو اس کا ایمان باقی نہ رہے گا جس میں اوّل کلمہ طیبہ ہے۔

کلمہ طیبہ کے معنی

حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ہر مسلمان پر واجب ہے کہ کلمہ طیبہ جو زبان سے کہتا ہے اس کے معنی کو سمجھے اور دل سے یقین کرے اور اس میں کچھ شک نہ کرے اور جب خوب یقین کرلیا اور اس کے دل نے اس پر مضبوطی حاصل کرلی اور اس طرح کا قرار پکڑ لیا کہ کسی طرح شک وشبہ اس میں نہ ہو تو وہ اصل مسلمان ہے میں اس قدر کافی ہے کلمہ طیبہ کے دو حصے ہیں اوّل لا الا اللہ دوسرا حصہ محمد رسول اللہ حضرت امام غزالیؒ کیمیائے سعادت میں یہ معنی لکھتے ہیں کہ اللہ کے سوا اپنی طرف سے کسی کو حکم دینے کا اختیار نہیں۔ صرف اللہ ہی کی ذات ایسی ہے جس کی حکومت، جس کا قانون، جس کے فیصلے تسلیم کئے جائیں۔ حق تعالیٰ خود فرماتا ہے۔ الا لہ الخلق والامر پارہ نمبر 8 جس نے پیدا کیا ہے تو حکومت کرنے کا حق بھی اسی کو حاصل ہے۔ اگر بادشاہ کی اطاعت کی جائے تو محض اس بنا پر کہ اللہ نے اس کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ اطیعو اللہ واطیعو الرسول واولی الامر منکم پارہ نمبر 5 تابعداری کرو اللہ اور اللہ کے رسولؐ کی اور اپنے میں سے اپنے حاکم اور بادشاہ کی۔ کلمہ کے دوسرے جز کے معنی رسالت ہے یعنی کہ حضور پاک ﷺ پہ ایمان لانا ان باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ دین و دنیا میں کلمہ طیبہ کی کیا حیثیت ہے۔ اب ہم کلمہ شریف کے عملیات کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ کلمہ شریف میں کل حروف سات ہیں۔ پہلا حرف لا دوسرا حرف الہ تیسرا حرف الا چوتھا حرف اللہ پانچواں حرف محمد چھٹا حرف رسول اور ساتواں پھر اللہ ہے۔ اس طرح ہی ہفتہ کے سات دن ہیں۔ ہفتہ کے دن پیر منگل بدھ جمعرات جمعہ ہفتہ اور اتوار اس طرح ہی سات آسمان ہیں ہر آسمان کا تعلق کلمہ طیبہ کے ایک جز سے ہے۔ اس طرح ہی سات زمینیں ہیں ان کا تعلق بھی کلمہ طیبہ کے ایک ایک جز سے ہے اس طرح ہی سات ستارے بڑے ہیں ان کا ہر ایک کا تعلق بھی کلمہ طیبہ کے ایک ایک حرف سے ہے۔ لہٰذا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کلمہ شریف کا ذاکر سات آسمانوں سات زمینوں سات دنوں اور سات رنگوں کو اپنا تابع بنا سکتا ہے بلکہ یہ تمام ذاکر کے تابع ہوجاتے ہیں۔ اس کے تابع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اپنے نام کے اعداد لے کر ان کو تین گنا کریں پھر کلمہ شریف کے کل اعداد 619 اس میں جمع

کریں پھر اس طرح ہر حرف کے علیحدہ علیحدہ اعداد بنالیں اور پھر دن کے اعداد شامل کرلیں۔ ہم مثال کے طور پر آپ کے گوش گزار کرتے ہیں۔ مثلاً ایک آدمی کا نام محمد ہے اس کے کل اعداد 565 ہیں ان کو تین سے ضرب دیں تو کل اعداد ہوئے 1695 اعداد پھر اس میں کلمہ شریف کے اعداد 619 جمع کیے تو کل اعداد 2314 ہوگئے پھر اس میں پیر کے دن کے اعداد جمع کریں اس طرح یہ کل اعداد 2526 ہوگئے پھر اس میں کلمہ کے حرف ''لا'' کے 31 عدد جمع کریں تو کل اعداد کا مجموعہ 2557 ہوگئے ہیں اس طرح ہی ہر دن کے عدد اور ہر کلمہ کے حرف کے عدد علیحدہ علیحدہ جمع کرلیں پھر اس کے مطابق عمل شروع کریں یہ عمل اس دن شروع کرنا ہوگا جس دن چاند بدھ کو چڑھے اور جمعرات کم ہو اور جس والے دن دن چاند کی پانچ تاریخ ہو۔ پیر کے دن سے عمل شروع کریں۔ پہلا ہفتہ سات دن کے لیے نام 3x+ اعداد کلمہ شریف + دن + کلمہ کا حرف کل اعداد کے مطابق ایک ہفتہ سات دن پورے کریں پھر اس طرح ہی دوسرے ہفتہ کا عمل کریں یعنی کہ نام 3x+ اعداد کلمہ شریف + دن + کلمہ شریف کا دوسرا حرف اس طرح پھر ایک ہفتہ پورا پڑھیں پھر دوسرے حرف کو پھر تیسرے حرف کو حتیٰ کہ ہر ہفتہ کلمہ شریف کے اگلا حرف کے اعداد شامل کرتے رہیں اس طرح کلمہ شریف کے سات حرف ہیں اور آپ کے بھی سات ہفتے لگیں گے پھر جب سات ہفتے پورے ہوجائیں تو پھر آٹھواں ہفتہ اس طرح پڑھیں نام 3x+ اعداد کلمہ شریف 3x+ کل اعداد کلمہ شریف یہ عمل پھر سات دن کریں اس طرح پڑھیں نام 3x+ اعداد کلمہ شریف +3+ کل اعداد کلمہ شریف یہ عمل پھر سات دن کریں اس طرح آپ کے آٹھ ہفتے پورے ہوجائیں گے۔ نویں ہفتہ پھر نام 3x جمع اعداد کلمہ شریف اس کے مطابق پڑھیں۔ اس کے تمام پڑھنے کا ثواب تمام انبیاء اولیا تمام مسلمانوں مرد عورت کو بھیج دیں اور کچھ چیز مٹھائی وغیرہ تقسیم کریں تو انشااللہ آپ کی منزل پوری ہوجائے گی۔ منزل پوری ہونے پر ایک سفید نور کا ہالہ آپ کے گرد چکر لگائے گا اگر دوران منزل کوئی سفید ہالہ نہ آئے تو پھر آپ کی روحانی منزل شروع نہیں ہوئی ہے پھر دوبارہ آپ شروع کریں پرہیز جلالی جمالی رکھا جائے تو پھر سونا پہ سہاگہ والی بات ہوگی۔

لیکن جاہل لوگ اس کی قدر کیا جانے یہ کیا لکھا ہے۔ یہ جو طریقہ ہم نے لکھا ہے یہ سارا الہامی ہے اس لئے طالب دنیا کے لیے کرنا دشواری پیدا کر دے گا اور منزل کٹھن ہوجائے گی۔ اس منزل کے رموز جاننے کے لیے دل گردہ سے کام لینا ہوگا جب منزل ہوجائے تو پھر کسی کے آگے ذکر نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ''یہ بیضا لیے پھرتے ہیں اپنی

جیبوں میں''

اس لئے کہ ہر ہاتھ ملانے والا دوست نہیں ہوتا ہے اور یہ پھر ایک روحانی محفل روحانی چال اور الہامی جدول ہے جس کا ہر کوئی طالب ہوسکتا ہے مگر حاسد بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ صرف حاسدوں سے بچنے کے لیے ہی اس کا ذکر نہیں کرنا چاہیے۔ اس کے پاس ہونے پر انسان کے جملہ اندام روشن ہوجاتے ہیں تو جب انسان کو روشنی مل جائے تو پھر انسان عرش عظیم سے لے کر تحت الثریٰ تک دیکھ سکتا ہے جس کے بارے میں حضرت علامہ اقبالؒ اپنے کلام میں فرماتے ہیں کہ۔

دل بینا بھی کر خدا سے طلب
آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

نقش کلمہ طیبہ

اس سے پہلے بھی ہم نے ذکر کیا تھا کہ کلمہ طیبہ کے ساتھ ہی کل کائنات کا وجود قائم ہے۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے بھی پہلے کلمہ طیبہ وجود میں آیا تھا۔ کلمہ طیبہ کے لاکھوں نہیں کروڑوں فائدے ہیں جو کہ قلم کی نوک لکھنے سے عاجز ہے۔ لیکن یہاں ہم صرف چیدہ چیدہ باتیں واضح کررہے ہیں جو کہ عام فہم لوگوں کی سمجھ میں آجائیں ورنہ اس کے اسرار مخفی ہر آدمی کے بس کی بات نہیں اور ہے زندگی نے ساتھ دیا تو انشاء اللہ اپنی دوسری تصنیف جو کہ تصوف پر ہی لکھی جارہی ہے۔ اس کا نام مفتاح العرش یعنی عرش کی کنجی نام ہے۔ اس تصنیف میں مکمل طور پر کلمہ شریف کا ذکر آئے گا۔ اس کتاب میں صرف عامل بننے کے لیے عملیات لکھے گئے ہیں چند ایک عملیات جن کا وجود فنا فی الشیخ فنا فی وجود فنا فی الرسول فنا فی غوث اور فنا فی اللہ ان کا ذکر بھی اس میں پوشیدہ ہے مگر تلاش کرنے والے خدا تعالیٰ کو بھی تلاش کر لیتے ہیں یہ کتاب چہ معنیٰ۔

چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ ''من قال لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ دخل الجنۃ۔ ہم صرف اس نعمت کی بنا پر اس کتاب میں درج کررہے ہیں مگر عقل والوں کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے اور اس فقیر الحقیر سے فائدہ حاصل کر کے دعائیں عطا فرمائیں۔

یہاں پر کلمہ طیبہ کے نقش کے چند فائدے لکھ رہے ہیں لیکن اس نقش کی تعریف بھی ہم نہیں کر سکتے ہیں۔ اس کے فائدے ہر چھوٹے بڑے پر واضح ہیں۔ اس کی لذت

صوفیائے اکرام کے دلوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے وہی اپنے فضل سے اس کی لذت ہر مسلمان کے دل کو نصیب کرے۔ یہ نقش جس شخص کے پاس ہوگا اس کو چھ سو بیس موکل یعنی کہ کلمہ شریف کے فرشتے اپنی حفاظت میں لیے رہتے ہیں اور اس کی حفاظت اور آرام و آسائش کے لیے اس کے ساتھ رہتے ہیں اور روزی فراخ ہوتی ہے، ایمان محفوظ رہتا ہے۔ شیطان اس پر قابو نہیں پا سکتا ہے۔ اگر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دھو کر پلائیں تو صحت کامل مل جاتی ہے۔ اگر بازو یا گلے میں باندھ کر دشمن کے مقابلے میں جائے تو فتح پائے اور سلامت رہے انشا اللہ۔

حضور اکرم ﷺ کی پشت مبارک پر جو مہر نبوت تھی وہ صرف کلمہ طیبہ لکھا ہوا تھا اگر چالیس روز تک چالیس عدد نقش باوضو لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے یا مچھلیوں کو کھلائے تو اس کی تسخیر جاری ہوجائے گی اور بفضل خدا حضور اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا مگر یقین کامل کا ہونا ضروری ہے۔ پھر اس کے نقش کا عامل بن جائے گا۔ کسی سخت مشکل کے لیے 41 عدد نقش لکھ کر میٹھے آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلائیں تو سخت سے سخت ترین کام آسان ہوگا۔

دشمن کو کسی طریقہ پر یہ نقش تین دن پانی میں گھول کر پلائیں تو انشا اللہ دشمن تابعدار ہوگا۔ اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہو تو اور میاں بیوی آپس میں محبت نہ کرتے ہوں تو دونوں میں سے کوئی بھی اپنے پاس نقش رکھے یا پھر ایک عدد وزن کے نیچے رکھیں۔ اگر پلا سکیں تو پھر چینی پر دم کر کے اور نقش کو پانی میں گھول کر دونوں پئیں انشا اللہ فائدہ ہوگا اور نقش کی پشت پر دستور العمل کے مطابق نام طالب مطلوب لکھے بمعہ والدہ کے نام بھی لکھے انشا اللہ اتفاق پیدا ہوگا۔ حتیٰ کہ آپ جس مطلب کے لیے بھی لکھیں گے کامیاب ہوں گے۔ پورا اثر ہوگا۔ لیکن اس عمل کی پہلے زکوٰۃ ضروری ہے۔ نقش زکوٰۃ کے بغیر کام نہ کرے گا۔ یہاں پر دونوں نقش عدد اور حرفی لکھے جاتے ہیں دونوں کے فائدے یکساں ہیں خواہ کوئی بھی استعمال کر سکتے ہیں بیک وقت دونوں اکٹھے بھی کئے جاسکتے ہیں۔ نو چندی اتوار کو فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد نقش لکھنا شروع کریں اور نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا اچھا وقت بھی نماز فجر ہے۔ بعد نماز عشاء بھی زکوٰۃ کے لیے لکھے جاسکتے ہیں۔ اس وقت کی پابندی بہت ضروری ہے۔ باقی اگر اجازت مل گئی تو آئندہ صفحات میں مزید لکھیں گے۔

میکائیل ۷۸۶

۱۵۴	۱۵۸	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۹
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۶	۱۵۲
۱۵۷	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

جبرائیل — عزرائیل — اسرافیل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا	الہ	الا	اللہ
الہ	الا	اللہ	محمد
الا	اللہ	محمد	رسول
اللہ	محمد	رسول	اللہ

میکائیل — جبرائیل — اسرافیل — عزرائیل

وسعت رزق کیلئے نایاب عمل

یہ عمل ہمارا ذاتی تجربہ ہے بہت نایاب عمل ہے۔ اس کا وظیفہ رکھنے والے کو رزق کی تنگی نہیں آتی ہے اگر آپ اس کا چلہ کرلیں تو پھر بہت ہی کامیاب ہے۔ اس کے چلہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ روزانہ 2146 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں اور تین ماہ کے لیے چلہ کریں انشا اللہ تین ماہ کے اندر اندر قرضہ سے نجات مل جائے گی رزق کی کشادگی ہوگی۔ غائبانہ روزی کے لیے ایک سال تک روزانہ اپنے نام کے اعداد جمع کر کے پڑھیں اس میں پرہیز کی کوئی ضرورت نہیں ہے مگر ناغہ نہ ہونے پائے ورنہ عمل اکارت جائے گا۔ انشا اللہ سال کے اندر اندر امیر و کبیر ہوجائیں گے۔ عمل ربیع الثانی کی پہلی جمعرات یا نو چندے اتوار شروع کریں۔ وظیفہ کے طور پر جس وقت مرضی شروع کریں اگر تین ماہ جاری رکھنا ہے تو پھر ربیع الثانی میں شروع کریں۔ بہت مجرب ترین عمل ہے۔ آزمائش شرط ہے اس کے پڑھنے سے دنیا کی ہر قسم کی تنگی دور ہوگی خاص کر جب رزق کی تنگی ختم ہوگی تو پھر ہر تکلیف دور ہوجائے گی۔ اگر آپ نے ایک سال کے لیے شروع کرنا ہے تو پھر اپنے پیر اُستاد سے اجازت لے کر جب چاہیں شروع کریں اس کا کم سے کم چلہ تین ماہ کا ہے یعنی کہ 90 دن کا عمل ہے۔ عمل یہ ہے۔

یَابَاسِطُ یَاوَھَابُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ بحق یا جبرائیل یا دردائیل

ہر قسم کی بندش کرنے کے لیے

یہ عمل میرے اُستاد محترم حافظ عبدالحمید سجاد صاحب کا مجرب ہے اس عمل سے آپ ہر کوئی کام باندھ سکتے ہیں مگر کسی کے کاروبار میں رکاوٹ ڈالنا منافق لوگوں کا کام ہوتا ہے مگر حافظ صاحب نے کسی ناجائز کام کے لیے استعمال نہیں کیا۔ کیونکہ آپ شریعت کے

عین مطابق عمل کیا کرتے ہیں۔ آپ زیادہ تر فصل کو چوہوں سے بچانے کے لیے زمین یعنی کہ فصل میں دبا دیتے تھے۔ بارش، اندھیری، قوت باہ، بچہ دانی، انجن، موٹر، دکان کاروبار ہر قسم کے لیے بہت مجرب عمل ہے۔ اس سے آپ ہر طرح کی بندش کا کام لے سکتے ہیں حتیٰ کہ نکاح بھی باندھا جاسکتا ہے مگر مسلمان لوگوں کے لیے کرنا حرام ہے۔ اس عمل کو قابو میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ جب سورج گرہن ہو تو 513 مرتبہ سورج کی طرف منہ کر کے لکھیں اور لکھتے وقت دل میں پاکیزگی ہونا ضروری ہے۔ باتیں نہیں کرنی چاہیے خاموش ہو کر تعویذ کی زکوٰۃ ادا کریں پانچ سو تیرہ مرتبہ لکھنے کے بعد ہر روز صرف تیرہ مرتبہ لکھتے رہیں عمل جاری رہے گا۔ اگر آپ حروف شمسی کے تحت 4515 مرتبہ سورج گرہن کے وقت لکھ لیں تو پھر ساری عمر کے لیے یہی زکوٰۃ کام دے جائے گی۔ اس عمل کے کرنے کے لیے ہمارے سے اجازت ضروری ہے تاکہ ہم بندہ کی ضرورت دیکھ کر اجازت عطا کریں۔

عمل یہ ہے۔

احد رسص طعك لموه

لکھتے وقت الفاظ اس طرح لکھیں اح درس ص ط ع ک ل م و ہ اگر لکھتے وقت کوئی بھی خیال دل میں آگیا تو پھر عمل اکارت جائے گا۔

عمل لاکھوں میں ایک

اس عمل کا ذکر ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں صفحہ نمبر 20 پر ہزاروں وظیفوں کا ایک وظیفہ کے طور پر لکھا ہے مگر ہم نے اس ہی عمل کو یہاں ''لاکھوں میں ایک لکھا'' ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ عمل واقعی ہزاروں کی بجائے لاکھوں میں ایک ثابت ہوا ہے۔ بندہ ناچیز نے ذاتی طور پر اس عمل کو بہت سارے طریقوں پر زکوٰۃ دے کر آزمائش کی ہے ہر طرح کی زکوٰۃ سے یہ عمل مجرب سے مجرب ترین ہوتا گیا ہے۔ مگر اس عمل کو کرنے کے لیے بندہ ناچیز سے اجازت ضروری ہے کی اس لیے کہ یہ ہمارا ہی صرف ذاتی تجربہ ہے آپ کو اس کے مقابل یہ عمل کسی اور کتاب میں نظر نہیں آئے گا۔

ہم سے اجازت لینے کا مقصد صرف یہ ہی ہے کہ بندہ کی قابلیت کے مطابق اس کی اجازت دی جائے گی کیونکہ جہاں یہ عمل فائدہ دیتا ہے وہاں کافی نقصان دہ ثابت بھی ہوا ہے۔ یہ صرف ہمارے بزرگوں اور اُستادوں کی مہربانی ہے کہ نقصان دہ ہونے کے

باوجود بھی ہم اس کے نقصان سے بچے رہے ہیں۔ اس لئے ہم سے اس کی اجازت ضروری ہے۔ اس عمل کو ہم نے جس طریقے پر زکوٰۃ ادا کی ہے وہ سارے طریقے درج کر دیئے ہیں تاکہ ہر آدمی کی سمجھ میں آجائے۔

پہلا طریقہ

طریقہ یہ ہے کہ مکمل پرہیز جلالی اور جمالی کے ساتھ نوچندی جمعرات یا بدھ کو شروع کریں پہلے دن ایک تسبیح دوسرے دن دو تسبیح اس طرح ہر روز ایک تسبیح بڑھاتے جائیں تسبیح 41 تسبیح پر پہنچ کر پھر ہر روز ایک تسبیح کم کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ مکمل 82 دن کریں اور آخر میں آکر ایک تسبیح پر آجائے۔ یہاں آکر ختم کر دیں اور موکلوں کے نام کی نیاز دیں۔ عمل شروع کرتے وقت سوا کلو چینی پاس رکھیں پانی کا گلاس پاس رکھیں پڑھنے کے بعد پانی پر پھونک ماریں اور پانی روزانہ تازہ پئیں چینی پر ہر روز پھونک مارتے رہیں جب چلہ ختم ہو تو پھر اس چینی میں ایک من چینی اور ملا لیں اچھی طرح مکس (Mix) کریں پھر ہر قسم کی مرض والے کو کھانے کے لیے دیتے رہیں۔ یہ طریقہ صرف ایک سال تک کام دے گا ایک سال تک اس عمل کا اثر رہے گا۔ سال بعد دوبارہ عمل کرنا پڑے گا۔ روزہ بھی رکھنا ہوگا۔

دوسرا طریقہ

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھیں روزہ رکھیں پرہیز جلالی جمالی کر کے 365 دن عمل پڑھیں ساتھ چینی بھی رکھیں پانی بھی رکھیں۔ اس طرح اس کی زکوٰۃ تین سو پینسٹھ دنوں میں کل تعداد چار لاکھ پندرہ ہزار مرتبہ ہو جائے گی۔ اس عمل کے دوران آپ 150 دن بعد کام لینا شروع کر دیں اگر آپ ناغہ کر دیں گے تو پھر عمل اکارت جائے گا بلکہ کام سیدھا ہونے کی بجائے اُلٹا ہو جائے گا۔ اگر آپ چھ ماہ بعد عمل سے کام لینا شروع کر دیں تو پھر اگلے دنوں میں ناغہ نہ ہونے پائے۔

تیسرا طریقہ

یہ ہے کہ آیت کے اعداد 1263 کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق ضرب دیں جو حاصل ضرب ہو اس کے مطابق ہر روز بعد نماز عشاء پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ کل گیارہ دن وظیفہ جاری رکھیں۔ گیارہ دن کے بعد عمل کو کام میں لائیں عشاء کے بعد شروع کرنے سے لے کر جب تک کل تعداد ختم نہ ہو پڑھتے رہیں صرف فجر اگر ہو جائے تو نماز

ادا کرنے کے بعد دوبارہ پھر شروع کریں۔ گیارہ دن مکمل طور پر ایک جگہ پر ہی رہیں کھانا نہ کھائیں اگر گزارہ ہوسکتا ہے تو پھر ٹھیک ہے ورنہ کسی پاکیزہ عورت یا پھر کسی پاکباز مرد سے کھانا تیار کروا کر کھائیں اگر خود تیار کر سکتے ہیں تو پھر خود تیار کریں پھر عمل شروع کریں۔ انشا اللہ گیارہ دن بعد عمل مکمل طور پر ہاتھ آجائے گا مگر براہ راست مل کر ہمارے سے اجازت لینا ضروری ہے کیونکہ اس عمل کا عامل ابھی تک کوئی بھی نہیں ہے اس طریقہ کی زکوٰۃ ادا کرنے سے عمل گیارہ سال تک جاری رہے گا مگر ہر صورت میں وظیفہ کے طور پر بعد نماز عشاء ضرور پڑھتے رہا کریں اس کا اثر کامل طور پر قبضہ میں رہے گا۔ اس عمل کے فائدے تحفۃ الگیلانی حصہ اوّل میں درج ہیں مگر چند ایک اس میں بھی درج کئے دیتے ہیں۔

پہلا فائدہ

اس عمل کے جاری ہونے سے آپ کی زبان سیف الرحمان بن جائے گی یعنی کہ خدا تعالیٰ کے امر سے ننگی تلوار جو کچھ آپ منہ سے نکالیں گے وہ فوراً ہی پورا ہوجائے گا۔ لیکن ہر ناجائز کام کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ اپنی زبان کو مکمل طور پر اپنے قبضہ میں رکھنا ہوگا کیونکہ آپ جو کچھ منہ سے نکالیں گے فوراً پورا ہوجایا کرے گا لوگوں سے گفتگو کم کریں لوگوں سے میل جول کم رکھیں صرف مطلب کی بات کریں اور نماز پنجگانہ ادا کرتے رہیں۔ اس کے کرنے سے آپ کاملوں کی پہلی سٹیج پر پہنچ جائیں گے انشا اللہ لیکن راز راز ہی رکھیں۔

دوسرا فائدہ

جب آپ اس کے عامل بن ہی جائیں گے تو پھر آپ کی زبان سیف ہوجائے گی تو پھر آپ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں کہ خدا تعالیٰ آپ کے لطائف ستہ جاری کر دے کیونکہ آپ کی زبان سیف ہوگی آپ کی دعا قبول ہوگی۔ جب آپ کی زبان سیف ہوجائے گی تو پھر اب آپ کے لطائف بھی جاری ہوجائیں گے۔ جب آپ کے لطائف جاری ہوں گے تو آپ پہلے صاحب قال تھے اب آپ صاحب حال ہوں گے اور آپ کو کشف ہونا شروع ہوجائے گا۔

نوٹ

لطائف ستہ کی معلومات کیلئے براہ راست ملنا ضروری ہے

تیسرا فائدہ

جب آپ صاحب کشف ہوجائیں گے تو پھر سب سے پہلے آپ بذریعہ کشف اہل قبور کے حال دریافت کر سکتے ہیں لیکن کامل لوگوں کی قبروں پر کشف نہ کریں ہوسکتا ہے کہ وہ کشف میں آپ سے زیادہ ہوں اگر آپ کے کشف سے زیادہ کشف والے ہوئے تو پھر آپ کا کشف سلب ہوجائے گا بہتر ہے کہ آپ غیر معروف قبروں والوں سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کو ظاہری طور پر نہ ملیں خواب کی حالت میں یا مراقبہ کی حالت میں آپ سے ملاقات کریں گے۔ اگر آپ نے کسی کامل مرد کے ہاتھوں بیعت کی ہے تو پھر آپ کو ظاہری طور پر بھی مل سکتے ہیں۔ صاحب کشف ہونے کے لیے طریقہ نمبر 3 اپنانا ضروری ہے۔ کشف ہونے پر آپ ہر آنے والے آدمی کے دل کی بات سمجھ جایا کریں گے اور ہر آدمی کو اس کے مطلب کے مطابق اور زندگی کے متعلق بتا سکتے ہیں۔ مگر دکانداری چمکانا منع ہے دن میں صرف ایک دو یا حد تین آدمیوں کو آپ بذریعہ کشف بتا سکتے ہیں۔

چوتھا فائدہ

کشف کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ مکمل طور پر باپرہیز رہیں نماز پنج گانہ ادا کرتے رہا کریں۔ صبح اٹھ کر ہر روز غسل کریں مجامعت سے پرہیز کریں ہفتہ میں ایک بار مجامعت کریں عام لوگوں سے ملاقات کم کریں اور آیت مقدسہ کا ذکر کرتے رہا کریں۔ چوتھا فائدہ یہ ہے کہ اس آیت مبارک کے نقوش مربع بنائے گئے ہیں آپ ان نقوش سے ظاہر طور پر مخلوق خدا کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ آپ نے اگر آیت کا چلہ نہیں کیا ہے تو پھر آپ ہر نقش کی علیحدہ علیحدہ زکوٰۃ ادا کریں اس کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز فجر 225 عدد نقش لکھیں پھر ان تعویذات کو علیحدہ علیحدہ کر کے آٹے میں گولیاں بنائیں پھر نہر کے پانی میں پھینک دیں یا ویسے بھی آپ ایک ایک تعویذ پانی میں بہائیں

لیکن بہتر طریقہ آٹے میں گولیاں بنا کر بہانا ہے۔ اگر آپ پانی میں تعویذ بہائیں گے تو پھر نقش کا خیال رکھیں کہ کوئی نقش پانی کے بہاؤ کی مخالف سمت رواں ہوجائے گا جو رواں ہوجائے تو اس کو فوری طور پر آپ اپنے قبضہ میں لے لیں پھر اس نقش کو اپنے گلے میں خالص چاندی کی تختی میں بند کروا کر اپنے پاس رکھیں انشا اللہ نقشوں کا فیض جاری ہوجائے گا۔ زکوٰۃ کے بغیر بھی نقش کام کر جاتے ہیں کیونکہ بندہ ناچیز نے ان تعویزات پر کافی محنت سے کام کیا ہے مگر آپ لوگوں کا فیض عام بھی جاری ہو سکے گا اگر آپ زکوٰۃ ادا نہ کریں تو لیکن اس طرح بعض مرتبہ مایوسی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نقش کا کام کرنے کے لیے آپ ساتھ ساتھ آیت کا وظیفہ بھی ساتھ رکھیں انشا اللہ ہر طرح سے مکمل فیض جاری ہوگا۔ آیت مبارک بمعہ موکلات درج کرتے ہیں آپ بغیر موکلات کے پڑھنا چاہیں تو پڑھ سکتے ہیں یا اگر بمعہ موکلات پڑھیں تو پھر بھی کوئی بات نہیں ہے۔ عام عامل لوگ دو طرح کے موکلات تیار کرتے ہیں۔ ہم نے دونوں درج کرنے کا ارادہ کیا ہے تاکہ جس طرح عامل کو آسانی ہو کر سکتے ہیں۔ باموکلات آیت مبارک یہ ہے۔ پہلا طریقہ: اَجب یا اسرائیل واَلله اَشد یاجبرائیل بأساً وَّاَشدُ یا عزارائیل تنکیلا o یَاہمواکیل بحق یَابدوح o

دوسرا طریقہ:

یا اجب یَاجبرَائیل وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاء ساً وَّاَشَدُّ تَنکِیلًا o یاعزرائیل یا اسرائیل یا ہمواکیل یادردائیں بحق یا بدوح

اس آیت کے نقوش اگلے صفحات پر درج کئے جاتے ہیں ان نقوش میں آیت کے موکلات کے ناموں کے اعداد بھی شامل ہیں۔ نقش تیار کرتے وقت فلاں بن فلاں اور موکلات کے نام ضرور لکھیں کیونکہ ان نقوش میں موکلات کے اعداد شامل ہیں۔ ہر نقش مربع کی چال اپنے ذہن میں رکھیں پھر سائل کا مسئلہ پوچھیں۔ سائل کے مسئلہ کے مطابق کی چال تلاش کریں۔ پھر نقش لکھیں تاکہ مکمل طور پر فائدہ حاصل ہو اگر آپ چال کے بغیر نقش دیں گے تو فائدہ نادارد چال نمبر ایک کا نقش

چال نمبر 1 کا نقش

۷۸۶

۷۰۷	۷۱۱	۷۱۴	۷۰۰
۷۱۳	۷۰۱	۷۰۶	۷۱۲
۷۰۲	۷۱۶	۷۰۹	۷۰۵
۷۱۰	۷۰۴	۷۰۳	۷۱۵

چال نمبر 2 کا نقش

۷۸۶

۷۰۶	۷۱۲	۷۱۳	۷۰۱
۷۱۴	۷۰۰	۷۰۷	۷۱۱
۷۰۳	۷۱۵	۷۱۰	۷۰۴
۷۰۹	۷۰۵	۷۰۲	۷۱۶

چال نمبر تین کا نقش

۷۸۶

۷۰۴	۷۱۶	۷۰۱	۷۱۱
۷۱۰	۷۰۲	۷۱۳	۷۰۷
۷۱۵	۷۰۵	۷۱۲	۷۰۰
۷۰۳	۷۰۹	۷۰۶	۷۱۴

چال نمبر چار کا نقش

۷۸۶

۷۰۳	۷۱۵	۷۱۰	۷۰۴
۷۰۹	۷۰۵	۷۰۲	۷۱۶
۷۰۶	۷۱۲	۷۱۳	۷۰۱
۷۱۴	۷۰۰	۷۰۷	۷۱۱

چال نمبر پانچ کا نقش

۷۸۶

۷۰۴	۷۱۰	۷۱۵	۷۰۳
۷۱۶	۷۰۲	۷۰۵	۷۰۹
۷۰۱	۷۱۳	۷۱۲	۷۰۶
۷۱۱	۷۰۷	۷۰۰	۷۱۴

چال نمبر چھ کا نقش

۷۸۶

۷۱۰	۷۰۴	۷۱۶	۷۰۲
۷۱۵	۷۰۳	۷۰۹	۷۰۵
۷۰۰	۷۱۴	۷۰۶	۷۱۲
۷۰۷	۷۱۱	۷۰۱	۷۱۳

چال نمبر سات کا نقش

۷۸۶

۷۰۴	۷۱۰	۷۱۵	۷۰۳
۷۱۶	۷۰۲	۷۰۵	۷۰۹
۷۰۱	۷۱۳	۷۱۲	۷۰۶
۷۱۱	۷۰۷	۷۰۰	۷۱۴

چال نمبر آٹھ کا نقش

۷۸۶

۷۰۶	۷۱۴	۷۰۳	۷۰۹
۷۱۲	۷۰۰	۷۱۵	۷۰۵
۷۱۳	۷۰۷	۷۱۰	۷۰۲
۷۰۱	۷۱۱	۷۰۴	۷۱۶

چال نمبر نو کا نقش

۷۱۵	۷۰۵	۷۱۲	۷۰۰
۷۰۳	۷۰۹	۷۰۶	۷۱۴
۷۰۴	۷۱۶	۷۰۱	۷۱۱
۷۱۰	۷۰۲	۷۱۳	۷۰۷

چال نمبر دس کا نقش

۷۸۶

۷۱۶	۷۰۲	۷۱۰	۷۰۴
۷۰۹	۷۰۵	۷۱۵	۷۰۳
۷۰۶	۷۱۲	۷۰۰	۷۱۴
۷۰۱	۷۱۳	۷۰۷	۷۱۱

چال نمبر گیارہ کا نقش

۷۸۶

۷۱۰	۷۰۴	۷۰۳	۷۱۵
۷۰۲	۷۱۶	۷۰۹	۷۰۵
۷۱۳	۷۰۱	۷۰۶	۷۱۲
۷۰۷	۷۱۱	۷۱۴	۷۰۰

چال نمبر بارہ کا نقش

۷۸۶

۷۱۱	۷۵۷	۷۰۰	۷۱۴
۷۰۱	۷۱۳	۷۱۲	۷۰۶
	۷۰۲	۷۰۵	۷۰۹
۷۰۴	۷۱۰	۷۱۵	۷۰۳

چال نمبر تیرہ کا نقش

۷۸۶

۷۱۴	۷۰۶	۷۰۹	۷۰۳
۷۰۰	۷۱۲	۷۰۵	۷۱۵
۷۰۷	۷۱۳	۷۰۲	۷۱۰
۷۱۱	۷۰۱	۷۱۶	۷۰۴

چال نمبر پندرہ کا نقش

۷۸۶

۷۱۴	۷۰۰	۷۰۷	۷۱۱
۷۰۶	۷۱۲	۷۱۳	۷۰۱
۷۰۹	۷۰۵	۷۰۲	۷۱۶
۷۰۳	۷۱۵	۷۱۰	۷۰۴

چال نمبر چودہ کا نقش

۷۸۶

۷۱۶	۷۰۲	۷۱۰	۷۰۴
۷۰۹	۷۱۶	۷۰۵	۷۱۵
۷۰۶	۷۱۲	۷۰۰	۷۱۴
۷۰۱	۷۱۳	۷۰۷	۷۱۱

چال نمبر سولہ کا نقش

قیدی کی رہائی کے لیے

یہ عمل میرے بزرگ استاد محمد حسین عرف بندو خان آف بھوجن شاہ دیپالپور کا عطا کردہ ہے۔ انہوں نے اس عمل کی بہت تعریف فرمائی تھی۔ آپ فرماتے تھے کہ قیدی کی رہائی کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء اور بعد نماز فجر عمل کو کام میں لائیں انشا اللہ 21 دن کے اندر یا ایک دو پیشی کے دوران ہی قیدی کو رہائی مل جائے گی۔ اگر کوئی سزائے موت ہو گیا ہو یا عمر قید کی سزا بھگت رہا ہو تو اس کے لیے یہ عمل تین ماہ تک کارگر ثابت ہو جاتا ہے۔ یا پھر جب سے قیدی کو قید میں ڈال دیا گیا ہو تو اس وقت سے ہی شروع کر دے خاص وقت اس کا تہجد اور عشاء ہے۔ اس کے علاوہ اگر آپ پنجگانہ ادا کرتے رہیں اور ہر نماز کے بعد پڑھتے رہیں اور تہجد کے وقت بھی پڑھتے رہیں تو زیادہ کارگر ثابت ہوگا۔ عمل یہ ہے کہ اوّل 63 مرتبہ درود ابراہیمی پھر 63 مرتبہ یَاعَلِیْمُ یَاحَکِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ پڑھیں پھر بعد میں سورۃ فاتحہ 11 مرتبہ پڑھیں اور پھر 63 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر قیدی اپنی رہائی کے لیے دعا کرے انشا اللہ قبول ہوگی اور جلدی رہائی مل جائے گی۔

سورۃ اخلاص ہر کام کے لیے مجرب عمل

ہم یہاں پر سورۃ اخلاص کا مجرب ترین عمل درج کرتے ہیں جو کہ ہر کام کے لیے کافی مجرب عمل ہے اس سے آپ بہت سارے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر طرح کے مقصد کے لیے کامیاب ہے۔ مثلاً رزق کی تنگی، دوستی، دشمنی موکلات کو حاضر کر کے کام لینا حتیٰ کہ آپ ہر طرح سے ان سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ میں نے بذات خود یہ عمل تین ماہ کے لیے کیا تھا۔ اگر آپ اس کو اپنا معمول بنالیں تو پھر کیا ہی بات ہے۔ اثرات عمل آپ خود تجربہ کر لیں آزمائش شرط ہے۔ پڑھنے کا طریقہ ہے کہ جلالی پرہیز کریں مثلاً مچھلی، انڈا گوشت، کچالہسن، پیاز مولی سے مکمل پرہیز کریں۔ ایک ہفتہ اس طرح پڑھیں کہ پہلے دن قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھیں دوسرے دن جنوب کی طرف منہ کریں تیسرے دن مشرق چوتھے دن شمال پانچویں روز پھر قبلہ کی طرف چھٹے روز جنوب ساتویں روز مشرق پھر ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھتے رہیں انشا اللہ بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم قل ھو اللہ احد اجب یا جبرئیل اللہ الصمد اجب یا اسرافیل لم یلد ولم یولد اجب یا عزرائیل ولم یکن لہ

کفوًا احد اجب یا میکائیل۔

نقش مخمس نادعلی کبیر

یہ نقش نادعلی کبیر سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کا ایک مخصوص وقت لکھنے کا ہے۔ وہ وقت ہے شرف زہرہ۔ زہرہ کو سال میں ایک مرتبہ شرف آتا ہے۔ اس وقت زہرہ کی پہلی ساعت میں لکھیں نقش لکھنے کا طریقہ یہ ہے۔ اعداد نادعلی کبیر 49650 میں اپنے اعداد نام جمع والدہ جمع کریں پھر 65 تفریق کریں اور پانچ پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں اگر ایک بچے تو پھر خانہ اکیس میں اگر دو بچے تو پھر خانہ سولہ میں اگر تین بچے تو پھر خانہ گیارہ میں اور اگر چار بچے تو خانہ چھ میں ایک عدد اضافہ کر کے لکھیں یا کوئی آیت کے یا اسم تعالیٰ میں کوئی اسم جمع کرلیں تاکہ پورے پورے تقسیم ہوجائیں پھر نقش کو تانبہ کی پتری پر کندہ کریں۔ نقش لکھتے وقت صندل سفید ایک تولہ لوبان کوڑیہ 1 تولہ کی بخور پاس جلائیں۔ زہرہ کی پہلی ساعت میں لکھنے سے زیادہ فائدہ دیتا ہے۔ پتری پہلے سے ہی تیار کریں۔ چاندی اور سونے کی تختی پر بھی زیادہ موزوں ہے۔

۷۸۶

۹۹۲۴	۹۹۳۰	۹۹۳۶	۹۹۴۲	۹۹۱۸
۹۹۳۷	۹۹۳۸	۹۹۱۹	۹۹۲۵	۹۹۳۱
۹۹۲۰	۹۹۲۶	۹۹۳۲	۹۹۳۳	۹۹۳۹
۹۹۲۸	۹۹۳۴	۹۹۴۰	۹۹۲۱	۹۹۲۷
۹۹۴۱	۹۹۲۲	۹۹۲۳	۹۹۲۹	۹۹۳۵

جب آپ نقش تیار کر چکے ہوں گے تو پھر اس نقش کے موکل بمطابق اعداد تیار کر کے چاروں کونوں میں لکھیں تاکہ پورا پورا نقش کام کرے۔ اس کے علاوہ زہرہ کی پہلی ساعت میں ہر وقت لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ اس نقش کی پہلے سے زکوٰۃ ادا کر دیں تو پھر نقش زیادہ زود اثر ہوگا۔ ورنہ شرف زہرہ کی ساعت میں بغیر زکوٰۃ کے بھی لکھا جاسکتا ہے۔ اس نقش کو فتح یابی مقدمات تسخیر امرا تسخیر مطلوبہ، کاروبار میں ترقی، رزق کی تنگی اور زبان بندی کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر کسی خاص مطلوب کے لیے ہو تو پھر اس کے نام بمعہ والدہ بھی جمع کرنے ہوں گے۔ مجرب ہے۔

نقش مخمس آیت وَاللّٰہُ اَشَدُّ

جیسا کہ آپ نے آیت مذکورہ کا ذکر پچھلے صفحات پر پڑھا ہے کہ مندرجہ بالا آیت مبارک کتنی خوبیوں کی حامل ہے۔ اس آیت مبارک سے ہم نے بہت سارے فائدے حاصل کئے ہیں۔ یہاں پر ہم نے آیت کا مخمس نقش لکھا ہے جو کہ خاص کر زبان بندی، مطلوب حاضر کرنے کے لیے بہت ہی اچھا ہے۔ اگر کاروبار میں بندش ہو تو پھر بھی مجرب نقش ہے۔ اس کو بھی اگر شرف زہرہ لکھا جائے تو پھر سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ اس کے علاوہ اس نقش کو زہرہ کی پہلی ساعت یعنی کہ جمعہ کے دن طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ تک زہرہ کی ساعت ہوتی ہے۔ اگر آپ نے آیت مبارک کا وظیفہ کیا ہوا ہے تو پھر اس نقش کی زکوٰۃ دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اگر آپ نے وظیفہ کی زکوٰۃ نہیں دی ہے تو پھر آپ اس نقش کو ہر روز 63 مرتبہ لکھیں اور نہر میں آٹے میں گوند کر گولیاں بنا کر پھینک دیں۔ ہر روز بھی پھینک سکتے ہیں یا کوئی دن مخصوص کریں تو آٹھ دن بعد فجر کی نماز کے فوراً بعد نہر میں ڈال دیا کریں۔ نقش کام کرنا شروع کر دے گا اس نقش کی مصنف ہذا کی طرف سے اجازت ہے۔ قائدہ کلیہ اس کا یہ ہے کہ پہلے آیت کے اعداد 1263 میں طالب اور مطلوب کے نام جمع کر کے 65 تفریق کر دیں پھر پانچ پر تقسیم کر کے حاصل ضرب سے شروع کریں کسر کے بارے میں جو مخمس کا طریقہ ہے اس کے مطابق پورا کریں۔ اس میں مزید آیت یا اسم اللہ کے اعداد ملانے کی ضرورت نہیں ہے جو باقی بچے کسر کے مطابق پورا کریں۔ چال مخمس اعداد کے موکل ہم پچھلے صفحات میں درج کر چکے ہیں وہ بھی لکھیں۔ نقش کے چاروں کونوں پر موکلات بنا کر ضرور لکھیں تاکہ مکمل کام کرے۔

چال نقش ۲۴۰

۷۸۶

۲۴۶	۲۵۳	۲۵۹	۲۶۵	۲۴۰
۲۶۰	۲۶۱	۲۴۱	۲۴۷	۲۵۲
۲۴۲	۲۴۸	۲۵۵	۲۵۶	۲۶۲
۲۵۱	۲۵۷	۲۶۳	۲۴۳	۲۴۹
۲۶۴	۲۴۴	۲۴۵	۲۵۲	۲۵۸

اِسم ذَات

اس ذات کے بارے میں ہماری قلم لکھنے سے قاصر ہے کیونکہ اسم ذات خدا تعالیٰ کی ذات سے منسوب ہے اور خدا تعالیٰ کا ذاتی نام ہے۔ خدا تعالیٰ کی شان میں قرآن پاک میں جگہ جگہ ارشادات آئے ہیں مگر پھر بھی خدا تعالیٰ کی صفت کم بیان کی گئی ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی قدرت پوری کائنات کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہے عرش معلیٰ سے لے کر تحت الثریٰ تک خدا تعالیٰ کی قدرت سے قائم ہے۔ اگر ہم خدا تعالیٰ کی قدرت کی تعریف کرنا شروع کر دیں تو ہوسکتا ہے کہ کئی ہزاروں صفحات کی کتاب تیار ہوجائے اور کئی ہزار سال لگ جائیں گے مگر کسی ایک چیز کی بھی ہم صفت نہیں لکھ سکیں گے۔ اسم ذات کے عمل کے طریقے ہر شخص اور ہر عامل نے اپنے اپنے طریقے پر لکھے ہیں مگر ہم نے بھی اپنے طور پر کئی ایک رائج کئے ہیں اور تجربہ کیا ہے انشاء اللہ بہت کامیاب طریقے رہے ہیں۔ یہاں پر صرف خدمت خلق کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ان عملیات کے کرنے کے لیے کسی کامل مرد کی ضرورت ہے۔ ورنہ کامیاب تو ہوں گے مگر فائدے کی بجائے نقصان کا زیادہ امکان ہے اس کے لیے ہمارے ساتھ براہ راست مل کر اجازت طلب کی جاسکتی ہے اگر کوئی کتاب کو پڑھ کر بغیر اُستاد اور مرشد کے عمل شروع کر دے تو اس کی ذمہ داری ہم قبول نہ کریں گے۔ ہماری ذمہ داری صرف وہ ہی ہوگی جو ہم سے آ کر اجازت طلب کرے گا ہم کو اپنا پیرو مرشد مانے گا ہم کو اپنا استاد مانے گا ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ سفید کاغذ پر ہر روز اپنی ہمت کے مطابق روزانہ لکھیں وقت کی پابندی ضروری ہے۔ عرق گلاب میں زعفران ملا کر انار کی قلم سے لکھیں اور ہر روز جو آپ نے تعداد رکھی پہلے مکمل کریں۔ نزدیکی نہر میں روزانہ یا ہفتہ وار ڈال دیا کریں اور اسطرح آپ نے سوا تین لاکھ پورا کرنا ہوگا پھر خدا تعالیٰ کی قدرت کا نظارہ کریں اور راز کو راز رکھیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ پر اسم ذات لکھ کر ہر روز بعد نماز کے بغور دیکھیں ٹکٹکی لگائے رکھیں زیادہ سے زیادہ وقفہ دیں۔ سفید کاغذ پر سیاہ بیک گراؤنڈ کر کے سفید لکھیں۔ یہ عمل آپ کو کم از کم ایک سال تک کرنا ہوگا۔ چند مہینوں میں اسم ذات کا مشاہدہ کریں گے۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز تہجد چار ہزار چھ سونوے بار پڑھیں اور اوّل آخر کو بھی درود 101 مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل آپ نے کم از کم تین ماہ کرنا ہوگا یا پھر جب تک آپ کوئی مشاہدہ نہیں ہوتا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تین ماہ کے اندر اندر خدا تعالیٰ کی ذات کا مشاہدہ

کریں گے۔ چوتھا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عصر خالی جگہ پر جہاں نہ تو کوئی چھت ہو اور نہ ہی کوئی سایہ ہو حتیٰ کہ سر پر بھی کپڑا نہیں رکھنا ہے جا کر چار ہزار چھ سو ستر مرتبہ پڑھیں۔ بڑی سے بڑی مہم آسان ہوجائے گی جو بھی مشکل کام ہوگا آسان ہوگا ہر قسم کی تنگی دور ہوگی۔ یہ عمل آپ نے 41 دن کرنا ہوگا۔ یہ صرف مشکل حل کرنے کا آسان طریقہ ہے لیکن اس میں روحانی قوت بیدار نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ ہماری تصنیف مفتاح العرش میں درج ہوگا۔ انشا اللہ۔ ہم یہاں پر اسم ذات کے نقوش درج کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ اس کے فائدے بھی درج ہیں۔ جس کام کے لیے مناسب استعمال کریں مگر ان نقوش کی آپ پہلے زکوٰۃ نکال لیں تاکہ نقش مکمل طور پر کام دے۔ نقش کی زکوٰۃ دینے کا طریقہ ہم آگے درج کریں گے۔

یہ نقش ہر قسم کی بیماری کے لیے درج ہے اس کو زعفران کے ساتھ لکھ کر مریض کے گلے میں ایک عدد رکھیں اور ایک عدد نقش لکھ کر ہر روز اکیس دن مریض کو پلائیں انشا اللہ ہر قسم کی بیماری سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۱
۲۴	۱۲	۱۸	۲۳
۱۳	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۴	۲۶

دشمن سے بچنے کے لیے اور اپنے جانوروں کو چوروں سے بچانے کے لیے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ ایک عدد نقش لکھ کر جانوروں کے گلے میں ڈالیں اور ایک عدد نقش لکھ کر جانوروں والی جگہ پر قبلہ کی طرف منہ کر کے لگائیں۔ غلہ کی چوری کے لیے بھی غلہ میں دفن کریں انشا اللہ مال چوری سے محفوظ رہیں گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۳	۲۴	۱۲
۲۵	۱۱	۱۹	۲۲
۱۴	۲۶	۲۱	۱۶
۲۰	۱۷	۱۳	۲۷

اس نقش کو دوست برادران کی صلح کے لیے استعمال کریں۔ ایک نقش وزن کے نیچے رکھیں دوسرا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشا اللہ ناراض دوست سے صلح ہوجائے گی۔

۷۸۶

۲۲	۱۲	۲۶	۱۶
۱۹	۲۲	۱۳	۲۱
۱۱	۲۳	۱۷	۲۵
۲۴	۱۸	۲۰	۱۴

اس نقش کو زبان بندی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اگر کسی کی بھی زبان بندی کرنا مقصود ہو تو دونوں فریقوں کے نام بمعہ والدہ نیچے لکھیں اور ایک عدد تصویر اپنے پاس رکھیں اور دوسرا نقش لکھ کر وزن کے نیچے رکھیں تیسرا تعویذ لکھ کر آب رواں میں جاری کریں انشا اللہ دشمن کی زبان بندی ہوگی اور لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہیں گے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۱	۲۶	۱۴
۲۷	۱۳	۱۷	۲۰
۱۲	۲۴	۲۳	۱۸
۲۲	۱۹	۱۱	۲۵

یہ نقش کسی کو حاضر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کوئی بھاگ گیا ہو، بیوی روٹھ گئی ہو، کسی آدمی کو طلب کرنا ہو تو پھر یہ نقش تین عدد لکھیں ایک عدد نقش چرخہ کے ساتھ یا بجلی کے پنکھے کے ساتھ باندھ کر گھمائیں اور دوسرا وزن کے نیچے رکھیں تیسرا نقش گھر میں مغرب والی دیوار پر چسپاں کریں تو انشا اللہ اسم ذات کی برکت سے مطلب حاصل ہوگا مگر ناجائز کسی کو تنگ نہ کریں ناجائز کرنے پر نقش اسم ذات الٹا پڑ جائے گا۔ آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۶	۲۱	۱۶
۲۰	۲۰	۱۳	۲۷
۱۸	۲۳	۲۵	۱۴
۲۵	۱۱	۱۹	۲۴

اس نقش کو اپنے دشمن سے حفاظت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اگر آپ جنگل میں جارہے ہیں جنگل کے درندوں سے خوف ہے، شیر، ریچھ، سانپ، بچھو وغیرہ کا حتیٰ کہ کوئی بھی چیز انسانی دشمن ہے اس کے لیے استعمال کریں۔ انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد نقش لکھ کر اپنے گلے میں رکھیں اور ۶۶ مرتبہ اسم ذات پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لگائیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۲۷	۱۶	۲۱
۱۷	۲۰	۱۴	۲۶
۲۳	۱۸	۲۵	۱۱
۲۴	۱۲	۲۲	۱۹

اس نقش کو غرق آب کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس نقش کو ایک عدد لکھ کر کشتی وغیرہ میں مغرب کی جانب والی سائیڈ پر لگائیں اور دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ انشا اللہ تعالیٰ غرقِ آب سے محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۱۴	۲۵	۱۸
۱۷	۲۶	۱۱	۲۳
۱۳	۲۱	۱۹	۲۴
۲۷	۱۶	۲۲	۱۲

یہ نقش مفسدین کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی آدمی آپ کے محلّہ کا ہے اور وہ ہر وقت لوگوں کے ساتھ فساد کرتا رہتا ہے یا آپ کو ویسے ناجائز تنگ کرتا ہے تو پھر

اس نقش کو استعمال میں لائیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد نقش لکھ کر وزن کے نیچے رکھیں اور دوسرا لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور نام بمعہ والدہ دونوں فریقین کے لکھیں انشا اللہ مفسدین کی بدگوئی سے محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۲۳	۱۷	۲۶
۲۵	۱۸	۲۰	۱۴
۲۲	۱۲	۲۷	۱۶
۱۹	۲۴	۱۳	۲۱

یہ نقش شکم کے ہر مرض کے لیے کام کرتا ہے۔ مثلاً درد گردہ درد مثانہ، فہم معدہ، قبض، ناف کے لیے اکسیر ہے۔ یہ نقش نماز جمعہ کے بعد لکھیں اور سات عدد تعویز تیار کریں اور مریض کو سات دن پینے کے لیے دیں۔ ہر روز ایک عدد تعویذ پیسے۔ ایک عدد اپنے گلے میں رکھیں یعنی مریض کے گلے میں رکھیں۔ انشا اللہ سات دن کے اندر اندر مرض دفع ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷	۱۳	۲۱	۱۶
۲۰	۱۷	۲۶	۱۴
۱۸	۲۳	۱۱	۲۵
۱۲	۲۴	۱۹	۲۲

امیروں، حاکموں، افسروں کے زبان بندی کے لیے یہ نقش بہت مجرب ہے پیر کے روز صبح سورج نکلنے سے پہلے دو عدد تعویذ لکھیں نام بمعہ والدہ دونوں فریقوں کے لکھیں اور ایک عدد نقش اپنے پاس رکھیں اور دوسرا سبز کپڑے میں باندھ کر کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں تاکہ ہوا کے ساتھ نقش ہلتا رہے تو انشا اللہ اس کی برکت سے افسران حاکمان امیراں تسخیر ہوں گے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶	۱۴	۱۶	۲۱
۱۷	۲۰	۲۷	۱۳
۲۳	۱۸	۱۲	۲۴
۱۱	۲۵	۲۲	۱۹

یہ نقش تنگی رزق کے لیے بہت کارآمد ہے اس نقش کو روزانہ 41 عدد لکھیں 41 دن لکھیں اور روزانہ نہر یا دریا میں بہاتے رہیں۔ انشا اللہ رزق کی تنگی دور ہوجائے گی یہ نقش ہر قسم کی بیماری کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ایک عدد لکھ کر گلے میں رکھیں اور دوسرا لکھ کر گیارہ دن پئیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۱۱	۱۹	۲۲
۱۸	۲۳	۲۴	۱۲
۲۰	۱۷	۱۳	۲۷
۱۴	۲۶	۲۱	۱۶

اگر کسی کے ساتھ عداوت ہو تو اس عداوت کو ختم کرنے کے لیے یہ نقش کام کرتا ہے۔ اپنے نام اور عداوت والے شخص کے نام کے اعداد بھی نکال کر اس کے مطابق کل نقش روزانہ لکھ کر نہر میں ڈال دیا کریں انشا اللہ عداوت محبت میں بدل جائے گی۔ جب تک کام نہ ہو روزانہ دریا میں پھینک دیا کریں یہ عمل نو چندے سوموار کے دن سے شروع کریں انشا اللہ فائدہ مند ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۰	۱۸	۲۵
۲۶	۱۷	۲۳	۱۱
۲۱	۱۳	۲۴	۱۹
۱۶	۲۷	۱۲	۲۲

اگر عداوت والے شخص کو تباہ کرنا مقصود ہو تو پھر ایک عدد تعویذ اس کے گھر میں رکھیں

ایک عدد نہر میں بہائیں اور ایک عدد نقش اپنے پاس رکھیں اعداد کا گھر تباہ ہو جائے گا مگر شریعت میں کرنا حرام ہے اس کے خود ذمہ دار ہوں گے سخت گناہ ہے۔ فائدہ اور نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔ ہماری طرف سے اجازت لکھنے کی نہیں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۱۸	۲۰	۱۴
۱۱	۲۳	۱۷	۲۶
۱۹	۲۴	۱۳	۲۱
۲۲	۱۲	۲۷	۱۶

اس نقش کو نو چندی جمعرات کو روزانہ تین عدد لکھیں اور ہر جمعرات کو نہر میں ڈال دیا کریں اس طرح آٹھ جمعرات کریں تو انشا اللہ عوام مسخر ہوگی۔ اگر کسی ایک آدمی کو مسخر کرنا ہے تو پھر 41 دن کے لیے 41 عدد روزانہ لکھیں اور مطلوب کا نام بمعہ والدہ ساتھ لکھیں۔ انشا اللہ 41 دن کے اندر اندر عوام مسخر ہوگی۔ مگر محنت درکار ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۱۹	۱۱	۲۵
۱۲	۲۴	۲۳	۱۸
۲۷	۱۳	۱۷	۲۰
۱۶	۲۱	۲۶	۱۴

فصل کی بوائی کرتے وقت بیج کو اس نقش میں بھگوئیں پھر کاشت کریں انشا اللہ فصل اچھی ہوگی بعد میں پھر سپرے کی طرح فصل پر چھڑکاؤ کریں۔ زراعت کیڑوں مکوڑوں سے محفوظ رہے گی مگر یقین کامل ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر یقین کامل نہ ہو تو پھر نہ لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۱۶	۱۴	۲۶
۱۳	۲۷	۲۰	۱۷
۲۴	۱۲	۱۸	۲۳
۱۹	۲۲	۲۵	۱۱

مقدموں میں کامیابی اور روحانیوں سے ملاقات کے لیے یہ نقش لکھا جاتا ہے۔ مقدمہ کی کامیابی کے لیے مدعی پارٹی یا ملزم پارٹی اور جج کا نام نیچے ضرور لکھیں۔ لکھتے وقت عنبر کی دھونی خوب جلائیں ایک عدد اپنے پاس رکھیں دوسرا وزن کے نیچے رکھیں۔ انشا اللہ مقدمے میں کامیابی ہوگی روحانی کی ملاقات کے لیے ہر روز 120 عدد نقش لکھیں۔ لکھتے وقت روحانی کا تصور ضرور کریں اور مسلسل ملاقات تک لکھتے رہیں۔ خواب میں یا ظاہری طور پر آپ کی ملاقات روحانی سے ہوگی۔ یہ عمل کم از کم تین ماہ تک کرنا ہوگا یا پھر جب روحانی سے ملاقات ہو جائے تو پھر لکھنا بند کر دیں ظاہر طور پر یا باطنی طور پر ملاقات ضرور ہوگی۔ مگر راز کو اپنے راز میں رکھیں تا کہ اثر قائم رہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۱	۱۳	۲۷
۱۴	۲۶	۱۷	۲۰
۲۵	۱۱	۲۳	۱۸
۲۲	۱۹	۲۴	۱۲

آیت کریمہ کے فضائل

آیت مبارک

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط۔

مندرجہ بالا آیت مبارک آیت کریمہ کے نام سے موسوم ہے۔ کائنات میں انسانوں میں سب سے پہلے حضرت یونس علیہ السلام نے پڑھی پھر حضور اکرم ﷺ کی نبوت میں یہ آیت حضرت یونس علیہ السلام کی دعا کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس آیت کے چار حصے ہیں

اس میں پہلا حصہ جمالی ہے دوسرا جلالی ہے۔ تیسرا بادی اور چوتھا خاکی ہے۔ اس بنا پر ہی عامل لوگ اس آیت کو گرم وظیفہ یا گرم آیت کہتے ہیں مگر یہ ان کا کہنا بجا ہے لیکن میرے علم کے مطابق یہ آیت گرم نہیں ہے کیونکہ اس آیت میں چاروں عنصر پائے جاتے ہیں اس کے وظیفہ یا چلہ کرنے سے انسان میں صرف جلالی یا جمالی اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ جلالی کا عنصر جلالت ہے اور جمالی کا عنصر جمال ہے۔ اس میں بہت سارے فائدے ہیں لیکن عقل والوں کے لیے بہت ساری خوبیاں ہیں مگر استعمال اس کا علیحدہ علیحدہ ہے۔ ہمارے ایک دوست اس کے بہت عامل تھے مگر تھے جلالی اور جمالی..... ان میں اور کوئی عنصر نہیں پایا جاتا تھا۔ آپ جب لَآ اِلٰہَ کہتے تھے تو آپ کے منہ سے ایک نور کا شعلہ نکلا کرتا تھا جو کہ اکثر ہمارے دوستوں نے دیکھا تھا۔ لیکن آپ اپنی جذب مستی سے کبھی بھی باہر نہیں نکلتے تھے آپ فرماتے تھے کہ بندہ ہو آیت کریمہ کا عامل تو پھر دنیا داری کے ساتھ کیا تعلق ہے یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں کہ میں آیت کریمہ کا عامل ہوں۔ آپ اکثر فرماتے تھے کہ دوستو ہمارے گناہ خدا تعالیٰ نے معاف فرما دیئے ہیں اور اب آئندہ خدا تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہے ہم سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہونے دیتا کیونکہ ہم نے سچے دل سے توبہ کی ہے اور ہم نے سچے دل سے آیت کریمہ کا وظیفہ کیا ہے۔ اب ہمارے اور خدا تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہوسکتا ہے۔ آپ آیت کریمہ کی فضلیت بیان کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ جو اس کا عامل ہوجاتا ہے خدا تعالیٰ اس کے تمام کبیرہ صغیرہ گناہ معاف فرما دیتا ہے اور بندہ اس طرح ہوجاتا ہے کہ گویا ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو.....مگر آئندہ گناہ نہ کرے تو تب فائدہ ہے۔ آیت کریمہ خدا تعالیٰ کی ربوبیت، رحمانیت، محبوبیت، غفوریت حتیٰ کہ خدا تعالیٰ کی شان مکمل طور پر اس میں بیان کی گئی ہے جس کی تفصیل میں جانے کے لیے کئی ہزاروں دن اور کئی ہزاروں دفتر اور کئی ہزاروں دماغی خلیوں کی ضرورت ہوگی اور کئی ہزاروں صفحات پر مبنی کتاب شائع ہوسکتی ہے۔ مگر ہم یہاں پر چند ایک باتوں پر ہی بات کو ختم کرتے ہیں۔

نمبر 1

اگر کوئی آدمی قیدی ہوگیا ہو خواہ حق پر ہو یا ناحق ہو تو اس کو چاہیے کہ ساٹھ دن کے روزے رکھے اور صرف نمک والے پانی اور سادہ روٹی سے افطار کرے۔ روزہ افطار کرنے کے بعد نماز مغرب ادا کرے پھر نماز کے بعد عشاء کے درمیان میں بکثرت آیت کریمہ کا

وظیفہ جاری رکھے جب عشاء کی اذان آجائے تو پھر ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ پھر بعد میں کام کاج سے فارغ ہوجائے تو پھر سو جائے صبح روزہ رکھنے سے پہلے گیارہ سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھے پھر کھانے پر پھونک مار کر روزہ رکھ لے بعد میں فجر ادا کرے تو 110 مرتبہ آیت کریمہ پڑھے پھر اپنے کام کاج میں لگ جائے۔ اس طرح مکمل ساٹھ دن کرے انشا اللہ ساٹھ دن کے اندر اندر سزائے موت والا آدمی بھی رہائی پائے گا خدا تعالیٰ کے حکم سے اگر خدا تعالیٰ نے چاہا تو ضرور آزاد ہوگا۔

نمبر 2

اگر کوئی چاہے کہ باطنی طور پر آیت کریمہ کے موکلات کے ساتھ حاضرات کروں تو اس کو چاہیے کہ پرہیز جلالی جمالی کے بعد نماز عشاء روزانہ 41 دن گیارہ سو مرتبہ پڑھا کرے اور پاس اپنے سرسوں کا تیل رکھے اور بازار سے تھوڑا سا کاجل بھی رکھ لے جب پڑھائی سے فارغ ہوجائے تو سرسوں کے تیل اور کاجل پر پھونک مار دیں اس طرح 41 دن کرتا رہے جب 41 دن پورے ہوجائیں تو کاجل کو سرسوں کے تیل میں حل کریں اگر مزید کاجل اور تیل ملانا ہو تو ملا سکتا ہے پھر 13,12 سالہ بچے یا بچی کو بلائے یہ حل شدہ لوازمات بچی کے انگوٹھے پر سیدھی سائیڈ پر لگائے اور آیت کریمہ کا ورد کرنا شروع کرکے بچی کو پھونک مارے۔ اس طرح تین مرتبہ مارے پھر بچے کو بولے کہ کہو کہ میدان ہوجائے بچی یا بچہ اس کے ساتھ بولتا جائے پھر کہے کہ حضرت سلیمانؑ کا تخت آجائے پھر کہے کہ پیادے حاضر ہوجائیں پھر جو کام پوچھنا ہو بچی کو بولتا رہے موکلات بچے کو بتائے جائیں گے۔ عام دکانداری کے لیے بہت اچھا فارمولا ہے۔ چور، جادو ٹونہ کاروباری رکاوٹ حتیٰ کہ آپ ہر مشکل کا حل ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

نمبر 3

اگر کوئی چاہے کہ آیت کریمہ کے موکلات میرے تابع ہوں تو اس کو چاہیے کہ آیت کریمہ کے اعداد اور اپنے نام کے اعداد دونوں کو جمع کر کے شروع کرے ہر روز تعداد دو گنا کرتا جائے۔ مثلاً آیت کریمہ کے اعداد 2374 ہیں اور اپنے نام کے اعداد 311 ہیں ان کو جمع کر کے کل عدد 2685 بنے پھر ان کو ہر روز پڑھیں اور دوسرے دن دو گنا تیسرے دن تین گناہ چوتھے دن چار گناہ حتیٰ کہ یہ عمل 41 دن تک کرتے جائیں پھر جوں جوں آگے دن آئیں گے تعداد جو ساتھ ملاتے گئے تھے وہ ہر روز ختم کرتے رہیں۔ کل 82

دن عمل کرنا ہوگا۔ جب آپ 45 دن کے قریب پہنچیں گے تو موکلات حاضر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آپ نے ان سے کوئی بات نہیں کرنی ہے۔ جیسے جیسے آپ پڑھیں گے موکلات بھی آپ کے قریب آتے جائیں گے پھر ایک دن ایسا ہوگا کہ موکلات نورانی شکل میں آپ سے پوچھیں گے کہ کیا بات ہے آپ نے ہم کو کیوں بلایا ہے آپ ان کو کہیں کہ میری تابعداری کرو وہ حامی بھر لیں گے پھر آپ ان سے ہر جائز کام لے سکتے ہیں آیت کریمہ میں آخر پر یا جبرائیل یا میکائیل بحق یا بدوح کا اضافہ کر لیں۔ انشاء بالکل ٹھیک ٹھیک حاضر ہو کر کام کریں گے۔

آیت کریمہ بخار کے لیے

اگر کسی کو بخار ہو گیا ہو تو (خواہ کوئی بھی بخار ہو) آیت کریمہ کو اوّل آخر درود ابراہیمی تین تین بار پڑھ کر آیت کریمہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں پانی پر دم کریں یا بخار والے پر پھونک ماریں۔ دن میں تین بار کریں اور تین تین بار سفید کاغذ پر لکھ کر دونوں کلائیوں کے ساتھ باندھ دیں۔ انشا اللہ ہر طرح کا بخار ختم ہو جائے گا۔

تلاش گمشدہ کے لیے

اگر کوئی آدمی گم ہو گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو پھر ایک ہی جلسہ میں آیت کریمہ دس ہزار مرتبہ پڑھائیں تو انشا اللہ آپ کی گمشدہ چیز مل جائے گی یا پھر چیز ملنے تک ہر روز پڑھاتے رہا کریں۔ جتنے دن گم شدہ چیز میسر نہ آجائے پڑھتے رہیں۔

گناہ سے توبہ کیلئے

گناہوں سے توبہ کے لیے بعد نماز عشاء چار رکعت نماز استغفار پڑھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد 41 مرتبہ سورۃ اخلاص پر 41 مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص 41 مرتبہ اور آیت کریمہ 82 مرتبہ پڑھیں۔ تیسری رکعت میں آیت کریمہ 123 بار پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں آیت کریمہ 164 مرتبہ پڑھیں پھر آخری سجدہ میں آیت کریمہ 41 مرتبہ پڑھیں پھر سلام پھیرنے کے بعد فوراً ہی سجدہ میں جا کر آیت کریمہ 41 مرتبہ پڑھیں۔ انشا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے بشرطیکہ آئندہ گناہوں سے مکمل طور پر پرہیز کریں تو پھر ٹھیک ہوگا۔ ورنہ پہلے والے گناہوں سے بھی چھٹکارہ نہیں ملے گا۔ خلوص نیت سے ہر عمل کریں تو

کامیاب ہو جائیں گے بفضل تعالیٰ اس کے علاوہ اگر آئندہ صفحات پر مزید اضافہ ہوئی تو پھر دوبارہ آیت کریمہ کا تذکرہ کیا جائے گا ورنہ یہی کچھ کافی ہے آیت کریمہ کے نقوش اگلے صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

دعائے سیفی کا مزید مجرب عمل

اس سے پہلے ہم نے تحفۂ الگیلانی جلد اوّل میں دعائے سیفی کے بارے میں لکھا تھا اس میں ہم نے جو کچھ لکھا تھا وہ بالکل ہمارے تجربہ اور مشاہدات پر مبنی تھا۔ مزید بھی انشا اللہ ہم ہر وہ عمل اس کتاب کی زینت بنائیں گے جو کہ ہمارے تجربہ میں آتا جائے گا اور بالکل حق پر مبنی ہوگا۔ جلد اوّل میں عملیات شائع کرنے کے بعد مزید ہم کو لوگوں نے مجبور کیا اور کچھ شوق بھی بڑھ گیا ہم نے پھر زیادہ سے زیادہ عملیات پر تجربہ کی مہر ثبت کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان ہی تجربوں کے دوران جواہر خمسہ کی کتاب ہمارے ہاتھ آئی تو ہم نے اُس کتاب کے عملیات خود کرنا شروع کر دیئے اور کچھ چند ایک دوستوں کو بھی کروائے جن میں دعائے سیفی کا عمل میرا ذاتی مشاہدہ ہے اس کو ہم نے مزید کامیاب کرنے کی کوشش کی اور کامیابی حاصل ہوگئی ہم آپ کو ایک بار پھر عرض کئے دیتے ہیں کہ ہم نے جو کچھ بھی اس کتاب میں لکھا ہے وہ اپنے تجربہ کی بنیاد پر لکھا ہے۔

دعائے سیفی میں جواہر خمسہ کے مطابق کافی سارے وقفے ہیں اور وقفوں کے دوران مختلف ذکر ہیں وہ ہم آپ کی نذر کرتے ہیں تاکہ اس دعائے سیفی کے عامل اس سے مزید فائدہ اٹھا سکیں لیکن دعائے سیفی کی اجازت بہت ضروری ہے کسی بھی ولی کامل اپنے مرشد یا استاد سے لے کر شروع کی جا سکتی ہے۔ اس میں مرشد کامل کا ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ جو طریقہ کار ہم درج کر رہے ہیں وہ پہلے والی دعائے سیفی سے زیادہ مجرب ہے ہم نے ایک دو کاموں کے لیے اس کو اس طرح پڑھا تو بہت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ ہم اس کے فائدے دوبارہ درج کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو مزید آسانی پیدا ہو۔

اسناد دعائے سیفی

دعائے سیفی مختلف دعاؤں کا مجموعہ ہے جو کہ حضور پاک کو بارگاہ الٰہی سے باطنی طور پر تحفہ میں ملی تھیں۔ آپؐ نے پھر باطنی میں ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عطا فرمائی تھی۔ جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اس کے پہلے عامل تھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دعائے سیفی اتنی پڑھی ہے کہ میری زبان، میرا خیال، میرا ہاتھ میری، توجہ اور میری نگاہ بلکہ میرا

سب کچھ سیف الرحمٰن بن گیا۔ خاندان قادریہ میں اس دعائے سیفی کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہ دعا پڑھنے والے کی روحانی استعداد اور قابلیت کے مطابق اس کے ظاہری باطنی اور دینی و دنیاوی کاموں میں معاون و مددگار ثابت ہوتی ہے لیکن ضروری ہے کہ پڑھنے والے کو کسی کامل مرد کی طرف سے اجازت حاصل ہو۔ حضرت سلطان باہوؒ فرماتے ہیں کہ آدمی کو کامل بننے کے لیے دعائے سیفی کو کسی کامل ولی اللہ کے دربار اقدس پر پڑھنا ضروری ہے۔ اگر کوئی دشمن کو دوست بنانے کے لیے اپنی چارپائی پر بیٹھ کر بعد نماز عشاء اس طریقہ کے مطابق پڑھے تو دشمن دوست بن جائے گا۔ یاد رہے کہ اس حصہ میں ہم جو فائدے لکھ رہے ہیں وہ صرف اور صرف اس حصہ کے طریقوں کے مطابق پڑھو گے تو فائدہ دیں گے۔ حصہ اوّل والی شرائط اس پر منحصر نہیں ہیں۔ اگر کوئی اس دعائے سیفی کو موجودہ طریقے کے مطابق ایک سال تک پڑھے بغیر ناغہ کے تو خدا تعالیٰ کے فضل سے اس سال کے دوران عامل سے کوئی گناہ سرزد نہ ہوگا اگر خدانخواستہ ہو بھی گیا تو معاف ہو جائے گا اور وہ سال کی عبادت کا ثواب پائے گا۔ جو کوئی چاہے کہ دو آدمیوں کے درمیان جدائی ہو جائے تو پھر عامل کو چاہیے کہ پرانی قبر کی مٹی ایک مٹھی بھر لائے اور دعائے سیفی ایک بار اس پر پڑھ کر مٹی کو دم کرے اور یہ مٹی دونوں کے آستانوں میں ایک جانب گر کے گڑھا کھود کر دفن کرے تو دونوں میں جدائی ہوگی مگر ایسا کرنا جرم اور حرام ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا دشمن ہلاک ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ 41 دانے نئی گندم کے لائے دانے بھاری ہونے چاہئیں۔ تین رات دن زعفران کے پانی میں تر رکھے اس پانی کے نیچے برتن کے نیچے ایک بغیر استعمال شدہ چھری رکھے اور ایسی پوشیدہ جگہ ان کو رکھے کہ کسی دوسرے آدمی کو اس کا علم نہ ہونے پائے۔ پھر تیسرے دن ان دانوں کو باریک سوئی کے ساتھ کچے دھاگہ میں پروئے اور ہر دانے پر ایک مرتبہ دعائے سیفی پڑھے اور پھر ان دانوں کو بے ثمر درخت کی سوکھی ہوئی ڈالی کے ساتھ لٹکائے تو خدا نے چاہا تو 41 دن کے اندر اندر دشمن برباد ہوگا۔ لیکن ایسا کرنا بھی حرام ہے۔ ہماری طرف سے اس عمل کی اجازت نہیں ہے اگر کوئی اس عمل کو اپنے عمل میں لائے گا اور آدمی کو ہلاک کرے گا تو خود ذمہ دار ہوگا۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ ہماری سات پشتوں تک دولت ختم نہ ہو اس کو چاہیے کہ خالص شہد یا شربت انار جن میں زعفران کشمیری ملا ہو پر پڑھ کر 41 دن خود اپنے اہل خانہ کو پلایا کرے انشا اللہ اس کے خاندان میں کبھی بھی دولت زائل نہ ہوگی۔ اگر کوئی چاہے کہ تمام مخلوق مسخر ہو یا میرے مطیع ہوں تو اس کو چاہیے کہ زعفران اور مشک دونوں ملا کر آبِ باراں میں حل کر

کے پوری دعائے سیفی خوش خط کاغذ پر لکھے اور موم جامے میں لپیٹ کر چاندی میں بند کروالے اور اپنے پاس رکھے اور روزانہ ورد رکھے انشا اللہ مخلوق مطیع ہوگی۔ اگر کوئی چاہے کہ نیزہ یا تیر تلوار میرے پر کارگر نہ ہوں تو انشا اللہ نہ ہوگا۔ بھاگے ہوئے کے لیے بھی بہت مجرب ہے اگر کوئی شخص اپنے کام میں عاجز ہو اور کوئی تدبیر کارگر ثابت نہ ہو رہی ہو تو شب جمعہ آدھی رات کو اٹھے غسل کر کے نئے یا صاف دھلائی شدہ کپڑے پہنے اور دو رکعت نماز نفل ادا کر کے پھر گیارہ مرتبہ سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور پھر نو بار درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد مندرجہ ذیل طریقے پر دعائے سیفی پڑھے انشا اللہ تین دن کے اندر اندر مشکل سے مشکل کام آسان ہو اور کارسازی ہو۔ اگر کوئی قید خانے میں 41 مرتبہ ہر روز پڑھے اور اس کا ثواب حضور پاک ﷺ چہار اصحابہ غوث پاک قطب ابدال تمام کے بخش کرے اور پھر بعدہ 41 مرتبہ دعائے سیفی پڑھے انشا اللہ بہت جلد ہی رہائی پائے گا اس کے عامل کو سانپ بچھو وغیرہ اثر نہیں کرتے اور اگر کوئی زہریلا جانور چند بار کاٹ لے تو اس کو کم کرے فائدہ پہنچائے۔ اگر کسی کو سزائے موت ہوگئی ہو یا اس کو قتل کرنے پر لگے ہوں تو اس کے پڑھنے سے قتل کرنے والے غالب نہ آئیں گے۔ جابر سلطان کے سامنے جانے کے لیے پہلے ایک ہزار مرتبہ یاحی یاقیوم کا ذکر کرے پھر یہ پڑھے تو انشا اللہ دشمن پر غالب آئے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ کون لے گیا ہے چاہیے کہ شب جمعرات دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الشمس ایک بار اور دوسری میں سورۃ والضحیٰ اور الم نشرح ایک ایک بار پڑھے پھر 41 مرتبہ اس دعائے سیفی کو پڑھے اور سو جائے تو انشا اللہ پہلے دن ہی چور خواب میں نظر آجائے گا اگر کسی کو کوئی مہم پیش آجائے تو جس کا کوئی حل نظر نہ آرہا ہو تو چاہیے کہ نو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور آئندہ جمعہ تک روزے رکھتا رہے اور ہر روز افطاری کے بعد 25 مرتبہ پڑھے تو انشا اللہ خواب میں جلد ہی کوئی حل نظر آجائے گا۔ اس کے پڑھنے والے کے گھر میں چور نہ داخل ہوگا بلکہ جس جگہ سوئے گا پورے گاؤں یا محلہ میں چور کبھی بھی نہ آئے گا۔ اس کے وظیفہ کرنے والے کے ساتھ کوئی حادثہ نہ پیش آئے گا۔ اس کو زعفران کے ساتھ لکھ کر کند ذہن کو پلائیں تو حافظہ تیز ہوگا۔ اگر کوئی اس کو لکھ کر زعفران عنبر کے ساتھ اپنے سرہانے رکھے اور عورت کے ساتھ ہم بستر ہو تو انشا اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو اس کے تصور میں اس کو لکھ کر ڈبیہ میں بند کر دیں انشا اللہ سات دن کے اندر اندر بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ اگر کوئی قرض دار اس کو پڑھے تو قرضہ سے نجات پائے گا۔ اگر کوئی

صاحب اولاد ہے اور مالی طور پر مستحکم نہیں ہے تو روزانہ پڑھنے کے بعد پانی پر دم کر کے پانی پیا کرے انشا اللہ صاحب ثروت ہوگا۔ اگر کوئی نامرد متواتر چالیس روز تک روزہ رکھے اور ہر روز 41 مرتبہ پڑھے گا تو انشا اللہ تعالیٰ مرد ہوجائے گا۔ اگر کسی مریض کو طبیبوں ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو زعفران کے ساتھ چینی کے برتن پر لکھ کر دیں تو انشا اللہ آرام ہوجائے گا۔ مرگی والے کو بھی شفا ہوگی اگر کوئی گھوڑے کی گردن میں زعفران کے ساتھ لکھ کر باندھ دے تو انشا اللہ اس گھوڑے کا مقابلہ کوئی بھی گھوڑا نہ کر پائے گا۔ توسیع رزق کی نیت سے پڑھی جائے تو فراغت ہوگی۔ جو کوئی اس کو ہر روز 41 مرتبہ پڑھا کرے گا انشا اللہ ولایت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہوگا۔ اگر کوئی کسی خون خرابہ میں پھنس گیا ہو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نفل ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھا کرے پھر دعائے سیفی پڑھے انشا اللہ خون خرابہ سے نجات پائے گا اگر کوئی فقر و فاقہ میں ہو تو اس کو چاہیے کہ فجر کی نماز سے پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کرے سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی 41 مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد ایک سو ایک بار درود ابراہیمی اور پھر ایک بار دعائے سیفی پڑھے اور ناغہ نہ ہونے دے انشا اللہ ایک سال کے اندر اندر امیر و کبیر ہوجائے گا۔ حضرت محمد غوث گوالیار اپنی ایک تصنیف میں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چاہے کہ دیو جن بھوت پری قبضہ میں آئے تو اس کو چاہیے کہ عصر کے وقت غسل کرے اچھے کپڑے پہنے عطر وغیرہ لگائے اور اپنے اوپر حصار کرے۔ آیۃ الکرسی اور چاروں قل کا حصار کرے پھر دو رکعت نفل ادا کرے پھر مغرب ادا کرے پھر بعد نماز مغرب دعاء سیفی پڑھے۔ یہ تمام کام باہر غیر آباد علاقہ میں کرنا ہوگا اس طرح مسلسل ہر روز لگاتار کرتا رہے۔ انشا اللہ چند دنوں میں ہر چیز طابع ہوگی مگر مصنف نے ابھی تک اس کو نہیں کیا ہے۔ اس کے علاوہ جو بھی فضائل لکھے جا رہے ہیں تمام کے تمام مجرب ہیں اور مصنف کے تجربات کا حصہ ہیں۔ اگر کسی کا کاروبار بند ہوگیا ہو یا کوئی بھی کام نہ چل رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء سات بار دعائے سیفی ننگے سر آسمان کے تلے پڑھے اور پہلے دو رکعت ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اذا جاء سورۃ 70 بار پڑھے پھر بعدہ کھڑا ہوجائے اور سوئم کلمہ ایک سو مرتبہ پڑھے پھر دعائے سیفی شروع کرے۔ انشا اللہ اکتالیس دنوں کے اندر اندر غائب سے کاروبار چلنے کا اشارہ مل جائے گا۔ ہم نے حصہ دوئم جلد اوّل میں بھی عرض کیا تھا کہ اگر دعائے سیفی کے اَسناد لکھنا شروع کر دیئے جائیں تو کم از کم 200 صفحات کا ایک کتابچہ تیار ہوجائے گا۔ ہر عمل کرنے کی تاثیر ہر عامل پر علیحدہ علیحدہ

رونما ہوتی ہے۔ آزمائش شرط ہے اس کے پڑھنے سے قادری سلسلہ میں بیعت ہونا ضروری ہے کیونکہ قادری سلسلہ والوں کا یہ سب سے آخری عمل ہوتا ہے۔ اگر کسی کو اجازت مل جائے تو پھر بات ہے۔ ورنہ اس کی کوئی اوقات نہیں ہے۔

دعائے سیفی پڑھنے کی شرائط

1- دعائے سیفی پڑھنے کے لیے کسی کامل مرشد یا کامل ولی کے ہاتھوں بیعت ہونا ضروری ہے۔ نیز کسی کامل کی اجازت کا ہونا بھی ضروری ہے۔

2- دعائے سیفی کو کسی کامل ولی صاحب کشف کے مزار پر پڑھنے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ کامل کی قبر کے ساتھ بیٹھ کر پڑھی جائے۔

3- دعائے سیفی کو پڑھنے سے پہلے سورۃ یاسین یا مزمل شریف پڑھنا ضروری ہے۔ مگر یاسین زیادہ فائدہ مند ہے۔

4- چلہ کے دوران کم از کم پانچ مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔

5- دعائے سیفی کے چلہ کے دوران پرہیز جلالی جمالی بہت ضروری ہے۔

6- دوران وظیفہ بدکلامی سے پرہیز کریں۔

7- بہتر ہے کہ راہ سلوک یعنی کہ تصوف کی راہ پر چلنے کے لیے پڑھی جائے تو بہتر ہے ورنہ دنیاوی کام کے لیے بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

8- دنیاوی کام ہونے پر بعد میں پڑھنا بند کر دیں۔

9- دعائے سیفی پڑھنے سے پہلے حصار بہت ضروری ہے جس کا ذکر آگے آئے گا۔

10- دعائے سیفی پڑھتے وقت رجال غیب کا خیال رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

11- دعائے سیفی کے عمل جاری ہونے پر خواب میں شیشہ، تلوار، مرغ، فوج، سپاہی، حاکم ملنے پر کامیابی کی دلیل ہے۔

12- اگر خواب میں کتا، بندر، گیدڑ، شیر، چیتا، ہاتھی، کوا، لومڑ، بیل گائے، بھینس بکری نظر آئیں تو پھر سمجھیں کہ عمل میں ناکامی کا سامنا ہو رہا ہے۔ اگر کوئی بھی خواب نہ آئے تو پھر عمل کو جاری رکھیں۔ اگر ناکام ہونے کے خواب آنے شروع ہوجائیں تو پھر چلہ بند کر دیں رجعت کا زیادہ خطرہ ہوگا۔

عمل شروع کرنے کا طریقہ

دعائے سیفی کو اگر آپ زیادہ کامیاب بنانا ضروری سمجھتے ہیں تو پھر اس کے کامل

طریقے دو ہیں پہلا طریقہ نماز فجر ادا کرنے سے پہلے اور تہجد گزارنے کے بعد بہت اچھا ہے دوسرا طریقہ بعد نماز فجر بھی کامیاب طریقہ ہے۔ اس کے علاوہ چلہ کرنے کے لیے اور کوئی طریقہ اچھا نہیں ہے۔ پنجگانہ بھی لازمی ادا کرنا ہے۔ حصار بہت ضروری ہے۔ حصار کے لیے الحمد شریف، آیۃ الکرسی، چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں پھر شروع کریں۔ واضح ہو کہ دعائے سیفی میں بعض جگہ پر حروف مقطعات مثلاً (ش۔س۔ف۔ق۔ش۔ م۔ص۔م۔ش۔ک۔ق۔ش۔م۔ص۔م۔ش۔ک۔ف۔ق) آئے ہیں وہاں پر اپنے دل ہی دل میں اپنا مقصد بیان کریں اور جس جس مقامات میں جو کچھ لکھا ہوا ہے ترتیب وار پڑھیں۔ چند اشاروں پر جو اشارے کے آگے لکھا ہوا ہے اس کا جتنا لکھا ہوا ہے ذکر کریں۔ کسی خاص مقصد کے لیے شروع کرتے وقت یہ خیال رکھیں کہ جب آپ کا مقصد پورا ہوجائے تو پھر بند کر دیں بہرحال بھٹکے ہوئے لوگوں کے لیے جو کہ تصوف کی راہ میں رجعت پذیر ہوگئے ہوں ان کے لیے پڑھنا کافی کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

جو خاص مقامات ہیں جن پر مختلف اذکار کرنے ہوں گے وہ اذکار اور مقامات مندرجہ ذیل ہیں۔

1- اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِی لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ دعائے سیفی کی یہ آیت سات بار پڑھے پھر کلمہ توحید سات بار پڑھے پھر سُبْحَانَ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ تین بار پڑھیں پھر آسمان کی طرف منہ کر کے تین بار یَاجَبَّارُ یَا قَھَّارُ پڑھیں پھر دعائے قتل یا دعائے رحمت پڑھے (جو کہ آگے درج ہوں گی) پھر وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْر" بِالْعِبَاد پڑھے کریں پھر سجدہ میں جائیں یہاں سجدہ کی تسبیح پڑھیں۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دوبارہ دُعائے سیفی شروع کرے۔

2- لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ پڑھ کر نَصْر" مِنَ اللّٰہِ وَفَتْح" قَرِیْب تین بار پڑھے پھر ایک بار درود ابراہیمی پڑھے اور پھر دل میں اپنا مقصد دل ہی دل میں تصور کرے۔

3- نَاصِرٌ وَّنَاظِرًا(ج) پر پہنچ کر نصْر" مِنَ اللّٰہِ وَفَتْح" قَرِیْب ایک بار پڑھے اور پھر درود ابراہیمی پڑھے اور چند لمحے کے لیے خاموشی اختیار کرے۔

4- اِلَّا التَّفْضِیْلَ ج پر پہنچے تو ایک بار وَلَمْ اَکُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِیًّا پڑھے۔

5- وَاُکْرِمَتْ اَحْضَار پر پہنچے تو یَافَتَّاحُ تَضَتَّحَتْ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِی فَتْحِ فَتْحِكَ یَافَتَّاحُ تین بار پڑھے پھر بِالْخَفْضِ فِیْ حِفْضِ خَفْضِكَ یَاخَافِضُ تین بار پڑھے پھر اگر قتل کی نیت ہے تو دُعائے قتل تین بار پڑھے اگر برکت وخیر کی

نیت ہے تو دُعائے رحمت پڑھے۔

6- وَشَفِیْتَ اَمْرَاضِیْ پر پہنچے تو پھر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِی بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِی بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرُ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبُّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم۔

7- وَمَثْوَیَ ج کے بعد دس مرتبہ یَارَبِّ اِنِّی مَغْلُوْب" فَانْتَصِر پھر تصور کرے کہ اعدا کی گردن پر شہادت کی انگلی مارے گویا کہ دشمن کو قتل کر رہا ہے۔

8- بِیْ اَعْدَائِیْ پر پہنچے تو بارہ مرتبہ رَبِّ اِنِّی مَغْلُوب" فَانْتَصِر کہے اور پھر دو رکعت اعدا پڑھے سورۃ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۃ تَبَّتْ یَدَا پڑھے۔ پھر سجدہ میں جا کر سات بار حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرO پڑھے پھر سجدہ سے اٹھ کر نو بار پڑھے وَمَارَمَیْتَ اِذْرَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰیO پھر پندرہ دفعہ یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ بِقَھْرِ عَزِیْزُ سُلْطَانِہٖ پڑھے اور پھر گیارہ دفعہ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمO پڑھے پھر دل ہی دل میں خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں حاجت طلب کرے۔

9- وَالتَّعْدِیْدِ پر پہنچ کر دل ہی دل میں اپنی حاجت طلب کرے۔

10- بِرَاْتِ النُّفُوْسِ ج پر پہنچ کر چار مرتبہ یَامُبْدِئُ الْبَرَایَا وَمُعِیْدُ ھَا بَعْدَ فَنَا لُھَا بِقُدْرَتِہٖ پڑھے ہر چالیس مرتبہ یا واحد الباقی پڑھے۔

11- کُنْہِ مَعْرِفَتِكَ ج پر پہنچے تو اپنی حاجت کو دل میں خیال کرے۔

12- صِفَتِكَ یَارَبِّ ج پر پہنچ کر گیارہ بار تَانَحْیُرِكَ پڑھے پھر سجدہ میں جائے اور نو بار یَاشَمُوْطِیاً پڑھے سجدہ سے اٹھ کر اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلَنَا جَمِیْعَ اَعْدَائِنَا وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّھُمْ اٰمِیْنَ ط تین بار پڑھے۔

13- اَحَد" غَیْرُكَ ج پر پہنچے تو پھر چار مرتبہ وافوض امری اِلی اللّٰہ بصیر" بِالْعِبَاد پڑھے پھر پندرہ مرتبہ یَااِلٰہَ الْاَ لِھَۃِ الرَّفِیْعُ پڑھے پھر ہاتھ اٹھا کر حاجت طلب کرے پھر مَنْ مَّارَبَّ اِلٰی مَثْوَاك ایک مرتبہ پڑھے۔

14- وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ پڑھ کر تین مرتبہ دست راست زمین پر مارے شَاھَتِ الْوُجُوْہُ کہہ کر دستِ چپ تین بار زمین پر مارے۔

15- مُبْھُوْتاً وَّتَفَکُّرُوْہُ پر پہنچ کر مَاتَرٰی فِی خَلْقِ الرَّحْمٰنِ سات بار پڑھے۔ پھر

یَاقُدُّوسُ الطَّاهِرُ سات بار پڑھے۔

16- مُتَحَیِّرًا اَسِیْرًا○ حاجت طلب کرے پھر دو رکعت صلوٰۃ الحاجت ادا کرے پھر 70 مرتبہ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنیَا الر..... پڑھے

17- فِی الرَّدِّ وَالْاِ مْتِنَاعِ پڑھ کر پائے راست زمین پر مارے پھر دست چپ زمین پر مارے۔

18- فَوْقَ طَاقَتِی پر پہنچ کر تین مرتبہ یَااللّٰہُ الْمَمْحُوْدُ فِی کُلِّ فِعَالِہٖ یَااللّٰہُ اور دو مرتبہ یَارَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ وَغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ پڑھے۔

19- اِلَّا اَنْتَ پڑھ کر پائے چپ اور دست راست زمین پر مارے کہ گویا دشمن کے سر پر مار رہا ہے۔

20- لَمْ تَغِبْ پڑھ کر حاجت طلب کرے پھر یَابَاسِطُ تَسَلَّطْتَ بِالْبَسْطِ وَالْبَسْطُ فِی بَسْطِ بَسْطِكَ یَا بَاسِطُ تین بار سات بار پڑھے پھر قَابِضُ تَقَبَّضْتَ بِالْقَبْضِ وَالْقَبْضُ فِی قَبْضِ قَبْضِكَ یَاقَابِضُ تین بار یا سات بار پڑھے۔

21- عَنْكَ غَائِبَۃً پر پہنچ کر پندرہ دفعہ یَادَائِمُ بَلَا فَنَاءٍ لَازَوَالَ لِمُلْكِہٖ پڑھے اور بعد میں ہاتھ اٹھا کر حاجت طلب کرے۔

22- لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ○ پر پہنچ کر سات بار کلمہ توحید پڑھے پھر دو رکعت نماز نفل ادا کرے فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین کی آخری آیات اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا ارادہ سے آخر تک پڑھے دونوں رکعتوں میں مندرجہ بالا آیات قرأت کرے۔سلام پھیرنے کے بعد سات بار یَاعَظِیْمُ ذُوالثَّنَاءِ الْفَاجِرُ پڑھے پھر ہاتھ اٹھا کر یَاجَبَّارُ یَاقَھَّارُ تین بار پڑھے اور پھر دُعا مانگے پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر دس مرتبہ یَاسَرِیْعَ الرِّضَا پڑھے۔

23- بِہٖ مِنْ رِزْقِكَ پر پہنچ کر یَارَزَّاقُ تَرَزَّقْتُ بِالرِّزْقِ فِی رِزْقِ رِزْقِكَ یَارَزَّاقُ سات بار یا 21 مرتبہ پڑھے پھر رزق کی کشادگی کے لیے دُعا مانگے۔

24- مُحَمَّدٌ اصلی اللہ علیہ وسلم پر پہنچ کر اکتالیس مرتبہ کلمہ طیب پڑھے۔

25- مَالَیْسَعُہٗ پر پہنچ کر گیارہ مرتبہ یَازَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ یَازَاکِیُ پڑھے۔

26- بِہٖ عَلَیَّ پڑھ کر یَاعَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّۃِ وَالْعِزَّۃِ فِی عِزَّۃِ عَزَّتِكَ یَاعَزِیْزُ یَامُذِلُّ تَزَلَّلْتَ بِالزَّلَّۃِ وَالزِّلَّۃِ فِی ذِلَّۃِ ذِلَّتِكَ یَامُذِلُّ تین بار پڑھے پر

دعائے قتل یا دعائے رحمت پڑھے۔

27- فَانْتَقَمَ سے لے کر الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ○ چھ مرتبہ پڑھے پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگے پھر فَانْتَقَمَ سے دوبارہ شروع کرے۔

28- وَالشَّھَادَۃِ پر پہنچ کر ہاتھ اٹھا کر سیدھے کر کے منہ پر ملے۔

29- الْمُتَعَالِ○ پر پہنچے پھر دُعا مانگے۔

30- اَسْئَلُكَ بِرِیَاعَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی جَمِیْعِ اَمْرِہٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ ، نو بار پڑھے پھر فَعَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِہٖ سات بار پڑھے۔

31- عَلَی الْاَعْدَآءِ پر پہنچ کر یَالَطِیْفُ تَلَطَّفْتَ بِاللُّطْفِ وَ لَاطُفَ فِی لُطْفِكَ لُطْفُكَ یَالَطِیْفُ○ یَاقَھَّارُ تَقَھَّرْتَ بِالْقَھْرِ وَالْقَھْرُ فِیْ قَھْرِكَ یَاقَھَّارُ پڑھے پھر اپنی حاجت طلب کرے۔

32- اَنْتَ الْغَاشِیْ پر پہنچے تو اپنی حاجت طلب کرے۔

33- اِلَّا مَاتُرِیْدُ○ پر پہنچے تو یَامُبْدِیَ الْبَرَایَا وَمُعِیْدُ عَائِدًا فَنَا لُھَا بِقُدْرَتِہٖ سات بار پڑھے۔

34- اَلْمُنْعِمُ الْمُفْضِلُ پر پہنچ کر تین بار اٹھے اور تین بار بیٹھے سر برہنہ ہونا چاہیے۔ اٹھتے وقت آسمان کی طرف دیکھے پھر بعد میں منہ آسمان کی طرف کرے طلب کرے۔

35- (ش ک ف ق) پر دُعا مانگے۔

36- مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ پر آرزو مطلق کرے پھر یَااللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِی کُلِّ فِعَالِہٖ یَااللّٰہُ 33 مرتبہ پڑھے۔

37- وَحُسْنَ صَنِیْعَتِكَ پر خدا تعالیٰ سے غنا کے لیے طلب کرے۔

38- مَنَاءِ کُلِّ لَدَیَّ پر یَاقَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمَدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قَرِیْبَۃٌ سات بار۔

39- بِنُ اِحْسَانِكَ پر دونوں ہاتھ اٹھا کر غنا کے لیے دُعا مانگے پھر دونوں طرف دونوں ہاتھ جھاڑ دے۔

40- رَفَعْتُ صَوْتِیْ پڑھ کر ستر مرتبہ یَااللّٰہ سات بار یَااللّٰہ الْمَحْمُوْدُ فِی کُلِّ فِعَالِہٖ یَااللّٰہُ اور نو بار یَامَعْرُوْسَنُ پڑھے پھر رزق طلب کرے۔

41- اِحْسَانَكَ اِلَی پر پہنچ کر یَامَنَّانُ ذَاالاحسَانِ قَدْعَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یَامَنَّانُ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

42- الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْن پر 27 مرتبہ یَارَحِیْم کُلِّ صَرِیْحٍ وَمَکْرُوْبٍ وَغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ پڑھے پھر ایک بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوم یَاوَاحِدُ یَااَحِدُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَاماجِدُ یَاجَوَّادُ پڑھے۔

43- فَیْضُ فَضْلِكَ پر پہنچنے پر یَارَبِّ جبرئیل یَارَبِّ میکائیل یَارَبِّ اسرافیل یَارَب عزرائیل یَارب مُحمد'' رسول اللّٰہ اَمْدُ دنی فی قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الحاجَاتِ اَقْضُ حَاجَتِیْ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

44- لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادِہٖ پر پہنچ کر تین بار نادعلی کبیر پڑھے یَاعلی ادرکنی فی سبیل اللہ تین بار پڑھے پھر تین بار لا فی اِلَّاعَلِی لاسِیفَ اِلَّا ذوالفقار۔

45- الْوُجُوْہِ کُلِّھَا پر اِلٰھِی بِحق الحسین وَاَخِیہِ وَاُمِّہٖ وَ اَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَبَنِیہِ تین بار پڑھے۔

46- وَبِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرَہٗ پر سجدہ پر جا کر حاجت طلب کرے پھر سجدہ سے اٹھ کر یَالَطِیفُ اَغِثْنِی سات بار پڑھے۔

47- لَہٗ کُنْ فَیَکُوْن پر پہنچ کر سات بار یَاقَاھِرُ ذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ پڑھے۔

بعض بزرگوں کا قول ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ جب دعائے سیفی ایک سال کے لیے شروع کی جائے تو پھر اگر ناغہ ہوجائے تو پھر یہ شعر پڑھ لیا کرے مگر ارادۃً ناغہ نہ ہوجائے۔

اِرَادَا وَمَاکَانَ حَتیٰ اُرِیْدُ
فَطُوْبٰی لَہٗ مِنْ مُرَادٍ مُرِیْدُ ٥

سیف غوثیہ کا نادر عمل

یہ عمل ہمارے سلسلہ قادریہ میں سیف غوثیہ کے نام سے موسوم ہے۔ ہمارے کئی ایک دوست اس کے عامل ہیں۔ مصنف نے خود بھی اس کا تھوڑا عرصہ کے لیے وظیفہ جاری رکھا تھا بلکہ مریدین کی مصروفیات گھریلو مصروفیات آستانہ کی مصروفیات کی وجہ سے زیادہ عرصہ نہ چلا سکا اور نہ ہی کوئی چلہ کر سکا تھا اس لئے کہ اس میں بھی زبان کوئی ضرورت سے ہی زیادہ سیف ہوجاتی ہے مگر ہم اس کو جاری رکھنے سے قاصر تھے۔ اس کے بہت سارے فائدے ہیں پہلا فائدہ یہ ہے کہ زبان سیف ہوجاتی ہے مگر زبان سیف رکھنے کے لیے اس کو ہمیشہ کے لیے اپنے عمل میں رکھنا ضروری ہے۔ اگر آپ نے صرف کسی خاص مقصد کے لیے عمل کرنا ہے تو پھر بعد میں عمل بند کر دیں۔ اس کے علاوہ آپ اس سے مندرجہ ذیل فائدے اٹھا سکتے ہیں۔

1- اگر کوئی بھاگ کر چلا گیا ہو۔
2- کسی آفسر حاکم یا کسی اور سے کوئی کام حاصل کرنا مقصود ہوتو۔
3- جائز طور پر اپنے محبوب کو حاضر کرنے کے لیے بھی مفید ہے۔
4- اگر کسی کے کاروبار میں رکاوٹ ڈالنا مقصود ہوتو۔
5- اگر کاروبار میں بندش ختم کرنا ہوتو۔
6- حاسدوں کی زبان بندی کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔
7- گلی محلہ سے بدکاروں کے اڈے کو ختم کرنے کے لیے بھی۔
8- اگر آپ کسی سخت سے سخت الجھن میں پھنس گئے ہیں تو۔
9- اگر کوئی پردیس گیا ہوتو اس کے آنے جانے کی خبر گیری کے لیے۔
10- ان کے علاوہ اگر زبان سیف ہوگئی تو پھر ہزاروں کی تعداد میں فائدے حاصل کئے جاتے ہیں۔

اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نو چندے اتوار کو پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ ہر روز گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء قائم جگہ پر پڑھیں۔ اگر آپ نے صرف کسی خاص مقصد کے لیے ہی کرنا ہے تو پھر صرف پانچ سو مرتبہ کیا جاسکتا ہے۔ جب مطلب حاصل ہوجائے تو پھر بند کر دیں۔ اگر آپ نے مستقل طور پر جاری رکھنا ہے تو پھر چلہ پورا کرنے کے بعد صرف گیارہ مرتبہ اپنے ذکر میں رکھیں۔ انشا اللہ چند دنوں

بعد عمل اپنا کام شروع کر دے گا۔ ہر مرتبہ بسم اللہ ضرور ساتھ پڑھیں عمل یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و والضحیٰ یٰسین شان افضل تیری جدنوں در سیف الم تراکیف دی
قتل عام کر ملحدنوں تیغا مزل طٰہٰ دا سر مار منکر بدنوں تیرا نام سن کر سبدا دربار تیرا ملیا
توں ڈب دیاں جنجاں کڈنائیں ساغر نیرو او چھلیا بوھڑیں اللہ کے واسطے سن فریاد
کنگال دی دن رات کردا منتاں منہ کر کے کھڑا بغداد نوں کتے تیرے دربار دے
شیراں نوں للکارے دے توں چوراں نوں قطب بنا دتہ واہ واہ کم نے توں سچیار
دے۔ خضر بے خضر خواجہ کا نور بھیجو موکل لیا دو حضور کل عالم موجود اے۔ ہندو
مسلمان موجود اے لا الہ لیا دے الا اللہ ملا دے محمد رسول اللہ وحی جبرائیل میری چیز
حاضر کرلیا ضرور خواجہ اس کو تہجد کے وقت قطب کی طرف منہ کر کے پڑھنے سے
زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ عام کام کے لیے عشاء کے بعد پڑھیں زبان سیف کے لیے
بعد نماز تہجد پڑھیں۔

حصار اسم اعظم

کسی بھی اسم اعظم کے ذکر کرنے سے پہلے اگر یہ حصار کر لیا جائے تو پھر شیطانی رجعت کا کوئی اندیشہ نہیں ہوتا اگر صبح نماز کے بعد اپنے اوپر سارے دن کا تصور کر کے حصار کریں تو پھر کوئی بھی آپ کی باطنی نعمت صلب نہیں کر سکے گا مگر باوضو رہنا بہت ضروری ہے۔ حصار یہ ہے، الحمد شریف۔ آیۃ الکرسی، سورۃ کافرون سورۃ اخلاص، تعوذ درود شریف، استغفار، سلام قولا من رب رحیم۔ واللہ المستعان علی ماتصیفون کلمہ تمجید، کلمہ توحید، کلمہ طیب سب تین تین بار کر کے اپنے اوپر پورے جسم پر پھونک مار لیں اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر پورے جسم پر ملیں۔ نیز اگر جہاں کہیں بھی حصار کی ضرورت محسوس ہو تو یہ حصار بہت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

دنیا میں رہتے ہوئے اگر دل تنگ
ہو تو دنیا اور آخرت دونوں تاریک
ہو جاتے ہیں (مصنف ہذا)

دُعائے مقتل

اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَ عَدُوِّی فلاں بن فلاں قَلَاتَہٖ وَفَرِّقْ جَمْعَہٗ وَ
قَلِّبْ تَدْبِیْرَہٗ وَخَرِّبْ بُنْیَانَہٗ وَبَدِّلْ اَحْوَالَہٗ وَاَقْطَعْ اَرْزَاقَہٗ وَقَرِّبْ اَجَلَہٗ وَشَغِّلْہُ
بِبَدَنِہٖ وَخُذْہُ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُقْتَدِرٍ یَاجَبَّارُ یَاقَھَّارُ

یہ صرف دُعائے سیفی والے عمل کیلئے لکھی گئی ہے۔

دُعائے کیمیائے سعادت

بعض مشائخ عظام سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی کیمیائے سعادت دُعا کو بعد نماز عشاء سات بار ہر روز پڑھے گا خدا تعالیٰ اُس کو اپنے عجائب وغرائب دیکھائے گا۔ بعض کا قول ہے کہ حضرت میکائیل علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو کوئی ہر روز پچاس بار پڑھے گا اس کا مرتبہ اعلیٰ ہوگا اور حضرت موسیٰ کلیم اللہ سے بعض روایت کرتے ہیں کہ جو کوئی اس دُعا کو پچاس بار پڑھے گا ضرور حق تعالیٰ کے دیدار سے مشرف ہوگا۔ اگرچہ کسی حال میں ہو اور کشف حاصل ہوگا۔ ہمارے بزرگ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو یہ دعا لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دی جائے تو خدا تعالیٰ نے چاہا تو ضرور اس کا حمل قائم رہے گا اور پورے دن گزریں گے اور اگر پانچ ماہ کے حمل کے دوران عورت کو شکر یا چینی پر دم کر کے کھلائی جائے تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عورت کا حمل نہ گرے گا اور اولاد نرینہ عطا ہوگی۔ فرماتے تھے کہ اگر کوئی عورت برس ہا برس سے بانجھ ہو اور کوئی اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کو پندرہ روز تک ایک عدد سپاری پر دم کر کے کھلائی جائے اور اس پر تین بار دعا پڑھی جائے تو انشا اللہ نطفہ ضرور قرار پکڑے گا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے حمل قرار پائے گا۔ ہمارے بزرگ فرماتے تھے کہ اگر دو میاں بیوی میں ناچاکی ہو تو اس دعا کو اوّل آخر درود ابراہیمی 11، 11 مرتبہ پڑھ کر کسی ایک یا دونوں کو کھلائی جائے تو دونوں میں موافقت ہوگی اور باقی زندگی بھر کبھی بھی لڑائی نہ ہوگی۔ جو کوئی فجر کی نماز کے بعد پڑھے گا۔ انشا اللہ دنیا اس کے قدموں میں ہوگی جس محلّہ میں پڑھی جائے گی اس محلّہ میں چوری نہ ہوگی۔ جس گھر میں پڑھی جائے گی گھر میں بچھو سانپ وغیرہ نہ آئیں گے۔ آپ فرماتے تھے کہ اس سے ہزاروں فائدہ اٹھائے جاسکتے ہیں مگر فائدہ صرف اس شخص کو ہوگا جو مخلوق کے بھلائی چاہے گا اس کے پڑھنے کے لیے

ضروری ہے کہ پنجگانہ ادا کیا جائے اور اوّل 41 روز بغیر پرہیز کے 41 دفعہ ہر روز پڑھی جائے پھر بعد میں کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھی جائے۔ اس کا نام کیمیائے سعادت اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ کیمیائے سعادت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَبْدُ اِلَّا الرَّبَّ یَا رَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَ اَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقُ یَا رَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ وَاَنَاالْمَمْلُوْکُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَمْلُوْکُ اِلَّا الْمَالِکُ یَا رَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَاَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْغَنِیُّ یَا رَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَوِیُّ وَ اَنَا الضَّعِیْفُ فَمَنْ یَّدْعُ الضَّعِیْفُ اِلَّاالْقَوِیُّ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَیُّوْمُ وَ اَنَا الزَّائِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الزَّائِلُ اِلَّا الْقَیُّوْمُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَفْوُ وَاَنَاالْمَسِیْئُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَسِیْئُ اِلَّاالْعَفْوُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ دَاَنَا الْمُذْنِبُ فَمَنْ یَّدْعُ الذَّنْبِ اِلَّا الْغَفُوْرُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ دَاَنَاالْمُذْنِبُ فَمَنْ یَّدع الْمُذْنِبُ اِلَّا الْغَفُوْرُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحِیْمُ وَاَنَا الْخَاطِئُ فَمَنْ یَّدْعُ الْخَاطِئُ اِلَّا الرَّحِیْمُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغِیْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِیْثُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُسْتَغِیْثُ اِلَّا الْمُغِیْثُ یَا رَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْبُ وَاَنَا الدَّاعِیْ فَمَنْ یَّدْعُ الدَّاعِیْ اِلَّاالْمُجِیْبُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُسْتَجِیْرُ اِلَّا الْمُجِیْرُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَزِیْزُ وَاَنَا الذَّلِیْلُ فَمَنْ یَّدْعُ الذَّلِیْلِ اِلَّا الْعَزِیْزُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِیْ وَاَنَا السَّآئِلُ فَمَنْ یَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِیْ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ وَاَنَا الْبَائِسُ فَمَنْ یَّدْعُ الْبَائِسُ اِلَّا الْوَھَّابُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَغْمُوْمُ الا الْمُفَرِّجُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُنْجِیْ وَاَنَا الْغَرِیْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْغَرِیْقُ اِلَّا الْمُنْجِیْ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَرْزُوْقِ اِلَّا الرَّزَّاقُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفَّارُ وَاَنَا الْمُتَضَرِّعُ فَمَنْ یَدْعُ الْمُتَضَرِّعُ اِلَّا الْغَفَّارُ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُضْطَرُّ اِلَّا الْکَاشِفَ یَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّیِّدُ وَاَنَاالْمُبْتَھِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُبْتَھِلُ اِلَّااَلسَّیِّدَیَارَبَّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدِی وَمَوْ لَا لِیْ فَاغْفِرْذُنُوْبِیْ وَاعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تعالیٰ عَلٰی خَیْرِ

تنگی معاش کا عمل

ہمارے بزرگ فرماتے ہیں کہ جس کسی کو رزق کی تنگی ہو تو وہ نماز پنجگانہ ادا کرتا رہے اور ہر نماز کے بعد پانچ صد مرتبہ اس عمل کو اپنے وظیفہ میں رکھے انشا اللہ 41 دنوں کے اندر اندر رزق کی تنگی دور ہو جائے گی اور کاروبار خوب چمکے گا۔ وظیفہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَاقَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَاشِدَّۃَ الْمَوْتِ وَاَرْضَاعَنْدَالْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَاخَالِقَ الْحَیٰوۃِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِیْنَ۔

برائے قضائے حاجات

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ نہایت شوق و ذوق کے ساتھ اس دعا کو پڑھے گا۔ انشا اللہ ہفتہ بھر کے اندر اپنی مراد کو پہنچ جائے گا۔ اگر ہفتہ کے اندر اندر اس کی مراد برا نہ ہو تو پھر اپنی کوئی خطا سمجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اعتقاد درست رکھنا شرط اعظم ہے۔ ہمارے بزرگ فرماتے تھے کہ جو کوئی شک کرتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم کو یہ وظیفہ حضور اکرم ﷺ کی طرف سے عطا ہوا تھا۔ اس سے ہزاروں کے فائدے ہوئے ہیں لیکن نماز شرط ہے اس کے ساتھ پنجگانہ ضرور ادا کریں اور وظیفہ کے ساتھ ہر مرتبہ بسم اللہ ضرور پڑھیں زیادہ سود مند ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَاقَدِیْمُ یَادَآئِمُ یَاقَائِمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُیَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَامَنْ اِلَیْہِ الْمَعِیْرُ یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

نادعلی کبیر وصغیر باموکّل

اس سے پہلے ہم نے نادعلی کبیر کا ذکر جلد اوّل میں کیا تھا مگر وہ عام تھا، اِس جلد میں ہم نادعلی باموکل کا ذکر کر رہے ہیں اس کے فائدے بھی وہی ہیں مگر یہ باموکل ہونے کی وجہ سے زیادہ طاقتور ہے۔ نادعلی کبیر کا وظیفہ جاری رکھنے سے باطنی صفائی ہوتی ہے اور روحانیات میں اضافہ ہوتا ہے اور جناب حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم کی باطنی روحانی طاقت عامل کے ساتھ ہوتی ہے اس وجہ سے عامل جو بھی کام کرنا چاہے گا۔ اپنی طاقت پر کرے۔

گا۔ جنات کا کام کرنے والے لوگوں کے لیے یہ اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ جنات جنتیہ بھی حاوی ہوں گے اس کے عامل کے سامنے سب ہیچ ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ باطنی انوار وتجلیات کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تو پھر آپ کو لازمی ہے کہ اس کے عامل ضرور بنیں کیونکہ آزمائش شرط ہے اس کے علاوہ آپ مندرجہ ذیل فوائد حاصل کر سکتے ہیں اس کے وظیفہ جاری رکھنے کے لیے پہلے اس کا چلہ ضروری ہے۔ پرہیز جلالی جمالی کر کے چلہ جاری کریں پھر قدرت کی ذات کا کرشمہ دیکھیں۔ اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد نکال کر اس کے مطابق پڑھائی کریں پھر جب چلہ مکمل ہو جائے تو پھر 101 مرتبہ روزانہ اپنے وظیفہ میں رکھیں عمل جاری ہو جائے گا اس کے علاوہ اگر نادعلی کبیر کے نقش استعمال کرنا چاہیں تو تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں لکھے ہوئے ہیں اور ان کی زکوٰۃ وغیرہ کا طریقہ کار بھی لکھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ آپ مندرجہ ذیل فائدے حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی قید ہو گیا ہو اس کے لیے جمعہ کے روز ایک مٹھی مٹی لے کر سات مرتبہ نادعلی کبیر باموکل پڑھ کر مٹی پر پھونک مار کر ہوا کی طرف اڑا دے۔ خدا تعالیٰ نے چاہا تو آزادی ملے گی اور کوئی گزند نہ پہنچ پائے گی۔ اگر کسی آدمی کو اپنے دشمن سے ہر وقت خوف ہو تو اس کو چاہیے کہ ستر (70) مرتبہ دشمن کا تصور کر کے پڑھے انشاء اللہ دشمن مقہور ہو گا اگر کسی کو سایہ جن بھوت چڑیل ڈائن وغیرہ ہو گیا ہو تو کنویں کے پانی پر دم کر کے مریض کو غسل دیا جائے اور تھوڑا تھوڑا کر کے پلائیں تو سحر جاتا رہے گا۔ اگر تیل پر دم کر کے پورے جسم پر مالش بھی کر دیں تو پھر بھی ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر کسی مریض کو بارش کے پانی پر دم کر کے پلائیں تو انشاء اللہ شفاء ہو گی مگر بارش کا پانی وہ لینا ہے جب پیر والے دن بارش ہوئی ہو۔ اگر کوئی ایک ہزار مرتبہ اپنے وظیفہ میں بغیر پرہیز جلالی جمالی رکھے تو انشاء اللہ اس کو زندگی بھر کوئی غم نہ ہو گا۔ اگر کسی ظالم حاکم یا بادشاہ کے سامنے تین بار پڑھ کر چہرہ پر پھونک مار دی جائے تو غاصب کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت 48 بار پڑھا کرے گا تو دنیا اس پر مسخر ہو جائے گی۔ اگر کوئی جمعہ کی نماز کے بعد 25 مرتبہ پڑھے گا تو اس کی بے خوابی دور ہو گی اگر کوئی جاگنے کے فوراً بعد اکیانوے بار پڑھتا رہا کرے تو انشاء اللہ مخلوق میں غنی ہو گا اگر کوئی ہر روز بعد نماز فجر 100 مرتبہ اپنے وظیفہ میں رکھے گا تو خدا تعالیٰ اُس کو صاحب دولت بنا دے گا۔ جو کوئی دس بار ہر روز دس دن تک کے لیے پڑھے تو اس کے دشمن کی زبان بندی ہو گی۔ اپنی مراد حاصل کرنے کے لیے ہر روز چوالیس مرتبہ پڑھیں۔ مزمنہ امراض کے لیے مریض کو ہر روز 70 مرتبہ پانی پر دم کر

کے پلانے سے شفاء ہو گی۔ آنکھوں کی بیماری کے لیے 20 مرتبہ پڑھ کر اپنی آنکھوں پر دم کریں یا عرق گلاب پر دم کر کے سلائی کے ساتھ آنکھوں میں ڈالیں شفا ہو گی۔ کشف القبور کے لیے اہل قبر کی پائنتی والی جانب اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر 101 مرتبہ پڑھیں اہل قبر سے ملاقات ہو گی۔ حضور اکرم ﷺ کی زیارت کے لیے ہر روز سوتے وقت تین ہزار مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ سات دن نہ گزر پائیں گے کہ دیدار سے مشرف ہو گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی زیارت کے لیے تین ماہ مکمل طور پر ہر روز تین سو مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ زیارت ہو گی۔ حتیٰ کہ ہر غرض میں کام آتا ہے اس کے تذکرہ کا دائرہ بہت وسیع ہے کتابیں اثرات کے تذکرہ سے مرتب کی جا سکتی ہیں۔ ایمر جنسی میں بھی کام میں لایا جا سکتا ہے ایمر جنسی میں 110 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں مخفی مخلوق نادعلی باموکل کے عامل سے لرزہ براندام ہو جاتی ہیں اور سرتابی کی جرأت نہیں کرتیں۔ تجربہ گواہ ہے ہر کام میں فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اوّل وآخر میں درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ ضرور پڑھیں تاکہ عامل کی طاقت مزید تیز ہو جائے۔ حصار برائے حاضرات کے علاوہ لامحدود اثرات کی حامل ہے۔ ہر کام میں موثر ہے اور تمام افعال کے بارے میں مستند ہے اس کے اثرات کا احاطہ ناممکن ہے۔ نادعلی کبیر دوسری طرف ہے۔ موکلات کے ساتھ دونوں نادعلی کو ایک ہی کہا جاتا ہے۔ جیسے مرضی ہو کبیر کہہ لیں یا صغیر کہہ لیں کوئی فرق نہیں ہے۔

نادعلی باموکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ وَعَلَيْكَ مَدَدِیْ وَعَلَيْكَ مُعْتَمَدِیْ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِحَقِّ بِحَمَّدٍ الْعَرَبِيِّ يَاكَرِيْمَ تَكُنْ مِنِّیْ وَالْكَرِيْمُ يَاكَرِيْمُ فِیْ كَرَمِ كَرِيْمِكَ يَاكَرِيْمُ نَادِعَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ وَالْجَلِيْلُ فِیْ جَلَالِكَ يَاجَلِيْلِ اَجِبْ يَاجِبْرَائِيْلُ بحق اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاَيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ يَابَدُّوْحُ بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَامِ اَنْ تَقْضِیْ لَنَا حَاجَاتَنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هُوَ هُوَ هُوَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِی النَّوَائِبِ اِنَّمَا اَمْرُهٗ'' اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ يَاقَاهِرُ يَاذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدُ يَاقَاهِرُ اَجِبْ يَاعِزْرَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَنْ تَقْضِیْ حَاجَاتِنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هُوَ وَالْعِزَّتِیْ، عِزَّتِكَ يَاعَزِيْزُ سَلَامٌ'' قَوْلٌ'' مِنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ بَحَقِّ يَاسَمَائِيْلُ اَنْ

تَقْضِیْ لَنَا حَاجَاتِنَا کُلَّھَا اَللّٰہُ تعالیٰ ھُوَ کُلُّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ○ یَامَنْ نَظَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بِحَقِّ یَاعَمْرَائِیْلَ بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ یَاعَظِیْمُ لِعَظْمَتِکَ یَاعَظِیْمُ بِنُبُوَّتِکَ یَامُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ اَیُّھَا الْمُرْتَضٰی یَاوَلِیَ اللّٰہِ یَاقَاھِرَ الْعَدُوِّ یَامَظْھَرَ الْعَجَائِبِ یَامُرْتَضٰی عَلِیٌّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْاَعْظَمِ اَلْاَکْرَمِ اَنْ تَقْضِیْ لَنَا حَاجَاتِنَا کُلَّھَا ھَآء ھُوْ بِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ اِحْفَظْنَا مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَہِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَاغِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ مِنْ شَرِّ اَعْدَائِکَ بَرِیْ" بَرِیْ" بَرِیْ" بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ○

یار یار نہ کر ہر دم گلزار یار نیست
مطلب کے یار سینکڑوں غمخوار یار نیست

تنگی رزق کیلئے نقش

یہ نقش تنگی رزق کے لیے بہت مجرب ہے اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو کاروبار خوب رہا ہوا ہو تو یہ نقش چالیس عدد لکھ کر ہر روز بہتے ہوئے پانی میں خاص کر نہر والے پانی میں بہائیں۔ جب چالیس دن پورے ہو جائیں تو پھر ایک نقش جو کہ سب سے آخر میں لکھا ہوا تھا کو سنبھال کر اپنی دکان کے اندر رکھ لیں انشاء اللہ کاروبار خوب کھل جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳	۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴
۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵	۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴
۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹	۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۹
۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸	۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸

ہمزاد کو قبضہ میں لانا

یہ عمل میرے مشاہدہ میں رہا ہے اور کئی تجربات کئے ہیں اس عمل کے کرنے کے لیے ہمارے سے اجازت ضروری ہے اور بلمشافہ ملنا ضروری ہے ویسے کسی کو کوئی اجازت نہیں ہے۔ یہ صرف لکھنے تک محدود ہے اگر مل لیں گے تو پھر جسارت کے مطابق اجازت دی جائے گی۔ یوں تو مارکیٹ میں ہمزاد کے نام پر مختلف کتابیں ہیں اور مختلف موضوعات

ہیں مگر ہمارے تجربہ میں صرف یہ عمل زیادہ کارگر ثابت ہوا ہے۔ دوسرا یہ کہ بعض لوگ ہمزاد کو قابو پالینے سے پہلے ہی اپنی نیت خراب کر لیتے ہیں۔ اس لیے کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے اور بعض لوگ عمل کرتے کرتے تنگ آجاتے ہیں اس لیے کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے۔ لیکن جو بات ہمارے مشاہدہ میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ ہمزاد کو قبضہ میں لانے کے لیے کم از کم چار چلے درکار ہیں اور مسلسل چاروں چلے اکٹھے کرنے ہوں گے یا پھر یوں سمجھ لیں کہ ایک سو پچاسی دن عمل کرنا ہوگا۔ پرہیز جلالی جمالی بھی بہت ضروری ہے ورنہ کامیابی نہیں ہوتی ہے میری یہ درخواست ہے کہ جو بھی کوئی عمل ہمزاد کرے خواہ کوئی بھی ہمزاد کا عمل ہو اس کو کم از کم چار چلے کرنا ضروری ہے۔ ایک چلہ میں ہمزاد کبھی بھی ہاتھ نہیں آتا ہے۔ بلکہ فائدہ ہونے کی بجائے رجعت طاری ہو جاتی ہے پھر جو کہ آسیب کی شکل اختیار کر جاتی ہے اور گھریلو کام کاج بالکل تباہ ہو جاتا ہے پھر عملیات سے دل اُچاٹ ہو جاتا ہے۔ پھر اُلٹا اُستادوں اور عاملوں کو برا بھلا بھی کہنا پڑتا ہے اس لئے ہم نے اپنے تجربہ کی بنیاد پر لکھا ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ کوئی تین دن کے اندر بھی قابو کر سکتا ہو۔ ہم اس چیز کو بھی مانتے ہیں کیونکہ دنیا رنگ برنگی ہے لیکن ہم صرف یہاں ایک چھوٹا سا عمل لکھتے ہیں مگر اس میں صرف بالمشافہ ملنا ضروری ہے۔

عمل کچھ اس طرح ہے کہ آیت وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاسًا وَّاَشَدُّ فلاں بن فلاں تَنْکِیْلًا○ فلاں بن فلاں کی جگہ پر اپنا نام لگانا ہے۔ اس آیت کے اعداد 1263 لے کر اس میں اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں پھر اس کو تین سے ضرب دیں جو حاصل ضرب ہو اس تعداد کے مطابق روزانہ بعد نماز عشاء بغیر پرہیز جلالی جمالی کے روزانہ 365 دن پڑھیں۔ اس دوران صرف گوشت نہ کھائیں جھوٹ نہ بولیں۔ یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ اس میں ایک تو ہمزاد سامنے آجاتا ہے اور دوسرا پرہیز سے بچت ہوتی ہے اگر خدانخواستہ ہمزاد سامنے نہ آئے تو پھر بھی آپ کے تمام کام کرے گا۔ اگر سامنے حاضر ہو جائے تو پھر بہت اچھی بات ہے ورنہ اتنا ہی کافی ہے اس طریقے پر بھی ہمزاد پورا پورا کام کرتا ہے۔ جب چار ماہ گزر جائیں تو پھر لوگ خود بخود آپ کو کہیں گے کہ تم ابھی اُدھر کھڑے تھے اتنی جلدی کدھر آگئے ہو۔ لیکن جو اُن کو ملے گا وہ آپ کا ہمزاد ہوگا۔

اس کے علاوہ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد آئینہ قد آور لیں اس کو علیحدہ کمرے میں لگا لیں کمرے کو سفید رنگ کا چونا کر لیں۔ کمرے میں اور کوئی چیز موجود نہ ہو۔ آئینہ کے سامنے کھڑے ہو جائیں اور مندرجہ بالا طریقے پہ اپنے چہرہ پر نظر جما کر عمل

شروع کریں اس طریقہ پر حصار پورے کمرے کو کریں اور پرہیز جلالی جمالی بھی ضروری ہے اور عمل ایک سو پچاس دن کرنا ہوگا۔ انشا اللہ دوسرے چلہ میں ہمزاد آپ کو نظر آنا شروع ہوجائے گا۔ جب مکمل طور پر ہمزاد آپ کے سامنے آجائے تو پھر آپ سوا کلو دودھ کی کھیر پکا کر پاس رکھیں۔ رات کو عمل کے دوران جب ہمزاد آپ کو کہے کہ کھیر مجھے کھانے کے لیے دیں تو آپ پہلے اس کے ساتھ قول و قرار کریں کہ جب میں تم کو بلاؤں حاضر ہوجایا کرو اور حاضر ہونے کا طریقہ بھی بتا دو تاکہ جس طریقہ پر حاضر ہوا کرو گے مجھے بلانے میں آسانی پیدا ہوجائے۔ جب تک وہ کھیر نہ مانگے نہ دیں وہی کھیر صبح اُٹھ کر بچوں کو تقسیم کر دیں شام کو پھر نئی کھیر تیار کریں عمل کا وقت ٹھیک رات ساڑھے بارہ بجے کا ہے۔ اس کے علاوہ ہرگز نہ کریں اور ضروری تاکید ہے کہ ہم کو مل کر عمل شروع کریں اگر ہماری اجازت یا ملاقات کے علاوہ عمل کیا گیا تو پھر نفع نقصان کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ اگر کسی نے مزید اس کے بارے میں گفتگو کرنی ہو تو بذریعہ خط و کتاب پوچھ سکتا ہے۔ ہم انشا اللہ آپ کے تمام سوالوں کا جواب دیں گے۔ اکثر کتابوں میں آپ نے ہمزاد کو قبضہ میں لانے کے بعد میں طریقے پڑھے ہوں گے اس لیے اس جگہ فائدے لکھنے بے فائدہ ہوں گے۔

بسم اللہ شریف پر مزید گفتگو

پچھلے صفحات پر ہم نے بسم اللہ شریف پر کافی راز ظاہر کئے ہیں مگر پھر بھی بہت کم تھے اس پر ہم مزید گفتگو کرنا چاہتے ہیں اس لئے کہ بسم اللہ شریف ہر چیز کی کنجی ہے اور پھر اکثر اولیاء اکرام نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بھی قرار دیا ہے اور ہے بھی جس طرح ہم نے پہلے پچھلے صفحات پر اجمالی سا خاکہ پیش کیا ہے۔ اب اس پر احادیث کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ گفتگو کرتے ہیں تاکہ کچھ لوگ یہ نہ سمجھ لیں کہ پتہ نہیں انہوں نے اتنی تفصیل کے ساتھ کیوں صفحات بھر دیئے ہیں۔ ہم نے جلد اوّل میں ذکر کیا تھا کہ اگر آدمی صرف بسم اللہ شریف کا ہی عامل بن جائے تو کافی ہوگا مزید عملیات کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس زمرے میں آکر ہم نے اس کو تفصیل کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اب چنداں تفصیل کی طرف جاتے ہیں۔

حضرت عطاء حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں جب ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' نازل ہوئی تو بادل مشرق کی طرف دوڑ پڑے ہوائیں ٹھہر

گئیں۔ سمندر میں موجیں اٹھنے لگیں، جانور ہمہ تن گوش ہوگئے شیطانوں پر آسمانوں سے پتھر برسنے لگے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی عزت کی قسم کھائی کہ جس چیز پر اس کا نام لیا جائے گا اسے شفا عطا کی جائے گی اور جس چیز پر اسے پڑھا جائے گا اس میں برکت ڈال دے گا۔ جس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی وہ جنت میں داخل ہوگا۔ حضرت ابووائل حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے انیس فرشتوں سے نجات دے وہ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O پڑھے۔ بے شک اس کے اُنیس حروف ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ اس کے ہر حرف کو ان میں سے ہر ایک کے سامنے ڈھال بنا دے گا۔

حضرت طاؤس بوالسطہ حضرت ابن عباسؓ، حضرت عثمان بن عفانؓ سے روایت کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ سے ''بسم اللہ شریف کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اس کے اور اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے درمیان اتنا قرب ہے کہ جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں فرق ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرتے ہوئے زمین سے ایسا کاغذ اٹھایا جس پر بسم اللہ شریف لکھی ہوئی تھی تاکہ پاؤں کے نیچے نہ آئے تو وہ اللہ تعالیٰ کہ ہاں صدیقین میں لکھا جاتا ہے اور اس کے والدین کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔ اگرچہ وہ مشرک ہی کیوں نہ ہوں اولیاء اکرم فرماتے ہیں ہیں کہ شیطان تین مرتبہ اس قدر چلا کر رویا کہ ایسا کبھی نہ رویا ایک مرتبہ اس وقت جب اس پر لعنت بھیجی گئی اور آسمانی سلطنت سے نکالا گیا دوسری مرتبہ اس وقت جب نبی کریم ﷺ کی ولادت ہوئی اور تیسری بار جب سورۃ فاتحہ نازل ہوئی تھی کیونکہ اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھی۔ حضرت سالم بن جعدانؓ سے مروی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اُتری تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب پہلی بار حضرت آدم علیہ السلام پر یہ آیت نازل ہوئی تو انہوں نے فرمایا میری اُمت عذاب سے محفوظ ہوگئی جب تک وہ اسے پڑھتے رہیں گے، پھر اُسے اٹھا لیا گیا۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ آپ نے اس وقت اسے پڑھا جب آپ منجنیق میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے آپ پر آگ کو ٹھنڈا اور سلامتی بنادیا اس کے بعد اسے پھر اٹھا لیا گیا پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل کی گئی۔ اس وقت فرشتوں نے کہا اللہ کی قسم آپ کی بادشاہی مکمل ہوگئی پھر اسے اُٹھالیا گیا اور بعد ازاں اسے مجھ پر اتارا گیا میری اُمت

قیامت کے دن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتی ہوئی آئے گی اور جب ان کے اعمال ترازو پر رکھے جائیں گے تو ان کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوگا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اسے اپنی کتب اور خطوط میں لکھا کرو اور جب لکھو تو زبان سے پڑھا بھی کرو۔ حضرت عکرمہؓ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے لوح وقلم کو پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے قلم کو حکم دیا کہ اس لوح پر وہ تمام لکھ دو جو قیامت تک ہونے والا ہے تو قلم نے لوح پر سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو اپنی مخلوق کے لیے امن کا گہوارہ بنایا۔ جب تک وہ اسے پڑھتے رہیں گے۔

ساتوں آسمانوں میں رہنے والے، بلند مراتبے والے، خیمے والے بزرگ مقرب، صف بستہ اور تسبیح بیان کرنے والے فرشتے اس آیت کو پڑھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جب اسے حضرت سلیمان علیہ السلام پر اتارا تو آپؑ سے فرمایا گیا کہ بنی اسرائیل کے تمام گروہوں میں اعلان کر دیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سے امان کی آیت سننا چاہتا ہو وہ داؤد علیہ اسلام کے محراب میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس حاضر ہو جائے کیونکہ آپؑ خطبہ دینا چاہتے ہیں چنانچہ ہر وہ شخص جو عبادت کا شوق رکھتا تھا جلدی جلدی آپ کے پاس پہنچ گیا یہاں تک کہ تمام علماء، عبادت گزار، زاہد اور یعقوب علیہ السلام کی تمام اولاد حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس جمع ہوگئی تو آپ کھڑے ہوگئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے منبر پر تشریف لے گئے اور ان پر آیت امان بسم اللہ شریف پڑھی چنانچہ جس نے سنا مسرت سے جھوم گیا۔ انہوں نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں اس آیت کے ذریعے سے حضرت سلیمان علیہ السلام دنیا کے بادشاہوں پر غالب آئے تھے اور اس کے سبب ہی سے اللہ تعالیٰ نے حضورؐ پاک سے مکہ فتح کروایا تھا۔

پھر اسے حضرت سلیمان علیہ السلام سے اٹھا لیا گیا پھر حضرت مسیح بن مریم علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ آپؑ نے اس پر خوشی کا اظہار کیا اور آپ کے حواری بھی مسرور ہوئے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی، اے مریم کے بیٹے! کیا تم جانتے ہو کہ تم پر یہ کون سی آیت نازل ہوئی ہے۔ یہ آیت بسم اللہ شریف آیت امان ہے آپ اٹھتے بیٹھتے آتے جاتے بلندی پر چڑھتے اور نیچے اترتے بکثرت اس کی تلاوت کریں کیوں کہ قیامت کے دن جس کے نامہ اعمال میں آٹھ سو مرتبہ اس آیت کا تذکرہ ہوا اس حال پر کہ وہ مجھ پر اور میرے رب ہونے پر ایمان لانے والا ہو میں اسے جہنم کی آگ سے آزاد کر دوں گا اور جنت میں داخل کر دوں گا۔ لہٰذا تمہاری قرأت کی ابتداء اور نماز کی ابتداء بسم اللہ شریف

سے شروع ہونی چاہیے۔ جس آدمی کی نماز اور قرآت کا آغاز بسم اللہ سے ہو اور اسی پر اسے موت آئے تو اسے منکر نکیر سے ڈر نہیں ہوگا۔ نیز موت کی سختی اور قبر کی تنگی اس پر آسان ہو جائے گی۔ اس پر میری رحمت نازل ہوگی میں اس کی قبر کو کشادہ کر دوں گا۔ حد نگاہ تک اس کو روشن کر دوں گا اور اسے قبر سے اس طرح نکالوں گا کہ اس کا جسم سفید اور چہرہ روشن ہوگا اس کا نہایت آسان حساب لوں گا اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری کر دوں گا اور پل صراط پر اسے مکمل نور عطا کروں گا۔ یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ منادی کو حکم دے گا تاکہ وہ قیامت کے میدان میں اس کی بخشش اور خوش بختی کا اعلان کر دے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ! اے میرے رب اے میرے پروردگار کیا یہ خاص میرے لیے ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہاں خاص تیرے لیے اور ان کے لیے جو تیری پیروی کرتے ہوں گے۔ تیرے بتائے ہوئے راستے پر چلیں اور وہی کریں جو تو کہتا ہے اور آپ کے بعد احمد مجتبیٰ ﷺ اور آپ کی امت کے لیے ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ اسلام نے اپنے پیروکاروں کو خوش خبری سنائی کہ میرے بعد جو نبی آئے گا اس کا نام احمد ہوگا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے رسول کریم ﷺ کی صفات اور کمالات کا ذکر کیا اور اپنی قوم کو ان پر ایمان لانے کے لیے کہا اور جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو آسمان کی طرف اٹھایا تو اس وقت نئے سرے سے آپ نے حضور اکرم ﷺ کے اوصاف بیان کئے جب آپ کے حواری ان کی اتباع کرنے والے بھی رخصت ہوگئے اور دوسرے لوگ آگئے تو وہ خود بھی گمراہ ہوگئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا دین بدل دیا اور دین کے بدلے دنیا حاصل کر لی۔ اس وقت عیسائیوں سے آیت امان یعنی بسم اللہ شریف اُٹھا لی گئی اور اہل انجیل میں سے صرف مسلمانوں مثلاً راہب اور ان جیسے دوسرے لوگوں کے دل میں رہ گئی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو نبی بنا کر بھیجا تو فرمایا کہ یہ آیت مکرمہ میں سورۃ فاتحہ کی صورت میں نازل ہوئی پھر اسے سورتوں کے شروع میں اور رسائل اور کتب میں لکھا گیا۔ نبی کریم ﷺ پر اس آیت کا نزول بہت بڑی فتح تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے عزم کی قسم کھائی کہ جو ایماندار یقین رکھنے والا اسے کسی چیز پر پڑھے گا میں اس میں اس کے لیے برکت ڈال دوں گا اور جو بھی اہل ایمان اسے پڑھتا ہے تو جنت کہتی ہے۔ لَبیک وَسَعدیکَ یَااللہ! اپنے اس بندے کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت سے میرے اندر داخل کر پس جب جنت کسی آدمی کو بلاتی ہے تو اس کے لیے جنت میں جانا ضروری ہو جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے وہ دعا نہیں لوٹائی جاتی جس میں شروع کرنے سے

پہلے بسم اللہ شریف پڑھی جاتی ہے اور میری امت قیامت کے دن بسم اللہ شریف پڑھتے ہوئے آئے گی اور میزان میں ان کے اعمال حسنہ بھاری ہوجائیں گے۔ باقی امتیں کمتر ہوں گی۔ کس چیز نے اُمت محمدی ﷺ کے اعمال کو بھاری کردیا ہے تو انبیاء اکرام جواب دیں گے امت محمد مصطفیٰ ﷺ کے کلام کا آغاز اللہ تعالیٰ کے ایسے تین بزرگ و برتر ناموں سے ہوتا تھا کہ اگر انہیں ترازوں کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور تمام مخلوق کی برائیاں دوسرے پلڑے میں رکھی جائیں تو ان کی نیکیاں بھاری ہوجائیں گی۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو ہر بیماری کے لیے شفاء، ہر دوا کا معاون ہرمحتاجی سے غنا، جہنم کے پردہ اور زمین میں دھنسنے، چہروں کے مسخ ہونے اور سختی میں پڑنے سے حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے۔ جب تک لوگ اسے پڑھتے رہیں گے۔

بسم اللہ کی مختصر مگر جامع تفسیر

حضرت عطیہ عوفیؒ سے روایت ہے۔ وہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتی ہیں آپ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ان کی والدہ نے علم حاصل کرنے کے لیے مکتب میں بھیجا آپ کے معلم نے کہا کہو ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○'' حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پوچھا ''بسم اللہ کیا ہے'' اُستاد نے کہا میں نہیں جانتا ہوں حضرت عیسیٰ نے فرمایا ''با'' سے اللہ تعالیٰ کی روشنی ہے ''سین'' اللہ تعالیٰ کی بلندی ہے ''میم'' سے اس کی بادشاہی ہے۔

حضرت ابوبکر وراق فرماتے ہیں ''بسم اللہ'' جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے اس کے ہر حرف کی تفسیر الگ ہے ''با'' میں چھ وجوہات ہیں۔

1- عرش سے تحت الثریٰ تک مخلوق کو پیدا کرنے والا ''باری'' اس کا بیان یہ ہے کہ وہی اللہ تعالیٰ عرش سے تحت الثریٰ تک مخلوق کو پیدا کرنے والا ہے۔

2- عرش سے تحت الثریٰ تک مخلوق کو دیکھنے والا ''بصیر'' ہے اس کی وضاحت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے تمام اعمال کو دیکھنے والا ہے۔

3- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کا رزق کشادہ کرنے والا ''باسط'' ہے اس کا بیان اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کرتا ہے اور تنگ کرتا ہے۔

4- مخلوق کے فنا ہونے کے بعد عرش سے تحت الثریٰ تک رہنے والا ''باقی'' ہے اس کا

بیان یہ ہے کہ سب کے لیے یہ فنا ہے صرف تیرے بزرگی وعزت والے رب کی بقا ہے۔

5- عرش سے تحت الثریٰ تک تمام مخلوق کو موت کے بعد اٹھانے والا (باعث) ہے تاکہ ان کو ثواب یا عذاب دے اس کی وضاحت یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ قبروں والوں کو اٹھائے گا۔

6- اللہ تعالیٰ عرش سے تحت الثریٰ تک مومنوں کے ساتھ احسان کرنے والا ''بار'' ہے اس کا بیان یہ ہے کہ وہی احسان کرنے والا مہربان ہے۔ ان چھ صورتوں میں بالترتیب درج آیات والفاظ کی طرف اشارہ ہے وہ چھ آیات یہ ہیں۔

1- هُوَ اللّٰهُ الخَالِقُ البَارِی'' (۵۹-۲۴)

2- وَاللّٰهُ بَصِیر'' بِمَا تَعْمَلُوْنَ (۵۰-۱۸)

3- اَللّٰهُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ (۱۳-۲۶)

4- كُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (۵۵-۲۶)

5- اَنَّ اللّٰهَ یَبْعَثُ مَنْ فِی القُبُوْرِ (۲۲-۷)

6- اِنَّهٗ هُوَ البَرُّ الرَّحِیْمُ (۵۲-۲۸)

اس طرح ہی سین میں پانچ صورتوں پر مشتمل تفسیر ہے۔

1- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کی آواز سننے والا اس کا بیان قرآن پاک میں کچھ اس طرح ہے۔

اَمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ۔

2- دوسرا معنی یہ ہے وہ سید، ہے اور اس کی سیادت عرش سے تحت الثریٰ تک ہے اور اس کا بیان یوں ہے۔

اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ اللہ بے نیاز ہے۔

3- تیسری صورت میں اس کا مفہوم عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کا جلد حساب لینے والا ہے (سریع الحساب) ہے اس کا بیان کچھ اس طرح ہے وَ اللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

4- چوتھی صورت ''سلام'' کے مفہوم پر مشتمل ہے کہ اس نے اپنی مخلوق کو عرش سے تحت الثریٰ تک اندھیروں سے سلامتی عطا فرمائی اس کا بیان قرآن پاک میں کچھ اس

طرح ہے السَّلامُ الْمُؤمِنُ

5- پانچویں صورت میں اس کا معنی ''ساتر'' ہے کہ وہ عرش سے تحت الثریٰ تک اپنے بندوں کے گناہوں پر پردہ پوشی فرماتا ہے۔ اس کا بیان کچھ اس طرح ہے۔

غَافِرُ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التُّوبِ۔

اس طرح ہی میم کی بارہ سورتیں ہیں جو کہ یہ ہیں۔

1- وہ عرش سے تحت الثریٰ تک مخلوق کا بادشاہ ہے یعنی کہ مَالِک ہے اور اس کا بیان اس طرح ہے اَلْمَلِكُ الْقُدُّس ترجمہ! پاک بادشاہ ہے۔

2- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کا مالک ہے اس کو قرآن پاک میں کچھ اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ

3- عرش س سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق پر احسان رکھنے والا ''منان'' ہے اس کے بارے قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ

4- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق سے بزرگ و برتر (مجید) ہے اس کا بیان قرآن پاک میں اس طرح ہے۔ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ

5- اپنی مخلوق کو عرش سے تحت الثریٰ تک امن دینے والا ''مومن'' ہے جس طرح ارشاد خداوندی ہے۔ وَاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ

6- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کا نگہبان ''مھیمن'' ہے اس کا بیان کچھ اس طرح ہے۔ اَلْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ

7- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق پر قدرت رکھنے والا ''مقتدر'' ہے اس کا بیان یوں ہے فِي مَقْدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ

8- عرشِ سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق پر نگہبان ''مقیت'' ہے ارشاد خداوندی ہے وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيتاً

9- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنے دوستوں کو عزت بخشنے والا ''مکرم'' ہے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ اٰدَمَ

10- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کو انعام و اکرام سے نوازنے والا ''منعم'' ہے اس کے بارے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّ بَاطِنَةً

11- عرش سے تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق پر احسان کرنے والا ''مفضل'' ہے جس کا بیان

کچھ اس طرح ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

12- عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک اپنی مخلوق کی صورتیں بنانے والا ''مصور'' ہے ارشاد خداوندی ہے اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ۔

اہل حقائق فرماتے ہیں۔ ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ'' کے یہ معانی بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس سے برکت حاصل کی جائے اور لوگوں کو اس کی طرح رغبت دی جائے کہ وہ اپنے احوال و افعال کا آغاز بسم اللہ سے کریں جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب کو بسم اللہ شریف سے شروع فرمایا ہے۔

اسم اللہ کے معنی اور اشتقاق

اللہ کے لفظی معنی واجب الوجو کے ہیں۔ اللہ ایک ایسا حرف ہے جس کے گرد تمام کائنات گھوم رہی ہے۔ اللہ کے معنی ایسی ذات ہے جس کو نہ کسی نے جنا ہے اور نہ اس نے کسی کو جنا ہے یہ وہ ذات ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کے اسم کے بغیر کائنات نامکمل ہے۔ جس طریقے سے جسم روح کے بغیر فنا ہے اس طرح اللہ ذات کی تسخیر کے بغیر دنیا فنا ہے۔ خدا تعالیٰ کے 99 نام ہیں جو کہ اسم ذات اللہ کی تعریف میں وارد ہوئے ہیں۔ اللہ ذاتی نام ہے اور باقی 98 نام اس نام کی تعریف میں کہے گئے ہیں یعنی کہ پوری کائنات پر اسم اللہ محیط ہے۔ مثال کے طور پر اللہ کے حرف چار ہیں اور چار طرفین ہیں چار مقرب فرشتے ہیں جبرائیل میکائیل عزرائیل اسرافیل اور الہامی کتابیں بھی چار ہیں اور دنیا کے موسم بھی چار ہیں۔ عرش کے پائے بھی چار ہیں انسان کی پیدائش کے عنصر بھی چار ہیں۔ خدا تعالیٰ تک پہنچنے کے طریقے بھی شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت بھی چار ہیں اور سلاسل بھی چار ہیں حتی کہ انسان کے اندر اہم کام کرنے والے اعضا بھی چار ہیں ظاہری طور پر انسانی شکل بھی چار حصوں پر مشتمل ہیں اگر اس طرح ہم کائنات کی ایک ایک چیز کا مشاہدہ کریں تو ہر چیز میں چار چیزیں مشترک ہیں۔ اسی طرح ہی اسم ذات اللہ کے حرف سے اگر پہلے حرف کو لیں تو قرآن پاک کی آیت آیۃ الکرسی کا آغاز اسم الف سے شروع ہوتا ہے جو کہ عرش کرسی کی تعریف میں ہے۔ اگر الف ہٹا دیا گیا تو پھر باقی للہ رہ گیا جس سے مراد لِلّٰهِ مَافِي السمٰوٰت وَمَافِي الارض ط ہے۔ اگر للہ سے پہلے والی لام ہٹا دیں تو پھر لہ رہ جاتا ہے لہ سے بھی قرآن پاک کی کئی آیات کا آغاز ہوتا ہے مثال کے لیے صرف ایک آیت کافی ہے لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اور اس طرح

جب لَہٗ سے پہلے والی لام کو ہٹایا جائے تو پھر ھُورہ جاتا ہے اس سے بھی قرآن پاک میں کئی آیات کا آغاز ہوتا ہے مثال کے طور پر ھُوَ الَّذِی خَلَقَکُمْ مِّن تُرَابٍ ثُمَّ آخر تک یعنی کہ اسم اللہ میں بہت سارے راز پنہاں ہیں جو کہ ہم فاش کرنے سے قاصر ہیں مگر پھر بھی اس کی تفسیر کے لیے ہماری کتاب مفتاح العرش کا مطالعہ ضروری ہے۔ لیکن اس کتاب کو بھی راز میں لکھا گیا ہے۔ یہاں پر ہم چند عالم حضرات اور تصوف سے تعلق رکھنے والے بزرگوں کا تذکرہ ضرور کریں گے۔ حضرت خلیل بن احمد اور عربی جاننے والے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ اسم اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے مقرر ہے۔ اس میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ھَل تَعلَمُ لَہ سَمِیاً ترجمہ کیا خدا کا کوئی ہم نام جانتے ہو یعنی اللہ تعالیٰ کا ہر نام اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کے درمیان مشترک ہے اس کے لیے حقیقتاً اور دوسروں کے لیے مجازی طور پر بولا جاتا ہے۔ البتہ یہ اسم اس کی ذات سے مخصوص ہے کیونکہ اس میں ربوبیت کا معنی ہے باقی تمام معنی اس کے تحت ہیں اسم جلالت ''اللہ'' کے اشتقاق میں بھی اختلاف ہے خضر بن شمیل نے کہا ہے کہ یہ ''تَالَّہٗ'' سے مشتق ہے اور اس کا معنی عبادت کرنا کہا جاتا ہے یعنی کہ اللہ کا معنی یہ ہوگا کہ مخلوق اپنے حادثات اور ضرورتوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور اس پر اعتماد کرتی ہے اور وہ ان کو پناہ دیتا ہے اس اعتبار سے اسے ''الٰہ'' کہا جاتا ہے جس طرح اس شخص کو امام کہا جاتا ہے جس کی اقتداء کی جائے۔ پس لوگ نفع اور نقصان کے معاملات میں اس کی طرف متوجہ ہونے پر مجبور ہیں۔

ابو عمر بن ملا کا قول ہے کہ یہ ''اَلٰہَ'' بمعنی حیران ہوا، سے مشتق ہے جب کوئی شخص پریشان ہو اور ہدایت نہ پائے تو کہتا ہے ''اَلَحَصْتُ فِی الشَّیءِ'' مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کی حقیقت اس کی عظمت اور کیفیت کا احاطہ کرنے میں عقول حیران ہیں۔ اگر ہم اسم اللہ پر مزید بحث جاری رکھیں تو ہزاروں اوراق لکھے جائیں گے مگر پھر بھی اللہ ذات کی تعریف اور تفسیر کم ہوگی۔

رحمٰن و رحیم

رحمٰن و رحیم دونوں کے معنی ایک ہیں یعنی رحمت والا اور دونوں اللہ تعالیٰ کی ذاتی صفات ہیں بعض لوگوں کا قول ہے کہ رَحمٰن اور رحیم دونوں صفات کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص عذاب کا مستحق ہے اس کو عذاب نہ دینا اور غیر مستحق کو بھلائی سے نوازنا۔ اس طرح

دونوں صفات فعل ہیں۔ بعض مفکرین کا خیال ہے کہ ان دونوں میں فرق کیا ہے کہ رحمٰن مبالغہ کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ لہٰذا اس کا معنی یہ ہوگا کہ وہ ذات جس کی رحمت ہر چیز میں شامل ہے اور لفظ رحیم کا رتبہ اس سے کم ہے۔ بعض لوگوں کے نزدیک رحمٰن کو تمام مخلوق پر مہربان کہا جاتا ہے۔ مسلمان ہوں یا کافر، نیک ہوں یا بدکار کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا ہے رزق عطا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَرَحمَتِیَ وَسِعَت کُلَّ شَیءٍ۔ ترجمہ ''میری رحمت ہر چیز میں شامل ہے'' حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ یہ دونوں نام نہایت دقیق ہیں اور یہ دونوں نام ایک دوسرے کے بارے زیادہ دقیق ہیں حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ دنیا والوں کے لیے رحمٰن اور آخرت والوں کے لیے رحیم ضروری ہے۔ حضرت ضحاک فرماتے ہیں۔ آسمان والوں کے لیے رحمٰن ہے کہ ان کو وہاں جگہ دی اور رحیم زمین والوں کے لیے ہے کہ ان میں رسول بھیجے اور کتابیں نازل فرمائیں۔

حضرت عکرمہؓ فرماتے ہیں کہ رحمٰن کے ساتھ ایک رحمت ہے اور رحیم کے ساتھ سو رحمتیں ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سو حصہ رحمتیں ہیں۔ اس نے زمین کی طرف ایک رحمت نازل فرمائی اور اسے مخلوق پر تقسیم کر دیا اس پر مخلوق ایک دوسرے پر مہربانی کرتی ہے اور رحم کا مظاہرہ کرتی ہے۔ باقی رحمتیں ننانوے حصے اپنے پاس رکھے ہیں جن کے ساتھ وہ قیامت والے دن بندوں کو نوازے گا۔ یعنی کہ رحمٰن وہ ہے جس سے مانگا جائے وہ عطا کرے اور رحیم وہ ہے کہ نہ مانگنے پر غضب فرمائے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرماتا ہے۔ اس طرح ہی اگر رحمٰن اور رحیم پر بحث جاری رکھی جائے اور ان دونوں اسموں کی تعریف لکھی جائے تو ہزاروں اوراق پر مشتمل ایک کتاب لکھی جاسکتی ہے۔

بسم اللہ پڑھنے اور سننے کے فوائد

اگر بسم اللہ پڑھو گے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عفو درگزر پاؤ گے۔ یہ تمہارا سُنتا قاری ہے۔ اللہ تعالیٰ سے سُننے کا کتنا لطف ہوگا یہ اس وقت سُنتا ہے جب غم باقی ہے اس وقت سُنتا کیسا ہوگا۔ جب اللہ تعالیٰ ساقی ہے یہ سُنتا بالواسطہ ہے بلاواسطہ سننا کیسا ہوگا یہ سننا دھوکہ اور فریب کے گھر میں ہے سرور والی جگہ سُنتا کیسا ہوگا۔ یہ سُنتا شیطان کے گھر

میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پڑوس میں سننا کیسا ہوگا یہ سُننا ذلیل بندے سے ہے بندگی والے بادشاہ سے سننا کیسا ہوگا۔ یہ تو محض خبر کی لذت ہے دیدار کی حالت میں کس قدر لطف ہوگا۔ یہ تو مجاہدے کی لذت ہے مشاہدہ کی لذت کس قدر ہوگی۔ یہ لذت بیان سے حاصل ہوتی ہے آشکارا ہونے کی صورت میں لذت کا عالم کیا ہوگا۔ یہ غائبانہ لذت ہے اور آنکھوں سے دیکھنے کی لذت کی کیا ہوگی۔

☆ اس اللہ تعالیٰ سے کہو جو اپنے مقابل سے پاک ہے۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جو شریکوں سے پاک ہے۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جو اولاد اختیار کرنے سے پاک ہے۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جس نے نوروں کو بھی روشن کیا ہے۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جس نے نیکوں کو عزت بخشی
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جس نے ہر چیز کو ایک اندازے پر رکھا۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جس نے دلوں اور آنکھوں کو روشن کیا۔
☆ اس اللہ تعالیٰ کے نام سے کہو جس نے سحری کے وقت نیکوں کے دلوں کو روشن کیا۔

بسم اللہ کیا ہے؟

بسم اللہ ذکر کرنے والوں کے لیے ذخیرہ قوی لوگوں کے لیے عزت کمزوروں کے لیے پناہ محبت کرنے والوں کے لیے نور اور شوق رکھنے والوں کیلئے سرور ہے۔ بسم اللہ روحوں کا آرام ہے۔ بسم اللہ جسموں کے لیے نجات ہے بسم اللہ سینوں کا نور ہے، بسم اللہ کاموں کا نظام ہے بسم اللہ عارفوں کا تاج ہے، بسم اللہ اصلان حق کا چراغ ہے۔ بسم اللہ عاشقوں کو بے نیاز کرنے والی ہے۔ بسم اللہ اس کا نام جس نے بعض بندوں کو عزت بخشی اور کچھ بندوں کو ذلیل و رسوا کیا، بسم اللہ اس کا نام ہے جس نے جہنم کو اپنے دشمنوں کی انتظار گاہ بنایا اور اپنے محبوبوں سے دیدار کا وعدہ فرمایا۔ بسم اللہ شریف اس ذات کا نام ہے جو واحد ہے متعدد نہیں، بسم اللہ اس کا نام ہے جو باقی رہنے والا ہے اس کی کوئی انتہا نہیں بسم اللہ اس ذات کا نام ہے جو کہ بغیر سہارے کے قائم و دائم ہے۔ بسم اللہ شریف سے ہر سورت کا آغاز ہوتا ہے۔ اس کا نام ہے جس کے ساتھ خلوتوں کی آبادی اور خوشی ہے۔ اس کا نام ہے جس کے ذکر سے نماز قائم ہوتی ہے۔ یہ اس ذات کا نام ہے جس کے ساتھ خیالات کو حسن حاصل ہوتا ہے۔ یہ اس کا نام ہے جس کے لیے آنکھیں بیدار رہتی ہیں۔ یہ

اس کا نام ہے جو کسی چیز کو "کُن" کہہ دے تو وہ ہوجاتی ہے یہ اس کا نام ہے جو ہاتھ لگائے جانے سے پاک ہے، یہ اس کا نام ہے جو لوگوں سے بے نیاز ہے۔ یہ اس ذات کا نام ہے جو اندازوں سے ماوراء ہے۔ بسم اللہ شریف کو حرف بہ حرف کر کے پڑھو ہزاروں ثواب ملے گا اور تمام گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔ جو شخص زبان سے بسم اللہ شریف کہہ دے دنیا اس کی گواہ بن جاتی ہے اور جو شخص دل سے کہے آخرت اس کی گواہ ہوجاتی ہے اور جو شخص پوشیدہ طور پر کہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا گواہ ہوجاتا ہے۔ بسم اللہ ایک ایسا حکم ہے جس سے زبانوں پر حلاوت حاصل ہوتی ہے۔ بسم اللہ شریف ایک ایسا حکم ہے جس کے پڑھنے سے غم باقی نہیں رہتا کیونکہ یہ اسم اعظم ہے یہ وہ کلمہ ہے جس کے سبب سے دنیا کی تمام نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ یہ وہ کلمہ ہے جس کے باعث عذاب دور ہوجاتا ہے اور یہ وہ کلمہ ہے جو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے ساتھ مخصوص ہے۔ یہ وہ حکم ہے جو جلال و جمال کا جامع ہے۔ بسم اللہ جلال ہے اور الرحمٰن الرحیم جمال در جمال ہے اور جس نے اللہ تعالیٰ کے جلال کا مشاہدہ کیا وہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں فنا ہوگیا اور جس نے جمال کا مشاہدہ کیا وہ ابدی زندگی حاصل کر گیا۔ یہ وہ کلمہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور رحمت کا جامع ہے۔ قدرت نے فرمانبردار لوگوں کی اطاعت کو جمع کیا اور رحمت نے گنہگاروں کے گناہوں کو مٹا دیا۔

بسم اللہ شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہی شخص میری بارگاہ میں شرف باریابی پاتا ہے جس نے میرا حکم مانا پھر اطاعت کے نور سے دیدار تک پہنچا ہے پھر جسے دیدار کی دولت نصیب ہوجائے وہ بیان سے بے نیاز ہوجاتا ہے۔ اس وقت دل اسرار و رموز اور علوم ادیان کا ظرف بن جاتا ہے اور جو شخص محبوب تک پہنچ جائے وہ رونے دھونے سے نجات پاجاتا ہے۔ جس نے جمال الٰہی کا مشاہدہ کیا وہ خبر سے بے پرواہ ہوجاتا ہے۔ جو آدمی صمدیت میں پہنچ گیا وہ اندوہ و رنج و غم سے نجات پا جاتا ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ سے دوستی حاصل ہوگی وہ جدائی سے بچ گیا۔ جو شخص بزرگ و برتر ذات تک پہنچ گیا وہ درد فراق سے محفوظ ہوگیا اور جس کو شرف ملاقات حاصل ہوگیا وہ بدبختی سے مامون ہوگیا۔ پس بسم اللہ شریف کا ذکر ہزاروں اذکار سے افضل ذکر ہے اس ہی میں نجات ہے اس ہی سے رزق ملتا ہے اور اس ہی سے فنا و بقا ہے۔ پس یہ بھی ایک اشارہ ہے ہم لوگوں نے آپ تک تمام راز فاش کر دیئے ہیں اگر سمجھ جاؤ گے تو فلاح پا جاؤ گے اگر نہ سمجھ پاؤ گے تو گمراہ ہوجاؤ گے۔ ایک نہیں ہزاروں اشارے دے دیئے ہیں مگر اشارہ سمجھنا آپ کی عقل پر منحصر

ہے۔ پس عقل کسی کی میراث بھی نہیں ہے۔ ٹھوکریں کھا کھا کر بھی عقل آجاتی ہے۔ ہم نے تم کو ٹھوکریں کھانے سے بھی بچا دیا ہے مگر پھر بھی اگر ٹھوکریں کھاؤ تو پھر تم سے زیادہ بدنصیب کون ہوگا۔ تم یہ خود اندازہ لگاؤ۔ لیکن پھر بھی راز راز ہی رہے مگر پھر بھی راز اٹھانے کو دل چاہتا ہے مگر افسوس تمہاری عقل پر اگر نہ سمجھ پاؤ تو پھر تمہارا مقدر تمہارے ساتھ۔ لیکن پھر بھی دعا ہے کہ خدا تعالیٰ تم کو اور ہم کو راہ ہدایت نصیب فرمائے۔ لیکن پھر بھی بسم اللہ شریف ایک راز ہے۔ بسم اللہ پڑھو پس ''ب'' سے مراد باری تعالیٰ تصور کرو ''سین'' سے مراد گناہوں پر پردہ رکھنے والا ستار تسلیم کرو۔ میم سے منان کی طرف اشارہ ہے گیا یعنی عطاؤں کے ساتھ احسان کرنے والا لیکن پھر بھی ایک راز ہے ''بے'' سے مراد بری اولاد سے ''سین'' سے مراد سننے والا آوازوں کا۔ اور میم سے قرار مجیب الدعوت دعاؤں کے قبول کرنے والا ہے۔ لیکن پھر بھی ایک راز اور ہے اے عقل نادان کے مالک اگر تو اس کو اپنے اندھے دماغ سے نکل کر سوچے تو پھر ''ب'' سے مراد بقاء یعنی تو یہ قبول کرنے والا ہے اور سین سے مراد سجدہ ریزی قبول کرنے والا ہے اور میم سے مراد ہے معذرت عطا کرنے والا رحمٰن عطیات دینے والا اور رحیم گناہوں کو بخشنے والا ہے اللہ عارف لوگوں کے لیے رحمٰن عابدین کے لیے اور رحیم مذنبین گنہگاروں کے لیے ہے اللہ وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور وہ بہترین خالق ہے وہ رحمٰن ہے جس نے تم کو رزق دیا اور وہ سب سے بہترین رزق دینے والا ہے اور رحیم وہ ہے جو تمہارے گناہ بخشتا ہے اور سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے گا جس نے شیطان کی مخالفت کی گناہوں سے کنارہ کش رہا، جہنم سے ڈرا، مخلوق خدا پر بکثرت احسان کیا اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا پس وہ کہتا ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے جو شخص رحمت خدا وندی کا دامن مضبوطی سے تھام لیتا ہے۔ اس کی طرف رجوع کرتا ہے اس پر بھروسہ کرتا ہے اور اس کے ذکر میں مشغول رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرماتا ہے جس نے خدا تعالیٰ کے قرب کے لیے دنیا کو ترک کیا اور آخرت کی طرف مائل ہوا اور مصیبتوں پر صبر آزما ہوا نعمتوں پر شکر کیا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہا۔ وہ بندہ خوش نصیب ہے جو شیطان سے دور ہے اور دنیا سے صرف قوت لایموت پر قناعت کرتا ہے اور اس ذات کے ذکر میں مشغول رہے جو زندہ ہے اور اسے کبھی بھی موت نہیں آئے گی۔ بسم اللہ شریف پڑھنا شیطان کے خلاف جہاد ہے کیونکہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا جب کھانا کھاؤ تو بسم اللہ شریف پڑھا کرو بسم اللہ اگر نہ پڑھو گے تو پھر شیطان تمہارے ساتھ کھانا کھائے گا۔ شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے۔ کافروں کے ساتھ جہاد کرنا افضل ترین جہاد ہے۔ بسم اللہ

شریف پڑھنا اپنے نفس کے خلاف اعلان جنگ ہے۔ موت کا طبل بج رہا ہے وقت آن پہنچا ہے مگر اولاد آدم اپنے نفسوں کے جال میں پھنس چکے ہیں۔ اے ناداں عقل ناتواں ذرا ہماری بات کو سمجھ اور اپنے آپ کو سمجھ۔ حضور پاک فرماتے ہیں جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا اگر تمہارا نفس کے خلاف جہاد ہی نہیں ہے تو نفس کو قوت کس طرح دو گے قرآن فرماتا ہے۔ پس فلاح پا گیا وہ شخص جس نے اپنے نفس کو پا لیا پھر اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہوگیا۔ لیکن تم شیطانی جال میں اس طرح الجھ کر پھنس گئے ہو جس طرح شکاری کا جال خراب ہو اور شکار بہت زیادہ ہو۔ تم دنیا میں پھنس گئے پھر فلاح کا راستہ ڈھونڈتے ہو۔ افسوس صد افسوس لیکن اگر پھر بھی تم کو سمجھ نہ آئے تو افسوس کے سوا ہم کر بھی کیا سکتے ہیں۔ کیوں کہ تمہاری اور ہماری عقل میں فرق ہے جس طرح زمین آسمان میں فرق ہے۔ جس طرح نیک اور بد میں فرق ہے دیکھا تم نے یہ ہے بسم اللہ شریف کی قدرت مگر ابھی کچھ بھی نہیں ہے۔ ہمارے قلم لکھنے سے قاصر ہیں ہماری عقل گنگ ہے۔ آنکھیں اندھی ہیں دل بے جان ہے، بت روح کے بغیر نامکمل اور روح بت کے بغیر نامکمل ہے مگر پھر بھی اس لئے ہم نے جلد اوّل میں لکھا تھا اگر بندہ بسم اللہ شریف کا صرف ایک چلہ با پرہیز کرے تو قیامت تک وہی کافی ہے مگر پھر بھی لوگ نہیں سمجھتے ہیں دوسرے اوراد کے پیچھے بھاگم بھاگ ہم سے ملاقاتیں کرتے ہیں وقت لیتے ہیں مگر بے کار ہے۔

نقشہ بروج کی تاثیر و تانیث و تذکیر

نام بروج	تانیث و تذکیر	تاثیر	نام بروج	تانیث و تذکیر	تاثیر
حمل	نر	آتشی	میزان	نر	بادی
ثور	مونث مادہ	خاکی	عقرب	مادہ	آبی
جوزا	نر	بادی	قوس	نر	آتشی
سرطان	مادہ	آبی	جدی	مادہ	خاکی
اسد	نر	آتشی	دلو	نر	مادی
سنبلہ	مادہ	خاکی	حوت	مادہ	آبی

جلد دوم

نقشہ متعلقہ بروج نحس تاریخ

نام بروج	تاریخ ہائے نحس
حمل	۶،۱۱،۲۰،۲۹
ثور	۳،۹،۱۳،۲۵،۲۸
جوزا	۴،۱۲،۱۷،۱۸،۲۰
سرطان	۱۲،۱۷،۱۸،۲۲،۲۵
اسد	۶،۱۲،۱۳،۲۱،۲۵
سنبلہ	۸
میزان	کوئی نہیں
عقرب	۷،۹،۲۲،۲۳،۲۸
قوس	۱۳،۱۵،۱۷،۲۷،۲۸
جدی	۷،۲۲،۲۴،۲۵
دلو	۱،۱۲،۱۷،۲۲،۲۹
حوت	۲۴،۲۹،۳۰

نوٹ:

ان تاریخوں کا تعلق انگریزی ماہ اور قمری ماہ دونوں سے منسوب ہوتا ہے۔

ہر بند کام کھولنے کیلئے

ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں ہر کام کو بند کرنے کے لیے لکھا تھا مگر یہ عمل صرف کام بند کرنے کے لیے تھا اور کتاب میں کام کھولنے کے لیے کوئی عمل نہیں لکھا تھا اس لیے ہم یہ عمل درج کر رہے ہیں۔ یہ عمل ہمارا ذاتی تجربہ ہے ایک دوست سرور خان نے مجھے عطا کیا تھا اس کے بعد ہمارے ایک دو دوستوں کے تجربہ سے گزرا ہے اور ہم نے خود بھی لوگوں کو استعمال کروایا ہے۔ بہت مجرب ترین عمل ہے اگر کسی کے کاروبار میں کسی نے رکاوٹ ڈال دی ہو، دکان ہر طرح سے باندھ دی گئی ہو کہ دکان پر گاہک نہ آئیں۔ دکان

جلد دوم

خواہ کوئی بھی ہو گھر میں جادو ٹونہ کا شبہ ہو حتی کہ ہر طرح کی ہی ہوئی بندش کھولنے کے لیے مجرب عمل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اس عمل کو ہر روز بعد نماز عشاء 101 مرتبہ 21 دن پڑھیں صرف جگہ قائم ہو باقی پرہیز کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہر شخص کو یہ عمل کرنے کی اجازت ہے صرف اپنے اُستاد سے عمل کرنے کی اجازت لے لیں اگر کسی نے عملیات کا استاد نہیں بنایا ہے تو پھر وہ شخص براہ راست ہم سے مل کر عمل کرنے کی اجازت طلب کر سکتا ہے

جب آپ اکیس دن کا عمل کر لیں گے تو پھر جب کوئی بھی بندش کھولنا مقصود ہو تو بعد نماز عشاء 101 مرتبہ پڑھیں اوّل و آخری درود خضری یا درود ابراہیمی 41 مرتبہ ضرور پڑھیں اپنے پاس کم از کم دس کلو پانی رکھیں جب آپ 101 مرتبہ پڑھ لیں گے تو پانی پر پھونک مار دیں اور پانی محفوظ کر لیں۔ جب کوئی آدمی بندش کھلوانے آئے تو وہی پانی دے دیا مگر پانی میں پانی ملانا منع ہے۔ عمل کو کام میں لائیں اور دعائیں عطا کریں بسم اللہ شریف ہر مرتبہ ساتھ ضرور پڑھیں تاکہ عمل کی پاور زیادہ ہو جائے۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم○ اللہ جیسا بادشاہ محمد جیسا وزیر حضرت خواجہ حضرت جیسا دل بند دستگیر، ہٹ کھولاں دکان کھولاں کھولاں چارے کوٹ راہ دھروی حضرت خضروی دھروی مہتر الیاس لا اِلٰہ اِلا اللہ مُحمد رسول اللہ۔

نوٹ:

پانی کو دکان وغیرہ کی چاروں دیواروں کے اوپر اوپر چھڑکاؤ کریں پانی کی بے ادبی نہ ہونے دیں۔

اگر دنیاوی نظر سے انسان کو دیکھا جائے تو گندگی کا ڈھیر ہے اگر روحانی نظر سے دیکھا جائے تو عرش معلّٰہ سے کم نہیں ہے۔(مصنف)

سعد و نحس ساعتیں معلوم کرنا

موجودہ دور بہت ترقی کی طرف گامزن ہے ہر آدمی اپنا وقت بچانے کی دوڑ میں ہے کہ کام بھی ہو جائے اور وقت بھی مل جائے یا بچ جائے ہم یہاں شائقین عملیات و علم نجوم و شائقین

عملیات وتعویذات کے لیے ستاروں کے سعد اور نحس اوقات ہفتہ وار ترتیب دے رہے ہیں تاکہ مخلوق خدا تعالیٰ کو زیادہ زحمت نہ اٹھانی پڑے ویسے بھی آج کل بازار سے عام جنتریاں بھی مل جاتی ہیں جن میں ستاروں کے سعد ونحس نظریات لکھے جاتے ہیں۔مگر ہم یہاں شائقین تحفۃ الگیلانی کی سہولت کے لیے لکھ رہے ہیں کیونکہ ستاروں کی مختلف تاثیرات ہیں یعنی کوئی ستارہ سعد ہے کوئی نحس ہے، چنانچہ جس وقت ستارہ کی تاثیر سعد ہو اُس وقت عمل کرنے سے کام بن جاتا ہے اور جس وقت ستارہ کی تاثیر نحس ہو اس وقت کام بگڑ جاتا ہے۔ستارہ ہائے سبعہ سیارہ جن کا ذکر گزشتہ صفحات یا گزشتہ جلد میں ہو چکا ہے۔شب و روز دورہ کرتے ہیں۔اہل نجوم نے تحقیق کر کے ان کی ساعتیں فقرا کی ہیں۔اور برسات کی مختلف تاثیر بیان کی ہے، چنانچہ عامل حضرات کے لیے ضروری ہے کہ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کی جو ساعتیں مقرر کی ہیں۔اُن کا خیال رکھے۔اگر ان کے مطابق عمل کیا جائے یا تعویذ لکھا جائے تو کامیابی کی امید ہے اگر برخلاف اس کے عمل کیا جائے تو عمل برباد ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔لہٰذا ہر عامل کے لیے لازم ہے کہ جب وہ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کا قصد کرے تو سب سے پہلے ساعت دیکھے یعنی آج کونسا دن اور ستارہ ہے اور سعد ہے کہ نہیں لہٰذا تمام روز کی ساعتوں کے نقشے لکھ دیئے ہیں اور ان ساعتوں میں جو کام کرنے یا نہ کرنے کے ہیں وہ بھی اس میں لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ عامل ہر روز کی ساعتوں کا نقشہ دیکھ کر اس کے مطابق عمل یا تعویذ لکھے۔

سات روز کے الگ الگ نقشے آئندہ صفحات پر درج کئے دیتے ہیں تاکہ عامل کو ہر روز کی ساعت اور اس کی تاثیر کرنے میں آسانی ہو۔اس سے پہلے جلد اوّل میں ہم نے ان کا ذکر نہیں کیا ہے وہ اس لیے کہ شروع روز سے لے کر آج تک یہ پہچان کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوئی ہے کیونکہ ہمارے ہاتھ کامل لوگوں کے ہاتھوں میں تھے۔کامل لوگوں کو پتہ ہوتا ہے کہ جس وقت بھی جو کام ہونا ہوگا خدا تعالیٰ ہماری مدد فرمائے گا۔ انشااللہ۔

بروز یکشنبہ (اتوار) کی سعد نحس تاثیرات

ساعت کا وقت طلوع آفتاب سے شروع ہوگا اور غروب آفتاب تک ختم ہوگا رات کا وقت غروب آفتاب سے لے کر طلوع آفتاب تک ہوگا طلوع وغروب کا نقشہ آگے آئے گا۔

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	شمس	یکشنبہ (اتوار)	عمل محبت کریں، حکام سے ملاقات کریں، نیا کپڑا پہنے
دوسری ساعت	زہرہ	یکشنبہ (اتوار)	یہ مذموم ہے، اس میں کوئی نیا کام ہرگز نہ کرے۔
تیسری ساعت	عطارد	یکشنبہ (اتوار)	اس میں تعویذ محبت لکھنا اور مسافرت کرنا اچھا ہے۔
چوتھی ساعت	قمر	یکشنبہ (اتوار)	اس میں بیع وشرا کی سخن، لین دین نہ کرے نیا کام نہ کرے۔
پانچویں	زحل	یکشنبہ (اتوار)	بغض و حسد اور عداوت کے عمل کرے۔

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
چھٹی ساعت	مشتری	یکشنبہ (اتوار)	اس میں حکام وغیرہ سے اپنا دلی ارادہ بیان کرنا۔
ساتویں ساعت	مریخ	یکشنبہ (اتوار)	یہ ساعت نحس ہے اس میں کچھ نہ کرے
آٹھویں ساعت	شمس	یکشنبہ (اتوار)	یہ ساعت نیک ہے اس میں جو کام کرے وہ بخیر خوبی انجام ہو۔
نویں ساعت	زہرہ	یکشنبہ (اتوار)	عمل تسخیر و محبت کرے، سفر اختیار کرے
دسویں ساعت	عطارد	یکشنبہ (اتوار)	عمل محبت کرے
گیارہویں ساعت	قمر	یکشنبہ (اتوار)	طلسمات وشعبدہ جات وغیرہ اور اس کی تاثیرات
بارہویں ساعت	زحل	یکشنبہ (اتوار)	بعض عداوت کے اعمال کرے اچھا کام نہ کرے

نقشہ ساعات سیارگان بروز دوشنبہ (پیر) اور اس کی تاثیرات

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	قمر	دوشنبہ (پیر)	اس میں تسخیر و زبان بندی کا عمل کرنا چاہیے
دوسری ساعت	زحل	دوشنبہ (پیر)	اس میں سفر اختیار کریں، حکام سے اپنا مقصد بیان کریں۔
تیسری ساعت	مشتری	دوشنبہ (پیر)	میاں بیوی کی تسخیر کے لیے بہتر ہے۔
چوتھی ساعت	مریخ	دوشنبہ (پیر)	دشمن کی تباہی کیلئے عمل یا تعویذ لکھنا اچھا ہے۔
پانچویں ساعت	شمس	دوشنبہ (پیر)	ہر کسی مقصد کیلئے نکاح تسخیر کیلئے اچھا ہے
چھٹی ساعت	زہرہ	دوشنبہ (پیر)	طلسمات وشعبدات وغیرہ کے لیے۔
ساتویں ساعت	عطارد	دوشنبہ (پیر)	تسخیر زبان وعقد کیلئے اچھا ہے
آٹھویں ساعت	قمر	دوشنبہ (پیر)	اعمال محبت میاں بیوی کے ملاپ کیلئے۔
نویں ساعت	زحل	دوشنبہ (پیر)	بغض وحسد، دشمن کو نقصان کے عملیات کیلئے۔
دسویں ساعت	مشتری	دوشنبہ (پیر)	ہر پاک عمل اس میں بہتر ہے۔
گیارویں ساعت	مریخ	دوشنبہ (پیر)	بغض و حسد کے عملیات تعویذات عداوت کے نقش وعمل۔
بارہویں ساعت	شمس	دوشنبہ (پیر)	زبان بندی ومحبت کے لیے بہتر ہے۔

نقشہ ساعات سیارگان بروز سہ شنبہ (منگل) اور اسکی تاثیرات

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	مریخ	سہ شنبہ (منگل)	بغض عداوت دشمن بیمار کرنے کا عمل اچھا ہے۔
دوسری ساعت	شمس	سہ شنبہ (منگل)	کچھ نہ کریں نحس ہے۔
تیسری ساعت	زہرہ	سہ شنبہ (منگل)	نکاح کرے صالح ہوگی۔
چوتھی ساعت	عطارد	سہ شنبہ (منگل)	قید سے خلاصی پانے دشمن سے آزاد ہونے کا عمل کریں۔
پانچویں ساعت	قمر	سہ شنبہ (منگل)	نحس ساعت ہے کوئی عمل نہ کریں۔
چھٹی ساعت	زحل	سہ شنبہ (منگل)	بیماری یا امراض پیدا کرنے کے عملیات کریں۔
ساتویں ساعت	مشتری	سہ شنبہ (منگل)	بیماری دور کرنے یا تسخیر کرنے کے عمل کریں۔
آٹھویں ساعت	مریخ	سہ شنبہ (منگل)	دشمن کو گرفتار مرض کرنے کے اعمال کریں۔
نویں ساعت	شمس	سہ شنبہ (منگل)	نکاح کریں اعمات محبت کے عملیات کریں۔
دسویں ساعت	زہرہ	سہ شنبہ (منگل)	یہ ساعت نحس ہے اس میں کوئی کام نہ کریں۔
گیارہویں ساعت	عطارد	سہ شنبہ (منگل)	مسافرت میں نہ جائیں۔
بارہویں ساعت	قمر	سہ شنبہ (منگل)	حسد اور بغض کے عملیات کریں۔

نقشہ ساعات سیارگان بروز چہار شنبہ (بدھ) اور اس کی تاثیرات

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	عطارد	چہار شنبہ (بدھ)	محبت کے عملیات کریں
دوسری ساعت	قمر	چہار شنبہ (بدھ)	کوئی عمل نہ کریں
تیسری ساعت	زحل	چہار شنبہ (بدھ)	شفائے امراض کے لیے عملیات تعویذات کریں۔
چوتھی ساعت	مشتری	چہار شنبہ (بدھ)	عمل محبت ترقی روزگار کے عملیات تعویذات لکھیں۔
پانچویں ساعت	مریخ	چہار شنبہ (بدھ)	اعمال عداوت و بغض و حسد کریں۔
چھٹی ساعت	شمس	چہار شنبہ (بدھ)	سفر اختیار کریں اعمال ترقی رزق و محبت کریں۔
ساتویں ساعت	زہرہ	چہار شنبہ (بدھ)	ہر کام کرنے کیلئے سعد ہے۔
آٹھویں ساعت	عطارد	چہار شنبہ (بدھ)	اطفال کی نظر بد دور کرنے اور رونا بند کرنے کیلئے
نویں ساعت	قمر	چہار شنبہ (بدھ)	اس میں اعمال بغض و عداوت ہرگز نہ کریں۔
دسویں ساعت	زحل	چہار شنبہ (بدھ)	حکام سے ملاقات کریں۔
گیارہویں ساعت	مشتری	چہار شنبہ (بدھ)	سعد عمل ہے نیک کام کریں۔
بارہویں ساعت	مریخ	چہار شنبہ (بدھ)	اس میں اعمال بغض و حسد نہ کریں۔

نقشہ ساعات سیارگان بروز پنجشنبہ (جمعرات) اور اس کے تاثیرات

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	مشتری	پنجشنبہ (جمعرات)	ترقی روزگار، خلاصی قید و تسخیر و محبت کے اعمال کریں۔
دوسری ساعت	مریخ	پنجشنبہ (جمعرات)	کوئی سفر نہ کرے کوئی کام نہ کرے۔
تیسری ساعت	شمس	پنجشنبہ (جمعرات)	ہر کوئی کام نہ کرے۔
چوتھی ساعت	زہرہ	پنجشنبہ (جمعرات)	محبت و تسخیر کیلئے عمل کریں۔
پانچویں ساعت	عطارد	پنجشنبہ (جمعرات)	نکاح کرے اعمال موافقت و محبت کریں۔
چھٹی ساعت	قمر	پنجشنبہ (جمعرات)	سفر کرے حکام سے ملاقات کریں۔
ساتویں ساعت	زحل	پنجشنبہ (جمعرات)	ہر کام میں کامیابی ہوگی۔
آٹھویں ساعت	مشتری	پنجشنبہ (جمعرات)	ترقی رزق و محبت کے اعمال کریں۔

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	مریخ	پنجشنبہ (جمعرات)	اعمال تسخیر حکام سے اپنا مقصد بیان کریں۔
دوسری ساعت	شمس	پنجشنبہ (جمعرات)	حکام سے اپنا مدعا بیان کرے اور امداد طلب کرے۔
تیسری ساعت	زہرہ	پنجشنبہ (جمعرات)	تعویذ محبت و تسخیر کے عملیات لکھے۔
گیارہویں ساعت	عطارد	پنجشنبہ (جمعرات)	یہ ساعت بالکل نحس ہے۔

نقشہ ساعات سیارگان بروز جمعہ (شکر) اور اس کی تاثیرات

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	زہرہ	جمعہ (شکر)	عقد عمل تسخیر و محبت کرے۔
دوسری ساعت	عطارد	جمعہ (شکر)	طلسمات لکھیں۔
تیسری ساعت	قمر	جمعہ (شکر)	کوئی کام نہ کریں۔
چوتھی ساعت	زحل	جمعہ (شکر)	نظر بد کے عملیات و تعویذات لکھے۔
پانچویں ساعت	مشتری	جمعہ (شکر)	میاں بیوی کے ملاپ، محبت کے عملیات لکھیں۔
چھٹی ساعت	مریخ	جمعہ (شکر)	تعویزات قضائے حاجات وغیرہ ملاقات احکام کریں۔
ساتویں ساعت	شمس	جمعہ (شکر)	تعویذ محبت لکھیں نکاح کریں۔
آٹھویں ساعت	زہرہ	جمعہ (شکر)	جو کام بھی کرے اچھا ثابت ہو۔
نویں ساعت	عطارد	جمعہ (شکر)	عملیات تسخیر و محبت کریں۔
دسویں ساعت	قمر	جمعہ (شکر)	اعمات بغض لکھیں۔
گیارہویں ساعت	زحل	جمعہ (شکر)	کوئی عمل نہ کریں۔
بارہویں ساعت	مشتری	جمعہ (شکر)	قضائے حاجات و عمل تسخیر و محبت کے کریں۔

نقشہ ساعات سیارگان بروز شنبہ (ہفتہ) اور اس کی تاثیرات

جلد دوم

تعداد ساعات	نام سیارگان	نام دن	تفصیل اعمال یعنی کونسا کام کرنا چاہیے یا کونسا نہیں
پہلی ساعت	زحل	شنبہ	اگر شروع ماہ میں ہو تو عمل محبت و ترقی رزق وغیرہ کرے اگر آخر ماہ ہے تو پھر نحس ہے پھر اعمال بغض و عداوت کرے۔
دوسری ساعت	مشتری	شنبہ	اس میں عمل محبت و تسخیر کرے۔
تیسری ساعت	مریخ	شنبہ	اس میں اعمال بغض و عداوت کرے۔
چوتھی ساعت	شمس	شنبہ	تعویذ محبت اور قضائے حاجات لکھے۔
پانچویں ساعت	زہرہ	شنبہ	عمل محبت کے لیے اچھا ہے۔
چھٹی ساعت	عطارد	شنبہ	دولت اور رزق کے عمل اچھے ہیں۔
ساتویں ساعت	قمر	شنبہ	نحس ساعت ہے کوئی کام نہ کرے۔
آٹھویں ساعت	زحل	شنبہ	دشمن کو ایذا دینے اور بیمار کرنے کے عمل کرے۔
نویں ساعت	مشتری	شنبہ	سعد ساعت ہے ہر کام کے لیے نیک ہے۔
دسویں ساعت	مریخ	شنبہ	نحس ساعت ہے دشمن کو بیمار کرنے کا تعویذ لکھے۔
گیارہویں ساعت	شمس	شنبہ	تعویذ تسخیر و محبت وغیرہ۔
بارہویں ساعت	زہرہ	شنبہ	تعویذ محبت نیز میل ملاپ کے اعمال تعویذ لکھے۔

ایام کی ساعات اور ان کی تاثیرات کے نقوش ذہن نشین کر کے بعدہ، ان دِنوں کے جو موکلات علوی، سماوی اور سفلی، ارضی ہیں ان کو بھی یاد رکھنا چاہیے کیونکہ عامل جس روز جو عمل کرے اس کے موکل کا نام باادب لے کر اس سے اگر امداد کا خواہاں ہو تو عامل کی کامیابی یقینی ہے۔ لہٰذا ان موکلات ایام و موکلات چہار سمت کے الگ الگ نقشے بھی ذہن نشین کرنے کیلئے درج کروائے جاتے ہیں لیکن کامل مرد کے آگے سمت، رجال غیب، ساعت موکل وغیرہ چہ معنی بہرحال یہ تمام لوگوں کی بھلائی کے لیے درج کئے گئے ہیں۔ نقش موکلات ایام اگلے صفحہ پر درج ہے۔

جو زمین والوں پر رحم کرتا ہے
آسمان والا اس پر رحم کرتا
ہے (فرمان نبویؐ)

نقشہ موکلات ایّام

نام ایام	موکل علوی سماوی	موکل سفلی ارضی	نام ایام	موکل علوی سماوی	موکل سفلی ارضی
یکشنبہ (اتوار)	ردفائیل	ابوعبداللہ المذہب	پنجشنبہ (جمعرات)	اسرافیل، مرفیائیل	السید شھود دس
دوشنبہ (پیر)	جبرائیل دشمکائیل	ابوعبداللہ الحارث	جمعہ (شکر)	عینائیل	عبدالرحمٰن لقب ابیض
سہ شنبہ (منگل)	صلصائیل یلسائیل	الاھمر	شنبہ (ہفتہ)	عزرائیل نضفیائیل	ابونوح مسمون
چہارشنبہ (بدھ)	میکائیل، نوائیل	ودیعہ۔ یرقان			السبحانی

ایام ہائے موکلات کی طرح ہر چہار سمت کے موکلات بھی ہیں جن کے نام یاد رکھنا عامل کے لیے بہت ضروری ہے۔ چنانچہ جس سمت کسی پر عمل کیا جائے اس سمت کے موکل کا نام باادب لے کر اس سے عامل کو امداد طلب کرنی چاہیے۔

نقشہ موکلات ہر چہار سمت

نام سمت	نام موکل اور اس کے مددگار
مشرق	دینائیل دوسرا صمائیل تیسرا احمر قیائل چوتھا سمجیائیل
مغرب	دردیائیل مددگار جبرائیل، قصمائیل تیسرا دشویائیل
شمال	اسپائیل مددگار فرعوئیل اور طائیل
جنوب	صرفیائیل مددگار قمبائیل، مرحبائیل، حرمکائیل
قبلہ	اینائیل، مددگار فرغوئیل، طامئیل داللوئیل

رحم کرنا خداتعالیٰ سے صفت ہے۔
شر پیدا کرنا شیطان کا کام
ہے (مصنف)

حروف ابجد کے متعلقہ اسماء الٰہی اور ان کا طریق تلاوت و خاصیت

حروف ابجد	اسمائے الٰہی	تعداد حروف	موکل	برج	کواکب	منازل	تعداد تلاوت	بخور	نتائج و مقاصد
ا	اللہ	۶۶	اسرافیل	حمل	زحل	شرطین	۱۰۰۰	عود سیاہ	مہربانی، ہمدردی اخوت کرے
ب	باقی	۱۱۳	جبرائیل	جوزا	مشتری	بطین	۱۰۰۰	شکر	محبت و تسخیر قلب کے لیے
ج	جامع	۱۱۴	کلکائیل	سرطان	مریخ	ثریا	۷۰	دار چینی	محبت و تسخیر قلب کے لیے
د	دیان	۶۵	دردائیل	ثور	شمس	دبران	۷۲	صندل سرخ	عداوت بغض حسد کے لیے
ہ	ھادی	۲۰	دریائیل	حمل	زہرہ	ہقعہ	۱۰۰	صندل	عداوت بغض کے لیے
و	ولی	۴۶	قمائیل	جوزا	عطارد	ہنعہ	۲۰۰	کافو	محبت و تسخیر قلب کے لی
ز	زکی	۳۷	شرفائیل	سرطان	قمر	دراع	۷۱	شہد	محبت و تسخیر قلب کے لیے
ح	حق	۱۰۸	تنکفیل	جدی	زحل	نثرہ	۳۰۰	زعفران	بغض عداوت کے لیے
ط	طاہر	۲۱۵	اسمائیل	حمل	مشتری	طرفہ	۷۲	مشک	عقد نکاح کے لیے
ی	یلسین	۱۳۰	سراکیکائیل	میزان	مریخ	جبہہ	۱۰۰۰	گل سرخ	تسخیر زحل کے لیے
ک	کافی	۱۱۱	فروزائیل	عقرب	شمس	زہرہ	۲۰۰	گل سفید	محبت کے لیے
ل	لطیف	۱۲۹	طاطائیل	ثور	زہرہ	صرفہ	۷۲	پوست	مفارقت دشمنی کے لیے
م	ملک	۹۰	رویائیل	اسد	عطارد	عوا	۹۰	آبی	محبت و تسخیر کے لیے
ن	نور	۲۵۶	حوائیل	میزان	قمر	سماک	۷۲	سنبل	بغض و عداوت کے لیے
س	سمیع	۱۸۰	ہموائیل	قوس	زحل	عفرا	۵۰۰	خوشبوئے مرکب	عقد و قوت کے لیے
ع	علی	۱۱۰	لومائیل	سنبلہ	مشتری	زبانا	۲۰۰	فلفل سیاہ	تونگری، کشائش رزق کیلئے
ف	فتاح	۴۸۹	سرحائیل	اسد	مریخ	اکلیل	۷۲	جوز	عداوت بغض وحسد
ص	صمد	۱۳۴	اہنجائیل	میزان	شمس	قلب	۲۰۰	بسابہ	الفت و محبت کے لیے
ق	قادر	۳۰۵	عطرائیل	حوت	زہرہ	شعلہ	۳۰۰	ترنج	عقد نکاح و قوت باہ
ر	رب	۲۰۲	اموائیل	سنبلہ	عطارد	لعائم	۷۲	گلاب	مہربانی و امداد کے لیے
ش	شفیع	۴۱۰	ہمرائیل	عقرب	قمر	بلدہ	۲۰۰	عود سفید	عداوت کے لیے
ت	تواب	۴۰۹	عزرائیل	دلو	زحل	سعد ذابح	۳۰۰	عنبر	عقد نکاح کے لیے

ث	ثابت	۹۰۳	میکائیل	حوت	مشتری	سعد ملع	۴۰۰	عود سفید	بغض وحسد کے لیے
خ	خالق	۷۳۱	میکائیل	جدی	مریخ	سعد السعود	۷۰	بنفشہ	محبت والفت کے لیے
ذ	ذاکر	۹۲۱	برطائیل	قوس	شمس	مانفیہ	۷۹	ریحان	بغض وعداوت کے لیے
ض	ضار	۱۰۰۲	عطائیل	دلو	زہرہ	مقدم	۷۲	گل ارغوں	بغض وحسد کے لیے
ظ	ظاہر	۱۱۰۶	لوزائیل	حوت	عطارد	موخر	۲۰	گل نسرین	عداوت و دشمنی کے لیے
غ	غفور	۱۲۸۶	اوفائیل	حوت	قمر	اشا	۳۰	قرنفل	صحت امراض کے لیے

چند شعبدے اور چند جنتر منتر

یہاں پر چند ایک شعبدے اور جنتر منتر لکھے جاتے ہیں جو کہ بعض مرتبہ تجربہ کرنے میں کامیاب ہوجاتے رہے ہیں اور بعض مرتبہ ناکام بھی ہوجاتے تھے لیکن پھر بھی کم از کم پچاس فیصد نتائج اچھے اخذ ہوتے رہے ہیں یہاں پر درج کئے دیتے ہیں شاید کسی کے نصیب میں 100 فیصد بھی کامیاب ہوجائیں۔ اپنے استادوں سے بات کر کے شعبدے سیکھے جاسکتے ہیں یا پھر ہمارے بزرگ دوستوں سے رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے لکھ دینے سے ہی اگر کسی کا کوئی کام ہوجائے تو ہمیں کیا اعتراض ہے۔

برائے ازار بند توڑنا

ازار بند توڑنے کے لیے عمل درج ہے۔ مگر ہمارے مذہب میں کرنا حرام ہے۔ خود گناہگار ہوگا اور خود ذمہ دار ہوگا۔ ہم نے صرف لکھا ہے ہماری طرف سے کسی کو بھی اجازت نہیں ہے اجازت اپنے استاد سے لیں لیکن کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ مگر ہے حرام۔

نو چندے اتوار کو جب کنجشک نر و مادہ آپس میں جفتی کرتے ہوں، تو کسی کنواری باکرہ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے کر اس میں گرہ دیتا جائے جب تک دونوں جفتی کرتے رہیں گرہ دیتا جائے اور بعد میں اس کو لوبان کوڑیا کی دھونی دے کر راستہ میں ڈال دے، جو فرد اس پر سے گزرے گا اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا اور رات کو جب تارا ٹوٹے اس وقت تاگے میں سات گرہ دے کر راستہ میں ڈال دے تو جو کوئی اوپر سے گزرے گا اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا۔ اگر کوئی عورت گھڑا لے کر اوپر سے گزر گئی تو اس کا گھڑا بھی ٹوٹ جائے گا۔

جوہڑ سے مینڈک خود بخود نکل جائیں

اتوار کو مینڈک پکڑ کر اس کے منہ میں اُرد سیاہ بھر کر جنگل میں دبا دے جہاں صرف آپ کے بغیر کوئی نہ گزرنے پائے اور جب اُرد کم از کم ایک فٹ تک زمین سے نکل آئیں تو ان کو کاٹ لے، کاٹنے کے بعد سات مرتبہ مختلف اوقات میں لوبان کی دھونی دے کر کسی تالاب یا جوہڑ جہاں مینڈک رہتے ہوں ڈال دے۔ تھوڑی دیر بعد مینڈک نکل کر کہیں اور چلے جائیں گے۔

نظروں سے غائب ہونا

نوچندی جمعرات یا نوچندے اتوار کو دریا کے کنارے چلا جائے وہاں پر جانور ٹڑی کا گھونسلا تلاش کرے۔ اس نے گھونسلا دریا کے کنارے اکثر بنایا ہوتا ہے چھوٹا سا جانور ہوتا ہے مگر بگلے کی طرح ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں اکثر رات کو اڑا کرتا ہے اس کے گھونسلے میں تین عدد انڈے ہوں گے اور ساتھ ہی دریا کی سات عدد کنکریاں بھی ہوں گی کنکریاں زیادہ بھی ہوسکتی ہیں اور کم بھی ہوسکتی ہیں کنکریاں اپنے ساتھ گھر لے آئے باوضو ہو کر اور منہ جنوب کی طرف رکھ کر سامنے آئینہ رکھے اور ایک عدد کنکری اپنے منہ میں ڈال لے اور آئینہ میں اپنی صورت دیکھے اور ساتھ پڑھے ال بالل تالل خود بخود چاچالل جمنا خمنا ملل توں توڑل چوں چوڑل۔ اگر آئینہ میں اپنی صورت نظر آئے تو پھر دوسری کنکری رکھے عمل سات بار پڑھے اس طرح کنکریاں رکھتا جائے اور آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتا جائے جس کنکری پر صورت غائب ہوجائے اس کو سنبھال کر رکھے جب لوگوں کی نظروں سے غائب ہوجانا چاہے تو کنکری منہ میں رکھے جب سامنے آنا چاہے تو کنکری نکال دے لیکن دنیا کے ساتھ دھوکا کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ حقوق العباد کی سزا قیامت کے دن سب اعمال سے سخت ہوگی۔

خرچ کیا ہوا روپیہ واپس آجائے

ہم نے پہلے بھی درج کیا ہے کہ مخلوق خدا کو دھوکا دینے والی کی قیامت کے دن بخشش نہیں ہوگی بلکہ اگر جنت چاہتا ہے تو مخلوق خدا کی خدمت کر مخلوق خدا کو دھوکا نہ دے کیونکہ حقوق العباد کی بخشش نہیں ہوگی۔ ہم نے صرف تجربے کی بنیاد پر بات کی ہے ہم یہ تبلیغ نہیں کرتے کہ دنیا کے ساتھ فریب کرو، فریب کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ ہم اس

سے بری الذمہ ہیں موسم برسات میں دو بڑے مینڈک دیکھے جو کہ ایک نر ہو دوسرا مادہ ہو اور ایک دوسرے پر چڑھے ہوں یعنی کہ صحبت کر رہے ہوں دونوں کو پکڑے نر کے منہ میں ایک روپے کا سکہ دے دے بلکہ دو روپے کا سکہ دے اور مادہ کے منہ میں اٹھنی یا ایک روپے کا سکہ دے نو چندے اتوار کو جنگل میں کسی چوراہے میں چلا جائے ان دونوں کو زندہ دفن علیحدہ علیحدہ کر دے تھوڑا سا فاصلہ ہو لیکن یہ خیال رکھے کہ نر کون سا ہے اور مادہ کون سا ہے نر کے سر پر چالیس دن تک میٹھے تیل کا چراغ روشن کرتا رہے۔ چراغ اتنا بڑا ہو کہ ساری رات روشن رہے صبح خود بخود بجھ جائے اس کے بعد ان کو نکال کر دیکھے اگر ایک روپیہ دو روپے کے پاس گیا ہے یا دو روپے کا سکہ ایک روپے کے پاس چلا گیا ہے۔ جو سکہ دوسرے سکے کے پاس چلا گیا ہے اس کو اپنے استعمال میں رکھے اور دوسرے کو اپنی جیب میں سنبھال کر رکھے پھر استعمال میں لائے مجرب ہے۔ مگر عمل کرنے والا بے ایمان ہوجائے گا۔

چراغ کی روشنی میں ناچنا

بروز منگل چھپکلی کی دم کاٹ دے جب دم ناچنا شروع ہوجائے تو خود بھی ناچنا شروع کردے جب دم کی جان نکل جائے تو دم کو سنبھال کر رکھ لے پھر جب دم خشک ہوجائے تو روئی میں لپیٹ لے پھر کسی چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر چراغ کو روشن کر دے جب روشن ہوجائے تو چراغ کو بجھا دے۔ جب چراغ بجھ جائے گا تو جو بھی اس مکان میں ہوگا ناچنا شروع کردے گا یا اس کا دل چاہے گا کہ ناچا کروں۔ جب ناچ بند کرنا ہو تو بتی کو چراغ سے نکال کر باہر پھینک دے یہ عمل صرف ایک مرتبہ کام دیتا ہے۔

رات کو وقت پر جاگنے کا عمل

تحفۃ الگیلانی کی جلد اوّل شائع ہونے کے بعد اکثر لوگوں نے اپنے آپ پر شکایت کی ہے کہ ہم اکثر صبح اٹھ کر نماز فجر ادا نہیں کر سکتے اور نہ ہی تہجد ادا کر سکتے ہیں۔ یہ شکایت ہم کو 90 فیصد لوگوں نے کی ہے اس لیے ہم اپنے آزمودہ تجربات لکھ رہے ہیں تاکہ غلطی کی کوئی گنجائش نہ رہے۔ تمام کتاب کو ہم نے اپنے تجربات کی بنیاد پر لکھا ہے۔ مختلف عمل ہم لکھ رہے ہے جو کسی کو پسند آئے یا جو جس کو راس آئے وہ عمل سرانجام کر سکتا ہے۔

عمل نمبر 1

سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اکثر ماہ مارچ سے لے کر ماہ اگست تک دن بڑے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں اس وجہ سے آدمی صبح اٹھ کر تہجد نہیں گزار سکتا ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ شام کو کھانا بالکل نہ کھائیں اگر کھانا ضروری بھی ہے تو پھر تقریباً عصر کے فوراً بعد کھالیا جائے یا پھر کھانا بالکل ہی نہ ختم کیا جائے بلکہ جہاں آپ تین عدد روٹی کھاتے ہیں وہاں آپ 2 عدد کھا لیا کریں یا پھر 1-1/2 روٹی کھائیں انشا اللہ جس وقت بھی اٹھنے کا ارادہ ہوگا آنکھ کھل جائے گی۔

عمل نمبر 2

رات کو چارپائی پر لیٹتے وقت اپنے بائیں اور دائیں کان کو تین بار کھینچیں اور اپنا نام لے کر کہیں کہ مجھے فلاں وقت اٹھا دینا انشا اللہ آنکھ کھل جائے گی۔

عمل نمبر 3

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا جو کوئی جس وقت رات کو اٹھنا چاہے تو اسے چاہیے کہ سورۃ مزمل شریف کی پہلی سات آیات سات بار پڑھے اپنے سینہ پر دم کرے اور دل ہی دل میں تصور کرے کہ فلاں وقت پر جاگنا ہے تو انشا اللہ اسے وقت پر جاگ آجائے گی۔

عمل نمبر 4

جو کوئی چارپائی پر لیٹتے وقت چودہ مرتبہ درود خضری پڑھ کر سوئے گا انشا اللہ جب وہ چاہے گا آنکھ کھل جائے گی مجرب ہے۔

عمل نمبر 5

رات کو چارپائی پر لیٹ کر حضرت خضر علیہ السلام کو مخاطب کر کے کہیں کہ اے زندہ پیر مجھے فلاں وقت پر اٹھا دینا۔اس طرح تین مرتبہ کریں تو انشا اللہ وقت پر جاگ آجائے گی۔

عمل نمبر 6

اس عمل کو درامی نے روایت کیا ہے کہ رات کو آپ جب وقت پر اٹھنا چاہیں تو سورہ

کہف کی آیت اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے آخر تک سورۃ پڑھیں تو انشا اللہ وقت پر آنکھ کھل جائے گی۔عملیات سے فائدہ اٹھانے کے بعد عامل ہذا مصنف کے حق میں اور والدین و تمام گزرے ہوئے بہن بھائیوں اور دنیا کے ہر فرد کے لیے دعائیں مانگیں اور اپنی دعاؤں میں ہر وقت شامل رکھیں۔

عمل نمبر 7

اگر کوئی نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء گیارہ ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو گویا اس نے اپنے نفس کو خرید لیا۔ جب اپنے نفس کو خرید لیا تو پھر اپنے نفس کو حکم دیں کہ فلاں وقت پر مجھے جگا دیا جائے تو انشا اللہ اس کا نفس اسے وقت پر جگا دے گا مگر اس میں کامل مرشد اور کامل استاد کی اجازت ضروری ہے جب آپ عمل شروع کریں نوچندی جمعرات کو چاند کی پانچ تاریخ ہونا ضروری ہے۔ عامل کے لیے ضروری ہے۔ کہ شروع سال میں چاند کی تاریخوں کا حساب لگا رکھے تاکہ وقت پر دشواری نہ ہو۔

عمل نمبر 8

آپ جب رات کو عشاء کی نماز ادا کریں تو مُصلّہ کی جگہ جائے نماز رکھی جائے نماز پر عشاء کی نماز ادا کریں پھر جائے نماز کو اٹھا کر تہہ کر لیں اور اپنے سرھانے کے نیچے رکھ لیں سوتے وقت صرف دل میں سوچ کر سو جائیں کہ فلاں وقت پر آنکھ کھل جائے۔ جب آنکھ کھلے گی تو فوراً ہی سرہانے کے نیچے سے جائے نماز نکال کر جھاڑ دیں اور بائیں ہاتھ سے تین مرتبہ اپنے ناک کو جھاڑیں جس طرح ناک کو صاف کرنے کے لیے پکڑا جاتا ہے پھر ناک صاف کیا جائے بس اس طرح ہی تین دفعہ کریں۔

حاجات مشکلہ کیلئے

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیے کہ بعد نماز یا تہجد کی نماز عشاء کے بعد یعنی کہ رات 2 بجے اٹھے پہلے تہجد کے نفل ادا کرے پھر چار رکعت نماز نفل پڑھے حل مشکلات کی نیت سے ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ط وَكَذٰلِكَ نُجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط سو بار پڑھے تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد

اُفَوِّضُ اَمْرِی اِلَی اللّٰہ ط اِنَّ اللّٰہ بَصِیر" بالعِبَادِ سو بار پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَااللّٰہُ وِنعْمَ الْوَکِیْلُ ط سوبار پڑھے پھر سلام پھیر کر سو مرتبہ رَبِّ اِنِّی مَغْلُوب" فَانْتَصِرْ کہے ہمارے بزرگان دین فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا تھا کہ یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں، جن کے وسیلے سے جو مانگے سو وہی کچھ پائے گا اور جو دعا مانگو گے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ یہ نسخہ ہمارے بزرگوں کی بیاض کا ہے فرماتے ہیں کہ تعجب ہے ایسے لوگوں کے لیے جن کے پاس قیمتی قیمتی عملیات ہوں پھر بھی اُن کی حاجت روائی نہ ہو۔ ایسے لوگوں پر افسوس کے سوا کچھ نہیں ہے۔

کرب و تکالیف کا عمل

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ بھی کرب و تکلیف میں یہ دعا مانگا کرتے تھے اور لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْم ط پڑھا کرتے تھے۔ ہمارے بزرگ فرماتے ہیں کہ ہر نماز کے بعد کم از کم ایک سو مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔ اگر آپ بعد نماز عشاء 500 مرتبہ اور فجر کی نماز کے بعد 500 مرتبہ پڑھتے رہیں تو انشا اللہ آپ کو کوئی تکلیف گزند نہ پہنچائے گی۔ ترمذی شریف میں ہے کہ جب حضور پاک ﷺ کو کسی تکلیف کی وجہ سے پریشانی ہوتی تھی تو آپ اکثر یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ پڑھا کرتے تھے۔ حضرت ابن عباسؓ اور ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جب کسی کا پاؤں سن ہو جائے تو اپنے محبوب کو یاد کرے تو پاؤں درست ہو جائے گا۔ ابن السنی سے مروی ہے کہ وہ شخص محمد (ﷺ) کہے تو انشا اللہ شکایت رفع ہوگی وہ کیونکہ دنیا میں آپ سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں ہے۔

کشائش رزق کا مجرب عمل

یہ ہمارے بزرگوں کی بیاض کا عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کے رزق کی تنگی ختم نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر کوئی جلالی جمالی پرہیز نہیں ہے ایک سو اکیس دن بلاناغہ گیارہ سو مرتبہ کلمہ شریف پڑھے تو انشا اللہ ایک سو دن بعد تنگی دور ہو جائے گی اور غائب سے رزق ملنا شروع ہو جائے گا۔ یہ عمل اکثر ہمارے بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔ اوّل آخر سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔

دعوت کشف قبور

یہ عمل ہمارے بزرگوں کا تجربہ شدہ ہے اس کو ہم تجربہ کی بنیاد پر ہی پایہ تکمیل تک پہنچا رہے ہیں۔ اگر کسی کو دعوت کشف قبور کا شوق ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے مرشد سے اجازت طلب کرے کسی کامل مرشد کے ہاتھوں بیعت ہونا ضروری ہے پھر ہر روز بعد نماز عشاء کے سونے سے پہلے آیۃ الکرسی اور چاروں قل شریف پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے بعد دس بار سورۃ فاتحہ یعنی کہ الحمد شریف پڑھے اور پھر خدا تعالیٰ کے اسماء باری اور اسماء محمد ﷺ پڑھ کر دائیں بائیں پہلو پہ دم کرے پھر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اور اپنے سر کی طرف پھونک مارے اور پھر سورۃ الم نشرح پڑھتا پڑھتا بستر پر لیٹ جائے یہاں تک کہ نیند آجائے۔ اور بزرگوں کا احترام کرے انشا اللہ جس بزرگ کا خیال دل میں لا کر سوئے گا اس کی زیارت سے مشرف ہوگا، اکتالیس دن کے بعد جب سب بزرگوں کی زیارت کرے گا تو پھر جس قبر کے پاس باوضو دوزانو بیٹھ کر مراقبہ کرے گا انشا اللہ تعالیٰ صاحب قبر کی زیارت ہوگی اگر دل زیادہ صاف ہو اور تمام آلائش سے پاک و صاف ہو تو اس کو بات چیت کرنے کی بھی توفیق ہو جائے گی اور صاحب قبر سے فیوض باطنی بھی حاصل کرے گا۔ یقین کامل ضروری ہے بہت آزمودہ مجرب عمل ہے۔

نقشہ بارہ بروج، متعلقہ موکلات، حروف اور نحس تاریخ

نام بروج	نام موکل	حروف	نحس تاریخیں
حمل	حرائیل		
ثور	عزرائیل		
جوزا	اسرافیل		
سرطان	قصفائیل		
سنبلہ	تھکیل		۸
میزان	مھرائیل		
عقرب	صرفائیل		
قوس	سرطائیل		

جدی	شمکائیل	ج،د،ک،ش،ق،ت،ظ	۷_۲۲_۲۴_۲۵
دلو	میکائیل	د،ح،ل،ی،خ،غ	۱_۱۲_۱۷_۲۲_۲۹
حوت	قصیائیل	ح،ر،ک،س ق،ث،ظ	۲۴_۲۹_۳۰

بارہ برجوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان تینوں حصوں کے مختلف اثرات ہیں۔ ایک قسم منقلب ہے، دوسری ثابت ہے تیسری ذوجسدین ہے لہٰذا منقلب قسم میں حمل ، سرطان ، میزان، جدی ہیں۔ دوسری قسم ثابت ہے اس میں ثور ، اسد ،عقرب دلو ہیں اور تیسری قسم ذوجسدین ہے اس میں جوزا،سنبلہ،قوس،حوت ہیں۔ لہٰذا عامل کے لیے ضروری ہے کہ جب آفتاب بروج منقلب میں ہوتو ایسے وقت میں صحت کشائش رزق وغیرہ کا عمل نہ کرے۔ بلکہ دشمن کو نقصان پہنچانے والے عمل کرے اور جب آفتاب بروج ثابت میں ہو، اس وقت بغض وحسد وغیرہ کے عمل نہ کرے۔ البتہ آفتاب بروج ذوجسدین میں ہوتو جو عمل چاہے کرے۔

ماہ ثابت

جیٹھ، بھادوں، بیساکھ،ان ماہ میں ترقی،تبادلہ،محبت،روزگار، پریشانی وغیرہ کے لیے عملیات کئے جائیں۔

ذوجسدین

چیت،ھاڑ،پوہ،کاتک،ان ماہ میں کامیابی مقدمات ، تسخیر ، منظور نظر حب دنیا۔ حاجات دینی و دنیاوی ، محبت زوجین نیز ثابت میں جو عمل مخصوص ہیں ذوجسدین میں بھی کئے جاسکتے ہیں۔

ماہ منقلب

بیساکھ ، ساون،کاتک،ماگھ، ان میں نقصان دشمن،تفریق عداوت وغیرہ کے عملیات پڑھے جاسکتے ہیں۔

بذریعہ خواب اسرار منکشف ہونا

یہ عمل بہت آزمودہ ہے۔ ہمارے چند دوستوں کا تجربہ شدہ ہے لیکن راز راز ہی ہوتا ہے اتنے قیمتی راز فاش کرنے کو دل تو نہیں چاہتا مگر حقوق العباد کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھ

رہے ہیں تاکہ مخلوق بھی اس سے فائدہ حاصل کرے۔ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ فجر کی نماز کے بعد 2500 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور ایک چلہ مکمل کریں۔ وقت کی پابندی جگہ کی پابندی بہت ضروری ہے۔ جب آپ اکیس دن کے قریب پہنچیں گے تو آپ کو بذریعہ خواب آنے والے حالات سے آگاہی ہوگی کہ کل کیا ہونے والا ہے۔ ہر بات قبل از وقت معلوم ہوجائے گی یعنی کہ اس کو ہر آنے والی بات کا علم خواب کے ذریعہ معلوم ہوجایا کرے گا۔ عجیب عجیب باتیں ظاہر ہوں گی مگر دوسرے آدمی کو راز بتانا گناہ کبیرہ ہے کیونکہ یہ خداتعالیٰ کی خدائی میں خلل اندازی ہے جو کہ کفر تک لے جاتی ہے۔

ایضاً

یہ عمل بھی خاص کر میرا ذاتی تجربہ ہے اس سے پہلے اس کو میں نے کسی پر ظاہر نہیں کیا تھا مگر اب مجبوری ہے تب اس کو ظاہر کررہے ہیں اس کے لیے ہمارے سے براہ راست اجازت لینا ضروری ہے اور اس عمل کا ہدیہ بھی ضروری ہے جو کم از کم گیارسو روپے ہے۔ پھر جو شخص اس عمل سے کام لے گا اس کے لیے ضروری ہے کہ ہر ماہ ہدیہ نکالے مگر وہ حسب توفیق ہے لیکن پہلے گیارہ سو ضروری ہیں وہ مصنف سے اجازت کے وقت ادا کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ جب بھی کسی بزرگ کے ہاں حاضری دیں پھر حسب توفیق ہدیہ تبرک لنگر کے طور پر ضرور دیا کریں اس کے ادا کرنے سے ایک تو عمل جاری رہتا ہے دوسرا عامل استاد یا مرشد کی نظروں میں انسان آجاتا ہے جو کہ بہت ضروری ہوتا ہے۔ اس کی پابندی نہیں ہوتی ہے عامل لے یا نہ لے مگر آپ حضرات کے لیے ضروری ہے کہ ضرور ادا کیا کریں اس عمل کے کرنے کے لیے بھی ہدیہ ضروری ہے جو کہ اوپر لکھا جاچکا ہے جو آدمی ادا نہ کرے گا اس کے لیے یہ عمل نقصان دہ ثابت ہوگا۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اکتالیس دن پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ قائم جگہ اور قائم وقت کے ساتھ گیارہ سو مرتبہ سلام'' قولاً مِّن رَبٍّ الرَّحِیم○ پڑھیں اوّل و آخر ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اس کے پڑھنے سے آپ کو دوسرے دن ہونے والے تمام راز معلوم ہوجائیں گے کہ آج کیا ہوگا مگر راز رکھنا ضروری ہے۔ اگر راز نہ رکھو گے تو خداتعالیٰ کے ہاں تم کو ضرور پکڑ ہوگی۔ مزید معلومات کے لیے مصنف ہذا سے رابطہ قائم کریں۔ اس عمل کے کرنے کی کسی کو اجازت نہیں ہے مگر مل کر اجازت طلب کی جاسکتی ہے۔

تسخیر نظر کا نایاب نسخہ

اگر کوئی چاہے کہ میری نظر میں دہشت پیدا ہو جس کی طرف دیکھوں لوگوں میں رعب پیدا ہو، نظر سے لوگوں میں کپکپی طاری ہو۔ ایسے شخص کے لیے یہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے، بہت آزمودہ ہے اور ہمارے بزرگوں کا تجربہ شدہ ہے میں نے ابھی تک خود تجربہ نہیں کیا ہے وہ صرف اس لئے کہ جو عملیات ہمارے آباؤاجداد کے آزمودہ ہیں ہمیں خود ان کو آزمانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ روزانہ چالیس دن سے لے کر ایک سو اکیس دن تک طلوع آفتاب کے وقت سورج پر نگاہ جما کر ایک سو مرتبہ مکمل بسم اللہ شریف پڑھیں آنکھ میں بجلی کی طرح طاقت پیدا ہوگی جس شخص پر نظر ڈالو گے نظر ڈالتے وقت چند بار بسم اللہ شریف پڑھے اور دل میں یہ خیال کرے کہ فلاں شخص میری طرف چلا آئے وہ شخص چند منٹوں میں اُس کے پاس آجائے گا۔ 121 دن بعد پھر اپنا معمول بنالیں کسی ایک وقت پر مقررہ ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھتے رہا کریں۔ سورج کی طرف منہ کر کے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن حرام کاری سے بچیں نیت خراب ہونے کی صورت میں عمل کام نہ کرے گا۔ بلکہ ہوسکتا ہے کہ الٹا نقصان ہوجائے۔

حضرت جبرائیلؑ کے موکل تابع کرنا

یہ عمل میرے ذاتی تجربہ میں آیا ہے مجھے اس کی اجازت میرے بزرگ دوست محمد رفیق عرف نمبردار نے دی تھی۔ میں نے اس کو صرف تجربہ کی بنیاد تک حاصل کیا تھا بہت مجرب عمل ہے اس کے حاصل کرنے کے لیے براہ راست ملنا ہوگا کیونکہ اس میں صرف مجھے عمل لکھنے کی اجازت ملی تھی عام اجازت نہیں دی گئی اس لیے میں اس کی اجازت نہیں دے سکتا ہوں عمل بہت کارآمد ہے اس عمل کو حاصل کر کے مندرجہ ذیل فائدے لئے جاسکتے ہیں۔ آزمائش شرط ہے خود آزما کر دیکھ سکتے ہیں۔

1- کاروبار کو خوب چمکانے کے لیے
2- عملیات و وظیفہ جات تعویذ گنڈا کرنے والوں کے لیے ایک نایاب تحفہ ہے اس عمل کو کرنے سے کسی عمل خاص کر ہمزاد کی ضرورت نہیں ہوگی۔
3- جو کام آپ ہمزاد سے لے سکتے ہیں وہ کام بھی آپ کر سکتے ہیں۔
4- دشمن کو زیر کرنے کے لیے مجرب تحفہ۔
5- تھانہ کچہری میں سفارش کرنے میں بے نظیر

تعویذ گنڈا کرنے والوں کے لیے مشکل کشاء فال نامہ
6- کاروبار چمکانے والے کے لیے ٹی وی اخبار رسالوں وغیرہ سے بڑھ کر اشتہار
7- دینے والا ذریعہ ابلاغیات کا دفتر
ڈاکٹری یا حکمت کرنے والوں کیلئے مجرب نسخوں کا حکیم دا تھیلہ۔
8- مریدوں پر مکمل نگرانی کرنے والے کامل مرشد کا کامیاب خلیفہ۔
9- موبائل فونز۔ دیگر فونز یا کسی بھی اعلیٰ کوالٹی اعلیٰ ذریعہ سے خبریں پیش کرنے والا
10- روحانی کارڈلیس ٹیلی فون نیز۔ اس عمل کی ہم جتنی بھی تعریف کریں گے وہ کم ہی ہوگی آگے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں اس عمل کے کارگر ہونے سے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے نام کے موکل انسان کے ساتھ ساتھ خدمت میں رہتے ہیں اور اکثر ظاہری طور پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں اس عمل کے کرنے کا طریقہ صرف یہ ہے کہ بعد نماز عشاء قائم جگہ پر صرف گوشت، پیاز سے پرہیز کر کے گیارہ تسبیح پڑھیں اوّل و آخر تین تین بار درود ابراہیمی پڑھیں مزید لمبے چوڑے پرہیز کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے عمل یہ ہے لاالٰہ الّا اللہُ وسیلہ یا جبرائیل۔

دانت درد کیلئے

یہ عمل میرے بزرگ دوست میاں شہباز خان کا عطا کردہ ہے انہوں نے اس کی بہت تعریف فرمائی تھی اور ساتھ اجازت بھی دی ہے کہ ہر عام و خاص اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ فیض عام کے لیے لکھا جارہا ہے اس میں کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے لیکن پھر بھی اپنے استاد سے یا پھر کسی کامل سے اجازت لے لیں تو اچھا ہے ورنہ کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ بہت مجرب عمل ہے بارہا مرتبہ آزمائش ہوچکی ہے اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ مریض سے پہلے کھانے والی کوئی چیز کہیں کہ چھوڑ دے زندگی بھر نہ کھائے پھر مریض کو کہیں کہ دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی پر سات مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے انگلی دانت پر رکھے جسے درد ہورہی ہے صرف درد کے دوران کریں۔ عامل کے لیے ضروری ہے کہ پہلے گیارہ مرتبہ بسم اللہ شریف مکمل طور پر پڑھے پھر ذیل کا عمل گیارہ مرتبہ پڑھے پھر بعد میں گیارہ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے۔ عمل یہ ہے ہر مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اللہ معتبر محمد معتبر، معتبر کم سوارے کالا کیڑا کربلا بتری دند چیرے برکت شیخ

فریدی دی دنداں وچہ میرے، میں نواں، ہو یا مسلمین لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ 5 عدد تنکے سروٹے (سرکنڈے) کے لے کر دانت درد والے کے منہ میں پہلے ایک تنکا رکھے پھر اس پڑھے دانت درد والے کو کہیں کہ سگریٹ کی طرح تنکے کو کش لگائے بعد میں تنکا پھینک دے پھر دوسرا تنکا رکھے عمل پڑھے اس طرح پانچ مرتبہ عمل پڑھنا ہے اور پانچ تنکے رکھنے ہیں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔

ایضاً

یہ عمل میرا ذاتی تجربہ ہے مجھے میرے دوست مولوی بشیر احمد نے عطا کیا تھا صرف ایک مرتبہ آزمائش کی تھی تو پہلی مرتبہ ہی کامیابی حاصل ہوئی تھی۔ دانت درد والے مریض کو کہیں کہ اپنا سانس بند کرے عامل کو چاہیے کہ خود بھی سانس بند کر کے ایک ہی سانس میں کہے ایک پٹواری دو پٹواری تین پٹواری اس طرح اکیس تک گنتی کرے پھر مریض کا منہ کھول کر پھونک مار دے مریض بھی سانس کھول دے پھر اس طرح ہی دوسری اور تیسری مرتبہ کرے انشا اللہ دانت کو درد نہیں ہوگا۔

ہر قسم کی تنگی کے لیے

یہ عمل ہمارے بزرگ حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین زمانہ حکیمؒ کا عطا کردہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں اس عمل کے کرنے سے چار طرح کی تنگی انسان سے دور ہوتی ہے پہلی تنگی رزق دوسری تنگی علم، تیسری مرنے کی تنگی اور چوتھی قبر کی تنگی دور ہو جاتی ہیں۔ اس کو سدا اپنا معمول بنالیں پہلے اس کا چلہ کرنا ضروری ہے چلہ کرنے کے لیے کسی کامل استاد، مرشد کی اجازت کا ہونا ضروری ہے صرف گوشت اور لہسن پیاز سے پرہیز کریں۔ نماز فجر ادا کرنے کے فوراً بعد یعنی کہ جب آپ دعا مانگ لیں تو پھر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں بعدہ 41 مرتبہ آیت مبارک یَاحَیُّ یَاقَیُّوم لا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِین پڑھیں۔ انشا اللہ ہر طرح کی تنگی دور ہوگی ہمارے آستانہ پر آ کر بھی اجازت ہم سے لے سکتے ہیں اس کے لیے بذریعہ خط یا فون رابطہ نہ کریں اجازت نہیں ملے گی ہر قسم کے عملیات کے لیے براہ راست ملنا ضروری ہے۔

غیب دست غیب

یہ عمل کسی بزرگ کا باطنی طور پر عطا کردہ ہے۔ فروری 2000ء میں کسی بزرگ نے مجھے غیبی طور پر عطا فرمایا تھا لیکن اس وقت میں پہلے سے ہی کچھ چلہ جات کر رہا تھا اس لیے باعمل میں بذات خود نہیں کر پایا؟ مگر جس بزرگ نے مجھے عطا کیا تھا ان کے ساتھ میں نے کافی اسرار کیا مگر انہوں نے نام تک بتانا گوارہ نہ کیا۔ انہوں نے اس عمل کی بہت تعریف فرمائی تھی مجھے کہا تھا کہ یہ کلینک اور کتابیں لکھنا بند کر دو اور مکمل طور پر خدا خالی کے ساتھ لو لگا لو۔ میں نے کہا کہ حضور چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اگر کلینک نہ کروں تو پھر روزگاری کس طرح چلے گی انہوں نے مجھے پھر یہ عمل عطا فرمایا تھا لیکن میری بدقسمتی ہے کہ ابھی تک نہیں کر سکا ہوں صرف مجبوری کوئی نہ کوئی آڑے آجاتی تھی۔ میں نے پھر سوچا کہ چلو نصیب میں ابھی نہیں ہے جب خدا تعالیٰ کا امر ہو جائے گا تو پھر وظیفہ بھی جاری ہو جائے گا۔ آپ فرماتے تھے کہ جو آدمی اس کو اپنے وظیفہ میں رکھے گا خدا تعالیٰ سو فیصد اے مصلہ کے نیچے سے روزینہ عطا فرمائے گا یا پھر کوئی نہ کوئی آ کر غیبی امداد کر دے گا میں نے ان بزرگ سے پوچھا کہ یہ عمل صرف میری ذات تک ہے یا کہ کوئی اور بھی فائدہ اٹھا سکتا ہے وہ بزرگ خاموش ہو گئے پھر دوبارہ انہوں نے مجھے ہاں یا نہ میں کوئی جواب نہ دیا۔ کچھ ماہ بعد میں نے اس عمل کو وظیفہ کے طور پر فجر کی نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دیا تو مجھے اس اللہ والے کی زیارت ہوئی تو انہوں نے وقت تبدیل کرنے کے لیے کہا میں نے پھر دوبارہ سوال کر دیا کہ حضور یہ عمل میرے لیے ہے کہ میں دوسروں کو بھی اجازت دے سکتا ہوں آپ نے فرمایا بیٹا دوسروں تک پہنچانا تیرا کام ہے اور اجازت میں خود اس کی قابلیت دیکھ کر دے دوں گا کیونکہ آدمی کو اس قابل ہونا ضروری ہے۔ اس زیارت کے پیش نظر میں یہ عمل آپ کے گوش گزار کر رہا ہوں آگے وہ بزرگ اللہ والے جانے یا آپ کی قسمت جانے جو طریقہ انہوں نے مجھے القاء کیا تھا وہ درج کر دیتے ہیں۔ آگے آپ کی قسمت ہے اگر کسی کے نصیب میں ہوگا تو وہ اللہ والا خود ہی اجازت دے دے گا ورنہ آخری طور پر تو عمل آپ کی نظروں میں آ ہی جائے گا ہاں اگر دوران کتاب لکھنے کے میری ملاقات دوبارہ ہو گئی یا انہوں نے مجھے وظیفہ کروانے کی اجازت بھی مجھے دے دی تو پھر کتاب کے آخری صفحات میں اس عمل کی اجازت ہوگی ورنہ آپ خود ہی اپنے بارے میں سمجھیں کہ آپ کی قسمت میں ہے کہ نہیں عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تہجد کی نماز کے بارہ

نفل ادا کریں ہر نفل کی رکعت میں سورہ اخلاص بارہ بارہ مرتبہ پڑھیں پھر دو رکعت نفل علیحدہ پڑھیں پہلی رکعت میں سورہ اخلاص بہتر[72] مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اکہتر[71] مرتبہ اور سورہ نصر سو مرتبہ پڑھیں اس کا ثواب حضرت غوث پاک اور پنجتن پاک کے ہدیہ پیش کریں پھر ایک سو[100] مرتبہ درود ابراہیمی پھر بعد میں چودہ سو مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَسْتَغِیْثُ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ پڑھیں دوران عمل پرہیز جلالی جمالی بہت ضروری ہے عروج ماہ اوّل نوچندی جمعرات کو روزانہ چالیس دن تک گوشہ تنہائی میں پڑھیں اس عمل کا کسی کو بھی علم نہیں ہونا چاہیے اپنی بیوی تک کو نہ پتہ چلے ورنہ عمل کام کرنا بند کر دے گا۔ جب آپ مکمل چلہ کرلیں تو پھر بعد نماز عشاء پانچ سو مرتبہ پڑھتے رہیں انشاء اللہ غیب سے امداد ملتی رہے گی چالیس دن مکمل ہونے کے بعد پھر کوئی قید نہیں ہے نہ جگہ کی پابندی اور پرہیز کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ میرا کام عمل لکھ دینا تو آگے آپ کے نصیب کہ وہ اللہ والا آپ کو اجازت دیتا ہے کہ نہیں۔

پرائیویٹ یا سرکاری ملازمت حاصل کرنا

یہ عمل ہمارے بزرگوں کی بیاض کا ہے انہوں نے تو صرف عمل ملازمت حاصل کرنا لکھا ہوا ہے آگے میں نے خود اس کا عنوان پرائیویٹ یا سرکاری الفاظ کا اضافہ کیا ہے اس لیے کہ ہوسکتا ہے کہ کسی کے نصیب سرکاری ملازمت نہ ہو کوئی کسی کے مقدر کا شریک نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ موجودہ دور لوگوں کے حقوق غصب کرنے کا ہے لیکن پھر بھی جن لوگوں کو خدا تعالیٰ کا تقوی ہے وہ مشکل سے مشکل اور کٹھن سے کٹھن وقت میں بھی گھبرایا نہیں کرتے۔ یہ عمل ہمارے بزرگوں کا تجربہ شدہ ہے ہمارے بزرگوں کی طرف سے اجازت بھی لکھی ہوئی ہے اگر کوئی شخص چاہیے کہ اسے اچھی سی ملازمت مل جائے یا بیرون ملک جانے کا ارادہ ہے کہ چلا جاؤں مگر حالات ساتھ نہیں دے رہے ہیں تو اس کو چاہیے کہ تہجد کے وقت تہجد ادا کرے پھر ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے بعد میں ایک ہزار گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارک کا وظیفہ رکھے انشا اللہ تین چلہ کے اندر اندر خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی نہ کوئی ملازمت کا حصول مل جائے گا۔ لیکن شک کرنے والا کافر ہے۔ آیت مبارک یہ ہے۔

حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ۔ غَافِرِ الذَّنْبِ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ بَاْنُبَاَ تَبَارَكَ حَیْطَانَنَا

بِیَدِهٖ سَقْفُنَا كَهٰیٰعٓصٓ كِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

بدمزاج عورتوں کو درست کرنا

موجودہ حالات میں ہر آدمی کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ میری بیوی درست نہیں ہے اکثر یہ شکایتیں آتی ہیں مگر آدمی خود نہیں سوچتا ہے کہ میری بیوی میرے ساتھ کیوں بدسلوکی کرتی ہے یا اس کا کردار کیوں مشکوک ہے۔ بدمزاج عورتوں کو راہ راست پر لانے کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے لیکن دیکھنا یہ ضروری ہے کہ واقعی عورت بدمزاج ہے۔ اگر عورت بدمزاج ہوگی تو پھر یہ عمل درست ثابت ہوگا اگر خاوند کی مجبوری سے عورت نے اپنا مزاج خراب کیا ہوا ہے تو پھر بمشکل درستگی ہوگی یا عورت بدکار ہے تو پھر بھی یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اگر نفاق زوجین رہتا ہے اور کسی طرح دونوں کی آپس میں نہیں بنتی اس وقت چاہیے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھے صبح وشام کی نماز کے بعد سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ اے پروردگار عالم میری بیوی کو میرا مطیع اور فرمانبردار بنا انشا اللہ ہفتہ دو ہفتہ کے اندر آپس میں کمال محبت پیدا ہوگی اور اگر عورت بدکردار ہے تو اپنے بے ہودہ کردار سے باز آجائے گی۔ آیت مبارک یہ ہے

اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّ الصّٰلِحِیْنَ ط

> ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ نماز قائم کرو کیا تم نے جو نماز ادا کی ہے کیا وہ قائم ہے؟

بسم اللہ شریف کے چند اور فضائل

اس سے پہلے پچھلے صفحات میں ہم نے بسم اللہ شریف کے بارے میں کافی گفتگو کی ہے جو کچھ ہم کو الہامی طور پر یا القائی طور پر ملا تھا وہ لکھ دیا تھا اس لیے بسم اللہ شریف پر مزید گفتگو کی ضرورت نہیں تھی لیکن ایک روحانی بزرگ نے مجھے بسم اللہ شریف کے بارے چند کاغذات دیئے تھے کہ ان کو بھی بسم اللہ شریف کے مضمون میں لکھ دینا۔ پہلے حصہ کے ساتھ ہم اس لیے نہ لکھ سکے کہ جو کاغذات مجھے عطا ہوئے تھے وہ کسی دوست نے مجھ سے لے لئے تھے اور کہا تھا کہ پڑھنے کے بعد واپس کردوں گا لیکن کیا کریں اس

دوست کے ساتھ تین سال تک ملاقات نہ ہوئی ورنہ ہوسکتا ہے کہ ہم جلد اوّل میں سب کچھ لکھ دیتے اب بھی وہ کاغذات دیر سے ملے ہیں نہیں تو پچھلے صفحات پر ہی ان الفاظ کو درج کر دیتے اس لئے تکلیف کے لیے ہم معذرت چاہتے ہیں۔ یوں تو بسم اللہ شریف کے بارے میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا فرمان ہے کہ اگر میں بسم اللہ شریف کی تفسیر لکھنا شروع کردوں تو ستر 70 اونٹ کتابوں سے بھر جائیں گے پھر بھی تعریف مکمل نہ ہوگی۔ کیونکہ یہ باب سفارش کے طور پر لکھا جارہا ہے اگر اس باب کے کچھ حصے پہلے بھی شاید لکھے گئے ہوں چنانچہ اگر پہلے بھی لکھے گئے ہوئے تو یہ ہم دوبارہ لکھ دیں گے کیوں کہ ایک روحانی کی سفارش ہے کہ لکھو آپ قارئین حضرات سے گزارش ہے کہ اگر اس مضمون کے ساتھ ملتا جلتا مضمون پچھلے صفحات پر بھی شائع ہوگیا ہو تو ہم قارئین تحفۃ الگیلانی جلد دوئم سے معذرت چاہیں گے امید ہے کہ بندہ کو حقیر جان کر معاف کر دیں گے ابھی چند فضائل کا ذکر کرتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ بسم اللہ شریف قرآن پاک کی پہلی آیت ہے اور جو مکتوب جناب رسول اللہ ﷺ بھیجا کرتے تھے ان میں پہلے یہی لکھی جایا کرتی تھی اور ابو عبدالقاسم بن سلامتہ العقلی کی کتاب فضائل القرآن میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ جو خط کی کو ارسال فرماتے اس میں سب سے پہلے لکھتے باسمك اللهم اور یہی دستور جاری رہا جب تک خدا نے چاہا پھر نازل ہوئی۔ بِسمِ اللّٰہِ مَجراھا تب آپ اپنے مکتوب میں بسم اللہ لکھنے لگے اور یہی دستور جاری رہا جب تک کہ خدا نے چاہا پھر نازل ہوئی اِنَّہٗ مِن سُلَیمَان وَاِنَّہٗ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط

حکایت ہے کہ منصور بن عمار کو راستہ میں ایک کاغذ پر جس میں بسم اللہ شریف لکھی تھی مل گیا انہوں نے اس کو اٹھا لیا اور چونکہ ان کو کوئی جگہ رکھنے کی نہ ملی اس لیے اس کو نگل لیا پھر خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ اے منصور تو نے جو اس کاغذ کی عزت کی اس لئے تجھ پر اللہ تعالیٰ نے حکمت کا دروازہ کھول دیا تب سے وہ جو بات کیا کرتے تھے حکمت سے کرتے۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جس کاغذ میں خدا تعالیٰ کا کوئی نام لکھا ہوا ہو اور وہ زمین پر کہیں گرا ہوا ہو جب تک خدا تعالیٰ اس کو وہاں سے اٹھانے کے لیے کوئی اپنا دوست نہ بھیجے فرشتے اپنے بازوؤں سے اس کو گھیرے رکھتے ہیں اور جو شخص ایسے کاغذ کو زمین سے اٹھا لیتا ہے خدا تعالیٰ اس کا مرتبہ علیین میں بلند کر دیتا ہے۔ حضرت بشر بن حارث حافی کی توبہ کا باعث یہ ہوا تھا کہ انہوں نے کہیں راستہ میں پاؤں سے روندا جاتا ہوا ایک کاغذ جس میں خدا تعالیٰ کا نام لکھا ہوا تھا پایا اس کو اٹھا کر ایک درہم کا عطر

خرید کر اسے لگایا اور ایک دیوار کی درز میں دے دیا۔ جب رات ہوئی تو خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے اے بشر تو نے میرے نام کو معطر کیا ہے اور میں تیرے نام کو دنیا اور آخرت میں معطر کروں گا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جو غنی لوگ پیدل نہیں چلتے تھے اور ننگے پاؤں چلنے کو عار جانتے تھے ان کے مرنے سے ان کا نام بھی مر گیا کہ اب ان کا کوئی نام نہیں لیتا اور یہ شخص فقیر تھا کہ ننگے پاؤں پھرتا اس کا نام سالہا سال تک باقی ہے پس کام ایسا کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کسی کام کرنے والے کا نیک کام ضائع اور رائیگاں نہیں جاتا اور جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اپنے خطوں اور رسالوں میں بسم اللہ شریف لکھا کرو اور اس کو لکھتے وقت زبان سے پڑھ بھی لیا کرو۔ سیدنا حضرت عثمانؓ سے بسم اللہ شریف کی بابت پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اور اس کے اور اسم اعظم کے درمیان باہم قرب صرف اتنا ہے جتنا کہ آنکھ کی سیاہی اور سفیدی کا باہمی قرب اور فرمایا کہ بسم اللہ خدا کے اسم اعظم پر دلالت کرتی ہے اور وہ پوشیدہ اور مخفی رسم ہے جس سے دعا مانگی جائے تو قبول ہوجاتی ہے اور زہریؒ فرماتے ہیں کہ اَلزَمُھُم کَلِمَۃَ التَّقوٰی میں کلمۃ التقوی سے مراد بسم اللہ شریف ہے اور حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن شریف کا نماز میں پڑھنا بہتر ہے اس سے کہ بدوں نماز میں پڑھا جائے اور بدوں نماز کا پڑھنا تسبیح و تکبیر سے افضل ہے اور تسبیح و تکبیر صدقہ سے افضل ہے اور صدقہ روزہ سے افضل ہے اور روزہ دوزخ کی آگ سے نجات ہے۔ ایک عارف فرماتے ہیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اُنیس حروف ہیں اور دوزخ کے دروغے بھی انیس ہیں تو اللہ تعالیٰ مومن سے ان اُنیس حرفوں کی طفیل دوزخ کے اُنیس دروغے دفع کرتا ہے اور نیز بسم اللہ شریف کے چار کلمے ہیں اور گناہ بھی چار ہی قسم کے ہیں رات کے گناہ، دن کے گناہ، پوشیدہ گناہ ظاہری گناہ تو جو مومن اخلاص اور محبت سے اس کو پڑھتا ہے اس کے چاروں ہی قسم کے گناہ اور اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔ بعض نے کہا کہ بے سے بہاء اللہ (خوبی) اور سین سے سناء اللہ (روشنی) اور میم ملک اللہ یا مجد اللہ ہے۔ ایک بزرگ نے فرمایا کہ الف اور لام اور بے اور سین اور میم اور ہے اور حے اور نون اور رے اور یے بہت شریف حروف ہیں اور یہی بسم اللہ شریف کے حروف ہیں انہی حروف سے قدرت کا ابھار اور خیرش ہے۔ بے اور میم سے ظاہری بادشاہت قائم ہوئی اور لام اور ہے سے حالات نے ترتیب پائی اور ے اور حے سے رحمت ظہور ہوئی اور نون اور بے سے قبضتین کا حکم صادر ہوا۔

اب ہم ان لطیف اشارات کی تصریح کرتے ہیں جن کو خدا کے فرماں بردار نیک بندوں نے بیان فرمایا ہے۔ مجھے ایک محقق باخبر عارف نے کہا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اسم اعظم ہے کیونکہ جب اس کو ربوبیت کی طرف منسوب کیا جائے تو وہ دو قسم کی ہوسکتی ہے ایک قسم وہ جس سے تعظیم ٹپکتی ہے اور ایک قسم وہ ہے جس سے رفعت شان ظاہر ہوتی ہے اور اس کی دو وجہیں ہیں ایک تو یہ کہ تعظیم خدا تعالیٰ کی وہ چادر ہے جو قائم ہے عالم میں پھیلی ہوئی ہے؟

نقش برائے سر درد ہر قسم

یہ نقش میرے ایک خاص دوست اللہ بخش صاحب کا عطا کردہ ہے وہ اس کو ہر قسم کے سردرد کے لیے استعمال کرتے ہیں میں نے تو صرف ایک مریض کو دیا تھا اور فائدہ ہوگیا تھا۔ صاف ظاہر ہے کہ اگر ایک مرتبہ استعمال کیا جائے تو فائدہ ہوجاتا ہے پھر آگے پیچھے بھی فائدہ ہی دے گا اگر کوئی آدمی استعمال کرے تو فائدہ نہ ہوتو پھر اس کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز فجر 41 عدد تعویذ ہر روز لکھیں اور نہر میں بہادیا کریں یا پھر مکمل طور پر حروف ابجد کی زکوٰۃ ادا کریں ہماری طرف سے اجازت ہے لکھ کر دے سکتے ہیں امید کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ کے بغیر ہی فائدے دے جائے گا۔ ہر قسم کے دردسر کے لیے بہت مفید شے ہے حتیٰ کہ پاگل پن کے لیے بھی آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ اتوار کے دن زحل کی پہلی ساعت میں تیار کریں اگر زعفران کے ساتھ تیار کریں تو ہزار درجہ بہتر پائیں گے ورنہ امر مجبوری خوشبو دار سیاہی کے ساتھ تیار کر کے مریض کو دیں کہ گلے میں لٹکائے دوسرا نقش چینی کی کوری تھالی میں لکھ کر مریض کو پلائیں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

اجب یا رفتمائیل بحق واؤ

د	ج	ب	ا
ا	ب	ج	د
ج	د	ا	ب
ب	ا	د	ج

اجب یا تنکائیل بحق جا

اجب یا للسر فائیل بحق زا

جوڑوں کے درد کا نقش

یہ نقش بھی میرے دوست اللہ بخش کا آزمودہ ہے میرے پاس ایک جوڑوں کے درد کا مریض آیا تھا تو قدرتی طور پر بھائی اللہ بخش بیٹھے تھے۔ میں ان کو دوائی دینے لگا تو انہوں نے کہا کہ بابا جی ان کو دوائی مت دیں میرے پاس ایک چیز ہے میں دیتا ہوں انہوں نے یہ نقش لکھ کر دیا اور مریض اپنے گھر چلا گیا۔ چند دن بعد آدمی واپس آیا تو بہت خوش تھا کہ خدا پاک نے مجھے شفا دے دی ہے پھر جب دوبارہ میرے دوست آئے تو میں نے ان سے ساری بات سنائی تو پھر انہوں نے مجھے کتاب میں لکھنے کی اجازت دے دی ساتھ طالبین نقوش کو بھی اجازت دی کہ لکھ دیا کریں اگر نقش کام نہ کرے تو مندرجہ بالا نقش کے مطابق زکوٰۃ ادا کریں امید ہے کہ نقش بغیر زکوٰۃ ادا کئے کام کر جائے گا۔ نصف شانہ سے لے کر سینہ سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک ہر مرض کے لیے مفید ہے۔ جوڑوں کے درد کے لیے جوڑوں کے اوپر نقش باندھیں۔ دل کے عارضہ کے لیے بھی بہت مفید ہے حتیٰ کہ دل کے تمام امراض کے لیے فائدہ مند ہے۔ ساعت مریخ میں لکھیں اور الٹے بازو پر باندھیں اور یہی نقش چینی کی طشتری پر عرق گلاب یا زعفران سے لکھ کر مریض کو ساتھ پلائیں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

اجب یا اسماعیل بحق طاء

اجب یا طاطائیل بحق لام

ل	ک	ی	ط
ط	ی	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

اجب یا سرکتائیل بحق یا

اجب یا دردائیل بحق کاف

نقش مرض فالج دائیں ہاتھ پر

فالج کے لیے نقش درج ہے جو کہ میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے بلکہ میرے دوست اللہ بخش کا ذاتی تجربہ ہے لیکن شفا منجانب اللہ ہوتی ہے۔ اس نقش کو فی سبیل اللہ لکھا گیا ہے ہر طبقہ کے ماہر نقوش کو اس کی اجازت ہے زکوٰۃ کے بغیر کام نہ کرے تو پھر اس کی زکوٰۃ نکال لیں جو کہ روزمرہ کی عام زکوٰۃ ہے۔ بہرحال امید کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ کی

اجازت نہیں ہوگی لیکن یاد رکھیں بغیر استاد پیر و مرشد کام ادھورا رہ جاتا ہے۔ دانتے ہاتھ
کے ناخن سے لے کر نصف سینہ تک کے فالج کے لیے مجرب ہے۔ ہم نے اس کتاب میں
ہر چیز تجربہ کی بنیاد پر ہی لکھی ہے ورنہ آج کل کتابیں لکھنا بہت آسان ہیں دراصل بات
تجربہ کی ہی اچھی ہوتی ہے انشا اللہ آپ کو ہر چیز میں سچائی نظر آئے گی۔ سچائی کے لیے
ایمان کامل کا ہونا ضروری ہے اگر ایمان کامل نہیں ہے تو پھر سچائی کوئی معنی نہیں رکھتی ہے۔
ایک عدد نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں اور ایک عدد چینی کی رکابی پر عرق گلاب
خالص کے ساتھ لکھ کر (بہتر تو ہے زعفران کے ساتھ لکھیں کیونکہ زعفران بطور دوائی بھی
ساتھ استعمال ہوگا) مریض کو دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں جب تک مریض تحیک نہ
ہو پلاتے رہیں نہیں تو کم از کم 41 دن ضرور پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

اجب یا دردائیل بحق حا

ح	ز	و	ھ
ھ	و	ز	ح
ز	ح	ھ	و
و	ھ	ح	ز

اجب یا تکافیل بحق حا

اجب یارفتمائیل بحق واو

اجب یا سرفائیل بحق زا

دق سل، دمہ، رقت منی اور درد کمر کیلئے نقش

درد کمر، پھیپھڑوں کی ہر طرح کی تکالیف مثلاً پھیپھڑوں کی سوزش، دمہ دق سل
اس کے علاوہ پھیپھڑوں کی ہر طرح کی تکلیف کے لیے بے حد مفید ہے۔ اس کے علاوہ
رقت منی کے لیے بھی بے حد فائدہ مند ہے۔ رقت منی کے لیے آفتاب کی پہلی ساعت
میں لکھنا ضروری ہے۔ اور ساتھ ایک عدد نقش گلے میں ڈالیں کمر درد رقت منی کے لیے کمر
کے ساتھ باندھیں اور ساتھ ہی عرق گلاب بمعہ زعفران یعنی کہ عرق گلاب میں زعفران ملا
کر چینی کی رکابی میں لکھیں پھر مریض کو وہ پانی سات دن پلائیں انشا اللہ فائدہ مند ہوگا۔
اس امر میں زکوٰۃ کی کوئی ضرورت نہیں ہے یہ نقش میرے ایک دوست کا تجربہ شدہ ہے وہ
اکثر استعمال کرتے ہیں ان کی طرف سے اجازت ہے آپ اپنے استاد سے بھی اجازت
لے لیں۔ انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

اجب یا دومائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

اجب یالولائیل بحق ن

اجب یا اسرائیل بحق الف

اجب یاہموائیل بحق سین

مے نوشی اور ہر قسم کے نشہ کی عادت ختم کرنے کا طریقہ

یہ طریقہ کار میرا ذاتی تجربہ ہے میں نے صرف ایک مرتبہ اپنے ایک دوست پر
آزمایا ہے اُس کو شراب پینے کی عادت تھی ایک دن بیٹھے بیٹھے اس کو میں نے یہ نقش لکھ کر
دے دیا تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کو 99 فیصد فائدہ حاصل ہوا ہے۔ انشا اللہ ہر
آدمی کے لیے اس میں شفا ہے اگر کسی کو شراب کی عادت ہو زنا کی عادت ہو ہیروئن،
چرس افیون حتیٰ کہ آپ ہر قسم کے نشے کی عادت ختم کروا سکتے ہیں۔ آزمائش شرط ہے اس کا
طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک بوتل میں پانی اچھی طرح اُبال کر ڈالیں پھر اس پر ایک سو ایک
مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر پھونک ماریں پھر درج ذیل نقش (8) آٹھ عدد لکھیں۔ مریض کو ہر روز
ایک تعویذ پینے کے لیے دیں۔ ایک نقش کو پانچ دن پلانا ہے اور بوتل والا پانی گیارہ دن
تک پینا ہے۔ انشا اللہ تعالیٰ سو فیصد کامیابی حاصل ہوگی مگر یقین کامل ہونا ضروری ہے۔
نقش یہ ہے۔

یاجبرائیل — یامیکائیل

۱۵۴	۱۵۸	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۹
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۶	۱۵۲
۱۵۷	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

یااسرافیل — یاعزرائیل

روحانی خواب نامہ

ہم یہاں پر روحانی خواب نامہ درج کرتے ہیں۔ اس خواب نامے کا تعلق

صرف اور صرف ان لوگوں کے خوابوں کے ساتھ ہے جن کے قلب جاری ہوں جن کو قلب کی حضوری ہو۔ یہ خواب نامہ عام لوگوں کے خوابوں سے بری الزمہ ہے عام لوگوں کیلئے اس خواب نامے میں کوئی خواب کی گنجائش نہیں ہے۔ قلب کی حضوری کے لیے کامل مرشد کا ہونا ضروری ہے۔ روحانیت حاصل کرنے والے طالب، سالک لوگوں کیلئے ہے جو کم از کم 72000 مرتبہ ذکر کریں خاص کر ذاکرین کے لیے ہے۔ اگر کسی طالب، سالک وغیرہ کو خواب آئے تو ان کے لیے ہے۔ یہ خواب نامہ مشعلِ راہ ہے کیونکہ علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں۔

مجاہد کی اذاں اور ہے ملاں کی اذاں اور ہے

خواب	تعبیر
اسم اللہ آسمان پر لکھا دیکھنا	قلب جاری ہونے کی نشانی ہے
اذان کہنا یا سننا	کامل مرشد کی توجہ حاصل ہو۔
انار میٹھا کھانا	رضائے الٰہی حاصل ہو۔
اندھا اپنے آپ کو دیکھنا	مرشد کی بیعت ناقص ہو۔
انڈا دیکھنا یا کھانا	واصل مرشد ہونے کی نشانی ہے۔
اولیاء اللہ سے ملاقات کرنا	ولائت سے فیض حاصل ہو۔
اونٹ پر سواری کرنا	مقبول حج کا ثواب نامہ اعمال میں لکھا جا چکا ہے
آب جاری دیکھنا یا پینا، نہانا	روح کی منازل طے ہوں
آسمان تک پرواز	روحانی طور پر پہلے آسمان تک رسائی حاصل ہو۔
آگ دیکھنا	اگر سردیوں میں دیکھے تو فقیر ہو اگر گرمیوں میں دیکھے تو
آئینہ دیکھنا	اپنے مرتبہ سے رجعت حاصل ہو۔
بادشاہ دیکھنا	فقر حاصل ہو
باز دیکھنا	روحانی منزل میں رکاوٹ پیدا ہو۔
بازار جانا یا دیکھنا	ولایت میں ترقی نصیب ہو۔
بہشت دیکھنا	روح حیوانی ہونے کی دلیل ہے
بیل دیکھنا	زیارت رسول ﷺ فنا فی الرسول کی منزل ہے۔
پہاڑ پر چڑھنا	نفس امارہ کی متابعت میں ہے
	ذکر اذکار کروانے کی اجازت ملے گی

خواب	تعبیر
	کشف کا حصول ہو۔
پیالہ ملنا	امامین رضوان علیہم اجمعین کی ملاقات کا شرف حاصل ہو۔
پھول گلاب ملنا	عارف باللہ ہو۔
تاج پہننا	روحانی نماز قائم ہونے کی نشانی ہے۔
تارہ چمکتا دیکھنا	سچا الہام عطا ہو۔
ٹیپ ریکارڈر ملنا	ساتوں لطائف یکدم جاری ہوں۔
آسمان پر ثریا دیکھنا	مرتبہ سلب ہونے کی دلیل ہے۔
جادو ہوتا یا کرتے دیکھنا	قطب وقت سے ملاقات نصیب ہو۔
جُبہ پہنتے دیکھنا	اپنے مرشد کا خلیفہ ہونے کی نشانی ہے۔
جنازہ مردہ کا دیکھنا	فنا فی اللہ ہونے کی دلیل ہے۔
جہاد کرتا دیکھنا	غوث وقت سے ملاقات ہو باطنی تزکیہ ہو۔
جہنم دیکھنا	فنا فی الرسول کا مرتبہ ملے۔
چاند دیکھنا	کامل اکمل مرشد کی زیر نظر ہو۔
چشمہ سے پانی پینا	حضوری حاصل ہو۔
حج کرنا	مرتبہ شہادت نصیب ہو پنجتن کی آخرت میں ہمسائیگی ہو۔
حسنین کریمین کو دیکھنا	جنت ملے۔
خزانہ پانا	پیغمبروں کی کچہری نصیب ہو۔
اپنے داڑھی دیکھنا	حضور پاک ﷺ سے ملاقات نصیب ہو۔
درخت گھنے سایہ والا دیکھنا	فنا فی الرسول کی منزل عطا ہو۔
درود شریف پڑھنا	فقر نصیب ہو۔
درویش سے ملاقات کرنا	شریعت اور طریقت دونوں پر کاربند ہو۔
دودھ پینا	تمام گناہ کبیرہ سے نجات ملے اور قلب کی مکمل صفائی ہو۔
دھوبی کو کپڑے دھوتے دیکھنا یا کپڑے خود دھونا	
ڈاکٹر دیکھنا	روحانی منازل کی رکاوٹیں دور ہوں۔
ذکر الٰہی کرنا	ستر ہزار لوگوں پر عارف ہو۔

خواب	تعبیر
روضہ رسولؐ دیکھنا	حضور غوث پاک سے ولائت کی مہر لگے۔
روزہ رکھنا	اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہو۔
روح اپنی دیکھنا	صاحب تصرف ہو۔
زنا کرتے دیکھنا	دوسروں کو فیض دے۔
سانپ دیکھنا	کسی صاحب قبر ولی سے فیض حاصل ہو۔
سمندر دیکھنا	فرقہ خلافت ملے۔
شمشیر دیکھنا یا ملنا	جلالی کرامات کا ظہور ہو زبان سیف ہو۔
شیطان غالب دیکھنا	دنیاداری اختیار کرے۔
شیطان مغلوب دیکھنا	کسی دوسرے سلسلہ میں بیعت اختیار کرے۔
شیر مطیع دیکھنا	فقیری نصیب ہو۔
صحرا دیکھنا	کرامات صدق کا ظہور ہو۔
ضعیف خود کو دیکھنا	صحابہ کی منازل کی سیر کرے۔
طوفان دیکھنا	شیطان کے بہکاوے میں آکر معرفت سے محروم ہو۔
ظہر کی نماز باجماعت پڑھنا	چوتھے آسمان کی روحانی منازل طے ہوں۔
عاشورہ کا دن دیکھنا	بلاحساب شہداء غزوہ بدر کے ساتھ جنت میں جائے۔
غمگین خود کو دیکھنا	مقام حیرت عطا ہو۔
فوج میں بھرتی ہونا یا دیکھنا	باطنی محکمہ میں عہدہ ملے۔
قرآن شریف ملنا	لوح وقلم کی باتیں وقت سے پہلے معلوم ہوں۔
قبرستان دیکھنا	مقامی ولی کی قبر سے فیض حاصل ہو۔
کتا فرمانبردار دیکھنا	نفس امارہ سے لوامہ بن جائے۔
کتاب ملنا	سلسلہ طریقت عطا ہو۔
گھوڑا دیکھنا	لوامہ سے مطمینہ ہو۔
گدھے پر سوار ہونا	منصب ولائت میں اعلیٰ درجہ حاصل ہو۔
لوہا دیکھنا	قریبی صاحب قبر امداد کرے۔
مسجد دیکھنا	راہ سلوک میں روانہ ہو پہلا مقام حاصل ہو۔
موتی دیکھنا	فنا فی الشیخ کا مقام ملے۔

خواب	تعبیر
نماز پڑھنا	نماز عشق میں کامل ہو۔
نور آسمان پر دیکھنا	لطیفہ سری جاری ہو۔
وزیر سے ملاقات ہو	بادشاہ وقت کو تصوف کا راستہ عطا کرے۔
ہوا میں اڑنا	مرشد کی تلاش میں سرگرداں پھرے۔
ہدیہ مرشد کو دینا	زبان سیف ہونے کی دلیل ہے۔
یاجوج وماجوج دیکھنا	ابدالوں سے ملاقات ہو۔
یاقوت احمر دیکھنا	قلب سلیم کا مرتبہ حاصل ہو۔
اندھیرا دیکھنا	منزل سے گمراہ ہو۔انجام برا ہے۔
انگشتری دیکھنا	روحانیت کے لیے سرگرداں ہو۔
انگشتری پہننا	روحانیت نصیب ہو۔
انگشتری گرتا دیکھنا	منزل سلب ہوجائے۔
انگشتری دوسری انگلی میں پہننا	لوگوں سے فراڈ کر کے فقیری کا جھوٹا دعویدار ہو۔
انگور سفید دیکھنا	نعمت حاصل ہو۔
انگور سیاہ دیکھنا	دل پر شیطانی قبضہ ہو۔
انسان کا گوشت کھانا	دنیا کو دھوکا دے مال حرام پائے۔
اولاد دیکھنا	دل کی بے واری سے بیزار ہو۔
خود کو ہلاک دیکھنا	فنا فی الشیخ ہونے کی علامت ہے۔
باغ دیکھنا	اگر سرسبز دیکھے تو قلب بے وار ہو اگر خشک دیکھے تو گمراہ ہو۔
بازو اپنا کٹا دیکھنا	کسی کامل کے ساتھ مقابلہ میں مات کھائے۔
بال سر کے کٹے دیکھنا	روحانی منزل ہاتھ سے جائے۔
بال سفید دیکھنا	طویل عمری کی نشانی۔
بال بڑھانا	گمراہوں کے ساتھ مقابلہ سخت ہو۔
بچھو دیکھنا	شیطانی حملہ ہونے کے لیے تیار ہوجاؤ۔
برق گرتے دیکھنا	جس بستی میں رہتا ہو وہاں اس کی وجہ سے عذاب نازل جائے۔
بلندی سے اترنا	مرتبہ زائل ہونے کی دلیل ہے۔

خواب	تعبیر
بکری چرانا یا کھو جانا	شیطان کے ساتھ ظاہری طور پر مقابلہ ہو۔
بکتے دیکھنا اپنے آپ کو	نفس امارہ پر قابو پائے۔
بیل لاغر دیکھنا	نفس لوامہ کے ساتھ مقابلہ ہو۔
بھیڑیا دیکھنا	جادوگروں کے ساتھ واسطہ پڑے۔
پانی پی کر آسودہ ہونا	لطیفہ قلب جاری ہونے کی دلیل ہے۔
پل صراط دیکھنا	روحانیت کے ساتھ ساتھ طالب دنیا ہو۔
پھٹا پرانا کپڑا دیکھنا	دنیا سے کنارہ کشی حاصل ہو۔
پیاسہ اپنے آپ کو دیکھنا	دین کے کاموں میں خلل پڑے۔
پیشانی بلند دیکھنا	رتبہ بلند ہونے کی نشانی ہے۔
تیتر دیکھنا	نفس کے نرغے میں پھنس جائے۔
تربوز دیکھنا	باطنی نعمت ملنے کی بشارت ہے۔
تکیہ دیکھنا	بزرگی میں شہرت حاصل ہو لوگوں میں فیض تقسیم کرے۔
تنور دیکھنا	راہ خدا تقسیم کار بنے۔
تقریر کرنا	حضرت خضرؑ سے ملاقات حاصل ہو۔
تالہ دیکھنا	فیض بند ہوجائے۔
توپ دیکھنا	نفس پر غالب رہے دنیا میں نیک نامی ہو زبان سیف ہو۔
ثریا دیکھنا	مرتبہ ملے۔
جام دیکھنا	راحت ملے کسی سلسلہ کا فیض تقسیم کرے۔
جمال الٰہی دیکھنا	فقیری میں باب الفقر سے گزر ہوجائے۔
جھنڈا سفید دیکھنا	امام وقت عالم یا فقیر روشن ضمیر ہوجائے۔
جھنڈا سرخ دیکھنا	خوشحالی نصیب ہو غائب سے روزی ملے۔
جھنڈا زرد دیکھنا	عالم دجال میں پھنس جائے۔
جھنڈا سیاہ دیکھنا	مرشد ناراض ہوجائے۔
چاند کو دھندلا یا گہن دیکھنا	زوال آنے کی نشانی ہے۔
چاندی کا ٹکڑا پانا	روحانیت سے سیراب ہو۔
چاندی کھوئی دیکھنا	مرتبہ میں زوال آئے۔
چادر دیکھنا	ہر کام میں عافیت ہو۔

خواب	تعبیر
چراغ روشن دیکھنا	فیض ہونے کی نشانی ہے عمر دراز ہو۔
چکی دیکھنا	خدا تعالیٰ کی گرفت میں آئے قلب بند ہوجائے۔
حجر اسود کو بوسہ دینا	امام وقت غوث قطب کا رتبہ پائے۔
حمام کو دیکھنا	گناہوں سے توبہ قبول ہو۔
حوض دیکھنا	خیر و برکت کی نشانی ہے۔
خربوزہ دیکھنا	تعلیم میں مشقت اٹھائے۔
خطیب سے ملنا	مرد قلندر سے ملاقات ہو۔
خون دیکھنا	لطائف کی منزل میں رکاوٹ پیدا ہو۔
خرگوش دیکھنا	لطیفہ روح جاری ہونے کی نشانی۔
دانت گرتے دیکھنا	دنیا کی بھلائی کرے۔
درخت خاردار دیکھنا	قلب جاری ہونے کے بعد رکاوٹ پیدا ہو۔
درخت ثمردار دیکھنا	روحانی لوگوں سے ملاقات حاصل ہو۔
درخت سیب کا دیکھنا	بے مشقت فقیری حاصل ہو۔
دروازہ بند دیکھنا	دین سے گمراہ ہونا۔
دیگ دیکھنا یا پکانا	دنیا کے لالچ میں نفس دھکا دے۔
دلدل دیکھنا	ذکر و اذکار سے غافل ہوجائے۔
داڑھی سفید دیکھنا	قطبیت کے درجہ ملنے کی نشانی ہے۔
داڑھی سیاہ دیکھنا	جوانی میں توبہ تائب ہو۔
راہ میں غبار نظر آنا	مقصد حاصل ہونے میں رکاوٹ آئے۔
ران دیکھنا	نیک اعمال اکارت ہونے کا خدشہ۔
رکابی دیکھنا	خلافت ملنے کی دلیل ہے۔
زبان بند دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو۔
زراعت دیکھنا یا کرنا	جمعیت استغفار ہو۔
زعفران دیکھنا	حسن کرداری کی شہرت نصیب ہو۔
زمین کی سطح دیکھنا	لوح محفوظ پر الہام ہو۔

خواب	تعبیر
زمین کھودنا مٹی کھانا	خدا تعالیٰ کے بھید میں خلل ڈالے۔
زندہ کو مردہ دیکھنا	جسے دیکھے اسے اپنا خلیفہ بنائے یا روحانی فیض عطا کرے۔
سانپ کو خوف سے مارنا	نفس امارہ کے نرغے میں آئے۔
سرمہ لگانا	خلق کی نظروں میں عزیزی حاصل ہو۔
سونے کا ٹکڑا دیکھنا	فقر میں سرداری حاصل ہو۔
سونا گلاتے دیکھنا	کسی کے لیے عذاب بن جائے۔
سونا غیر کے ہاتھ دیکھنا	لوگوں کو بددعائیں زیادہ دے۔
سورج دیکھنا	سلطان الفقراء ہونے کی دلیل ہے۔
سورج کی طرح اپنا آپ دیکھنا	کسی غوث وقت سے ملاقات ہو۔
سوئی موٹی بڑی دیکھنا	قوم میں اتفاق پیدا کرے۔
سیاہی دیکھنا	جُبہ حضوری ﷺ عطا ہو۔
سیب دیکھنا	ایک ہزار لوگوں میں فیض تقسیم کرے۔
شیشہ دیکھنا	کسی کا روحانی فرزند بنے۔
شمع دیکھنا	لوگوں کے لطائف جاری کرے یا محفل لطائف کی محفل کرے۔
صدقہ دینا	دنیا داری سے کنارہ کش ہو۔
طوطی یا طوطا دیکھنا	قوم کی اصلاح کرے۔
طرہ لٹکتا دیکھنا	عزت توقیر ہاتھ آئے۔
عینک لگانا	علم حقیقت سے آگاہ ہو۔
علم سیکھنا	اہل وعیال سے فارغ البال ہو۔
عورت جوان دیکھنا	شیطانی وسوسوں میں آئے۔
غالب آنا دشمن پر	راہ حقیقت سے آشنائی حاصل ہو۔
غلام دیکھنا	نفس لطیفہ جاری ہونے کی دلیل ہے۔
غوطہ لگانا	فنا فی اللہ ہوئے۔
فرشتوں کے جوق آتے دیکھنا	بینائی جانے کی نشانی ہے۔
مقربان فرشتے دیکھنا	علم وحکمت کشادہ ہونے کی بشارت ہے۔
فرشتوں کے ساتھ دشمنی کرنا	موت آنے کی علامت ہے۔
فاختہ دیکھنا	مقام کرسی کی زیارت ہوئے۔
فیل دیکھنا	ساتوں لطائف جاری ہوں اور بیعت افلاک کی سیر کرے
فیل کا گوشت کھانا	ذاکر قربانی بنے۔

خواب	تعبیر
قباد دیکھنا	دنیا عاشق ہو۔
قربانی کرنا	روحانی شفا حاصل ہو۔
قندیل دیکھنا	کفر پر غالب آئے۔
قلم دیکھنا	بذریعہ کتب لوگوں کو فیض عطا کرے۔
قلم دان دیکھنا	امانت میں خیانت کرے کوئی بات ایسی کرے جس سے فساد پھیلے۔
قوس دیکھنا	ملک میں خوشحالی پیدا ہو۔
کان صاف کرنا	عالم بالا میں توقیر حاصل ہو۔
کبوتر ملے	لطیفہ قلب روح سری یک دم جاری ہوں۔
کبوتر کا گوشت کھانا	دنیا کو بیماری سے شفایاب کرے۔
کبوتروں کا غول دیکھنا	کیمیا گر ہونے کی دلیل ہے۔
کنگھی کرنا	گناہوں سے مبرا ہو۔
کھانا گلے میں پھنسنا	بیماری یا موت آنے کی علامت ہے۔
کھیت ہرا دیکھنا	قرآن پاک کی تفسیر لکھے یا لوگوں کو درس دے۔
کیچڑ میں گرنا	بڑے فتنہ کی علامت ہے۔
کنوئیں میں گرنا	اگر کوئی روحانی رتبہ ہے تو معزول ہو۔
گائے بیل دیکھنا	افلاک کی سیر کرے۔
گرجنا بادل کا دیکھنا	امراض لطائف سے صحت یابی ہو۔
لباس سیاہ دیکھنا	بزرگی میں شامل ہو۔
گھوڑا دوڑانا	دربار شاہی میں یار بنائے۔
لباس سبز دیکھنا	علاقے میں ڈیوٹی ملنے کی نشانی ہے۔
لڑکا دیکھنا	روحانی عہدہ میں ترقی نصیب ہو۔
محل دیکھنا	پیری مریدی کرے۔
لومڑی دیکھنا	فکر وتردد سے قلب جاری ہو۔
مچھر بکثرت دیکھنا	زندگی قلیل ہو۔
مردے کو پکارنا	جادوگروں سے واسطہ پڑے۔

خواب	تعبیر
موزہ پہننا	دنیا سے بے زار ہو۔
بارش برستے دیکھنا	لوگوں کے لیے وبائی جان بنے گمراہی حاصل ہو۔
نافہ دیکھنا	حضرت بی بی فاطمہؓ سے ملاقات ہو۔
نقارہ دیکھنا	موت آنے کی دلیل ہے۔
نگینہ دیکھنا	اپنی ڈیوٹی میں انعام یافتہ ہو۔
نیزہ دیکھنا	ہزاروں لوگوں کو مشرف بہ اسلام کرے۔
وضو کرنا	لوگوں کو دین کی باتیں بتائے۔
وظیفہ پڑھنا	حضور غوث پاک سے ملاقات کا شرف حاصل ہو۔
ہوا تیز و تند دیکھنا	دنیا میں رہ کر اکیلا رہے۔
اپنا سر کٹا دیکھنا	مقام فنا حاصل ہو۔
مور دیکھنا	لطیفہ انّا جاری ہونے کی دلیل ہے۔
گاڑی دیکھنا	روحانیت میں سیرابی ہو۔
ہوا میں پرواز کرنا	موت آنے کی دلیل ہے۔
تسبیح دیکھنا	قوم کو متحد کرے۔
کعبۃ اللہ دیکھنا	روحانی نماز قائم ہو۔
سمندر دیکھنا	لوگوں سے روحانیت سلب کرے۔
سور دیکھنا	روحانیت کے ساتھ ساتھ دنیا میں پھنس جائے۔
گیدڑ دیکھنا	دنیا سے کنارہ کش ہو۔
اپنے آپ کو قید دیکھنا	تنگی قبر کی نشانی ہے توبہ استغفار کرے۔

نوٹ!

اس خواب نامے کی تعبیر سو فیصد درست ثابت ہوئی ہے ہم نے اور ہمارے دوستوں نے ان پر کافی تجربات کر کے لکھا ہے۔ دوسرا یہ کہ کچھ خواب نامے کی تعبیریں حضرت صاحب کی بیاض سے ہیں کچھ ہم نے ان کے پاس بیٹھ کر نوٹ کیں تھیں اس خواب نامے کا تعلق بالکل دنیا والوں سے نہیں ہے اور نہ ہی عامل حضرات سے ہے اس کا تعلق صرف اور صرف ان لوگوں سے ہے جن کو

حضوری حاصل ہے اور ذکر جاری ہے دن میں کم از کم بہتر ہزار سے لے کر سوا لاکھ تک کرتے ہیں۔ یہ صرف ان لوگوں کے لیے ہے۔ ''عام آدمی اس خواب نامے سے تعبیر ہرگز ہرگز نہ دیکھے ورنہ گمراہ ہونے کا خدشہ ہے۔ خواب نامہ ہماری تصنیف، تصوف پر مبنی کتاب مفتاح العرش'' کا حصہ ہے جو کہ قبل از وقت تحفۂ الگیلانی جلد دوئم میں شائع کر رہے ہیں۔

دنیا مُردار ہے اور اس کا چاہنے والا
کتا ہے (الحدیث)

استخارہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ

یہ استخارہ ہمارے آباؤ اجداد کی بیاض میں سے ایک ہے۔ میں نے ذاتی طور پر ابھی تک اس کا مشاہدہ نہیں کیا ہے لیکن یہ استخارہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے صاف ظاہر ہے کہ بیاض میں وہی نسخہ لکھا جاتا ہے جو تجربہ شدہ ہو اور مجرب ہو ویسے بھی سب پیغمبروں۔ اصحابہ اکبار، امام، اولیاء اکرام کا نام آجائے تو پھر میرے ایمان کے مطابق تجربہ کی ضرورت ہی نہیں رہتی ہے کیونکہ انہوں نے جو بھی بات ہم تک پہنچائی ہے وہ حقیقت پر مبنی ہوتی ہے۔ لیکن ہمارے اعمال میں شک کی گنجائش ہوتی ہے۔ ہمارے بزرگوں کی طرف سے سب کو اجازت ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے حضرت علیؓ کے نام پر کچھ خیرات کریں کوئی میٹھی چیز ہونا ضروری ہے حسب توفیق دیں پھر رات کو سونے سے پہلے چھ رکعات ایک سلام کے ساتھ نفل با نیت نماز استخارہ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک بار پھر سورۃ والشمس سات بار دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ واللیل سات بار تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والضحیٰ سات بار چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح سات بار، پانچویں رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والتین سات بار چھٹی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ قدر سات بار پڑھیں پھر سلام پھیرنے کے بعد فاتحہ سورۃ 41 مرتبہ سورۃ الم نشرح 41 مرتبہ پڑھ کر ثواب حضرت رسول مقبول ﷺ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو تحفۃً دیں پھر ایک سو بار درود ابراہیمی پڑھیں پھر کسی کے ساتھ بات چیت کئے بغیر سو جائیں۔ اوّل تو پہلی رات میں سب کچھ خواب میں نظر آجائے گا نہیں تو پھر تین رات تک مکمل کریں اگر پھر بھی کچھ نہ معلوم ہو تو پھر تین دن روزہ رکھیں پھر تینوں دن استخارہ ساتھ ساتھ کرتے جائیں۔ انشاء اللہ تین رات کے اندر اندر جلالت

معلوم ہوجائیں گے یا جو کچھ معلوم کرنا چاہتے ہوں خواب میں نظر آجائے گا۔ ضروری بات یہ ہے کہ نو چندی جمعرات کو شروع کریں اگر اشد ضروری ہے تو پھر عام دنوں میں بھی بھی امر مجبوری کیا جاسکتا ہے۔ مجرب ترین عمل ہے۔

خالق کی نظروں میں تمام مخلوق
ایک جیسی ہے (مصنف)

خاتمہ مشکلات کا مجرب عمل

یہ عمل ہمارے آباؤ اجداد کی بیاض کا ہے میں نے ایک دوست کے سسر کو اس کی اجازت دی تھی اور مجرب پایا تھا گو کہ میرا ذاتی مشاہدہ نہیں ہے مگر پنجتن کے گھرانے میں شک کرنے والا کافر ہے۔ میرے دوست اس کے ساتھ جنات حاضر کرلیا کرتے تھے لیکن یہ اصل میں مشکلات کے خاتمہ کے لیے مجرب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو ادھر چلا دیا یہ اس کی قسمت تھی اگر کوئی یقین کامل کے ساتھ اس کا وظیفہ جاری رکھے گا یا اس کا چلہ مکمل کرے گا تو انشا اللہ تعالیٰ دنیا تو کیا آخرت میں بھی اس کی بھلائی ہوگی آزمائش شرط ہے۔ اگر آپ نے اس کا چلہ کرنا ہے تو پھر ہمارے بزرگوں کی طرف سے آپ کو اجازت ہے لیکن کوئی ملاقات کر کے اجازت لینا چاہے تو لے سکتا ہے۔ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ ہر روز بعد نماز عشاء گیارہ تسبیح اس عمل کی پڑھیں پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ گیارہ مرتبہ کل شریف گیارہ مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ الحمد شریف ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب جناب ہمارے جد اعلیٰ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے نذرانہ پیش کریں پھر شروع کریں یہ ختم شریف ہر روز شروع کرنے سے پہلے ضرور پڑھنا ہوگا۔ عمل ختم ہونے کے بعد ایک سو دس مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اتوار کے دن شروع کریں طلوع آفتاب کے وقت سورج کی طرف منہ کر کے 110 مرتبہ درود شریف 110 مرتبہ بسم اللہ شریف پھر 110 مرتبہ یہ عمل کریں انشا اللہ چند یوم میں آپ خود پر اس کا اثر دیکھ لیں گے۔ اگر روحوں کے ساتھ ملاقات کرنی ہو تو پھر اس طریقہ کے مطابق ہی بعد نماز عشاء جس کے ساتھ ملاقات کرنی ہو اس کی قبر پر ساتھ بیٹھ کر پڑھیں انشا اللہ صاحب قبر آپ کو براہ راست ملاقات کا شرف دیں گے یہ عمل میں نے کسی دوست کو کروایا تھا۔ اگر جنات حاضر کرنے ہوں تو پھر کسی قبرستان میں طریقہ دوئم کے مطابق پڑھیں۔ انشا اللہ جنات حاضر ہوجائیں گے۔ عمل

یہ ہے۔ شاہ مرداں شیر یزداں قوت پرودگار۔ لافتی الاعلی لاسیف الاذوالفقار۔ ہمیشہ حاضری کے لیے آپ کو حضرت شاہ محمد مقیمؒ کے روضہ پر حضرت دولا پاک کے روضہ حاضری دینا ہوگی اور ہمارے خاندان کے ساتھ یعنی کہ مصنف ہذا یا اس کی اولاد سے رابطہ رکھنا ضروری ہوگا۔

نئے مکان میں خوشحال رہنے کا ٹوٹکہ

میاں صاحبؒ کا مجرب عمل ہے اور ساتھ ہی ہمارے ایک دوست کا تجربہ شدہ بھی ہے۔ اس عمل کے کرنے سے گھر میں خوشحالی رہتی ہے جیسا کہ عام ہے کہ لوگ جب نیا گھر بناتے ہیں تو اکثر لوگ اس میں خوشحال رہتے ہیں اور اکثر لوگوں کا اس گھر میں بیڑا غرق ہوجاتا ہے۔ خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرنا ضروری ہے ورنہ ایمان ناقص ہوجاتا ہے۔ بعض مرتبہ یہ ٹوٹکے بھی کافی مجرب اثر رکھنے کا میں نے اکثر دیکھا تھا کہ میاں صاحب لوگوں کو بنا کر دیا کرتے تھے ساتھ یہ بھی کہہ دیتے تھے کہ بیٹا خدا تعالیٰ پر بھروسہ کو تمام ٹھیک ہوجائے گا مگر اس میں کیا راز تھا کہ ایک ٹوٹکہ کر دیتے تھے دوسرا خدا تعالیٰ پر بھروسہ رکھ کر یہ چیزیں ویسے ہی ہوتی ہیں کہہ دیتے تھے۔ بہرحال جو بھی ہو ہم نے خدمت خلق کے طور پر درج کر دیا ہے۔ اس پر ایمان رکھنا ایمان کامل ہونے کی نشانی نہیں ہے کیونکہ یہ غیر مذہب لوگوں کا وطیرہ زیادہ رہا کرتا تھا۔ اس میں حرج بھی نہیں ہے آپ نے بھی اکثر دیکھا ہوگا کہ اکثر لوگ نیا مکان بنوا کر نیا کاروبار یا دکان کر کے مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ وہ اپنا نیا مکان فروخت کر دیتے ہیں اور دکان و کاروبار کو ختم کر دیتے ہیں۔ ایسے اشخاص کی دولت بھی ختم ہوجاتی ہے اور بلاوجہ محنت بھی ضائع ہوجاتی ہے اور رسوائی الگ سے ملتی ہے۔ اگر آپ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ کرلیں تو آپ کو مایوسی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

تانبہ کی ایک چھوٹی سی دیگچی بمعہ ڈھکنا بنائیں پھر چاندی کا ایک سانپ اور سانپنی بنائیں چاندی کا ایک چھوٹا سے پتر چوکور بنائیں پانچ عدد ثابت چھوٹی سپاریاں لیں اور ہلدی کی سات ثابت اور صاف گانٹھیں لیں۔ ان سب چیزوں کو تانبہ کی دیگچی میں پاک صاف پانی بھر کر ڈال دیں اس کے بعد اوپر اچھی طرح ڈھکنا لگا کر بند کر دیں۔ اب یہ برتن صدر دروازہ کے مغرب کی طرف دفن کر دیں۔ انشا اللہ ایسا کرنے سے ایک تو جادو

ٹونہ گھر پر نہیں ہوگا دوسرا کاروبار میں بھی برکت رہے گی گھر میں لڑائی جھگڑا بھی نہیں ہوگا میاں صاحب سے اکثر لوگ یہ بنا بنایا لے جایا کرتے تھے۔ بہت مجرب ہے۔

کاروبار، گھر کی نظر بد کا مجرب ٹوٹکہ

اکثر دیکھا گیا ہے کہ کاروبار کو نظرِ بد لگ جاتی ہے۔ ہمارے پاس بعض مرتبہ کئی لوگ آئے ہیں کہ کاروبار چلتا چلتا بند ہوجاڑتا ہے لوگ کہتے ہیں کہ کاروبار کو کسی نے جادو ٹونہ کرکے بند کر دیا ہے لیکن اکثر کاروبار کو جادو ٹونہ کر کے بند نہیں کیا جاتا بلکہ اکثر نظر بد لگ جاتی ہے۔ نظر بد کی وجہ سے کاروبار میں رکاوٹ ہوجاتی ہے۔ ہم یہاں ایک مجرب ترین ٹوٹکہ پیش کرتے ہیں جس سے نہ تو کاروبار میں نظر بد کی وجہ سے رکاوٹ آئے گی اور نہ ہی کوئی جادو ٹونہ کرے گا۔ اگر کر بھی دے گا تو اثر نہیں ہوگا۔ گھوڑے کے پاؤں کے نیچے جو کھری لگائی جاتی ہے اس کو نعل کہتے ہیں آپ نے اکثر دکانوں مکانوں پر لگی دیکھی ہوگی اس کو کاروبار کی نظر بد اور جادو ٹونہ کے اثر وغیرہ کیلئے لگایا جاتا ہے اس کو عام طور پر کاروبار کے لیے لگایا جاتا ہے لیکن اکثر لوگ عام طور پر غلطی سے کوئی بھی دن دکان پر لگا دیتے ہیں۔ جبکہ لگانے کا طریقہ کار یہ ہے کہ یہ نعل صرف نر گھوڑے کی ہو۔ گھوڑے کی نعل لے کر اس کو پہلے پاک صاف پانی کے ساتھ غسل دیں پھر عرق گلاب سے دھولیں۔ اگر کاروباری جگہ یا مکان کا منہ مشرق کی جانب ہو تو بروز اتوار، مغرب کی جانب ہو تو بروز ہفتہ، شمال کی جانب ہو تو بروز منگل اور اگر جنوب کی جانب ہو تو اس نعل کو بروز جمعہ لگائیں اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ نعل کا کھلا منہ نیچے کی جانب ہو اس طرح اس عمل کے اثر سے کاروبار یا مکان کو نظر بد و ٹونہ ٹوٹکے سے تحفظ حاصل ہوجائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

خاص نکتہ

اے عقل نادان کے مالک خدا تعالیٰ کے محبوب ہمارے پیارے آقا ﷺ نے فرمایا وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے ہاتھوں اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ نہ ہوں خود ہی اندازہ لگاؤ تم کس طرح زندگی بسر کررہے ہو کیا تمہارے ہاتھوں سے دوسرے لوگ محفوظ ہیں کیا تمہاری زبان سے دوسرے لوگ محفوظ ہیں۔ اگر محفوظ ہیں تو پھر تو جنت کا حق دار ہے اگر کوئی محفوظ نہیں ہے تو پھر تو کس بات پر جنت کا خیال کرتا ہے۔ اس پر سرکار دو عالمؐ نے تو مہر ثبت کر دی ہے کیا کبھی تو نے سوچا ہے؟ (مفتاح العرش) مصنف ہذا۔

ہفت روزہ اوراد

ہم یہاں چند ہفت روزہ اذکار کا ذکر کرتے ہیں جو کہ ہمارے محترم ہندوں بھائی جان حضرت ڈاکٹر سید حسنین حیدر گیلانیؒ کے ذاتی اذکار تھے وہ اکثر اپنے ارادت مندوں پڑھا کرتے تھے اور ان اذکار کا حلقہ بھی کروایا کرتے تھے۔ ان اذکار کا اصل طریقہ کار تو یہ ہے کہ آپ اپنے مرشد کریم سے ان اذکار کی اجازت طلب کریں یا پھر اپنے استاد محترم سے اجازت لیں اگر کسی کا کوئی روحانی استاد نہیں ہے تو پھر آدمی ہم سے ملاقات کر کے اجازت طلب کرسکتا ہے بذریعہ خط یا فون پر ان کی اجازت نہ ہوگی۔ ان کی اجازت کے لیے ہمارے ساتھ براہ راست ملاقات کرنا ہوگی کیونکہ اس وقت ڈاکٹر صاحب اس جہان فانی سے رخصت ہوچکے ہیں ان کی جگہ پر ہم اجازت دینے کے حق دار ہیں لیکن آپ ہمارے وسیلہ سے اپنے استاد سے بھی اجازت طلب کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا طریقہ تو یہ تھا کہ بعد نماز مغرب حلقہ ذکر بنا کر اس حلقہ میں پانچ آدمیوں سے لے کر ہزاروں آدمی شامل ہوا کرتے تھے اور حسب توفیق ایک سو مرتبہ ذکر کریں یا زیادہ سے زیادہ بھی کیا جاسکتا ہے لیکن اگر ہر روز ہفت اوراد کے تحت (طریقہ نیچے لکھا جائے گا) کے مطابق ذکر کریں تو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

ہفتہ کے دن والے ذکر کرنے سے غم سے شادمانی ہوگی اور خوشحالی ہوگی مرتے وقت صاحب ایمان فوت ہوگا۔ اتوار کے دن والے ذکر سے غیب سے روزی ملے گی اور کشادگی رزق ہوگی۔ پیر والے دن ذکر کرنے سے ہر مصیبت سے نجات ہوگی۔ غائب سے طاقت ملے گی منگل والے دن کے ذکر کرنے سے ہر بلا کے غم سے راحت ہوگی اور بلاؤں کے وبال سے نجات ہوگی۔ بدھ والے دن کے ذکر کرنے سے عذاب قبر سے نجات حاصل ہوگی۔ جمعرات والے دن کے ذکر کرنے سے دنیاوی دولت اور دولت ایمان سے مالا مال ہوگا۔ جمعہ والے دن کے ذکر کرنے سے ہر قسم کی تنگی دور ہوگی اور ہر قسم کی کشادگی حاصل ہوگی۔ یہ عملیات بہت مجرب ہیں اور ڈاکٹر صاحبؒ ان اوارد کے ذاکر تھے۔ ذکر مندرجہ ذیل میں تمام اذکار بعد نماز مغرب زیادہ مجرب ہیں بعد نماز عشاء بھی کئے جاسکتے ہیں۔ ہر روز سارے کے سارے بھی کئے جاسکتے ہیں اور ہر دن کو صرف وہی وظیفہ کیا جاسکتا ہے۔

ہفتہ کے دن کا ذکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کم از کم ہزار مرتبہ پڑھیں۔

اتوار کے دن یَاحَیُّ یَاقَیُّوم ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔

پیر کے دن لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہزار مرتبہ پڑھیں۔
منگل والے دن صَلی اللہ عَلٰی النَّبِیِّ الامی وَآلِہٖ وَاَصحابِہٖ وَسلم ہزار مرتبہ پڑھیں۔
بدھ کے دن اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذنب وَّاَتُوبُ اِلَیْہِ ہزار مرتبہ پڑھیں۔
جمعرات کے دن لَااِلٰہَ اللّٰہ اَلْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنَ ہزار مرتبہ پڑھیں۔
جمعہ کے دن یَااللّٰہ ہزار مرتبہ پڑھیں انشا اللہ ہر طرح کی مشکلات کا ازالہ ہوجائے گا۔

نقش استخارہ

اس امر کے لیے سب سے پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ضروری ہے۔ یہ نقش زکوٰۃ کے بغیر کام نہیں کرتا ہے۔ زکوٰۃ دینے کے لیے علی الصبح فجر کی سے پہلے 41 دن تک 41 عدد نقش لکھیں اور پاس رکھیں جب سات دن مکمل ہوجائیں تو ساتویں دن تمام نقوش کو اکٹھا کرکے نہر کے پانی میں بہا دیں یاد رہے کہ جب نہروں میں مچھلیاں آتی ہیں اس وقت اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے اس طرح ہر سات دن بعد کرتے ہیں اور 41 دن کرنا ہوگا۔ نقش لکھتے وقت لوبان کی دھونی دُھکا لیا کریں پھر نقش لکھیں نقش لکھتے وقت اپنا منہ قطب شریف کی طرف ہونا ضروری ہے اور نو چندی اتوار کو نقش لکھنا شروع کریں پھر بعد میں کام میں لائیں انشا اللہ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔ اس نقش سے کوئی چھپی ہوئی بات معلوم کر سکتے ہیں۔ بیماری جادو ٹونہ، گم شدہ اشیاء، امتحان میں فیل پاس، سٹہ، لاٹری پرائز بانڈ نمبروں تک معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اس نقش کو عرق گلاب خالص کے ساتھ لکھیں اور دائیں بازو پر باندھ کر سوجائیں انشا اللہ جو معلوم کرنا ہوگا پہلی رات کو ہی معلوم ہوجائے گا۔ ہمارے چند دوستوں کا تجربہ شدہ نقش ہے۔ زکوٰۃ کے لیے اجازت ضروری ہے خواہ ہم سے اجازت لیں یا اپنے روحانی استاد سے اس کی اجازت لیں۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷	۲۵۲	۲۵۹
۲۵۸	۲۵۶	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۰	۲۵۵

یااسرافیل　　یاعزرائیل　　یامیکائیل　　یاجبرائیل

ناجائز گواہی والے کی زبان بندی

موجودہ حالات میں جائز ناجائز کی پہچان بہت مشکل ہے۔ اکثر عدالتوں میں جھوٹ اور فریب کا چرچہ ہے اکثر لوگ ناجائز مقدمے بنا دیتے ہیں اور جھوٹ کو عروج حاصل ہے اگر کسی پر کوئی ناجائز مقدمہ ہوگیا ہو یا جائز مقدمہ ہوگیا ہو تو اس پر ناجائز گواہی کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء (وتروں سے پہلے) ایک ہزار مرتبہ یَاجَلِیلُ پڑھے اور عدالت میں داخل ہوتے وقت جج صاحب کے پاس حاضر ہوتے وقت پڑھتا رہے اور اپنے مخالف اور مخالف گواہ پر انجانے میں پھونک مار دے ایسا ہر تاریخ پیشی پر کرنا ہوگا۔ انشا اللہ تعالیٰ گواہ آپ کے خلاف گواہی نہ دے گا اور مقدمہ میں ساتھ اگر کوئی اور ہے یا پھر اگر آپ اکیلے ہی ہیں تو ایک پاکیزہ سفید چادر لے کر اپنے اوپر اوڑھ لیں اور ایک سفید چادر جائے نماز کے طور پر نیچے بچھا لیں یاد رہے کہ کمرہ میں اور کوئی بھی سامان نہیں ہونا چاہیے۔ ہر روز بعد نماز عشاء گوشہ تنہائی میں بارہ ہزار مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارک وظیفہ کریں صرف سات دن کرنا ہوگا عمل چادر سفید پر بیٹھ کر پڑھنا ہوگا بعد میں وہی چادر جو نیچے بچھائی تھی اپنے اوپر لے کر عدالت میں جایا کریں۔ جب سات دن مکمل ہوجائیں تو خدا تعالیٰ کے حضور اپنی کامیابی کے لیے دعائیں مانگیں پھر دو آدمیوں کو کھانا کھلائیں خواہ رشتہ دار ہی ہوں لیکن مستحق لوگوں کو زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ آیت مبارک پڑھنے سے پہلے تین بار اوّل آخر درود ابراہیمی ضروری پڑھیں۔ آیت مبارک یہ ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

اس عمل کے کرنے سے انشا اللہ ہزار درجہ کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

اسی طرح ہی اگر کوئی اپنے دشمن سے مکمل طور پر نجات حاصل کرنا چاہتے ہے تو اسے چاہیے کہ غروب ماہ بروز ہفتہ یا منگل ساعت اوّل میں چوراہے کی مٹی لائے اور دشمن کے پاؤں کی مٹی لائے دونوں خاک کو ملا کر اس پر 400 مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے پھر مٹی پر پھونک لگائے اور وہ مٹی کاروبار یا گھر میں ڈال دے۔ ناجائز نہ کرنا ہوگا ورنہ قیامت والے دن خود ذمہ دار ہوں گے۔

آیت مبارک یہ ہے فَاَئِنَّہٗ عَاوِیَۃٌ ○ وَمَا اَدْرَاکَ مَاھِیَہ ○

آیت کریمہ کے نقوش

جیسا کہ پچھلے صفحات پر درج ہے کہ اگر آپ کوئی بھی ایک سورۃ یا آیت مبارک کا

چلہ کر لیں تو آپ کو کسی اور چلہ کرنے کی ضرورت ہی نہیں پیش آئے گی۔ اس طرح ہی اگر کوئی آدمی آیت کریمہ کا عامل ہے تو اس کی سہولت کے لیے ہم آیت کریمہ کے نقوش لکھ رہے ہیں۔ نقوش مربع کی سولہ چالیں ہیں اور ہم یہاں پر آیت کریمہ کے سولہ نقوش مختلف کاموں کے لیے درج کرتے ہیں اگر آپ نے آیت کریمہ کا چلہ کیا ہے تو پھر ٹھیک ہے اگر چلہ نہیں کیا تو پھر آپ آیت کریمہ کے نقوش کی زکوٰۃ ادا کر لیں اس کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ سب طریقہ سے مختلف ہے اس طرح آپ صرف نقوش سے ہی کام لے سکتے ہیں۔ نقوش کی زکوٰۃ کے لیے ضروری ہے کہ نو چندے بدھ کو صبح 2 بجے اُٹھ کر غسل کریں۔ غسل کرنے کے بعد صاف اور پاک کپڑے پہنیں پھر دو رکعت نفل ادا کریں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ دفعہ پھر 72 دفعہ آیت کریمہ پھر رکوع میں رکوع کی تسبیح کے بعد 72 مرتبہ پھر سمع اللہ کے بعد 72 مرتبہ پھر سجدہ میں سجدہ کی تسبیح کے بعد72 مرتبہ دونوں سجدوں کے درمیانی وقفہ کے درمیان اس طرح ہی دونوں رکعتوں میں کرنا ہے پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ جائیں اور 41 مرتبہ پھر پڑھیں۔ سجدہ میں ہی دعا مانگیں (یہ نفل آپ کو گیارہ دن پڑھنے ہوں گے) پھر فجر کی نماز ادا کریں نماز کے بعد 41 مرتبہ نقش لکھیں (خواہ کوئی چال ہو) نقش کو آٹے میں گولیاں بنا کر بہتے نہر کے پانی میں بہا دیں یہ عمل آپ کو ربیع الاوّل یا ربیع الثانی کے مہینوں میں کرنا ہوگا اور اکتالیس دن کرنا ہوگا تو انشا اللہ نقوش آپ کے قبضہ میں آجائیں گے مزید معلومات کرنا ہوں تو بذریعہ خط یا فون رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نقش نیچے درج ہیں اور ساتھ ساتھ فائدے درج ہیں۔ اپنے مطلب کے ساتھ کام میں لائیں۔

برائے حفاظت صحت از بیماری

اس نقش کو بیماری کے لیے درج کرتے ہیں ہر طرح کی بیماری کے لیے استعمال کریں۔ نقش مریض کے گلے میں رکھیں دوسرا نقش مریض کو تین مرتبہ دن میں پلائیں انشا اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ مریض اگر جلدی صحت یاب ہوجائے تو پھر بھی 41 دن تک مریض کو ضرور پلائیں تاکہ شفائے کاملہ حاصل ہو نقش لکھنے کے لیے بعد از نماز فجر نو چندے اتوار کا دن مقررہ کریں۔ اس دن تمام نقش تیار کر کے رکھ لیں۔ بعد میں جب کوئی مریض آئے تو دے دیں فوری طور پر بھی لکھ کر دیا جاسکتا ہے۔ لکھتے وقت آیت کریمہ کا وظیفہ ساتھ جاری رکھیں نقش لکھ کر اوپر دم کر دیں۔ انشا اللہ تعالیٰ صحت

مثانہ گردہ پتھری و پتہ اور دل کی تمام تکالیف، معدہ کی تمام تکالیف حتیٰ کہ ہر قسم کی بیماری کے لیے فائدہ مند ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷
۵۸۸	۶۰۱	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰

برائے حفاظت مال چور دشمن

اس نقش کو اپنے مال یعنی کہ دولت جانور وغیرہ کی حفاظت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اگر مال و رقم کے لیے لکھے تو پھر صرف ایک عدد لکھے اور گندم وغیرہ میں دفن کردے یا پھر کسی کانے وغیرہ میں لگا کر (یعنی کہ سرکنڈے کی چھڑی جس کی قلم لکھائی والی بنائی جاتی ہے) غلہ کے ڈھیر پر گاڑ دے اگر جانوروں کے لیے ہے تو پھر ہر جانور کے گلے میں لٹکائے شیریں درخت کی لکڑی میں سوراخ کروا کر اس میں تعویذ رکھ کر اوپر سے بند کر دے موم جامہ ضرور کر لے پھر جانور کے گلے میں ڈال دے گھر میں جتنے جانور ہوں تمام کے گلے میں علیحدہ علیحدہ ڈالیں ایک عدد جہاں جانور باندھے جاتے ہیں اس جگہ پر قطب کی طرف والی دیوار پر لگائے اگر دیوار نہ ہو تو پھر کسی لکڑی کے پول وغیرہ کے ساتھ باندھ دے۔ انشا اللہ چور، دشمن سے محفوظ رہیں گے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۲	۵۹۷	۵۹۸	۵۸۷
۵۹۹	۵۸۶	۵۹۳	۵۹۱
۵۸۹	۶۰۰	۵۹۵	۵۹۰
۵۹۴	۵۹۱	۵۸۸	۶۰۱

برائے صلح دوست برادران

اگر دوستوں یا برادری میں آدمی کی صلح کروانی مقصود ہو تو پھر یہ نقش لکھا جائے گا۔

اس کا تعلق ستارہ زہرہ سے ہے اور بروز جمعہ بعد نماز فجر زہرہ کی پہلی ساعت یعنی کہ سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ کے درمیان لکھیں نیچے فلاں بن فلاں ضرور لکھیں یا پھر دونوں فریقین کے ناموں کے اعداد نکال کر اس کے مطابق لکھیں۔ ایک نقش اپنے پاس رکھیں باقی نہری پانی میں بہا دیا جائے جہاں مچھلیاں ہو۔ پہلے نمبر پر صرف دو عدد ہی لکھ دیئے جائیں ایک کو وزن کے نیچے رکھیں جہاں بے ادبی نہ ہو دوسرا فریقین میں سے کوئی بھی اپنے پاس رکھے انشا اللہ بہت جلد ہی صلح ہوجائے گی۔ انشا اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے۔

چال خانہ نمبر 3 ہے۔

۷۸۶

۵۹۶	۵۸۷	۶۰۱	۵۹۰
۵۹۳	۵۹۸	۵۸۸	۵۹۵
۵۸۶	۵۹۷	۵۹۱	۶۰۰
۵۹۹	۵۹۲	۵۹۴	۵۸۹

برائے زبان بندی کیلئے

اس نقش کو ہر طرح کی زبان بندی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً میاں بیوی کی زبان بندی، حاکم محکوم کی زبان بندی اگر کسی سے کوئی کام نکالنا ہو تو اس کی زبان بندی یعنی کہ ہر طرح کے لوگوں کی زبان بندی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ نقش کے نیچے فلاں بن فلاں بن فلاں بن فلاں ضرور لکھیں دو عدد نقش لکھیں ایک اپنے پاس رکھیں دوسرا کسی خاص مقام پر وزن کے نیچے دیں یا پھر کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں جہاں نقش ہر وقت حرکت میں رہے۔ انشا اللہ ہر طرح کی زبان بندی کے لیے مفید ہے۔ حد درجہ 41 دن تک انتظار کریں دوسرے فریق (جس کی زبان بندی کرنی ہے) کو پانی میں گھول کر سات، چودہ اکیس دن تک پلایا بھی جاسکتا ہے مثلاً میاں بیوی کو یا بیوی خاوند کو پلا سکتی ہے۔ کسی دوسرے کی مدد بھی لی جاسکتی ہے اگر پلایا جائے تو انشا اللہ زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا اگر پلانا ہے تو پھر تین عدد نقش کی بھی وقت لکھے جاسکتے ہیں۔ بہتر تو ہے کہ تو چودی اتوار کو ہر نقش تیار کر کے رکھ لیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۰	۵۹۵	۶۰۰	۵۸۹
۶۰۱	۵۸۸	۵۹۱	۵۹۴
۵۸۷	۵۹۸	۵۹۷	۵۹۲
۵۹۶	۵۹۳	۵۸۶	۵۹۹

برائے محبوب

اگر کوئی گھر سے بھاگ جائے بیوی ناراض ہوجائے کسی سے دلی محبت پیدا کرنی ہو کسی کو اپنا محبوب بنانا ہو تو یہ نقش عمل میں لائیں (ناجائز کرنا حرام ہے ذمہ دار خود ہوں گے) دو عدد نقش لکھیں آفتاب کی ساعت میں لکھیں تو زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا اگر بوجہ مجبوری فوری طور پر لکھنا مقصود ہو تو لکھ سکتے ہیں۔ ایک نقش کو اپنے پاس رکھیں دوسرے نقش کو کسی بھی الٹا گھومنے والی چیز مثلاً چرخہ، بجلی کا پنکھا وغیرہ کے ساتھ باندھ دیں۔ انشااللہ سات دن کے اندر اندر مطلوب حاصل ہوں گے۔ آزمائش شرط ہے۔ نقش کے نیچے فلاں بن فلاں ضرور لکھیں اگر کوئی بھاگ جائے تو پھر ایک عدد چرخہ وغیرہ کے ساتھ دوسرا وزن کے نیچے رکھیں کسی طرف بار بار ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں ہے انشا اللہ تعالیٰ گھر بیٹھے مطلوب واپس آجائے گا یا کوئی اطلاع آجائے گی۔ چال پنجم نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۵۸۹	۶۰۰	۵۹۵	۵۹۰
۵۹۴	۵۹۱	۵۸۸	۶۰۱
۵۹۲	۵۹۷	۵۹۸	۵۸۷
۵۹۹	۵۸۶	۵۹۳	۵۹۶

برائے حفاظت سانپ، بچھو، حاسد

اس نقش کو حاسدوں کے حسد سے بچنے کے لیے، حفاظت از سانپ بچھو کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اگر سانپ بچھو سے حفاظت کے لیے استعمال کرنا ہے تو پھر صرف ایک عدد نقش لکھیں اور اپنے پاس رکھیں۔ اگر حاسدین سے بچنا ہے تو

پھر دو عدد نقش لکھیں ایک عدد اپنے پاس رکھیں دوسرا اپنے مکان کی مغربی دیوار کے ساتھ لگائیں اگر دکان ہے تو پھر دکان پر لگائیں اگر حاسد لوگ کاروبار کو بار بار باندھ دیں اور اس کے لیے کاروبار والی جگہ پر چھڑکاؤ بھی کرنا ہوگا لیکن یاد رہے کہ پانی زمین پر نہ گرے صرف دیواروں کے ساتھ کم از کم ناف سے اوپر اوپر چھڑکاؤ کریں تو کاروبار حاسدوں سے بچا رہے گا۔ جہاں بھی کوئی حسد کرتا ہے اس کے لیے فائدہ مند ہے۔

انشا اللہ فائدہ ہوگا مگر یقین کامل ہونا ضروری ہے۔ نقش چال خانہ ششم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸۸	۶۰۱	۵۹۰	۵۹۵
۵۹۱	۵۹۴	۵۸۹	۶۰۰
۵۹۷	۵۹۲	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۶	۵۹۳

حفاظت مرض امان از غرق آب

یہ نقش تیراک حضرات کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ کشتی رانی یا دریا کے کنارے رہنے والے لوگوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ تیراک لوگوں کے لیے صرف ایک نقش جو کہ مہم جامہ کر کے چاندی کی تختی میں بند کروا کے اپنے پاس رکھیں۔ کشتی رانی کے لیے دو عدد نقش لکھیں ایک کشتی میں لگائیں دوسرا اپنے پاس رکھیں۔ دریا کے کنارے والے لوگ اپنے گھروں میں دریا کی جانب والی دیوار پر لگائیں۔ جہاں یہ نقش ہوگا انشا اللہ دریائی بلا نزدیک نہیں آئے گا۔ نقش چال خانہ ہفتم میں ہے اور نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۵۹۴	۵۸۹	۵۹۹	۵۹۲
۵۹۱	۶۰۰	۵۸۶	۵۹۷
۵۸۸	۵۹۵	۵۹۳	۵۹۸
۶۰۱	۵۹۰	۵۹۶	۵۸۷

برائے محفوظی خوف مفسدین

یہ نقش ہر قسم کے خوف کے لیے مجرب ہے خاص کر مفسدین کے خوف سے محفوظ رہنے کے لیے۔ علاقے میں دہشت گرد رہتے ہوں ان سے محفوظ رہنے کے لیے۔ اگر آپ کا کاروبار بہت وسیع ہے یا حاسد لوگ آپ کاروبار میں روڑے اٹکاتے ہیں تو پھر مندرجہ ذیل نقش استعمال کریں۔ نقش کو جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں زعفران کے ساتھ لکھیں لیکن بوقت مجبوری ایسے جنسی میں بھی لکھا جا سکتا ہے۔ دو عدد نقش لکھیں ایک نقش کاروبار وغیرہ کی دکان کے اندر شمال یا مغرب سائیڈ پر یا گھر میں شمالی دیوار کے ساتھ لگائیں دوسرا کاروبار والی جگہ پر ۴۱ دن تر کاؤ کریں۔ یاد رہے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہونے پائے نقش اپنے پاس بھی رکھا جا سکتا ہے۔ انشا اللہ آدھی رات کے وقت بھی سفر کریں گے تو آپ کو کوئی چور ڈاکو نقصان نہیں پہنچا سکے گا بلکہ جس گاڑی پر سوار ہوں گے وہ گاڑی اس نقش کے طفیل محفوظ رہے گی۔ نقش کو استعمال سے پہلے گیارہ روپے کم از کم راہ خدا میں تقسیم کریں۔ عامل اپنا ہدیہ علیحدہ لیں اور راہ خدا میں تقسیم کرنے کا علیحدہ کہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸۶	۵۹۷	۵۹۱	۶۰۰
۵۹۹	۵۹۲	۵۹۴	۵۸۹
۵۹۶	۵۸۷	۶۰۱	۵۹۰
۵۹۳	۵۹۸	۵۸۸	۵۹۵

نقش برائے درد شکم و امراض شکم

یہ نقش ہر قسم کے امراض شکم کے لیے مفید ہے درد گردہ، درد مثانہ، درد پتا، درد چھاتی کے لیے بھی مجرب ہے اور درد فہم معدہ کے لیے اور معدہ کے زخم یعنی کہ السر کے لیے بھی مفید ہے۔ گلے سے لے کر مثانہ تک کے ہر قسم کے درد کے لیے مفید ہے۔ لیکن یقین کامل ہونا ضروری ہے یہ نہیں پتہ کہ خدا تعالیٰ نے شفاء کس چیز میں رکھی ہے۔ لیکن ہم یہ دعویٰ کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ حضرت یونسؑ اگر مچھلی کے پیٹ میں پڑھتے ہیں تو نجات مل جاتی ہے لیکن ہم مچھلی کے پیٹ سے باہر ہیں۔ لیکن دنیا کی گندگی کے پیٹ میں پھنسے ہوئے ہیں اگر یقین کامل ہو جائے تو دنیا کی کوئی طاقت آدمی کو نقصان نہیں پہنچا سکتی ہے کسی بھی

درد کے لیے فوری طور پر بھی لکھا جاسکتا ہے۔ مگر منگل کا دن ضروری ہے۔ منگل والے دن بعد نماز ظہر نماز کے فوراً بعد لکھیں بہتر تو ہے کہ نو چندے منگل کو اکٹھے لکھ کر رکھ چھوڑیں۔ تاکہ ضرورت کے وقت کام آسکے نہیں تو فوری طور پر لکھیں۔ ایک عدد نقش چاقو یا چھری سے درد والی جگہ پر لکھیں انگلی کے ساتھ، کیل کے ساتھ سیاہ روشنائی کے ساتھ بھی لکھا جاسکتا ہے۔ دوسرا نقش مریض کو لکھ دیں تاکہ اپنے گلے میں رکھے اور ایک عدد نقش پینے کے لیے بھی دے دیں تاکہ صبح دوپہر شام پیتا رہے۔ پینے سے پہلے مریض خود یا کوئی دوسرا مریض گیارہ دفعہ الحمد شریف اور 41 مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر پانی پر دم کرے یا جس پانی میں نقش بھگو کر رکھیں اس پر ایک ہی مرتبہ پڑھ لیں یا جب مریض کو پلانا ہو تو اس وقت پڑھ کر پلا دیا کریں۔ انشا اللہ درد موقوف ہوگا۔ آزمائش شرط ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۰۱	۵۸۸	۵۹۵	۵۹۰
۵۹۴	۵۹۱	۶۰۰	۵۹۹
۵۹۲	۵۹۷	۵۸۶	۵۹۹
۵۸۷	۵۹۸	۵۹۳	۵۹۶

حاکم بالا کی زبان بندی کیلئے

حاکم بالا افسران و امیران کی تسخیر اور زبان بندی کے لیے چال نمبر 10 کا نقش درج ہے۔ اس نقش کی برکت سے حاکم افسر امیر جس کی چاہیں آپ زبان بندی کر سکتے ہیں۔ نقش دو عدد لکھیں اگر آپ پلا سکتے ہیں تو گیارہ عدد نقش ہر روز ایک پلائیں اگر پلا نہیں سکتے تو پھر ایک عدد نقش وزن کے نیچے رکھیں اور دوسرا اپنے پاس رکھیں جو وزن کے نیچے رکھنا ہے اس کو احتیاط کے ساتھ رکھیں۔ تاکہ نقش کی بے ادبی نہ ہو دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں اگر پلا سکتے ہیں تو پھر پلانے کے لیے علیحدہ لکھیں۔ اگر اس چال میں اپنے عدد نکال کر اور اپنے افسر وغیرہ کے عدد نکال کر جمع کر کے پھر نقش کو چال کے مطابق پر کریں تو زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا اگر عامل کو چال خانہ 10 کے مطابق پُر کرنے میں دقت محسوس ہوتی ہے تو پھر نقش کے نیچے فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں ضرور لکھیں اگر عدد جمع کرنے ہیں تو پھر فلاں بن فلاں لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ چاروں کونوں پر چاروں موکلات کے نام بھی ضرور لکھیں تاکہ نقش پورا پورا فائدہ دے۔ مزید معلومات کے لیے

مصنف ہذا سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۱	۵۸۸
۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۸
۵۸۶	۵۹۹	۵۹۶	۵۹۳

برائے حصول رزق۔ صحت از زحمت

یہ نقش دو چیزوں کے لیے بہت مجرب ہے۔ اوّل نمبر رزق کی تنگی کے لیے مثلاً اگر آپ کوئی کاروبار کر رہے ہیں کاروبار میں برکت نہیں ہے۔ دکان ٹھیک نہیں چل رہی سر پر قرضہ چڑھ جاتا ہے اس کے لیے مجرب ہے۔ اس کیلئے زکوٰۃ ضروری ہے۔ اگر سائل اس کی زکوٰۃ نکالے تو پھر سونے پر سہاگہ والی بات ہوگی۔ زکوٰۃ نکالنے کا طریقہ پچھلے صفحات پر درج ہے نقش پانی میں بہاتے وقت یہ خیال رکھیں کہ جو نقش پانی کی مخالف سمت تیرتے ملے اس کو اپنے پاس رکھیں۔ یہ تمام کام سائل نے خود کرنے ہیں اگر نقش لکھ کر دینے والا آپ پر مہربانی کرے تو عامل بھی کر کے دے سکتا ہے۔ اس نقش کو اپنی دکان مکان یا اپنے پاس رکھیں۔ یاد رہے کہ اگر آپ نقش پاس رکھیں تو سودک والے گھر نہ جائیں اگر جانا ضروری ہو تو پھر نقش اتار کر چلے جائیں۔ دوسرا فائدہ بیماری سے شفایابی یا زحمت سے بچنے کے لیے مجرب ہے۔ اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں رکھیں مریض کو پلائیں بھی اور سات عدد نقش لکھ کر مریض کے سر کے اوپر سے ہر نقش کے سات چکر دے کر بہتے پانی میں بہائیں انشا اللہ شفا کامل ہوگی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۹	۵۸۶	۵۹۳	۵۹۶
۵۹۲	۵۹۷	۵۹۸	۵۸۷
۵۹۴	۵۹۱	۵۸۸	۶۰۱
۵۸۹	۶۰۰	۵۹۵	۵۹۰

برائے جدائی عداوت دشمن

دشمن کے گھر میں جدائی عداوت ڈالنے کے لیے بہت مجرب ہے لیکن اپنے دشمن کو معاف کر دینا بہت بڑی بہادری ہے۔ ثواب بھی ہے اور سنت نبوی ﷺ بھی ہے۔ اگر کوئی آدمی زیادہ ہی مجبور کرے تو پھر اس نقش کو استعمال کریں طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد نقش (جن میں عداوت جدائی ڈالنی مقصود ہو) ان کے گھر میں بے ادبی سے سنبھال کر دفن کر دے یا پانی میں گھول کر دشمن کے گھر میں پانی پھینک دے دوسرا نقش لکھ کر دو پرانی قبروں کے درمیان میں چاند کے آخری دنوں میں دفن کر دے۔ ایک عدد لکھ کر اپنے پاس رکھے فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں لکھنا بہت ضروری ہے۔ لیکن درگزر کرنا حضور پاک ﷺ کی پسندیدہ سنت ہے۔ خواہ دشمن کافر ہی کیوں نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔ اس کی ہماری طرف سے اجازت نہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۹	۵۹۲	۵۹۳	۵۸۹
۵۸۶	۵۹۷	۲۰۱	۲۰۰
۵۹۳	۵۹۸	۵۸۸	۵۹۵
۵۹۶	۵۸۷	۵۹۱	۵۹۰

جائز دوستی، محبت تسخیر عوام کیلئے

اگر کوئی عزیز دوست، بیوی یا کوئی خاص بندہ ناراض ہو جائے یا کوئی گم ہو گیا ہو یا پھر عوام کی تسخیر کرنی مقصود ہو تو پھر یہ نقش بہت کامیاب ہے پہلے نمبر پر عزیز، دوست، بیوی یا کوئی گم ہو گیا ہو تو اس کو حاضر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ تین عدد نقش لکھیں یہ نقش عصر کی نماز کے بعد لکھیں ایک عدد نقش گھر میں کسی درخت کے ساتھ یا پنکھا وغیرہ کے ساتھ باندھ دیں دوسرا نقش وزن کے نیچے دے دیں تیسرا نقش آگ میں دفن کر دیں پھر دوسرے دن دوپہر بارہ بجے سو عدد فلفل سیاہ لیں ہر فلفل پر ایک مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں اور آگ میں جلاتے جائیں یہ عمل سات سے اکیس دن کرنا ہوگا۔ یاد رہے کہ جب آپ آیت کریمہ پڑھیں گے تو پاس کوئی سایہ نہیں ہونا چاہیے۔ انشا اللہ بہت جلد ہی گریختہ واپس آجائے گا یا دوست عزیز بیوی وغیرہ سے صلح ہو جائے گی یا پھر کام نہ ہونے تک جاری رکھیں۔ انشا

اللہ اکیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔ دوسرے نمبر پر عوام کی تسخیر کے لیے صبح کی نماز کے بعد 41 عدد نقش لکھیں۔ نقش لکھتے وقت سر پر کپڑا نہ رکھیں اور کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر لکھیں اور ساتھ اپنے نام بمعہ والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق آیت کریمہ کا وظیفہ رکھیں۔ یہ عمل 41 دن کرنا ہوگا۔ انشا اللہ 41 دن کے اندر اندر تسخیر عوام ہوگی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۶	۵۹۳	۵۸۶	۵۹۹
۵۸۷	۵۹۸	۵۹۷	۵۹۲
۲۰۱	۵۸۸	۵۹۱	۵۹۴
۵۹۰	۵۹۵	۲۰۰	۵۸۹

فراخی زراعت کیلئے

اگر کسی نے فصل پر جادو ٹونہ کر دیا ہو یا فصل کو جنات وغیرہ خراب کرتے ہوں یا فصل کسی بھی بیماری سے ٹھیک طور پر اچھی نہ ہو رہی ہو تو پھر یہ نقش 5 عدد لکھیں ایک عدد نقش پانی میں بھگو کر فصل کے اوپر چھڑکیں۔ چار عدد نقش فصل کے چاروں کونوں پر فصل کے بیچوں کے ساتھ باندھ دیں۔ چھڑکیں کم از کم گیارہ دن کریں انشا اللہ گیارہ دن کے اندر اندر فصل ٹھیک ہونا شروع ہو جائے گی۔ فصل اگر جھاڑ بھی کم دے تو پھر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ نقش باندھتے وقت ساتھ ساتھ آیت کریمہ کا وظیفہ بھی جاری رکھیں اور نقش وہ شخص باندھے جو پانچ وقت نماز کا پابند ہو دوسرے کو اجازت نہیں ہے۔ یہ نقش کسی بھی ساعت میں لکھا جا سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰
۵۸۸	۶۰۱	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷
۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶

فتح یابی مقدمات ملاقات ارواح و روحانیات

اس نقش کے دو حصے ہیں پہلا حصہ فتح یابی مقدمات دوسرا ملاقات ارواح و روحانیات۔ فتح یابی مقدمات کے لیے اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس کے ساتھ مقدمہ جاری ہو اور عدالت کے بار بار چکر لگائے جاتے ہوں اور کوئی سمجھ نہ آتی ہو کہ مقدمہ کس کے حق میں ہوگا یا کہیں آپ کے مخالف کے حق میں تو نہیں ہو رہا ہے۔ اپنے نام کے اعداد لیں اور اپنے مخالف فریق کے نام کے اعداد لیں ان اعداد کو 2374 میں جمع کر دیں یا 586 میں جمع کر دیں اگر 2374 میں جمع کریں تو پھر قائدہ کے مطابق نقش چال خانہ سولہ سے پر کریں اگر صرف 586 میں جمع کریں تو پھر نقش چال خانہ سولہ نیچے درج ہے اس میں بھرتے جائیں جہاں 586 لکھا ہوگا وہاں سے شروع کریں اور آگے اگلا عدد لکھتے جائیں اس طرح نقش پُر کریں۔ پھر نقش کو دو عدد لکھیں ایک عدد نقش وزن کے نیچے بے ادبی سے بچا کر رکھ دیں دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ انشا اللہ مقدمات میں فتح حاصل ہوگی۔ دوسرا طریقہ ملاقات ارواح و روحانیات کا ہے وہ یہ ہے کہ دو عدد نقش لکھیں ایک نقش کو بعد نماز عشاء اپنے سامنے رکھ کر درمیان والے چاروں خانوں پر نگاہ جما کر اپنے اعداد کے مطابق آیت کریمہ پڑھیں دوسرا نقش رات کو سوتے وقت سر شمال کی طرف کر کے سرھانے کے نیچے رکھ کر سو جایا کریں اور دل میں ملاقاتی کا تصور کریں۔ نماز کے بعد کسی سے باتیں نہ کریں اور آیت کریمہ پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ انشا اللہ 41 دن کے اندر اندر جس کا آپ نے تصور رکھا تھا ضرور ملاقات کرے گا۔ یہ ملاقات خواب میں اور ظاہری طور دونوں پر ہو سکتی ہے۔

۷۸۶

۵۹۰	۵۹۵	۵۸۸	۶۰۱
۵۸۹	۶۰۰	۵۹۱	۵۹۴
۵۹۹	۵۸۶	۵۹۷	۵۹۲
۵۹۶	۵۹۳	۵۹۸	۵۸۷

خاص نکتہ

اے عقل ناداں کے مالک تو ہر وقت اپنے آپ کو حضور پاک ﷺ کا عاشق تصور کرتا

ہے، ہر وقت حضور پاک کی نعتیں پڑھتا ہے، ہر وقت حضورؐ پاک کی محبت کے گن گاتا ہے۔ ہر کام حضورؐ پاک ﷺ کے سنت کے مطابق کرتا ہے۔ اور بڑی بڑی لمبی دعائیں مانگتا ہے کہ اے اللہ ہم کو حضورؐ پاک کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما مگر کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت محمد ﷺ عشاء کی نماز کے بعد دعا فرما رہے تھے کہ ''اے اللہ اے پروردگار عالم مجھ کو ایک رات کو کھانے کے لیے عطا فرمایا کر اور ایک رات مجھ کو بھوکا رکھا کر جب آپ دعا مانگ کر فارغ ہوئے تو یہ دعا حضرت ابوبکر صدیقؓ سن رہے تھے آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپؐ یہ کیا دعا مانگ رہے تھے آپؐ نے فرمایا اے ابوبکر میں چاہتا ہوں جس رات پیٹ بھر کر کھاؤں تو خدا تعالیٰ کا شکر ادا کروں اور جس رات میں بھوکا سوؤں تو خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں گڑگڑا کر دعائیں مانگو۔

اے عقل ناداں کے مالک تو نے کبھی یہ بھی سرور کائنات کی سنت ادا کی ہے؟

ذرا سوچ!.....؟

اسم اللہ ایک نظر میں

اللہ پروردگار کے لیے اسم ذات ہے اور اسی ذات سبحانی کے لیے خاص الخاص ہے۔ یہ کوئی ایسا اسم نہیں جو کسی دوسرے کے لیے بولا جا سکے نہ اس کی جمع آتی ہے نہ ہی اس کا کسی دوسری زبان میں ترجمہ ممکن ہے نہ ہی یہ کسی لفظ سے مشتق ہے۔ نزول قرآن سے پہلے بھی عربی میں اللہ کا لفظ خدا کے لیے بطور اسم ذات کے لیے ہی استعمال ہوتا تھا۔ بنی نوع انسان کے دینی تصورات کی جو تاریخ ملتی ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انسانوں کے تصور توحید میں جب بھی بگاڑ پیدا ہوا اور شرک کی مختلف صورتیں پیدا ہوئیں تو اسی پرستش نے بتدریج اصنام پرستی کی صورت اختیار کی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مختلف زبانوں میں مختلف الفاظ دیوتاؤں کے لیے مخصوص ہو گئے لیکن یہ عجیب بات ہے کہ اصنام پرستی کی زیادتی کے باوجود ایک ایسی ہستی کے تصور سے انسان کا ذہن کبھی خالی نہیں رہا جو سب سے اعلیٰ اور سب کو پیدا کرنے والی ذات ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ تمام قوموں میں کوئی نہ کوئی لفظ ایسا ضرور رہا ہے جس کے ذریعے سے اس ان دیکھی اور اعلیٰ ترین ہستی کو پکارا جاتا تھا۔ یہی لفظ اللہ ہے جسے قرآن کریم نے بطور اسم ذات کے اختیار کیا ہے اور تمام صفتوں کو اسی کی طرف نسبت دی ارشاد ہے ''ترجمہ اللہ کے لیے حسن و خوبی کے نام ہیں (یعنی صفتیں ہیں) پس چاہیے کہ اسے ان صفتوں کے ساتھ پکارو۔'' اللہ کے خواص لفظی کے سلسلہ میں اہم

باتیں یہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے جس طرح توحید اور وحدانیت کو مسلمانوں کا شعار بنایا ہے یعنی (لا الہ الا اللہ) اس میں غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کوئی بھی زائد حروف نہیں وہی حروف استعمال کئے گئے ہیں جو اسم ذات کے اندر موجود ہیں۔ انہی کی ترکیب سے کلمہ توحید کو متشکل کیا گیا ہے جس کا ذکر ہم نے پچھلے اوراق میں مختصر سا کیا ہے۔ لیکن تھوڑا سا یہاں پھر تبصرہ کرتے ہیں۔ اسم ذات ''اللہ'' کے ساتھ حرف ''الف'' نہ لکھا جائے تو باقی للہ پڑھا جائے گا جس کا معنی ہے ہر شے اللہ ہی کی ملکیت ہے۔

''للہ'' سے اگر لام ہٹا دی جائے تو ''لہ'' رہ جاتا ہے اور اس میں سے مزید ایک لام کم کر دی جائے تو ''ھ'' رہ جاتا ہے جس کا تلفظ ''ھو'' ہے یہ حرف واحد بھی اسی ذات واحد اور اسی ذات احد پر دلالت کرتا ہے جیسے ''قل ھو اللہ احد'' اس اسم پاک کا ایک اور خاصہ یہ ہے کہ الحمد کا استعمال اسی ذات کے لیے خاص ہے اور کسی اسم کے ساتھ الحمد کو استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ ہمیشہ الحمد للہ ہی کہیں گے وجہ یہ ہے کہ یہ اسم پاک ذات وصفات کمال و جمال کا جامع ہے۔ لفظ اللہ کی شرح میں جو خصوصیات بیان کی گئی ہیں وہ یہ ہیں۔

☆ اللہ وہ ہے جو عارفین کے دل کا آرام ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو مضطرب دلوں کو تسکین بخشتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جس کے ذکر سے دل سکون پاتے ہیں۔
☆ اللہ وہ ہے کہ قلب اس کا شیدا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے ارواح پاک اس کی شیفتہ وفریفتہ ہیں
☆ اللہ وہ ہے کہ بلند ترین علم وعرفان تک پہنچاتا ہے۔
☆ اللہ جو لوازمات مادہ سے برتر واعلیٰ ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو زماں ومکان کے احاطہ سے ارفع وبلند ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو فہم وادراک اور وہم گمان سے بالاتر ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جس کی ذات کا عقل سے ادراک ممکن نہیں ہے۔
☆ اللہ وہ ہے وہ ہے کہ سب اس کے محتاج ہیں۔
☆ اللہ وہ ہے کہ آفات ومصائب میں سب اس کی جانب رجوع کرتے ہیں۔
☆ اللہ وہ ہے کہ خوف وہراس کے وقت بندوں کو پناہ دیتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جس پر سارا عالم انحصار کرتا ہے۔

☆ اللہ وہ ہے کہ واحد اور احد ہے اس کی ذات کے سوا ہر شے کا وجود مرکب ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو دین خالص کا مالک ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو محبت خالص کا شایان ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ آسمانوں اور زمین کے خزانے اس کے قبضہ میں ہیں۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جسے ارض وسما کی ملکیت حاصل ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو دلوں میں چھپی اور سینوں میں ڈھکی ہوئی باتوں کو جانتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو دن کو رات سے اور رات کو دن سے بدلتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو آسمان سے بارش برساتا ہے اور زمین سے دانہ اُگاتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جس کی تسبیح میں ہر شے لگی ہوئی ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جسے ہر شے سجدہ کرتی ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو خاکی بندوں کو نوری پیکروں سے بڑھ کر کمال بخشتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو توبہ کرنے والوں، توکل کرنے والوں، عدل کرنے والوں، اہل صدق واہل اخلاص سے محبت کرتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جس کے لیے سجدہ ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جس کے نام کے لیے قسم ہے۔
☆ اللہ وہ ہے، کہ جو قلوب کا مطلوب ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو ارواح کی جان ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو دعائیں سنتا اور مرادیں بخشتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو سالکوں کو راہ دیکھاتا اور طالبوں کو بلاتا ہے
☆ اللہ وہ ہے کہ اس کے سب بندے ہیں اور ان سب کا بھروسہ اور سہارا اور اعتماد وتوکل اللہ ہی کی ذات پر ہوا کرتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو اپنی رحمت سے سب کو پالتا ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو دردمندوں کی دوا ہے جو بے ٹھکانوں کی پناہ ہے جو دکھی دلوں کی آس ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو سوتے جاگتے ہر وقت ہمارے پاس ہے۔
☆ اللہ وہ ہے کہ جو کانوں کی شنوائی، آنکھوں کا نور اور دلوں کا سکون ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جس کے نہایت اچھے اچھے نام ہیں۔

☆ اللہ وہ ہے جو مندروں میں رام کے نام سے منسوب ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو گرجا گھروں میں روح اللہ کے نام سے مشہور ہے۔
☆ اللہ وہ ہے جو مسجدوں میں رب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

لفظ اللہ چونکہ اسم ذات ہے اس لئے اس کے خواص و اثرات بے شمار ہیں جس کا بیان کسی کے بس میں نہیں جس کو تحریر میں لانا ناممکن ہے جو اس کا ذکر کرے گا اللہ اس پر دنیا اور آخرت کی ہر نعمت آسان فرما دے گا۔ سلسلہ قادری والوں کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے۔ جو شخص اسم ذات میں غرق ہو کر اس کا مشاہدہ کرے وہ اکمل ہوتا ہے۔ جو مشاہدہ نہ کرے اور ذکر کرتا رہے وہ کامل ہوتا ہے اور جو مشاہدہ کر کے عرش معلہ تک رسائی حاصل کرے وہ مکمل ہوتا ہے (مفتاح العرش)

خبردار ! دلوں کا اطمینان اللہ ہی کے ذکر سے ہے (القرآن) کیا تمہارا دل اللہ کے ذکر سے سکون حاصل کرتا ہے؟

سورۃ یٰسین کے کرشمے

ہم یہاں پر سورۃ یاسین کے کرشمے درج کرتے ہیں جو کہ بعض تو میرے تجربات اور مشاہدات میں آئے تھے اور بعضوں کو ابھی تک ہم نے تجربہ نہیں کیا ہے۔ یہ طریقہ میرا ذاتی تجربہ ہے مجھے اپنے آباؤ اجداد کی بیاضوں سے ملا تھا۔ سال 1998ء میں بندہ نے اس کا مشاہدہ کیا تو بہت سارے فائدے حاصل ہوئے جو کہ صرف دنیاوی تھے آگے باطنی طور پر فائدے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اس کے خاص مقرب بندوں کو معلوم ہیں۔ جولائی 1998ء کی بات ہے کہ میں کسی چلہ کی غرض سے حضور پر نور حضرت میراں بہاول شیر قلندرؒ کے روضہ انور پر جایا کرتا تھا تو میرے دل میں سورۃ خاص یاسین شریف کے چلہ کرنے کا بہت شوق پیدا ہوا تو میں نے جناب حضرت بہاول شیر قلندرؒ سے اجازت طلب کی مگر مایوسی کا سامنا کرنا پڑا۔ کئی مرتبہ مراقبہ کیا مگر کوئی بھی اشارہ نہ ملا آخر کار میں نے حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدینؒ کے روضہ انور پر مراقبہ کیا مگر پھر بھی اجازت نہ ملی بہت پریشان ہوا کافی دن کوشش کرتا رہا مگر ناکامی کا سامنا رہا۔ آخر تھک ہار کر میں نے مراقبہ

بند کر دیا۔ کچھ دن اس طرح گزر گئے مگر مایوسی میں اضافہ ہوتا گیا۔ میرے گھر والے بمعہ سید افضال شاہ صاحب مجھے ہر روز پوچھتے کہ کیا بات ہے کہ بہت مایوس نظر آتے ہو۔ میں نے کسی کے آگے کچھ بات نہ کہی۔ ایک دن سید افضال شاہ صاحب حضرت شاہ محمد مقیم کے روضہ انور پر گئے اور وہاں پر مراقبہ شروع کر دیا مگر مجھے اس بارے کچھ علم نہ تھا۔ تین دن ہم دونوں دربار شریف پر جاتے رہے۔ چوتھے دن جب عصر کے بعد افضال شاہ صاحب نے مراقبہ کیا تو فوراً ہی مراقبہ سے باہر آ گیا اور مجھے کہا کہ چلو چلیں مجھے ہم نے دعا مانگی اور واپس چل دیئے میں نے راستے میں پوچھا کہ آج جلدی واپس چل لے لیں۔ انہوں نے کہا کہ آج میرا مقصد پورا ہو گیا ہے۔ میں نے پوچھا کہ کون سا مطلب تھا انہوں نے جواب دیا کہ گھر چل کر بتاؤں گا۔ جب ہم ان کے گھر پہنچے تو مجھے بہت بے چینی لگی کہ جلدی پوچھوں کہ مراقبہ کیوں کرتے تھے اور کیا مقصد حاصل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مٹھائی کھلاؤ پھر میں بتاؤں گا۔ آپ کے کام کی بات ہے میں نے کہا کہ پہلے بتائیں کہ کیا بات ہے پھر مٹھائی کھلاؤں گا۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ میں صرف اس لئے دربار شریف پر مراقبہ کرتا تھا کہ حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدینؒ سرکار سے پتہ کروں کہ بھائی سبطین شاہ مایوس کیوں نظر آتا ہے پہلے مجھے کوئی آثار نظر نہیں آتے تھے اب چوتھے دن سرکار نے تمہارے بارے سب کچھ بتا دیا ہے کہ کیوں پریشان ہو میرے بے چینی میں مزید اضافہ ہو گیا میں نے پوچھا سرکار نے کیا وجہ بتائی ہے ابھی آپ کے مراقبے کا پتہ چل جاتا ہے۔ افضال شاہ صاحب نے میری تمام پریشانی مجھ کو بتا دی کہ اصل میں آپ کو سورۃ یٰسین شریف کی اجازت کی ضرورت ہے مگر سرکار نے فرمایا ہے کہ ہم تو کہتے تھے کہ اجازت نہ دیں مگر اس کی پریشانی دیکھی نہیں جاتی ہے۔ آگے اس نے اپنے آپ کو بہت جودھ میں رکھا ہوا ہے لیکن چلو اب اس کو اجازت دے دیتے ہیں۔ آپؒ نے افضال شاہ صاحب کو ایک طریقہ بتایا جو کہ بعد میں بہت مجرب پایا تھا۔ وہ طریقہ ہم یہاں درج کرتے ہیں سرکار کی اجازت سے لکھ رہے ہیں امید کی جاتی ہے کہ اس طریقہ سے مخلوق خدا کو بہت سارے فائدے ہوں گے۔ جب میں نے یہ عمل کیا تھا تو ایک موکل یٰسین نام کا میرے پاس آتا تھا۔ مسلسل دو ماہ تک رہا تھا پھر اُس نے مجھ سے اجازت مانگ لی تھی۔ اس موکل نے مجھے کافی سارے فائدے بتائے تھے جو کہ ہم یہاں درج کرتے ہیں۔ ہماری طرف سے اس عمل کو کرنے کے لیے اجازت لینا ضروری ہے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک مکان بالکل علیحدہ بنوائیں جس میں صرف آپ کے علاوہ کوئی نہ جائے

کمرہ کو تالا ہونا ضروری ہے اور اس کی چابی آپ کے پاس ہو۔ اگر آپ کمرہ علیحدہ نہیں بنا سکتے تو پھر گھر میں علیحدہ چھوٹی ساری مسجد تعمیر ہو۔ مسجد صرف نمونہ کے طور پر ہونی ضروری ہے عمل کرنے کے لیے جمادی الثانی کا مہینہ ہونا ضروری ہے عمل یہ ہے کہ سب سے پہلے دو بجے سحری کے وقت اٹھیں تہجد ادا کریں پھر غسل کریں اور پاک صاف کپڑے زیب تن کریں۔ کپڑوں کا رنگ سفید یا ہلکا بادامی ہو پھر دو نفل راہ خدا ادا کریں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 72 مرتبہ پڑھیں دونوں رکعتوں میں اس طرح کریں سورۃ اخلاص کے بعد سورۃ یاسین ہر رکعت میں ایک ایک بار پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد دوگانہ کا ثواب پنج تن پاک کی خدمت میں عرض کرے پھر تمام اولیا اکابر کے پیش کریں۔ پھر نماز فجر کا وقت ہونے کا انتظار کریں۔ اس دوران درود خضری پڑھتے رہیں جب نماز فجر ادا کریں تو۔ دو فرضوں میں سورۃ یٰسین تلاوت کریں۔ پھر دعا مانگنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر سورۃ یاسین بہتر 72 مرتبہ پڑھیں پھر بعد میں بھی ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ عمل کے دوران پرہیز جمالی کریں اور پڑھائی کے دوران کسی بھی عورت کی آواز آپ کے کانوں میں نہ آئے روئی لے کر تین چار دانے کالی مرچ اور روئی دونوں کو کھرل کریں۔ جب کالی مرچ بالکل باریک ہوجائے اور روئی کے ساتھ مل جائے تو پھر اس کی گولیاں بنالیں پڑھتے وقت وہ گولی اپنے کان میں رکھیں تاکہ غیر عورت کی آواز آپ کے کان میں داخل نہ ہو۔ چلہ کے دوران خوشبو لگائیں اور سفر پر کہیں بھی نہ جائیں خواہ جتنی مرضی مجبوری ہو۔

اس طرح چھ ماہ مسلسل پڑھیں جب چھٹا مہینہ شروع ہوگا تو تین موکل حاضر ہوں گے یہ موکل سورۃ یٰسین کے ہوں گے یا پھر کوئی بھی ہوسکتے ہیں وہ روزانہ آپ کے پاس آ کر سورۃ یاسین کی تلاوت سنا کریں گے۔ جب چھٹا مہینہ ختم ہوجائے گا تو وہ آپ کے پاس آئیں گے تو کہیں گے کہ سورۃ یاسین تلاوت کرو آپ چپ ہوجائیں دو تین مرتبہ آپ کو کہیں گے کہ تلاوت کریں آپ چپ رہیں پھر وہ کہیں گے کہ تم کو کون سی مجبوری ہے جو سورۃ یاسین کی تلاوت نہیں کرنے دیتی ہے۔ آپ ان کو کہیں کہ آپ کا ایک ساتھی میرے ساتھ رہا کرے۔ وہ آپ کی بات قبول کرلیں گے۔ پھر ایک موکل آپ کی خدمت میں ہر وقت رہا کرے گا پھر روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ یٰسین کی تلاوت آپ کرتے رہا کریں۔ شروع پڑھائی سے لے کر آخری دن تک سفید رنگ کی کوئی بھی چیز بچوں کو ضرور کھلائیں۔ انشا اللہ پھر آپ اس کو ہر کام کے لیے مجرب پائیں گے۔ چھ ماہ کرنے کے بعد اگر موکل حاضر نہ

ہوں تو اپنی غلطی سمجھیں یا پھر آپ کی بدقسمتی ہوگی۔ مزید معلومات کے لیے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ موکلات نے جو ہم کو اس کے فائدے بتائے تھے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

اگر کسی کے ماں باپ اس دنیا فانی سے رخصت ہوگئے ہوں تو وہ ان کی زیارت کا مشتاق ہو تو اسے چاہیے کہ پہلے نماز عشاء ادا کرے۔ عشاء ادا کرنے کے بعد دو رکعت اپنے ماں باپ کے لیے پڑھے ان میں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ نشرح 41 بار پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھے ان دونوں نفلوں کا ثواب اپنے والدین کو بہم پہنچائے۔ پھر سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف کی تلاوت کرے اور اپنے ماں باپ کی زیارت کا تصور کرے۔ پھر قبلہ رخ کسی سے بات چیت کیے بغیر سو جائے۔ انشا اللہ اسی رات ہی اپنے والدین کی زیارت سے ہم کنار ہوگا اگر پہلی رات جب زیارت نہ ہو تو پھر گیارہ مرتبہ سورۃ کی تلاوت گیارہ دن تک کیا کرے۔ اوّل آخر درود شریف ابراہیمی پڑھے انشا اللہ ہر حال میں زیارت ہوگی اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو مشتبہ لوگوں کے نام (اگر کوئی ہے تو) لیں اور تمام لوگوں کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ لیں اور گول گول کرلیں پھر ایک چھوٹا سا کوزہ جس میں کم از کم تین چار کلو پانی آجاتا ہو لیں تمام پرچیاں اس برتن میں ڈال دیں ایک عامل ایک دوسرا آدمی دونوں چٹکی کے ساتھ مضبوط پکڑلیں جو آدمی پاس بیٹھے ہوں وہ تمام باوضو ہوں اور پاس تھوڑی ساری بخورات بھی روشن کرلیں اوّل تین بار درود شریف پھر تین مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سورۃ کی تلاوت شروع کردے جب تیسری مبین تک پہنچے تو ذرا غور سے دیکھے کہ وہ کوزہ گھوم رہا ہے کہ نہیں اگر گھوم جائے تو پھر ان آدمیوں میں چور ہے اگر کوزہ نہ گھومے گا تو ان میں چور نہ ہوگا۔ اگر کوزہ گھوم جائے تو پھر علیحدہ علیحدہ ایک ایک کر کے نام ڈالتا جائے جس نام پر کوزہ گھوم جائے وہ آپ کا چور ہوگا۔ یہ عمل بہت مجرب اگر ان میں چور نہیں ہے تو پھر ایک عدد مشک لیں اس پر ایک کاغذ پر سورۃ لکھ کر چپکائیں سورۃ یٰسین ون تک لکھیں پھر سورۃ نساء سورۃ کل سورہ جن مکمل طور پر لکھیں پھر مشک کو ہوا کے ساتھ بھر دیں انار کی تازہ لکڑی لے کر سورۃ یاسین ایک مرتبہ چھڑی پر پڑھیں پھر یٰسین سورۃ کی تلاوت کریں اور چھڑی مشک کو ماریں اس طرح تین مرتبہ کریں مشک کو کمرہ کے دروازہ میں لٹکائیں پھر عمل شروع کریں تین سے لے کر سات مرتبہ یہ عمل کریں۔ اپنے گاؤں یا علاقے کا چور ہوگا تو اس کا پیٹ پھول جائے گا جب وہ اعتراف جرم کرلے تو جب آپ مشک سے ہوا نکال لیں گے تو اس کا پیٹ ہلکا ہوگا ورنہ اسی طرح ہی پھولا رہے گا۔

اگر کوئی چاہے کہ تمام دنیا چرند پرند جمادات حیوانات تک میرے تابع ہوں تو اس کو چاہیے کہ اوّل آخر سات سات مرتبہ درود ابراہیمی پھر ایک مرتبہ یٰسین کہہ کر علیہ اللہ کہے پھر نوے مرتبہ یٰسین ، یٰسین کہے پھر سورۃ مذکورہ شروع کرے۔ جب پڑھتا ہوا پہلی مبین پر پہنچے تو دونوں کانوں میں انگلیاں دے کر گیارہ مرتبہ الصلوٰۃ خیر من النوم پڑھے۔ اس طرح پھر سورۃ شروع کرے۔ جب دوسری مبین پر پہنچے تو پھر کہے پھر شروع کرے آخر پر جب فیکون کے لفظ پر پہنچے تو اپنا مقصد بیان کرے اس طرح 41 یوم کرنا ہوگا۔ صبح فجر نماز کے بعد اور شام نماز مغرب کے بعد عمل کریں انشا اللہ تعالیٰ عمل تسخیر خلائق شروع ہوجائے گا۔ مگر کسی کو راز نہ بتائے۔

اگر کوئی چاہے کہ مجھے مصلہ کے نیچے سے یا بستر کے تکیہ کے نیچے سے ضرورت کے مطابق رقم ملا کرے تو انشا اللہ اس کی جتنی ضرورت ہوگی مل جایا کرے گی۔ اس میں ہرگز شک نہ کرے یہ عمل مجھے یٰسین نامی موکل نے بتائے تھے جو درج کئے جارہے ہیں۔ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف ابراہیمی بعد میں 41 مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے علیحدہ مکان کا ہونا ضروری ہے انشا اللہ 41 دن بعد ضرورت کے مطابق خرچہ مل جایا کرے گا۔ بعد میں روزانہ عمل کے طور پر گیارہ مرتبہ پڑھتا رہا کرنے۔ جو رقم ملے اس میں سے نصف خرچہ کرے اور نصف راہ خدا تقسیم کرے۔

اگر کوئی چاہے کہ میری تمام حاجات پوری ہوں تو اس کا عمل درج ہے یہ طریقہ اکثر دوسری کتابوں میں بھی درج ہے۔ بعد نماز فجر اوّل تین مرتبہ درود شریف ابراہیمی پھر تین مرتبہ یٰسین کہے پھر پہلی مبین تک پڑھے تو سورۃ فاتحہ پڑھے اور شہادت کی انگلی کھڑی کرے اور پھر آگے پڑھتا جائے جب واضرب لھم سے پڑھتا ہوا آیت ذالك تقدیر العزیز پر پہنچے تو اس آیت کا سات بار تکرار کرے پھر جب سلام ''قول'' پر پہنچے تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھے۔ پھر یَاسَلَامٌ یَارَبِّ رَّحِیم سات بار پڑھے پھر جب مَّثَلھُم پر پہنچے اس کی تین بار تکرار کرے اور سورۃ ختم کر دے پھر سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کردے۔ جب اِیَّاكَ نَستَعِین پر پہنچے تو پہلے کی طرح شہادت کی انگلی کھڑی کر کے پوری اذان کہے پھر نستعین سے آگے شروع کر کے ختم کر دے۔ پھر بعد درود شریف آیت کریمہ سو سو بار پڑھے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور پاک علیہ اللہ کو پہنچائے۔ پھر تمام اولیاء اکرام حضرت خواجہ مدد الف ثانیؒ کو پہنچائے اور ہر روز اس طرح پڑھتا رہا کرے تو انشا اللہ کا سورۃ یٰسین شریف کی برکت سے

تمام مشکلیں آسان ہوں گی اگر کوئی بروز جمعہ کے بعد نماز عشاء اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۃ یٰسین گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی کے ساتھ بغیر بات چیت کئے سو جائے تو انشا اللہ چند دنوں میں غیب سے رزق کا وسیلہ پیدا ہوگا۔

اگر کوئی چاہے کہ سورۃ یاسین کے موکلات میرے ساتھ رابطہ رکھیں اس کو چاہیے کہ اس پاک مقصد کے لیے کوئی ایسی جگہ منتخب کرے جہاں کسی کی آواز کانوں میں نہ پڑے خواہ جنگل میں چلا جائے یا نہر کے کنارے پر بیٹھ جائے۔ عمل کی جگہ کو پاک صاف کر کے صندل خالص کی دھونی دے اور پانچ وقت کی نماز قضا نہ کرے اور نہ ہی ترک کرے اگر سفر میں جانا پڑے تو پھر بھی پوری ہی نماز ادا کرے۔ بلکہ اشراق چاشت تہجد بھی ادا کیا کرے سوا ماہ روزے رکھے رمضان کے دنوں میں بھی کیا جاسکتا ہے۔ اگر رمضان شریف میں کرے تو زیادہ کامیاب و کامران ہوگا لیکن یاد رہے کہ عیدالفطر والے دن روزہ نہ رکھے اگر ترک دنیا کر سکتا ہے تو ٹھیک ورنہ دنیا کے کام بھی کر سکتا ہے۔ پھر عمل کرنے کے لیے علیحدہ کپڑے سلوائے جو کہ صرف عمل کے دوران پہنے جائیں اگر کمرہ بڑا بنایا ہوا ہے تو پھر غسل بھی کمرہ کے اندر کرے اور نہانے کے بعد عمل شروع کرے اگر غسل کمرہ کے اندر نہ کر سکتا ہو تو پھر علیحدہ بھی کیا جاسکتا ہے مگر غسل کرنے کے فوراً بعد اپنے مقام پر پہنچ جائے اور راستہ میں کسی کے ساتھ بات نہ کرے اور 432 دانوں کی تسبیح بنا کر رکھے مکمل طور پر ترک حیوانات و لذت رکھے۔ گندم کی روٹی نہ کھائے جو باجرہ کی روٹی کھائے اوّل خود کھانا تیار کرے یا پھر کسی بزرگ مرد جو کہ پرہیزگار ہو پنجگانہ ادا کرتا ہو سے کھانا تیار کروائے شروع مہینہ میں جو دن اتوار کا آئے خواہ موجودہ مہینہ رمضان ہو یا جب عمل کرنا مقصود ہو تو شروع کرے۔ پچھلی رات کو تہجد کی نماز پڑھ کر 432 مرتبہ سَلَامٌ قَولاً مِّن رَّبٍّ رَّحِیمٍ پڑھے پھر ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ یا ایک سو مرتبہ ضرور پڑھے۔ جب بیس دن ہوجائیں گے تو پھر آپ کو پڑھتے وقت اچھے اچھے خیالات آنا شروع ہوجائیں گے اور رات کو اچھے خواب آنا شروع ہوں گے سے 21 ویں دن نورانی شکل ظاہر ہوگی جو کہ اس سورۃ کا موکل ہوگا آپ ے پاس بیٹھ کر ہمدردی کرنے لگے گا اور ساتھ ساتھ روپے کا لالچ بھی دے گا مگر اس کے کہنے پر مت چلے ورنہ عمل اکارت جائے گا اس کی کسی بھی بات پر دھیان ہرگز نہ دے۔ جب چالیسواں دن گزر جائے گا تو پورا کمرہ نورانی روشنی سے منور ہوجائے گا۔ تمام خلوت خانہ پر یہی آیت مبارکہ لکھی نظر آنا شروع ہوجائے گی لیکن کسی بھی قسم کا خوف ڈر محسوس نہ کرے بلکہ تمام نظارے خوش ہو اور ذوق و شوق سے

اپنا وظیفہ جاری رکھے۔ وظیفہ کی تعداد کے دن جب پورے ہوجائیں گے تو وہ نورانی شکل انسانی گھوڑے پر سوار نظر آئے گی اور اس کے آگے پیچھے بہت ساری مخلوق دکھائی دے گی۔ وہ بادشاہ مومن مسلمان جنات کا ہوگا۔ وہ آتے ہی السلام علیکم کہے گا آپ اس کو جواب دینے سے پہلے کھڑے ہوجائیں پھر جواب دیں پھر وہ پوچھے گا کہ مجھ کو کیوں یاد کیا ہے تو اس وقت بادشاہی وقار کا خیال کرتے ہوئے عرض کریں۔ اپنی حاجت طلب کریں کہ خاکسار ایک بہت عاجز بندہ خدا اور امتی حضورؐ ہے۔ مجھے بہت ساری دینی اور دنیاوی مشکلات آتی ہیں آپ سے درخواست ہے کہ میرے ساتھ تعاون کریں مجھے کوئی نشانی عطا کریں کہ جب حاجت پیش آئے تو اس وقت آپ سے اظہار کرسکوں۔ وہ آپ کو کہیں گے کہ اے شخص جھوٹ نہ بولنا اور یہ راز کسی سے ظاہر نہ کرنا، گناہوں کے کاموں میں اور بداعمالیوں میں نہ پھنس جانا اور پھر وہ آپ کو نشانی عطا فرمائیں گے اور آپ کی حسب ضرورت حاجت پوری ہوجایا کرے گی۔ دوسرے دن خدا تعالیٰ کا شکر بجالاتے ہوئے روزانہ بچوں کو خیرات کیا کرے اور یاد رکھے کہ بہتر رزق دینے والا خدا تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ روزانہ ہونے والے حالات و واقعات سے آگاہی ہو تو اس کو چاہیے کہ نو چند جمعہ سے روزانہ بعد نماز عشاء پانچ سو پچاس مرتبہ "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" وتروں سے پہلے پڑھا کرے۔ پھر نماز مکمل ہونے کے بعد چار پائی پر بیٹھ کر سونے تک پڑھتا رہے حتیٰ کہ نیند غالب آجائے پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھتے پڑھتے سوجائے کل جو کچھ ہونا ہوگا وہ تمام کا تمام آپ کو بذریعہ خواب نظر آنا شروع ہوجائے گا۔ اس کا مکمل چلہ کرنا ہوگا دوران چلہ کسی پرہیز کی ضرورت نہیں ہے صرف پابندی ضروری ہے۔ یہ عمل میرے ذاتی تجربہ میں رہا ہے۔ میرے چند دوست اس عمل سے اپنی پیری مریدی چمکائے ہوئے ہیں کیونکہ آپ کے ساتھ جو کچھ دوسرے دن گزرنا ہوگا پہلے ہی بتا دیا جاتا ہے۔ انشا اللہ ابھی گیارہ دن بھی نہ گزریں گے کہ آپ کو خبریں ملنا شروع ہوجائیں گی اگر خدانخواستہ نہ بھی ہوں تو عمل جاری رہے تاکہ مکمل چلہ ہونے تک عمل ہاتھ آجائے۔

اگر کوئی چاہے کہ زندگی میں صرف ایک عمل ہی کرنا چاہیے زیادہ وظیفہ جات میں جانے کی ضرورت نہیں ہے اس کو چاہیے کہ پنجگانہ نماز ادا کیا کرے پہلے پورا سوا ماہ کوئی نماز قضا نہ ہوجائے پھر اس کے بعد ایک چلہ یٰسین شریف کا اس طریقہ کے مطابق کرے کہ سورۃ شریف شروع کرنے سے پہلے ایک سو مرتبہ درود شریف کوئی بھی پڑھے پھر سورۃ یٰسین کی تلاوت کرنے طریقہ یہ ہے کہ جب پہلی مبین پر پہنچے تو 72 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے

پھر 72 مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھے۔ اس طرح ہر مبین پر پڑھتا رہا کرے۔ جب تلاوت کرچکے تو پھر وہیں سوجایا کرے دن کو کوئی کام وغیرہ نہ کرے۔ نماز فجر ادا کرنے کے بعد صرف سونا ہے کسی بھی کام کو ہاتھ نہیں لگانا ہے۔ اس طرح ایک چلہ مکمل کرے۔ انشا اللہ ایک چلہ کے دوران ہی امیر و کبیر ہوگا صاحب ولایت ہوگا قلب منور ہوگا لطائف ستہ جاری ہوں گے دنیا میں کسی بھی قسم کی کوئی تکلیف نہیں آئے گی ہر روز ضرورت پوری ہوتی رہے گی چاہیے کہ صرف راہ خدا میں خیرات کرتا رہے۔ تاکہ عمل مکمل طور پر تقویت پکڑ جائے جب چلہ مکمل ہوجائے تو پھر تہجد کے وقت پڑھنا ہوگا پھر صرف گیارہ مرتبہ یَابَاسِطُ اور گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھتا رہے تاکہ عمل ہاتھ میں رہے۔ انشا اللہ عمل کرنے سے ولایت کا درجہ میں ظہور ہوگا ہر روز ایک نیا رنگ آئے گا۔ مختلف انوار و تجلیات کا ظہور ہوگا۔ اگر بہت زیادہ مفلسی ہو اور لوگوں کا قرض دار بھی ہو اور بہتری کی کوئی سبیل نظر نہ آرہی ہو تو غم و رنج و ملال کرنے کی بجائے روزانہ چالیس دنوں تک بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف ایک سو مرتبہ اور درمیان میں تین مرتبہ سورۃ یاسین مبین در مبین پڑھے اگر مرد ہو تو ہر حال میں چالیس دنوں کی معیاد پوری کرے اور اگر عورت ہے تو پھر اپنے ایام مخصوصہ میں دنوں کو شمار بعد میں کرے اور عمل کو پورا کرے انشا اللہ اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ خصوصی طور پر مدد اور غیب سے رزق عطا فرمائے گا۔ صاحب عمل کو علم بھی نہیں ہوگا کہ کہاں سے روزی آرہی ہے۔ لیکن عمل کے دوران اور بعد میں راز کو راز ہی رہنے دے کسی کے آگے ذکر نہ کرے۔ بعض مرتبہ دوران چلہ کچھ خاص اوقات مخصوصہ ظاہر ہوتے ہیں ان کا بھی ذکر کسی کے آگے نہ کرے تاکہ عمل کامیاب ہو۔

اگر کوئی مرد یا عورت چاہے کہ میری زبان سیف اللہ بن جائے اور میری زبان میں شیریں چاشنی پیدا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز بعد نماز فجر سات مرتبہ اپنا معمول بنالے تو اس کی زبان کے اندر ایسی تاثیر پیدا ہوتی ہے جو کہ اس کے وظیفہ کرنے والے کے بغیر کوئی نہیں جان سکتا ہے اس لیے زندگی تجربات کا نام ہے اور دنیا تجربہ گاہ ہے۔

اگر کوئی فاقوں سے مست ہوگیا ہو اور فاقہ کشی اس کا مقدر بن گئی ہے تو اس کو چاہیے کہ سوا کلو گڑ لائے اور گھر میں پاک صاف جگہ پر رکھ دے پھر غسل کرے اور پاک صاف کپڑے پہنے پھر وضو کرے "گڑ" کو کسی پاک تھالی میں توڑنا شروع کردے جب تک گڑ کو توڑتا رہے تو کوئی بھی درود شریف پڑھتا رہے یہاں تک کہ کم از کم بھی درود شریف سو مرتبہ پڑھا جائے پھر گڑ بالکل باریک شکر کی طرح ہوجائے تو اس کے سات حصے

کر لے ایک حصہ لے کر اس پر گیارہ مرتبہ وہی درود پاک جو آپ نے پہلے پڑھا تھا گیارہ مرتبہ پڑھ کر 21 مرتبہ سورۃ شریف پڑھے اور شکر پر دم کرے پھر اس شکر کو چیونٹیوں کے بل پر تھوڑا تھوڑا کر کے گرا دے اور ساتھ ساتھ سورۃ مذکورہ بھی پڑھتا رہے۔ ایسے ہی سات دن کرے انشا اللہ تعالیٰ سات دنوں کے اندر اندر روزی کا کوئی بہترین طریقہ مل جائے گا اور کاروبار خوب کھل کر چلے گا۔

اگر کسی سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہوگیا ہو کہ اس کی معافی کی کوئی کرن موجود نہ ہو یا اس کو وہ گناہ بار بار عذاب کی بشارت دیتا ہو اور دل دماغ دونوں ندامت کرتے ہوں اور اسے گمان ہو کر شاید اس گناہ کی معافی نہ ہوگی تو اسے چاہیے کہ پنجگانہ ادا کرنا شروع کرے اور ہر روز ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ استغفار پڑھے اور ہر فرض نماز کے بعد سورۃ شریف کو خشوع اور خضوع کے ساتھ دل سے قرآت کرے اس عمل میں کوئی قید نہیں کہ کتنے بار پڑھے اور ہر وقت سورۃ یاسین دل ہی دل پڑھتا رہا کرے اور اپنے کاروبار میں بھی لگا رہے تو انشا اللہ چند دنوں بعد بذریعہ خواب کوئی شخص اس کو گناہ کی معافی کی بشارت دے گا کہ اے گناہوں کے معافی چاہنے والے خدا تعالیٰ نے تیرے سابقہ گناہ معاف کر دیئے ہیں اور خدا تعالیٰ نے تیری توبہ قبول کر لی ہے۔ اگر سات دن تک بشارت نہ ملے تو پھر مسلسل عمل کرتا رہے اس عمل کو ترک نہ کرے۔ بلکہ ظاہر و باطنی کبیرہ اور صغیرہ گناہ سے توبہ کرتا رہے انشا اللہ خدا تعالیٰ ضرور اس کی بخشش فرما کر رحمت فرمائے گا۔ انشا اللہ تعالیٰ العزیز۔

اگر کسی کی دکان پر رکھا ہوا مال فروخت نہ ہوتا ہو تو یا کوئی دکان کی بندش ہو یا کسی وجہ سے مال کی سپلائی بند ہوگئی ہو تو اسے چاہیے کہ دکان پر جانے سے پہلے گھر میں وضو کرے راہ چلتے چلتے سورۃ شریف کی تلاوت کرتا جائے اور دروازہ کھولے چاروں کونوں پر بمعہ تالے پر پھونک مارے پھر کسی صاف برتن میں پانی ڈال کر تین مرتبہ سورۃ شریف پڑھے اور پانی پر پھونک لگائے پھر پانی کو دکان کے اندر چاروں کونوں پر چھڑکاؤ کرے اس طرح پانچ یا سات دن کرے تو کاروبار پر ہر طرح کی بندش دور ہوگی اور کاروبا خوب چمکے گا۔ سپلائی بھی جاری ہوجائے گی۔

اگر کوئی چاہے کہ دولت سے مالا مال ہوجاؤں اپنی برادری میں اپنے محلہ یا گاؤں میری دولت کے چرچے ہوں تو اسے چاہیے کہ جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد دو نفل ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ 41 بار اور سورۃ یٰسین تین مرتبہ اور سورۃ اخلاص 25 مرتبہ

پڑھے اور ہر روز پھر بعد نماز ظہر پڑھتا رہا کرے انشا اللہ تعالیٰ اس کی برکت چند دنوں میں ظاہر ہونا شروع ہوجائے گی۔

اگر کوئی مرد یا عورت حرام کاری پر لگے ہوں اور بار بار سمجھانے کے باوجود باز نہ آتے ہوں تو ان کے گھر والوں کو چاہیے کہ قبرستان سے بہت پرانی قبر کی مٹی لائیں اور اس پر بارہ مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھیں اور ہر بار اپنا مقصد یعنی کہ فلاں شخص حرام کاری سے باز آجائے کہا جائے پھر سورۃ ختم کر کے بھی اپنا مقصد دوہرایا جائے پھر کسی ایسے درخت کے نیچے گڑھا کھود کر اس مٹی کو دفنا دیا جائے جو پھل دار ہو اور مٹی کو سفید رنگ کے کپڑا میں لپیٹ کر پھر دفن کیا جائے تو انشا اللہ وہ اپنی حرکات سے باز ہوجائے گا جس کے لیے مٹی بنائی گئی ہوگی پوری زندگی حرام کاری نہ کرے گا۔

اگر کوئی چاہے کہ میری ہر جائز خواہش پوری ہوجایا کرے تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ 101 مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۃ یٰسین شروع کرے جب سَلَامٌ" قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِیم پر پہنچے تو اس مذکورہ آیت کو ایک سو اُناسی بار پڑھے پھر سورۃ ختم کرے اور اپنے متعلقہ مقصد کے لیے دعا مانگے انشا اللہ تعالیٰ چند دنوں کے اندر اندر اس کی ہر جائز خواہش پوری ہونا شروع ہوجائے گی۔ اس عمل میں صرف 179 دانے ہونا ضروری ہیں کوئی ایک مرتبہ کم یا زیادہ نہ پڑھا جائے۔

اگر تنگی و افلاس دور کرنا مقصود ہو تو گھر میں کوئی بھی فرد اس نیت سے روزانہ بعد نماز عشاء صرف ایک مرتبہ مبین در مبین سورۃ یٰسین کی تلاوت کرے اور اس کو اپنا معمول بنالیں انشا اللہ بہت جلدی تنگی و افلاس دور ہوگا اور حالات میں زیادہ فرق آجائے گا بعد نماز فجر ہر روز متعلقہ مقصود کے حصول تک روزانہ بعد نماز فجر تین مرتبہ مبین در مبین پڑھیں۔ بعد نماز ظہر ہمیشہ ایک مرتبہ سورۃ شریف کی تلاوت مبین در مبین پڑھیں تو انشا اللہ رزق کی کشادگی ہوگی۔ سورۃ یٰسین کا نقش لے کر سورج نکلنے سے پہلے چار عدد لکھیں ایک عدد نقش اپنے گلہ یا دراز میں رکھے دوسرا نقش دکان کے اندر ایسی جگہ لگائیں جہاں پر ہوا کے ساتھ ہلتا رہے۔ تیسرا نقش اپنے بٹوے میں رکھے چوتھا نقش ایک پاک صاف بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں اور صبح دکان کھولتے ہی دکان کے چاروں کونوں میں اس ترتیب سے چھڑکیں کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ اس عمل کو 21 دن کرنا ہوگا۔ پانی میں تازہ پانی ہرگز نہ ڈالیں۔ باقی 21 دنوں کے بعد جو پانی بچ جائے گا وہ ویسے ہی دکان کے اندر رہنے دیں انشا اللہ مقصد حل ہوگا۔ اسی طرح ہی پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر سورۃ یٰسین عرق گلاب میں سیاہی ملا

کر اچھی طرح زیر زبر لگا کر لکھیں اور پھر بعد میں ہر روز لکھی ہوئی سورۃ پر ہر روز ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر پھونک لگا دیا کریں اور اپنی تجارت والی جگہ میں محفوظ رکھیں ہر طرح سے مال و ترقی و روزی میں برکت ہوگی اگر کوئی بندش بھی ہوگی تو اس کی برکت سے ختم ہو جائے گی۔

اگر فتوحات غیبی کے لیے سورۃ یاسین کی مدامت کرے تو کامیاب ہو فتوح غیب حاصل ہو اس عمل کو ہر طرح کی فتح حاصل کرنے کی نیت سے اتوار کے دن جب نو چندہ اتوار ہو شروع کرے اور شروع کرنے سے لے کر آخر تک ایک ہی وقت مقرر کرے اور 21 دنوں تک عمل کرے اس کے بعد چاہے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے طریقہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ سورۃ شریف پڑھ کر پھر انچاس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ یاسین پڑھے پھر 49 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے انشا اللہ تعالیٰ فتوح غیب حاصل ہوگی۔

اگر کسی کو بھی پریشانیوں نے گھیر رکھا ہو اور پریشانیاں ہر وقت دامن کو نہ چھوڑ رہی ہوں اور عزت خطرہ میں ہو اور روز بروز روزگار کی حالت خراب ہو رہی ہو یا دشمن بہت تنگ کرتا ہو۔ ان سب دکھوں و غموں سے بچنے کے لیے جب نیا چاند نکلے تو سوموار والے دن کی رات کو ٹھیک 12 بجے پاک صاف کپڑے پہن کر، باوضو ہو کر اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ مذکورہ کی تلاوت شروع کرے جب پہلی مبین پر پہنچے تو ایک مرتبہ سورۃ مزمل اور سات مرتبہ سورۃ فیل پڑھے۔ جب تک حالات درست نہ ہوں پڑھتا رہے انشا اللہ سخت سے سخت ترین مشکل سے نجات ملے گی۔

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو یا کسی کو مسحور کیا گیا ہو تو صبح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر چینی کی پیالی میں انار کی لکڑی کی قلم تراش کر اس کے نقش کو زعفران سے لکھے اس نقش کو مسحور اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور چینی کی پیالی والا نقش گھول کر پلائیں اور اکیس دن تک پلاتے رہیں اگر مسحور قرآن پاک پڑھنا جانتا ہے تو پھر روزانہ تلاوت بھی کیا کرے اور ساتھ ساتھ بخیگانہ بھی ادا کرتا رہے انشا اللہ فائدہ ہوگا۔

اگر کسی عورت کا بار بار حمل ضائع ہو جاتا ہو یا بالکل ہی حمل قرار نہ پاتا ہو تو چاہیے کہ سات رنگ کا دھاگہ لے کر عورت کے ماتھے کی آخر تک سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے تک ناپے پھر اس پر ایک مرتبہ سورۃ تلاوت کرے پھونک مارے پھر ساتھ ساتھ تلاوت کرتا جائے جب ایک مرتبہ سورۃ مکمل ہو جائے تو دھاگہ پر پھونک مار کر فوراً ہی گانٹھ دے دے گانٹھ تقریباً آدھی پہلے تیار کر لی جائے۔ اس طرح ۴۱ مرتبہ پڑھے اور ۴۱ گانٹھ

لگائے جب مکمل ہو جائے تو پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونک مار دے۔ اور عورت اپنے گلے میں رکھے انشا اللہ تعالیٰ باندھنے کے ایک ماہ کے اندر اندر حمل قرار پا جائے گا اور اگر بار بار ساقط ہو جاتا ہے تو وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا خواہ مکان کی چھت سے چھلانگیں لگاتی رہے انشا اللہ حمل ضائع نہیں ہوگا مجرب ہے ذاتی تجربہ شدہ بھی ہے۔

اگر کسی نوجوان لڑکے یا لڑکی کی شادی میں بہت رکاوٹیں ہوں یا کسی نے سفلی عمل کے ذریعے جادو ٹونہ کر کے عقد باندھ دیا ہو تو اس صورتحال میں سورۃ شریف کی بکثرت تلاوت کرے اور روزانہ زعفران کے ساتھ سورۃ یاسین کے چار عدد نقش لکھے یہ کام صبح طلوع آفتاب سے قبل ضرور کرے جب نقش تیار ہو جائیں تو ایک عدد اپنے گلے میں رکھے دوسرا نقش ہوا میں لٹکائے تیسرا اپنے کمرہ میں لگائے چوتھے کو اپنے سرہانے کے نیچے رکھا کرے یا اپنے گھر کے دروازہ پر لگا دے اور اس کے ساتھ بخیگانہ ادا کرتا رہے تو انشا اللہ بہت جلد عقد کھل جائیں گے۔ مجرب ہے۔

اگر کسی درندہ صفت شیطان آدمی نے دوسرے لوگوں کی زندگی اجیرن کر دی ہو اور کسی بھی طرح سمجھانے پر وہ اپنی من مانیوں پر ڈٹا رہے تو ایسے دشمن کو اس کی اپنی بنائی ہوئی ہلاکت میں ڈالنے کے لیے کوئی بھی پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر سر برہنہ ہو کر دشمن کی اذیت ناکی کی نیت کی غرض سے 21 مرتبہ سورۃ شریف تلاوت کرے اس طرح گیارہ دن کرے تو انشا اللہ وہ آدمی باز آجائے گا یا پھر کامل یقین کے ساتھ مکمل پرہیزگاری کرے اور مصلّے پر بیٹھ کر ایک عدد نئی چھری اور دو قسم کے نئے سرخ اور کالے دھاگے لائے پہلے ایک مرتبہ سورۃ شریف پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر پانچ مرتبہ مبین در مبین سورۃ شریف کی تلاوت کرے پھر چھری اور دھاگہ پر دم کرے اور کالے دھاگہ کو چھری کی دھار پر لپیٹنا شروع کرے اور "سَلٰمٌ" قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ مسلسل پڑھتا رہے۔ جب دھاگہ ختم ہو جائے تو پھر دم کرے پھر اس کے اوپر سرخ رنگ کا دھاگہ لپیٹے اور آیت مذکورہ پڑھتا رہے۔ جب دھاگہ ختم ہو جائے تو چھری پر عرق گلاب یا کوئی تیز خوشبو والا عطر لگائے اور موم جامہ سے لپیٹ کر جس کے لیے کسی بھی کے لیے تیار کرے گا امان پائے گا۔

اگر کوئی بانجھ مرد عورت نوچندی جمعرات کو صبح اٹھ کر گیارہ مرتبہ سورۃ یاسین کی تلاوت کرے پھر نیم گرم دودھ پر دم کرے اور روزہ رکھے لیکن یاد رکھے کہ حیض سے فارغ ہو کر ایسا کرے پھر شام کو روزہ افطار کرتے وقت سات مرتبہ سورۃ شریف کی تلاوت

کرے اور دودھ پر دم کر کے افطار کرے اگر دودھ ہضم ہوجائے تو پھر سات جمعرات تک یہی عمل کرے۔ اگر ہضم نہ ہوتو پھر آئندہ نو چندی جمعرات آنے پر پھر کرے۔ جب دودھ ہضم ہوجائے تو پھر اپنے خاوند کے ساتھ ہمبستری کرے انشا اللہ حمل قرار پائے گا اگر دودھ ہضم نہ ہوتو پھر ہوسکتا ہے کہ آپ کے نصیب میں فرق ہے۔

اگر کوئی نو چندے بدھ کو اس طرح سورۃ تلاوت کرے کہ جب مبین آئے تو اپنے محبوب کا نام لے کر مکمل تصور کے ساتھ 41 مرتبہ تکرار کرے اس طرح ساتویں مبین پر کرے اور پاس میٹھی شرینی رکھے جب مکمل ہوجائے تو جس کا تصور رکھ کر عمل کیا تھا اس کو مٹھائی کھلا دے اور انشا اللہ تعالیٰ دو گنا محبت پیدا ہوگی۔

اگر کوئی کشف حاصل کرنا چاہتا ہوتو اسے چاہیے کہ پرہیز جلالی جمال کے ساتھ 41 دن تک مبین درمبین سورۃ یٰسین تلاوت کیا کرے۔ آنکھیں بند کر کے اندھیرے کے اندر بعد نماز فجر پڑھا کرے انشا اللہ چند ہی دنوں میں عجیب غریب انوارات کا ظہور ہوگا اور کشف قلوب حاصل ہوگا۔

اگر کوئی چاہے کہ روزانہ آنے والے واقعات سے آگاہی حاصل ہوتو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء باوضو ہو کر اپنے پاک صاف بستر پر لیٹ کر سورۃ یاسین کی تلاوت کرے۔ انشا اللہ 21 دن بعد اسے روزانہ کے ہونے والے واقعات بذریعہ کشف یا خواب معلوم ہوجایا کریں گے۔

اگر کوئی چاہے کہ میری شادی اپنی مرضی سے ہو اسے چاہیے کہ پہلے ختم شریف دلوائے خصوصاً سفید چاول دودھ اور شکر ہوں اور موسمی پھل بھی ہوں حسب توفیق لے کر ختم پڑھے۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پھر سورۃ یاسین پڑھے اور ان پر دم کرے اور یہ تمام چیزیں ساٹھ افراد بلکہ بچوں میں تقسیم کرے پھر روزانہ گیارہ مرتبہ نماز فجر کے بعد پڑھا کرے۔ انشا اللہ 41 دنوں کے اندر اندر مرضی کی شادی ہوجائے گی یا پھر کام نہ ہونے تک جاری رکھیں۔

پرائز بانڈ یا لاٹری کا نمبر نکالنا

اگر کوئی چاہے کہ پرائز بانڈ نکلے یا لاٹری نکلے تو اس کے لیے ہم یہاں دو عمل تجربہ شدہ لکھتے ہیں چاہے تو دونوں کی آزمائش کریں۔ انشا اللہ ضرور نمبر نکلے گا۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ جب پرائز بانڈ یا لاٹری نکلنے میں 41 دن باقی ہوں تو چاہیے کہ ہر نماز کے شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں تین مرتبہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کریں جس دن لاٹری وغیرہ نکلنا ہو اس دن 42 واں دن ہونا ضروری ہے۔ جب 41 دن مکمل ہوجائیں گے تو پرائز بانڈ یا لاٹری والے دن بعد نماز فجر بھی تلاوت کرے جس طرح پہلے کرتا تھا پھر حسب توفیق کھانا تیار کر کے بچوں میں تقسیم کرے۔ انشا اللہ آپ کا اوّل انعام نکلے گا جب انعام نکلے تو انعام کی رقم تین حصوں میں تقسیم کرے۔ پہلا حصہ راہ خدا دوسرا حصہ جناب بخشن پاک حضور غوث پاک، تیسرا حصہ اپنے بچوں کا رکھے۔ انشا اللہ رزق میں ترقی ہوگی۔ اگر رقم زیادہ نکلے تو پھر خاندان قادریہ کے آستانہ پر حضور غوث پاک کا حصہ دے اور بخشن کا حصہ اپنے نزدیک ترین یا دوست سید زادے کو بطور تحفہ دے دے۔ اگر رقم کم نکلے تو پھر بخشن کا حصہ بھی راہ خدا تقسیم کرے یا دونوں حصے کسی غریب سید زادے کو عطا کر دے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء (ابھی لاٹری یا انعامی بانڈ نکلنے میں 42 دن باقی ہوں) سر اپنے پر قرآن پاک رکھ کر لاٹری یا انعامی بانڈ کا نمبر بھی اپنے سامنے یا ذہن میں رکھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر 41 مرتبہ سورۃ یاسین تلاوت کرے آخر میں کچھ خیرات کرے انشا اللہ اوّل انعام آپ کا ہوگا۔ حصہ تقسیم اوپر والے طریقے پر ہی کرے۔ انشا اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی دور ہوگی اس کے علاوہ سورۃ یٰسین شریف کے دو سو ظاہری اور باطنی فائدے ہم کو بتائے گئے تھے انشا اللہ جلد ہی ہم کسی کتابچہ کی شکل میں شائع کریں گے۔ صرف کچھ مخلوق کی خدمت کے واسطے لکھ دیئے ہیں۔

سورۃ مزمل شریف کے فائدے

ہم یہاں پر سورۃ مزمل شریف کے کچھ فائدے لکھتے ہیں جو کہ میرے ذاتی مشاہدات ہیں اور حضرت صاحب جناب میاں صاحبؒ اور بڑے بھائی حضرت سید حسنین حیدر گیلانیؒ او دیگر چند دوستوں کے تجربات و مشاہدات ہیں اور کم از کم میرے سارے کے سارے ہی تجربہ شدہ ہیں۔ زیادہ تر لوگوں کی زبان سے سورۃ مزمل شریف کی تعریف ہی سنی

ہے مگر اَب تک مکمل عامل کوئی نہیں نظر آیا سوائے میاں صاحبؒ کے اکثر لوگ سنی سنائی تعریف لکھ دیتے ہیں یا کر دیتے ہیں مگر مزہ تو تب ہے کہ ذاتی تجربہ ہو تو زیادہ فائدہ مند ہوتی ہے۔ ہم یہاں چند ایک فائدے لکھتے ہیں۔

اگر کوئی چاہے کہ سورۃ مزمل شریف کے موکل میرے تابع ہوں تو اسے چاہیے کہ پرانے کنویں کے اوپر ایک لکڑی کا شہتیر ڈالے جو کہ اکثر عام کنوؤں پر ہوا کرتا ہے ۔اگر کنواں میسر نہ ہو تو نزدیکی کسی نہر یا راجباہ کے اوپر آر پار ایک موٹی لکڑی ڈالے اور لکڑی کے اوپر درمیان میں بیٹھ کر پہلے ایک سو مرتبہ درود خضریٰ پڑھے پھر تین سو تیرہ مرتبہ مزمل شریف پڑھے پھر ایک سو مرتبہ درود خضری پڑھے مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ کرے۔ بہتر تو یہ ہے کہ جہاں بیٹھا ہوا ہے وہاں پر ہی دن رات 41 یوم رہے۔ اپنے ہاتھ سے جو یا باجرہ کے آٹے سے روٹی پکا کر کھائے یا پھر کسی دوسرے نمازی آدمی سے پکوائے بلکہ ہر وقت اپنے ساتھ ایک آدمی رکھے خود کسی سے کلام نہ کرے سوائے رکھے ہوئے آدمی کے، وہ بھی اگر ضرورت محسوس ہو تو بات کرے۔ پنجگانہ ادا کرتا رہے اشراق، تہجد، چاشت بھی ضرور ادا کرے۔ کسی کام کو ہاتھ نہ لگائے۔ ہر نماز کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ مرتبہ مزمل شریف پڑھے۔ جب اکتالیس واں دن ہوگا تو ایک نورانی صورت والا حاضر ہوگا آپ اس کے ساتھ ہم کلام نہ ہوں۔ پھر دوسرے دن ان کے ساتھ ایک اور نورانی ہوگا دوسرے دن والا نورانی تم کو دھکے کے ساتھ بلائے گا اس کو اشارہ کرو کہ ختم پڑھ کر بلاؤں گا 41 والے دن کچھ کھیر پکا کر اپنے پاس رکھے دوسرے دن اس پر ختم شریف پڑھے اور تمام دنوں کی مزمل شریف پڑھی کا ثواب کائنات کی تمام برگزیدہ ہستیوں کو بہم پہنچائے پھر دونوں نورانی شخصیتوں کو دعوت دے کہ میرے ساتھ کھانا کھائیں وہ آپ کو کہیں گے کہ پہلے یہ بتاؤ کہ کیوں بلایا ہے۔ تم کہو کہ پہلے کھیر کھا لو پھر ان کو کھیر دے دو جب وہ دونوں کھیر کھانے لگے گے تو وہ تم کو بھی ساتھ کھانے کو کہیں تم ہرگز کھیر نہ کھانا ورنہ رجعت آنے کا خطرہ ہوگا۔ جب وہ کھیر کھائیں گے تو کنوئیں یا نہر کا پانی چڑھنا شروع ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ آپ کے سر کے پار تک جانا شروع ہو جائے گا مگر گھبرانہ نہیں کیونکہ وہ صرف تمہارا کا وہم ہوگا وحشت ضرور آئے گی لیکن ہوگا کچھ نہیں، تھوڑی دیر بعد پانی اتر جائے گا اور تم دیکھو گے کہ تم کو پانی میں غوطے آرہے تھے مگر پانی اترنے کے بعد تمہارے کپڑے بھی گیلے نہ ہوں گے۔ پانی اترنے کے بعد وہی دو نورانی شخصیات تم کو نشانی دیں گے کہ جب تم ہم کو بلائیں گے ہم آجایا کریں گے یا پھر وہ

کوئی منزل تم کو عطا کریں گے کہ پڑھتے رہو ہم تمہاری کو غیبی طور پر امداد کریں گے اس کے بعد تم ہر روز 41 مرتبہ مزمل شریف پڑھتے رہو انشا اللہ منزل جاری ہوگی۔

اگر کوئی چاہے کہ بذریعہ سورۃ مزمل شریف ہمزاد قابو کرے تو وہ آپ کر سکتے ہیں۔ یہ عمل محترم اُستاد میاں صاحبؒ کا عطا کردہ ہے۔ آپ کا ذاتی تجربہ ہے انہوں نے مجھ کو کئی مرتبہ عمل کروانا چاہا تھا مگر میں خود نہیں کر سکا ان کا بتایا ہوا طریقہ لکھ رہے ہیں۔ اس کی اجازت کے لیے رابطہ کرنا ہوگا اگر کسی کے پسند آئے تو کر سکتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک علیحدہ مکان ہو اس میں کوئی روشندان وغیرہ نہ ہو اور نہ ہی موجودہ طریقے پر ایگزاسٹ فین کا سوراخ ہو۔ دروازہ لکڑی کا ہونا ضروری ہے۔ مکان میں سفید چونا کروائیں اور ایک قد آور آئینہ قطب کی طرف کر کے لگائیں۔ غسل کریں کپڑے پاک صاف پہنیں خوشبو لگائیں کمرہ کو معطر کریں ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پھر گیارہ مرتبہ درود شریف کوئی بھی پھر ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھیں۔ اپنے سینہ پر پھونک ماریں اپنی کمر کی پشت پر چراغ روشن کریں چراغ میں دیسی گھی یا روغن کنجد ڈالیں چراغ کو اس طرح رکھیں کہ آپ کا سایہ آئینہ میں آئے اور آپ کی شکل کے برابر دائیں جانب ہو۔ پھر سورۃ مزمل شریف تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھیں اور اپنی نگاہ اپنے چہرہ اور سایہ پر رکھیں پھر ایک مرتبہ الحمد شریف گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ختم کریں۔ یہ تمام پرہیز جلالی کے ساتھ کرنا ہوگا دوران چلہ کسی بھی غیر عورت کے ساتھ ہم کلام نہ ہوں کھانا خود تیار کر کے کھائیں یا پھر وہ عورت کھانا تیار کرے جس کے ایام خشک ہو چکے ہوں اور نمازی پرہیزگار ہو۔ دن کو چاہے کام کاج کرتا رہے اور کمرہ کو تالا لگا کر رکھے۔ دن کو اگر نیند تنگ کرے تو اس مکان میں آ کر آرام کرے اور رات کو بھی اسی کمرہ میں سوئے عامل کے سوا اس کمرہ میں اور کوئی داخل نہ ہو۔ ہاں اگر اکتالیس دن تک وہاں ہی بیٹھا رہے تو پھر سب سے افضل ہوگا۔ امید واثق ہے کہ انشا اللہ پہلے چلے میں کامیاب ہوگا۔ اگر پہلے چلے میں کامیابی نہ ہو تو پھر دوسرا چلہ کرے انشا اللہ کامیابی ہوگی۔ چلہ کے جب آخری دن ہوں گے یا جب ہمزاد حاضر ہونا شروع ہوگا تو سب سے پہلے پاؤں نظر آنا شروع ہوں گے جب پاؤں نظر آنا شروع ہوں تو اس دن سے تین پاؤ دودھ آدھ پاؤ گری بادام، چھٹانک پستہ 10 تولہ چاول کی کھیر پکائے اور پاس رکھا کرے پہلے دن جب تک مکمل حاضر نہیں ہوگا تو کھیر خود کھا لیا کریں جس دن سے حاضر ہونا شروع ہوگا پھر ہمزاد پوچھے گا کہ یہ کیا رکھا ہوا ہے آپ اسے کچھ نہ بتائیں خود پڑھتے رہیں۔ جب تم پڑھ لو گے تو ہمزاد

غائب ہوجائے گا یاد رہے کہ کھیر اپنے پاس کسی سٹول پر رکھے جو اپنے آگے پڑی ہو عمل پڑھتے پڑھتے جب ہمزاد پڑھائی کے بعد حاضر رہے تو پھر اس کو کھیر دینے کا وعدہ کریں کہ کھیر لے لیں اور خود کو میرے حوالے کر دے۔ اس کے ساتھ وعدہ لیں اگر وعدہ دے تو ٹھیک ہے اگر نہ دے تو پھر دوسرے دن عمل کریں۔ جب وعدہ دے تو پھر کھیر کھانے کو دیں۔ بعض مرتبہ شراب بھی مانگ لیتا ہے۔ کتے کی شکل بن کر بھی آجاتا ہے اس وقت ایک رسہ اپنے پاس رکھا ہو فوراً ہی کتے کے گلے میں ڈال دیں۔ مرغہ بھی بن کر آجاتا ہے چھری پاس ہو فوراً پکڑ کر ذبح کرنے کی کوشش کریں۔ ہاں یاد آیا دوران عمل ہمزاد آپ کو روپوں کی بوری لا کر دے گا کہ بوری روپوں کی لے لو اور میری جان چھوڑ دوں لیکن تم اس کی بات میں مت آنا، یا کہے گا کہ اتنے روپے آپ مصلّٰی کے نیچے سے نکال لینا وہ کسی گٹھلی میں رکھ لینا رقم کم نہ ہوگی مگر تم اس کی بات میں نہ آنا۔ جب ہمزاد حاضر ہوجائے تو کوشش کرو کہ مسلمان ہوجائے اگر نہ ہو تو پھر اس کو کسی نہ کسی کام لگائے رکھنا تو بہتر ہوگا۔ مزید معلومات ہم سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

اگر کوئی چاہے کہ مجھے دست غائب حاصل ہو تو صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ اوّل آخر درود ابراہیمی سو مرتبہ پڑھیں سورۃ مزمل کی تلاوت کریں اور اس طرح سوا لاکھ پورا کریں پرہیز کوئی بھی نہیں ہے۔ روزانہ تین سو تیرہ کے مطابق جتنے بھی دن گزر جائیں ناغہ نہ ہونے پائے اور قائم جگہ پر کریں صرف بڑے گوشت کا پرہیز کریں انشا اللہ سوا لاکھ پورا ہونے پر فجر کی نماز کے بعد مصلّٰی کے نیچے سے روزینہ مل جایا کرے گا۔ یہ عمل ہمارے بزرگ حضرت شاہ محمد مقیم ؒ کا عطا کردہ ہے۔ اگر کسی نے یہ عمل کرنا ہو تو پھر گیارہ دن تک ہمارے پاس دربار اقدس پر گزارنے ہوں گے پھر اجازت ملے گی یا اگر کسی کے مرشد بذریعہ کشف حضرت صاحب سے پوچھ دیں تو وہ اس کی نوازش ہوگی ہمیں صرف اس کے لکھنے کی اجازت ہے۔

> حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

اگر کسی عورت مرد کو یہ مایوسی ہو کہ ہمارے ہاں اولاد نہیں ہو رہی تو ان کو چاہیے کہ نو چند جمعرات کو صبح سویرے اٹھیں اور تہجد ادا کریں پھر گیارہ مرتبہ مزمل شریف پڑھ کر

آدھا کلو دودھ پر پھونک ماریں پھر دودھ کے ساتھ دونوں میاں بیوی روزہ رکھیں۔ آدھا کلو میاں اور آدھا کلو بیوی دونوں کا علیحدہ علیحدہ دودھ ہونا ضروری ہے اگر کوئی قرآن پاک پڑھا نہیں ہے تو کسی سے پڑھوا لیں چاہے تو کچھ روٹی وغیرہ بھی کھالے پھر بعد میں دودھ پی لیں پھر اس طرح ہی شام کو عصر کی نماز کے بعد دودھ پر پڑھ کر پھونک ماریں اور دودھ کے ساتھ روزہ افطار کریں۔ اگر دودھ بیوی کو ہضم نہ ہو تو پھر جانو کہ اس کے بطن سے اولاد نہیں ہے اگر مرد کو دودھ ہضم نہ ہو تو پھر جانو کے مرد کے نطفہ سے اولاد نہیں ہے۔ دودھ ہضم نہ ہونے کی یہ نشانی ہوگی کہ دودھ قے ہوجائے گا اگر دونوں کو دودھ ہضم ہوجائے تو پھر چاہیے کہ اسی دن رات کو جفتی کریں انشا اللہ اسی دن حمل قرار پائے گا۔ مجرب تجربہ شدہ ہے۔

اگر پھر بھی حمل قرار نہ پائے تو پھر سات رنگ کا دھاگہ لے کر عورت کی پیشانی سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے تک ناپے اور سات دھاگے ہوں خواہ علیحدہ علیحدہ رنگ کے ہوں یا ہر دھاگہ سات رنگ کا ہوں اوّل گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر ایک مرتبہ مزمل شریف پڑھ کر دھاگے کو گانٹھ دے اس طرح اکتالیس گانٹھیں دیں پھر اس دھاگہ کو عورت اپنی کمر پر باندھ لے خواہ کچھ بھی ہو۔ دھاگہ کمر سے نہ اتارے۔ پھر جفتی کرے اور ہر جمعرات کو ہمبستری کرے۔ انشا اللہ اوّل ماہ ہی حمل قائم ہوگا۔ جب بچہ ہونے کو ہوجائے یا پھر درد زہ شروع ہو تو دھاگہ کھول دیں۔ تاکہ پیدائش میں آسانی ہو اس سلسلہ میں مصنف ہذا سے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ ذاتی تجربہ شدہ ہے۔

اگر کوئی چاہے کہ زمین آسمان کی سیر کی جائے تو یہ بھی کوئی خاص مسئلہ نہیں ہے اس کے لیے اپنے نزدیکی قبرستان میں چلے جائیں وہاں پر صاحب مزار کے چہرہ انور کے برابر بیٹھ کر ایک سو ساٹھ مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھیں اوّل آخر ایک سو مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں فجر کی نماز مزار شریف کے اندر پڑھیں پھر اشراق پڑھیں پھر سورۃ شریف کا وظیفہ پڑھیں۔ یاد رہے کہ ناغہ نہ ہونے پائے اور بیاسی دن عمل کریں اور کوئی قسم کا پرہیز نہیں ہے اپنے مرشد کی اجازت ہونا ضروری ہے۔ انشا اللہ صاحب مزار کی جہاں تک بھی رسائی ہوگی آپ کو اپنے ساتھ سفر کروائے گا پھر بعد میں انشا اللہ آپ خود بھی سفر کر سکیں گے مگر مغرور نہ ہونا چاہیے کسی آبادی کے اوپر سے نہ گزرنا چاہیے۔ ہاں جہاں آپ کو اہل سادات نظر آئیں ان کا احترام حد درجہ تک کرے کسی بھی صاحب مزار کے اوپر سے نہ گزریں ورنہ خطا کھائیں گے۔ دوران عمل یا عمل کے بعد جو جو انوارات و تجلیات ہوں کسی

کومت بتائیں۔ یہ عمل ہمارا کسی ایک کا تجربہ شدہ ہے نام ہرگز نہیں لکھنا ہے۔

اگر کوئی چاہے کہ خلق خدا کا ہر وقت ہجوم میرے گرد رہے اور ہر طرف سے تحائف ملتے رہیں تو چاہیے کہ پرہیز جلالی جمالی کر کے بعد نماز عشاء قائم جگہ پر ایک وقت مقررہ کر کے بیاسی مرتبہ سورۃ شریف کی تلاوت کریں اوّل آخر درود ابراہیمی ایک سو مرتبہ پڑھیں انشا اللہ ایک ہی چلّہ کے دوران مخلوق کا ہجوم اردگرد اکٹھا ہونا شروع ہوجائے گا روزانہ کی آمدن سے کسی سادات کو روزانہ پانچواں حصہ ادا کرتا رہے اگر حصہ ادا نہ کرے گا تو تسخیر ختم ہوجائے گی اس عمل کے لیے صرف اپنے پیشوا کو اطلاع کرنا ضروری ہے اور کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے اگر عملیات کا اُستاد کوئی ہے تو ان کو بھی صرف بتانا ہی ہے۔ پہلا چلہ پرہیز کے ساتھ کرے پھر روزانہ ہی اس تعداد میں چھ ماہ مکمل کرے پھر چھ ماہ کے بعد چاہے جتنا مرضی پڑھتا رہا کرے تاکہ عمل ہاتھ سے نہ جائے۔

اگر کوئی چاہے کہ حضور اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر صرف یاایھا المزمل ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ جب ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر سورۃ شریف مکمل کرے اور ساتھ ﷺ بھی پڑھتا رہے اس طرح صرف تین دن نہ گزر پائیں گے کہ حضورؐ کی زیارت سے مشرف ہوگا یاد رہے کہ ہر روز زمین پر ہی سونا ہوگا اور شام کا کھانا بھی نہیں کھانا ہوگا اگر تین دن میں زیارت سے مشرف نہ ہوگا تو پھر عمل جاری رکھے تین، نو، گیارہ دن کا عمل ہے اگر زیارت نہ ہو تو پھر استغفر اللہ کا سوا لاکھ کرے پھر عمل کام میں لائے انشا اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوں گے۔

اگر کوئی چاہے کہ مجھے سرخاب کے پر لگ جائیں تو اس کو چاہیے کہ ایک علیحدہ کمرہ تیار کرے یا اگر پہلے سے تیار ہے تو پھر ٹھیک ہے کمرہ اندر سے اچھی طرح صفائی کے ساتھ لیپ کیا ہو۔ یا پھر دیواریں پلستر ہوں اور فرش کچا ہونا ضروری ہے۔ نو چندے اتوار سے کمرہ کے چاروں کونوں پر اذان فجر ادا کرے اور ہر روز نو چندے جمعرات آنے تک کرتا رہے۔ جب نو چندی جمعرات آئے تو سوا تین کلو جو ایک مٹکا پانی کا ایک عدد سلور کا لوٹا ایک عدد مصلّٰی لے کر مکان کے اندر داخل ہوجائے۔ اگر اٹیچ باتھ روم ہے تو پھر ٹھیک ورنہ پیشاب وغیرہ کے لیے علیحدہ اندر گڑھا کھودے اور پیشاب کرنے کے لیے جگہ بنائے پھر جس دن اندر داخل ہوا تھا تاریخ لکھ لے اور پورے اکتالیس دن تک اندر ہی رہے صرف جو کھائے اور تھوڑا سا پانی پیتا رہے تاکہ پاخانہ تنگ نہ کرے۔ جس دن اندر داخل

ہوا تھا اس دن پہلے سوا بارہ ہزار مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھے یہ صرف ایک بار ہی ایک رات میں مکمل کرے پھر دوسری رات سوا بارہ ہزار مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر تیسری رات سورۃ فاتحہ سوا بارہ ہزار مرتبہ پڑھے چوتھی رات درود ابراہیمی سوا بارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان تمام کا ثواب حضور پاک ﷺ اور میراں محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی کے پیش کرے۔ پھر دوگانہ ادا کرے اس کا ثواب بھی پیش کردے۔ پھر پانچویں رات کو اپنے اعداد اور مرشد کریم کے نام کے اعداد کے برابر اکتالیس یوم مزمل شریف پڑھے۔ دوران عمل کمرہ سے باہر نہ نکلے صرف جمعہ ادا کرنے کے لیے قریبی جامع مسجد میں جاسکتا ہے۔ وہ بھی کسی کے ساتھ بات نہ کرے تب ٹھیک ہے۔ پینتیس دن بعد آپ کو چار نورانی شخصیات ملیں گی۔ ان سے ڈرنے والی بات نہ کرے وہ جو بات کہیں ان کو غور سے سن کر جواب دے۔ وہ کچھ بھی سوال جواب کر سکتے ہیں۔ جب وہ سوال جواب کر لیں تو وہ علیحدہ علیحدہ آپ کو روحانی علوم دیں گے جو کہ فوراً ہی جاری ہوں گے۔ جس کی مدد سے آپ تحت الثریٰ سے لے کر عرش معلیٰ تک سیر کر سکتے ہیں مُردوں سے گفتگو کر سکتے ہیں۔ ہوا میں پرواز کر سکتے ہیں۔ لوح محفوظ پڑھ سکتے ہیں زمین میں ظاہری اور باطنی خزانے دیکھ سکتے ہیں۔ شرح لوح محفوظ دیکھ سکتے ہیں دنیا سے بے پروا ہوسکتے ہیں پوری کائنات کو اپنے ہاتھ پر رائی کے برابر دیکھ سکتے ہیں۔ اس سے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کتنا قیمتی نسخہ آپ کو لکھ دیا ہے۔ ہم نے صرف ایک مرتبہ اس کو آزمائش کیا تھا مگر یہ کہتے ہوئے بند کر دیا تھا کہ خدا تعالیٰ کے قانون میں دخل اندازی نہیں کرنی چاہیے جو خدا تعالیٰ چاہے وہی کچھ ہونے دو۔ بہت مجرب ہے آزمائش شرط ہے۔ ایمان نہ رکھنے والا کافر ہوتا ہے لیکن یہ جاہل لوگوں کا کام نہیں ہے۔ عامل حضرات سے اپیل ہے کہ اگر آپ یہ عمل کریں تو پھر یکسوئی اختیار کریں۔ دنیا کے کاموں میں نہ پڑھیں کسی بھی سادات کے آگے گستاخی نہ کریں ہر آنے والے کی عزت کریں کیونکہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا دنیا مردار ہے اور اس کا چاہنے والا کتا ہے۔ صرف عقل مند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے۔ اس کے علاوہ مزمل شریف کے بارے میں مصنف ہذا کو بہت علوم ہیں مگر ناقص لوگوں کے آگے پیش کرنے سے گریزاں ہیں۔

خاص نکتہ

اے عقل ناداں کے مالک ذرا سوچ اگر دولت خدا تعالیٰ کا کرم ہے تو پھر دولت

عیسائیوں، ہندوؤں سارے غیر مسلموں کے پاس سب سے زیادہ ہے۔ اگر تو اپنی اولاد کو خدا تعالیٰ کا کرم سمجھتا ہے تو یہ بھی غیر مسلموں کے پاس ہے۔ اگر تو بیرون ملک اپنی اولاد کو بھیج کر گرین کارڈ حاصل کر کے خدا تعالیٰ کا کرم سمجھتا ہے تو پھر تو سب سے زیادہ بے وقوف ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ جب میں کسی پر راضی ہو جاتا ہوں تو اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہوں اور اس کو اپنے گھر میں داخل کر لیتا ہوں۔ قلبی حضوری ہی خدا تعالیٰ کا خاص کرم ہے۔ کیونکہ قرآن خدا تعالیٰ کی مقدس زبان ہے۔ خدا تعالیٰ اپنی اس زبان مبارک میں ارشاد فرماتا ہے کہ خبردار دلوں کا اطمینان اللہ ہی کے ذکر میں ہے یاد رکھ کہ قلب کی حضوری کے بغیر تیری نماز درست نہیں ہے اگر تیری نماز درست نہیں ہے تو پھر تو معراج کس طرح بچے گا اگر تیری نماز درست نہیں ہے تو پھر تو برائی سے کس طرح رکھے گا تیری نماز درست نہیں ہے تو پھر دین کا ستون کس طرح بنے گی تیری قلب کے اندر پوری کائنات بلکہ خود خدا موجود ہے مگر تو کہیں اور ڈھونڈتا پھر رہا ہے۔ ہائے افسوس ایسے شخص کی زندگی پر۔

حضور پاک ﷺ اور اصحابہ اکرام رضوان علیہم کے دو خاص وظائف

پہلا وظیفہ

حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o یہ ایک ایسا وظیفہ ہے جس کے دامن میں دونوں جہانوں کی نعمتیں چھپی ہوئی ہیں۔ اس کے پڑھنے سے توکل پختہ ہوتا ہے اور جس نے توکل ٹھیک کیا لہٰذا اس نے سب کچھ حاصل کر لیا۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے فرمایا! جو اللہ پر توکل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے کافی ہے۔

جب ابوسفیان نے (جبکہ وہ ابھی مسلمان نہیں ہوا تھا) بدر کے مقام پر مسلمانوں یعنی اہل مدینہ کے ساتھ مقابلہ کرنے کا چیلنج کیا تو سید العالمین حضرت محمد ﷺ نے اس کا چیلنج کو قبول کیا پھر جب مکہ مکرمہ میں قریش مکہ اکٹھے ہوئے تو انہوں نے نعیم نامی شخص کو مدینہ منورہ بھیجا اس غرض سے کہ وہ جا کر مسلمانوں کو یعنی کہ اہل مدینہ کو جنگ کے ارادہ سے روکے کیونکہ قریش مکہ جنگ سے ڈرتے تھے جب نعیم مدینہ پہنچا اور اس نے دیکھا کہ اصحابہ اکرامؓ جنگ کی تیاری کر رہے ہیں۔ نعیم نے پوچھا کیا کر رہے ہو اصحابہ اکرام رضوان علیہم نے فرمایا ہم جنگ کی تیاری کر رہے ہیں نعیم نے پوچھا کس کے ساتھ جنگ کا ارادہ ہے اصحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم نے فرمایا قریش کے ساتھ یہ سن کر نعیم بولا اہل مکہ نے

زبردست تیاری کی ہوئی ہے وہ تو تمہیں ملیا میٹ کر دیں گے۔ یہ سن کر اصحابہ اکرم رضوان اللہ نے کہا حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o اس پر خدا تعالیٰ نے اصحابہ اکرام پر چار انعام عطا فرمائے اللہ تعالیٰ نے سورۃ توبہ کے آخر میں فرمایا اے محبوبؐ اگر یہ ناسمجھ لوگ آپؐ کی تعلیم و ارشاد کو نہ مانیں آپؐ کی اطاعت سے روگردانی کریں اور آپؐ کی مخالفت پر آمادہ ہو جائیں تو آپؐ کو کیا فکر آپؐ کا حامی و ناصر تو اللہ ہے جو کہ عرش عظیم کا مالک ہے بس آپ یوں کہہ دیں حَسْبِیَ اللّٰہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم o اور یہ انعام اُمت کے والی ﷺ کی طفیل ہر امتی کیلئے بھی ہے جہاں کہیں کسی کی مخالفت و دشمنی کا خوف ہو وہاں یہ پڑھا جائے۔

علامہ سیوطیؒ نے حدیث پاک نقل کی ہے۔ حدیث پاک ہے کہ ہر خوف زدہ کے لیے اس میں امان ہے یعنی کہ اگر کسی جگہ خوف خطرہ ہو تو حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o پڑھا جائے (جامع صغیر)

سیدنا امام جعفرؓ کا ارشاد مبارک ہے مجھے اس بندے پر بڑا تعجب ہے جسے کسی سے ڈر ہو وہ کیوں نہیں پڑھتا حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o

علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب میں لکھا کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا اے میری امت اگر تم کسی بڑی مصیبت میں پھنس جاؤ تو تم حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o پڑھا کرو۔

تفسیر مظہری میں درج ہے کہ جب پیارے خلیل ابراہیم علیہ والسلام کو آگ میں پھینکا گیا تو آپ کی زبان پر حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ جاری تھا۔

سیدنا ابوسعید خدریؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں کیسے عیش کروں حالانکہ اسرافیل (علیہ السلام) صور پر اپنا منہ رکھ کر کان لگائے پیشانی جھکائے انتظار میں کھڑے ہیں کہ کب حکم الٰہی ہو اور میں پھونک لگا دوں یہ سن کر صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں (جس سے ہم قیامت کے ہولوں سے بچ جائیں) تو آپؐ نے فرمایا تو پڑھو حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ اَلْوَکِیْلُ o

اس کا میرے علم کے مطابق ہر روز بعد نماز کے تیرہ سو مرتبہ پڑھنے سے ہر طرح کی مخلوق مسخر ہوتی ہے۔ بعد نماز تہجد ہر روز 450 مرتبہ پڑھنے سے ہر طرح کی تنگی دور ہوتی ہے۔ تسخیر خلائق کے لیے بعد نماز تہجد دو نفل فی سبیل اللہ پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر 450 مرتبہ پڑھیں تو رزق کی تنگی قبر کی تنگی حشر کی تنگی دور

ہوتی ہے اور تمام عالم تسخیر ہوتا ہے۔ قرضہ سے ادائیگی کے لیے بھی بہت مجرب عمل ہے۔

دوسرا وظیفہ

یہ ایک ایسا وظیفہ ہے کہ سیدنا امام ربانیؒ نے ہر دینی و دنیاوی خیر کو حاصل کرنے اور ہر دینی دنیاوی شر اور ہر مصیبت ہر پریشانی سے بچنے کے لیے اس کو اختیار کیا ہے اور فرمایا کہ اسے کثرت سے پڑھا جائے۔ آپ نے کثرت کی مقدار حد روزانہ پانچ سو مرتبہ مقرر کی ہے اور فرمایا کہ آخر سو سو مرتبہ درود پاک بھی پڑھا جائے۔ وہ وظیفہ یہ ہے سبحان اللہ والحمد للہ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ واللّٰہ اکبر ولَاحَول وَلاقوۃ اِلَّا باللّٰہ العلی العظیمo رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لاحول وَلاقوۃ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے ان میں سے چھوٹی بیماری پریشانی ہے۔

حضرت عوف بن مالکؓ نے دربار رسالتؐ میں حاضر ہو کر شکایت کی کہ یا رسولؐ اللہ میرے لڑکے کو دشمن پکڑ کر لے گئے ہیں جس کی وجہ سے اس کی ماں بہت پریشان ہے ہم کیا کریں۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا کہ تو اور اس کی ماں خوب پڑھو لاحو وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ یہ سن کر لڑکے کی والدہ نے کہا سرکار کا فرمان سر آنکھوں پر اور دونوں نے سرکار کا فرمایا ہوا وظیفہ شروع کر دیا اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ جب دشمن سو گئے تو وہ لڑکا ان کی چار ہزار بکریاں ہانک کر گھر لے آیا۔

حدیث شریف میں ہے کہ لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ جنت کا خزانہ ہے۔ سیدنا ابو موسیٰؓ نے فرمایا کہ میں سید دو عالم ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا دل میں لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھ رہا تھا کہ رسول اللّٰہ ﷺ نے فرمایا اے ابو موسیٰ کیا میں تجھے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ پر مطلع نہ کر دوں میں نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہؐ تو فرمایا آپؐ نے کہ لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر کام میں سلامتی لکھ دی جاتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابو ہریرہؓ کیا میں تجھے ایک کلمہ نہ بتاؤں جو عرش کے نیچے جنت کے خزانوں میں ایک خزانہ ہے وہ ہے لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ اس کے پڑھنے پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے سب کام میرے سپرد کر دیئے اور وہ سلامتی میں آ گیا ہے۔

سیدنا ابوذرؓ فرماتے ہیں مجھے میرے آقا ﷺ نے سات باتوں کا حکم فرمایا ان

میں سے ایک یہ ہے کہ میں کثرت سے لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھوں کیونکہ یہ چیزیں خزانہ ہیں عرش کے نیچے سے اور یہ فقر و فاقہ اور تنگدستی دور کرتا ہے۔

سیدنا حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضرت مکحول راویت فرماتے ہیں کہ جو لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھے اس سے ستر مصیبتیں اور آفتیں دور کر دی جاتی ہیں ان میں سے ادنیٰ مصیبت تنگدستی ہے۔

سیدنا مالک اشجعیؓ سے مروی ہے یعنی جس بندے کو اللہ تعالیٰ کوئی نعمت عطا کرے اور وہ بندہ چاہتا ہو کہ یہ نعمت میرے پاس ہمیشہ رہے۔ وہ کثرت سے لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھے یہ دوزخ سے آزادی کی سند ہے۔

حدیث پاک میں ہے جو شخص اپنی مرض موت میں لاحول وَلا قوۃ اِلَّا باللّٰہ پڑھے اور وہ بندہ اس بیماری میں فوت ہو جائے تو اسے نار جہنم سے کوئی سروکار نہ ہوگا۔

نوٹ!

یہ دونوں وظائف ہمارے مریدین میں سے کئی افراد نے پڑھے ہیں اور ان سے ہزاروں فائدے اٹھائے ہیں بندہ کے ذاتی مشاہدہ سے ہیں شک کرنا کفر ہے۔

دوزخ کی آگ سے بچو! خواہ کھجور
کا کچھ حصہ دے کر ہی سہی
(حدیث)

لکی نمبروں کے نقوش

ہم یہاں پر لکی نمبروں کے نقوش درج کرتے ہیں کیونکہ موجودہ دور میں ان چیزوں پر اعتقاد زیادہ کیا جاتا ہے ویسے بھی علم جفر، علم رمل وغیرہ میں لکی اعداد کی بہت حیثیت ہے کیونکہ اعداد میں ایک مقناطیسی طاقت ہے جس کی وجہ سے اعداد کام کرتے ہیں۔ علم اعداد کافی گہرائی کا علم ہے اس میں انسان کو بہت کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔ گنتی کا ذکر قرآن پاک میں کئی جگہ آیا ہے۔ مثلاً قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے سورج اور چاند کو ایک دوسرے کے پیچھے رواں کیا تا کہ تم عددوں کا حساب لگا سکو۔ اس طرح قرآن پاک میں کئی جگہ گنتی کا ذکر آیا ہے علم حروف کے مطابق گنتی کے ہر عدد کے پیچھے ایک موکل ہے اور موکل اس عدد کی بیک پاور ہے۔ اس بیک پاور سے ہزاروں کام

لئے جاسکتے ہیں۔ اگر آپ اعداد کی زکوٰۃ دے لیں تو پھر کیا ہی بات ہے۔ اس کی زکوٰۃ کے لوگوں نے مختلف طریقے بتائے ہیں مگر میرے حساب کے مطابق صرف ایک طریقہ ہی کافی ہے وہ ہے نقش آدم یا نقش حوا، ان نقوش میں سے کوئی ایک نقش لے لو اس میں ایک تا نو تک پورے عدد ہوتے ہیں ان کو کسی نہر یا پانی کے کنارے پر بیٹھ کر سوا لاکھ بار لکھو تو زکوٰۃ پوری ہوجائے گی یا پھر علیحدہ علیحدہ ایک سے نو تک عدد لکھو اور سوا لاکھ نہر یا تازہ پانی کے تالاب کے کنارے بیٹھ کر لکھو تو انشا اللہ عمل ہاتھ میں آجائے گا۔ اعداد کی بیک پاور اتنی ہی مضبوط ہوتی ہے جتنا کہ حروف کی ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر بسم اللہ شریف کے اعداد 786 ہیں اس کا بھی نقش ہم پچھلے صفحات پر لکھ چکے ہیں۔ اس طرح آیت کریمہ سورۃ اخلاص وغیرہ کے اعداد بھی لکھے جا چکے ہیں جو کہ ہم نے بہت مرتبہ تجربہ کئے ہیں بہت مجرب اور کارآمد ثابت ہوئے ہیں۔ ایک اور مثال واضح ہے کہ جس طرح پانچ وقت کی نماز، ہفتہ میں سات دن، مہینہ میں 30 دن، سال میں 365 دن قرآن پاک کے تیس پارے ہر نماز میں رکعتوں کی تعداد مقررہ ہے۔ سات زمین، سات آسمان، جنت سات قسم کی، دوزخ کی سات اقسام آسمانوں کے سات دروازے، سات لطائف، نور کے سات رنگ، قوس قزح سات رنگ کی شیطان کے ستر ہزار گر خدا تعالیٰ کی رحمت ستر ہزار گنا زیادہ یعنی کہ ہر چیز میں گنتی شمار ہوتی ہے۔ اس طرح ایک اور مثال واضح ہے کہ ایک اللہ، دوسرا محمد ﷺ، تیسرا قول، چوتھا چار یار، پانچواں پنجتن پاک چھٹا خدا تعالیٰ کے ہاں زندگی چھ دن کی، ساتوں زمین آسمان، یا سات حواس خمسہ آٹھواں اللہ اور محمد کے حروف آٹھ ہیں اس طرح گنتی کرتے جائیں۔ گنتی زندگی کے ہر جز میں شامل ہے۔ اگر گنتی نہ ہوتی تو نہ زمین ہوتی نہ آسمان ہوتا نہ ہفتہ کے دن ہوتے نہ دن رات ہوتے حتیٰ کہ کوئی بھی چیز شمار نہیں کی جاسکتی تھی۔ جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ گنتی کے اعداد کے ساتھ بھی ایک موکل ہوتا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

اعداد کے موکلات

1- اغائیل	2- برکائیل	3- شلجائیل	4- تدمائیل
5- لفثائیل	6- وخسائیل	7- عزرائیل	8- حفصائیل
9- صطائیل	0 یایائیل		

اعداد کی زکوٰۃ کا بہترین طریقہ تو نقش آدم ہے۔ نقش آدم لکھتے جائیں اور ساتھ

ساتھ اعداد کے موکل چاروں طرف لکھتے جائیں یا پھر موکلات کے نام لکھ کر علیحدہ سوا لاکھ کیا جاسکتا ہے اگر علیحدہ کر لیں گے تو پھر زیادہ بیک پاور تیار ہوگی۔ بہت مجرب عمل ہے اس کے کرنے سے آپ کے تمام نقوش زیادہ کارآمد ہوجائیں گے یا پھر آپ لوگوں کو لکی نمبروں کے نقش لکھ کر دیں تو بہت فائدہ دیں گے۔ ہم نے ان کے تجربات کئے ہیں ہمارے استعمال میں جو لکی نمبروں کے نقوش ہیں وہ ہم یہاں لکھتے ہیں ان کو ہم نے مربع شاہ شمس مسدس میں آزمایا ہے بہت مجرب ثابت ہوئے ہیں۔ یہ نقوش میرے چچا زاد بھائی سید افضال علی شاہ صاحب عفی عنہ نے تیار کئے ہیں اور زیادہ تر ان ہی کے آزمائے ہوئے ہیں۔ لیکن کامل کے آگے کسی بات کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی ہے کیونکہ کامل کی زبان کن کی کنجی ہوتی ہے اگر ایک چیز بے کار اور ناکام بھی ہے تو کامل اس کو کارآمد میں لانا چاہے تو وہ بے کار چیز بھی اکسیر بن جاتی ہے۔ کامل کے آگے تجربہ ضروری نہیں ہوتا ہے کیونکہ ناکام سے ناکام چیز بھی سونا بن جاتی ہے۔ مجھے یہاں ایک واقعہ یاد آگیا ہے کہتے ہیں کہ حضرت شیخ سعدیؒ کہیں تجارت کے لیے گئے ہوئے تھے ان کا واسطہ ایک جھوٹے اور لعین تاجر کے ساتھ ہوا تاجر کے پاس شکر کی بوریاں بھری ہوئی تھیں تاجر نے سوچا کہ یہ تاجر شیخ سعدیؒ ہے اس کے آگے بالکل سچ بولنا پڑے گا اور مجھے سودا جھوٹ بول کر کرنا ہے لہٰذا صرف ایک جھوٹ ہی بول دوں تاکہ نہ یہ تاجر (شیخ سعدیؒ) سودا دیکھے گا اور نہ ہی مزید جھوٹ بولنا پڑھیں گے۔ حضرت شیخ سعدیؒ نے تاجر سے پوچھا بھی یہ کیا سودا ہے ہم سودا کرنا چاہتے ہیں تاجر پہلے ہی لعین تھا اس نے پوچھا حضرت صاحب آپ کیا خریدنا چاہتے ہیں حضرت شیخ سعدیؒ نے فرمایا کہ میں نے تو شکر کا سودا کرنا ہے اور اس دوران تاجر فوری طور پر بولا جناب یہ شکر تو نہیں ہے۔ آپ نے پوچھا شکر نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے تاجر نے کہا کہ یہ نمک ہے آپ نے فرمایا اچھا پھر نمک ہی ہوگا۔ آپؒ اتنا کہہ کر چلے گئے۔ جب دوسرا شکر کا سودا گر آیا تو اس نے لعین تاجر سے پوچھا کہ کیا سودا ہے تاجر نے بتایا کہ شکر ہے دونوں تاجروں کا آپس میں شکر کا سودا ہوگیا۔ تاجر جب شکر چیک کرنے لگا تو بوری کا منہ کھولا تو اس میں سے نمک نکلا دوسرے تاجر نے لعین تاجر سے کہا کہ تو جھوٹ بولتا ہے کہ یہ شکر ہے میں نے بوری کھولی ہے تو نمک نکلا ہے شکر والا تاجر ہاتھوں پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور شیخ سعدی پتہ نہیں کہاں سفر کر گئے ہوں گے۔ اس کہانی کے لکھنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ کامل آدمی کے آگے کوئی بھی بات معانی نہیں رکھتی ہے کیونکہ کامل کی زبان کن کی کنجی ہوتی ہے۔

قلبی عدد ایک اور اسم حیدر کا نقش

یہ نقش اسم حیدر حضرت علیؑ کے نام سے منسوب ہے۔ حیدر نام والے لوگ بھی اس نقش کو استعمال کر سکتے ہیں اور جن کے نام کے اعداد 222 ہوں وہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ قلبی عدد چھ والے لوگ بھی استعمال کر سکتے ہیں اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ اکتالیس عدد نقش لکھ کر پانی میں بہائے جائیں اور ساتھ ساتھ یا حیدر ادرکنی فی سبیل اللہ پڑھتے رہیں۔ 41 دن عمل کریں انشا اللہ 41 دن بعد نقش کی تاثیر جاری ہوجائے گی یا پھر روزانہ 222 مرتبہ یا حیدر ادرکنی فی سبیل اللہ بعد نماز عشاء پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ پڑھیں اور 41 دن پڑھیں انشا اللہ اکتالیس دن بعد نقش کارآمد ثابت ہوگا۔ شفا کے لیے پیا بھی جاسکتا ہے۔ گلے میں بھی رکھا جاسکتا ہے اور خاص کر فتح کے لیے بہت مجرب نقش ہے۔

۷۸۶

۷۷	۷۰	۷۵
۷۲	۷۴	۷۴
۷۳	۷۸	۷۱

یہ نقش عدد 82 اور اسم ''امام'' سے منسوب ہے۔ وہ لوگ جن کا نام امام دین یا امام سین، فخر امام وغیرہ ہیں وہ استعمال کر سکتے ہیں اس کے علاوہ جن کے اعداد کا قلبی مجموعہ ایک ہو یا پھر 82 اعداد والے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ نقوش زیادہ تر فتح، کامیابی لڑائی جھگڑے سے بچنے کے لیے بلکہ ہر طرح کی کامیابی کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۰	۲۴
۲۳	۲۷	۳۲
۳۱	۲۵	۲۶

یہ نقش اسم حسین کا ہے جن کے نام حسین کے ساتھ ہوں وہ ان سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں یا پھر جن کے اعداد 118 ہوں۔ 694 اعداد والے لوگ بھی اس کو

استعمال میں لا سکتے ہیں یا جن لوگوں کے نام دستگیر ہوں وہ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں ہر کام کے لیے مجرب ہے اور قلبی اعداد ایک کا مرکب ہے۔ لکی نمبر ایک والوں کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ خاص کر فتح یابی کے لیے بہت کارآمد چیز ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۲	۲۳۴	۲۲۸
۲۲۷	۲۳۱	۲۳۶
۲۳۵	۲۲۰	۲۳۰

عدد اور لکی نمبر دو 2 کا نقش

یہ نقش اسم باری تعالیٰ ودود کا ہے ودود نام کے لوگوں کے لیے بہت مجرب ہے اور جن کے قلبی اعداد دو ہوں یا جن کا لکی نمبر 2 ہو وہ اس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کے لیے بہت مجرب ہے۔ یہ دو نقوش ہیں ان میں سے کوئی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے فائدہ مند رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۱۰	۳
۲	۶	۱۲
۱۱	۴	۵

۷۸۶

۲۵	۲۰	۲۹
۲۸	۲۴	۲۲
۲۱	۳۰	۲۳

عدد اور لکی نمبر تین 3 کا نقش

یہ نقش حضور غوث پاکؒ کے نام غوث کا ہے اس کا مجموعہ 1506 ہے اور لکی نمبر 3 اور قلبی عدد تین کا ہے۔ جن کے نام ''غوث'' ہوں مثلاً غلام غوث، غوث علی ان کے

لیے مجرب ہے اس کے علاوہ لکی نمبر تین اور قلبی عدد تین والوں کے لیے مجرب ترین ہے ہر طرح کی بیماری ہر طرح کی فتح یابی حتیٰ کہ ہر کام کے لیے استعمال کر سکتے ہیں استعمال اس کا چاروں طریقوں سے ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۰۳	۴۹۸	۵۰۵
۵۰۴	۵۰۲	۵۰۰
۴۹۹	۵۰۶	۵۰۱

یہ نقش بھی قلبی اعداد تین اور لکی نمبر تین کا ہے۔ اسم مبارک قطب کے اعداد کا مجموعہ ہے اور حاصل کردہ نمبر 111 کا ہے اس کو بھی تین عدد والے استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش یہ ہے۔ ہر کام کے لیے تجربہ شدہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۳۳	۴۰
۳۹	۳۷	۳۵
۳۴	۴۱	۳۶

یہ نقش بھی قلبی عدد تین لکی نمبر 3 اور اسم قیوم کا ہے اعداد 156 کا مجموعہ ہے۔ قلبی اعداد تین لکی نمبر 3 اور قیوم نام والوں کے لیے بہت کارآمد چیز ہے۔ ہر کام کے لیے تجربہ شدہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹	۵۶	۵۱
۵۴	۵۲	۵۰
۵۳	۴۸	۵۵

عدد اور لکی نمبر چار 4 کے نقوش

یہ نقش لکی نمبر 4 اور قلبی اعداد 4 کا ہے اور اسم جیند والے نام کے لوگوں کے لیے بہت اہم ہے اور جن کے اعداد کا مرکب 67 ہو ان کے لیے بھی بہت مجرب ہے ہر طرح کی فتحیابی ہر بیماری ہر تکلیف کے لیے مجرب ہے انشا اللہ آزمائش شرط ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۶
۲۵	۲۲	۲۰
۱۹	۲۷	۲۱

یہ نقش اسم ربّ اور عدد 202 کا ہے جن کے اعداد کا مرکب 4 ہو یا 202 ہو وہ اس کو بخوشی استعمال کر سکتے ہیں۔ فائدے اس کے وہی ہیں جو کہ لکی نمبر 4 والوں کے لیے ہیں کیونکہ اس کا مرکب بھی 4 ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۸	۷۰	۶۴
۶۳	۶۷	۷۲
۷۱	۶۵	۶۶

یہ نقش اسم ستار اور لکی نمبر 4 اور عدد 661 کا ہے ستار نام کے لوگوں یا 661 والے اعداد یا لکی نمبر 4 والوں کے لیے تیر بہدف ہے۔ طریقہ کار وہی جو پہلے لکی نمبر 4 میں لکھے گئے ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۱	۲۱۶	۲۲۴
۲۲۳	۲۲۰	۲۱۸
۲۱۷	۲۲۵	۲۱۹

یہ نقش اسم عزیز کا ہے اس کے اعداد 94 ہیں۔ لکی نمبر 4 قلبی عدد 6 اور مرکب اعداد 94 والوں کے لیے بہترین چیز ہے۔ عزیز نام کے لوگوں کے لیے بہت مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۲۷	۳۵
۳۴	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

یہ نقش اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک محیٔ اور حضور غوث پاکؒ کے اسم مبارک سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کے کل اعداد 58 ہیں اور لکی نمبر 4 قلبی عدد 4 محیٔ الدین نامی لوگوں کے لیے بہت مجرب ہے جو آدمی یہ نقش استعمال کرے وہ ساتھ ساتھ اسم اللہ باری تعالیٰ محیٔ کا وظیفہ بھی جاری رکھے انشا اللہ اس کی مدد سے نقش پُر تاثیر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن اعتقاد درست رکھیں تو پھر آزمائش شرط ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۰	۱۵	۲۳
۲۲	۱۹	۱۷
۱۶	۲۴	۱۸

یہ نقش اسم مصطفیٰ کے نام سے نکالا گیا ہے۔ جن لوگوں کے نام مصطفیٰ ہوں ان کے لیے بہت مجرب ہے اور لکی نمبر 4 قلبی عدد چار اور 220 اعداد والے لوگوں کے لیے بہت مجرب ثابت ہوا ہے۔ ہر طرح کی روحانی باطنی ظاہری مدد پوری ہوگی۔ انشااللہ۔ بہتر تو ہے کہ نقش کو خاص چاندی پر تیار کروالیں اور اپنے پاس رکھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۴	۶۹	۷۷
۷۶	۷۳	۷۱
۷۰	۷۸	۷۲

عدد اور لکی نمبر پانچ 5 کے نقوش

یہ نقش اسم ذات، ''بدیع'' سے نکالا گیا ہے جن لوگوں کے نام مثلاً بدیع الزماں وغیرہ ہوں یہ ان کے لیے بہت مجرب ہے اور لکی نمبر 5 اور قلبی عدد 5 کل عدد 86 والوں کے لیے بہت مجرب ہے۔ ہر طرح کی رکاوٹ مشکل تکلیف کے لیے استعمال میں لائیں فائدہ ہوگا انشا اللہ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۳۲	۲۵
۲۴	۲۵	۳۴
۳۳	۲۶	۲۷

یہ نقش حضرت امام مہدیؑ کے نام مبارک ''مہدی'' سے نکالا گیا ہے اس کا مرکب عدد 59 ہے اور قلبی عدد 5 لکی نمبر 5 والوں کے لیے بہت مجرب ہے ہر طرح کی تکلیف، مصیبت کے لیے مجرب پایا ہے۔ اس کا استعمال روحانی و باطنی طاقت کا مظہر ہے۔ جو یہ نقش اپنے پاس رکھے گا اس کو انشا اللہ ہر طرح کی باطنی امداد ہوگی۔ انشا اللہ، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۱۵	۲۴
۲۳	۱۹	۱۷
۱۶	۲۵	۱۸

عدد اور لکی نمبر چھ 6 کے نقوش

یہ نقش اسم باری تعالیٰ یا رحمان سے تیار کردہ ہے اور مرکب عدد 330 اور لکی نمبر 6 قلبی عدد چھ سے منسوب ہے۔ رحمان نام کے لوگوں کے لیے مجرب ہے اور جن لوگوں کے لکی نمبر یا قلبی اعداد چھ ہوں ان کے لیے بھی تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ ہر طرح کی کاروباری رکاوٹ ہر مرض کے لیے نیز ہر طرح کی تکلیف کے لیے مجرب ہے۔ استعمال میں لائیں فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۱	۱۰۶	۱۱۳
۱۱۲	۱۱۰	۱۰۸
۱۰۷	۱۱۴	۱۰۹

یہ نقش حضرت باقر علیہ السلام کے نام مبارک باقر سے منسوب ہے۔ جن لوگوں کا نام باقر ہو یا اعداد کا مجموعہ 303 ہو لکی نمبر 6 اور قلبی عدد چھ ہوں ان کے لیے بہت کارآمد ہے۔ ہر طرح کی تکلیف ہر مرض اور ہر قسم کی تکلیف کے لیے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۲	۹۷	۱۰۴
۱۰۳	۱۰۱	۹۹
۹۸	۱۰۵	۱۰۰

یہ نقش امام تقی علیہ السلام کے نام سے منسوب ہے۔ جن کا نام تقی ہو یا جن کے

کل اعداد 510 ہوں یا قلبی عدد چھ لکی نمبر 6 ہوں تو ان کے لیے بہت مجرب ہے۔ ہر طرح کے لیے مجرب ہے ہر تکلیف کے لیے مجرب ہے ہر بیماری کے لیے حتیٰ کہ ہر کام میں آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۷۱	۱۶۶	۱۷۳
۱۷۲	۱۷۰	۱۶۸
۱۶۷	۱۷۴	۱۶۹

یہ نقش تصوف میں صدیق کے عہدہ کے معاونت کے لیے بہت مجرب ہے۔ جن لوگوں کے نام صدیق ہوں یا جن کے مرکب اعداد 204 ہوں یا لکی نمبر 6 اور قلبی عدد 6 والے لوگوں کیلئے بہت مجرب ہے ہر قسم کی تکلیف ہر طرح کی مشکل کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔ ان تمام نقوش کو پلایا بھی جاسکتا ہے۔ اپنے پاس بھی رکھا جاسکتا ہے۔ اصل مقصد فائدہ حاصل کرنا ہے۔ آپ اس کو بلا جھجک استعمال کریں۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۹	۶۴	۷۱
۷۰	۶۸	۶۶
۶۵	۷۲	۶۷

یہ نقش اسم قلندر کے نام سے منسوب ہے۔ اس کے اعداد 384 ہیں اور قلبی اعداد چھ اور لکی نمبر چھ والوں کے لیے بہت مجرب ہے۔ ہر طرح کی مشکلات کا خاتمہ اس کی مدد سے کیا جاسکتا ہے۔ کسی قلندر کے دربار پر بیٹھ کر اس نقش کی زکوٰۃ دیں اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق سوا لاکھ لکھیں پھر قلندر کے دربار میں چہرہ کی جانب منہ کر کے اس نقش کو سامنے رکھ کر یا قلندر یا قلندر پڑھتے رہیں یہاں تک کہ آپ کو غنودگی آجائے۔ جب غنودگی آجائے تو پھر مطلوب قلندر سے دل ہی دل میں دعا کریں انشا اللہ آپ کی دعا قبول ہوگی اور قلندر آپ اس کی استطاعت کے مطابق آپ کا تعاون فرمائے گا۔

۷۸۶

۱۲۹	۱۲۴	۱۳۱
۱۳۰	۱۲۸	۱۲۶
۱۲۵	۱۳۲	۱۲۷

عدد اور لکی نمبر سات 7 کے نقوش

یہ نقش حضرت ابراہیمؑ کے نام سے منسوب ہے جن لوگوں کے نام ابراہیم ہیں یا جن کے اعداد 259 ہوں جن کے لکی نمبر 7 یا قلبی عدد سات ہوں ان کے لیے بہت کارآمد چیز ہے ہر طرح کی مشکلات کے لیے مجرب ثابت ہوا ہے اور ہر بیماری کے لیے بھی کارآمد ہے۔ انشا اللہ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۷	۸۲	۹۰
۸۹	۸۶	۸۴
۸۳	۹۱	۸۵

یہ نقش حضرت خضر علیہ السلام کے نام منسوب ہے۔ اس کے کل اعداد 1800 ہیں۔ جن لوگوں کے نام خضر ہوں یا جن کا لکی نمبر سات اور قلبی نمبر سات ہو ان کے لیے بہت مجرب ہے اور اگر کوئی چاہے کہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ 41 عدد نقش لکھے اور اپنے نام کے اعداد نکال کر اس کے مطابق بعد نماز عشاء اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور اسم یا خضر پڑھے۔ اکتالیس دن یہ عمل کرے اور زمین پر شمال کی طرف سر کر کے سو جایا کرے یہ عمل وہاں کرے جہاں آپ کے علاوہ کسی اور کی گزر نہ ہو انشا اللہ اکتالیس دن کے اندر اندر حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ ملاقات ہو جائے گی۔ عمل کے وقت یہ نقش اپنی نظروں کے سامنے رکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۳۴	۵۲۹	۵۳۷
۵۳۶	۵۳۳	۵۳۱
۵۳۰	۵۳۸	۵۳۲

عدد اور لکی نمبر آٹھ 8 کے نقوش

یہ نقش حضرت محمدؐ کے اسم مبارک ''احمدؐ'' کے نام سے منسوب ہے جن کا نام محمدؐ احمد ہو یا جن کے مرکب اعداد 53 ہوں ان کے لیے بہت مجرب ہے اور جن کے قلبی عدد 8 اور لکی نمبر 8 والوں کے لیے بہت کارآمد ہے۔ ہر طرح کی مشکل کے لیے مجرب ہے اس نقش کو ہر بیماری ہر آزمائش میں کارآمد ثابت پایا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۴	۴۳
۴۲	۳۸	۳۶
۳۵	۴۴	۳۷

عدد نو اور لکی نمبر نو 9 کا نایاب نقش

یہ نقش حضور نبی کریم ﷺ کے اسم مبارک ''مزمل'' کا تیار کردہ ہے اور بہت نایاب ہے۔ یہ بہت مجرب اور کامیاب نقش ثابت ہوا ہے قلمی عدد 9 اور لکی نمبر 9 والوں کے لیے بہت کارآمد ثابت ہوا ہے۔ یہ نقش ہم نے خصوصی طور پر تیار کیا ہے۔

نوٹ!

تمام عددوں کے نقوش ہمارے اپنے تیار شدہ ہیں اور تجربہ شدہ ہیں ان میں کوئی بھی نقش کسی کتاب کا نہیں لکھا ہوا ہے۔ ان تمام نقوش کو ہم نے مثلث مربع خمس مسدس ہر نقش یعنی کہ چال میں آزمایا ہے لیکن یہ سب سے زیادہ کامیاب مثلث میں رہے ہیں۔

یہ نقش کو 117 اعداد والے لوگ یا ''مزمل'' نام والے لوگوں کے لیے بہت ہی مجرب ہے اگر کسی نے مزمل نام کا وظیفہ کرنا ہو تو سورۃ مزمل شریف کے فائدہ میں دیکھیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا! نماز مومن کی معراج ہے! کیا واقعی آپ نے جو نماز ادا کی ہے وہ آپ کی معراج نبی؟

۷۸۶

۱۸	۱۳	۱۴
۱۱	۱۷	۱۵
۱۶	۱۲	۱۹

یہ نقش اسم باری تعالیٰ ''قدوس'' سے منسوب ہے۔ جن لوگوں کے نام قدوس ہوں یا جن کے مرکب اعداد 170 اور لکی نمبر 8 قلمی عدد 8 ہوں ان کے لیے بہت کارآمد ہے۔ ہر طرح کی مشکلات سے نجات کے لیے اپنے نام کے اعداد نکال کر اس میں 170 عدد جمع کر کے بعد نماز فجر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کا قدوس یا ذکر کریں پرہیز کی کوئی ضرورت نہیں ہے صرف جگہ قائم رہنا بہت ضروری ہے۔ اپنے وظیفہ میں رکھیں انشا اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۵۲	۶۱
۶۰	۵۶	۵۲
۵۳	۶۲	۵۵

یہ نقش حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نام سے منسوب ہے جن لوگوں کے نام موسیٰ ہوں یا جن کے اعداد 118 بنتے ہوں ان کے لیے بہت کارآمد ہے یا جن کے لکی نمبر 8 ہو اور قلمی عدد 8 ہوں ان کے لیے بہت مجرب ہے ہر طرح کی تکلیف ہر مشکل کے لیے بہت

غیبی فتح کیلئے

یہ عمل میرا ذاتی تجربہ ہے۔ میں نے اس کی زکوٰۃ ادا کر کے اس کے کرشمے دیکھے ہیں۔ میں نے اپنے کئی ایک دوستوں کو بھی اس کی اجازت دی تھی انہوں نے بھی کافی تعریف کی تھی۔ دوستوں کے بتانے کے باوجود بھی میں نے خود اس عمل کو ذاتی طور پر بھی تجربہ کیا تھا بہت کارآمد ثابت ہوا ہے۔ اس کے پڑھنے سے بندہ کے اوپر عجیب وغریب کیفیت طاری ہوجاتی ہے طرح طرح کے کمالات کا ظہور ہوتا ہے۔ بندہ خود بے نیاز ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرح طرح کی نعمتیں عطا ہوتی ہیں خوب تحفے تحائف ملتے ہیں لوگوں کی نظروں میں کمالات حاصل ہوتے ہیں۔ فراخی رزق ہوتی ہے ہر وقت دل باغ باغ رہتا ہے۔ عمل صرف یہ ہے کہ صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد آپ باہر نکل جائیں باہر جاکر ہوا خوری کریں اور تقریباً آپ آدھ میل بھی پیدل نہیں چلیں گے کہ آپ کا عمل پورا ہوجائے گا۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَامُغْنِیُ پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھیں اور گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر اپنے حق میں دعا مانگیں اس کے لیے پہلے چلہ کرنا ضروری ہے یعنی کہ اکتالیس دن تک کوئی ناغہ نہ ہونے پائے پھر بعد میں ہوجائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ میں نے اس کو تین چلہ تک کیا تھا پھر اس کی تسخیر شروع ہوئی تھی اگر آپ کریں تو پہلے چلہ میں تسخیر نہ شروع ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے آپ مسلسل تین چلہ تک مکمل کریں خدا تعالیٰ نے چاہا انشا اللہ بہت جلدی کام مکمل ہوجائے گا۔ اس میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ آپ بے شک بلا جھجک عمل کام میں لائیں میری طرف سے اس عمل کے کرنے کی ہر طرح کے لوگوں کو اجازت ہے۔ مزید اگر کوئی ملاقات کر کے اجازت لینا چاہے تو رابطہ کر سکتے ہیں۔ فی الحال اپنے روحانی اُستاد سے اجازت ہی کافی ہے۔ اگر تین چلہ کے دوران بھی تسخیر شروع نہ ہو تو پھر اپنی بدنصیبی تصور کریں کیونکہ میں نے اسے ذاتی طور پر تجربہ کیا ہے۔ جھوٹے پر خدا تعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے جب اس کی تسخیر شروع ہوجائے تو پھر بندہ ناچیز کے حق میں دعائیں کریں تاکہ خدا تعالیٰ ہم کو حق لکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور آپ کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین) عمل کامیاب نہ ہونے پر اپنی غلطی سمجھے۔

زہرہ ستارہ کا عمل

گو کہ یہ عمل میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے۔ لیکن میں نے اپنے ایک دوست قمرالزمان ضلع

بونیر کو دیا تھا۔ انہوں نے اس کا عمل کیا تھا۔ بہت مجرب عمل ہے۔ اس عمل سے خاص کر دکان دار فائدہ اٹھا سکتے ہیں ہر قسم کی دکانداری خوب چمکتی ہے۔ مثلاً بک سیلرز مشتہرین حضرات، اخبارات رسالہ جات والے کریانہ سٹور وغیرہ ہر طرح کی دکان داری کے لیے بہت مجرب ہے۔ کیونکہ ہمارا ایک دوست اس کو اپنے عمل میں رکھے ہوئے ہے جن لوگوں کی دکان داری بہت کم ہو اور آمدن بہت کم ہو تو ان کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ یہ عمل زہرہ ستارہ کا ہے۔ زہرہ ستارہ اکتوبر نومبر دسمبر میں مغرب کی جانب نمودار ہوتا ہے۔ بہت موٹا اور سرخی مائل ہے ان دنوں میں اذان مغرب کے فوراً بعد آسمان پر نمودار ہوتا ہے باقی دوسرے مہینوں میں یہ ستارہ مشرق کی طرف سے نمودار ہوتا ہے مگر یہ عمل صرف اکتوبر نومبر دسمبر جنوری فروری میں ہی زیادہ کامیاب ہے کیونکہ اس عمل کو مغرب کی طرف ہی منہ کر کے کرنا ہے۔ ورنہ دوسرے مہینوں میں شاید نقصان دہ ثابت ہو اس کے بارے کچھ نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اس کے لیے بھی کوئی پرہیز نہیں ہے۔ صرف گوشت اور کچا پیاز نہ کھائیں اجازت کی بھی ضرورت نہیں ہے اگر آپ کو شک ہے تو پھر آپ اپنے روحانی اُستاد سے اجازت مانگ لیں تو کوئی بھی فرق نہیں پڑتا ہے۔ عمل صرف یہ ہے کہ ستارہ کی طرف منہ کر کے مندرجہ ذیل درود پڑھیں منہ آسمان کی طرف ہو نگاہ ستارہ کے اندر ہو۔ یہ درود پاک صرف گیارہ دفعہ پڑھنا پھر حضور پاک ﷺ کا وسیلہ مانگ کر دعا مانگیں اور خدا تعالیٰ سے فریاد کریں کہ اے باری تعالیٰ میرے فلاں کام میں ترقی عطا فرما اور میرے رزق میں اضافہ فرما حضور پاک ﷺ کے طفیل تمام مسلمانوں کے حال پر رحم فرما۔ انشا اللہ 21 دن کے اندر اندر آپ کی سوچ سے زیادہ بکری ہوگی۔ عمل کو جاری رکھیں کسی کو مت بتائیں۔ انشا اللہ ہزاروں فائدے ہوں گے۔ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ

آیۃ الکرسی برائے بے گمان رزق

اگر کسی کا کاروبار نہ چل رہا ہو یا کاروبار کافی کرتا ہے مگر رزق میں بے برکتی ہو یا کوئی کاروبار نہ مل رہا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء پرہیز جلالی کے ساتھ قائم جگہ پر 41 دن کے لیے آیۃ الکرسی خالد دن تک 313 مرتبہ پڑھا کرے۔ انشا اللہ چند ہی دنوں میں تنگ دستی دور ہونا شروع ہوجائے گی اور کاروبار مل جائے گا۔ دکانداری کا خوب چمکے گی یا پھر خواب میں کوئی آکر کاروبار کے لیے اطلاع دے دے گا کہ فلاں کام کرو تمہارے

لیے فائدہ مند ثابت ہوگا آپ وہی کاروبار شروع کردیں۔ یا جو کام آپ کررہے ہیں اس میں ہی فائدہ حاصل ہونا شروع ہوجائے گا تنگی معاش دور ہوگی اس عمل کے لیے اجازت ضروری ہے۔ ہم سے براہ راست اجازت طلب کریں یا پھر اپنے روحانی استاد سے اجازت طلب کر کے شروع کردیں۔ انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ بہت مجرب ہے اور ہمارے ایک دوست کا تجربہ شدہ ہے۔

نقش حزب البحر

یہ نقش حضرت سید اعجاز علی گیلانی سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم کا عطا کردہ ہے آپ نے اس نقش کو کتاب میں لکھنے کی اجازت بوساطت سید افضال علی شاہ محلہ لنگرہ والا عطا فرمائی تھی۔ ہر قسم کی بیماری کے لیے مجرب نقش ہے ہاں اگر اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو وہی جو کہ عام نقوش کے لیے طریقہ کار ہے۔ پہلے نمبر پر اس طرح ہی نقش کو استعمال میں لائیں کیونکہ حضور جناب سید اعجاز علی شاہ صاحب مدظلہ تعالیٰ کی اجازت ہے۔ اس لیے کسی اور سے بھی اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ انشا اللہ تعالیٰ اس طرح ہی فائدہ دے گا استعمال کیلئے گلے میں ڈالیں اور مریض کو پلائیں بھی۔ بہتر تو ہے کہ چینی کی رکابی پر زعفران کے ساتھ لکھ کر پھر مریض کو پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۳
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۵	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کیلئے

یہ نسخہ ہمارے بزرگوں کی بیاض کا ہے۔ میں نے صرف ایک مرتبہ کیا تھا میرے علاوہ میرے چچازاد بھائی سید افضال علی گیلانی نے بھی یہ عمل کیا تھا۔ بہت مجرب اور گر کا عمل ہے اگر آپ کوئی رہنمائی لینا چاہیں یا حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات کا شوق ہو تو پھر آپ اس عمل کو کریں ویسے تجربہ کرنے کے لیے نہ کریں۔ شاید ملاقات ہوجائے اگر

آپ نے دل میں ذرا جتنا بھی وہم رکھ لیا تو آپ کا عمل ادھورا رہ جائے گا۔ ملاقات نہ ہوگی۔ پرعزم طریقے کے مطابق عمل کو کام میں لائیں۔ تجربہ کے طور پر ہرگز نہ کریں۔ تجربہ شاید آپ کا ناکام ہوجائے اگر آپ دل جمعی کے ساتھ عمل کریں گے تو پھر ہزار فیصد کامیابی ہوگی فی الحال ہمارے آباؤ اجداد کا ذاتی عمل ہے فی سبیل اللہ لکھ دیا ہے تاکہ مخلوق خدا فائدہ اٹھا سکے اس کی اجازت ہے مزید اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے گوہر نایاب کے لیے لوگ در در دھکے کھا رہے ہیں مگر کسی بھی آدمی کی پہنچ سے بالاتر ہوتے ہیں جن لوگوں کو پتہ ہے کہ حضرت خضر کیا کام کرتے ہیں ان کی ڈیوٹی کیا ہے یہ ان لوگوں کے لیے گوہر نایاب سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ بدھ والے دن روزہ رکھیں اور نماز فجر ادا کرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ درود خضری پڑھیں پھر ظہر عصر مغرب کی نماز کے بعد حسب توفیق درود خضری پڑھیں۔ روزہ کسی نمکین چیز کے ساتھ افطار کریں میٹھی چیز ہرگز نہ استعمال کریں پھر عشاء ادا کریں نماز عشاء پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کریں ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار سورۃ الم نشرح تین بار سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھیں بعدہ سلام کے مندرجہ ذیل عزیمت کو سات بار پڑھ کر سینہ پر دم کریں اور فرش پر یعنی زمین پر بصورت محمد قبلہ رخ منہ کر کے شمال کی طرف سر کرکے سو رہیں تو حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوگا یہ عمل تین دن لگاتار کرے اگر نہ ملاقات ہو تو اپنا قصور سمجھے عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ یٰسٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ یٰسٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ یٰسٓ وَسَقَیٰھُمْ وَاَسْقَیْنٰھُمْ وَاَجْمَعْ وَ حِرْزٌ وَحَرِیْزٌ وَتَنَیْقٌ وَحَیَّۃٌ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۝

فراخی رزق کا مجرب عمل

اس سے پہلے بھی ہم نے فراخی رزق کے عملیات لکھے ہیں۔ مگر یہ عمل بہت تجربہ میں آیا ہے اس کو مسلسل تین ماہ تک بغیر کسی پرہیز کے کرنا ہوگا۔ بہت مجرب عمل ہے ہمارے آباؤ اجداد کی بیاض کا نسخہ ہے۔ لیکن میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے میں نے اپنے تین چار دوستوں کو اجازت دی تھی فی الحال صرف ایک نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا کہ اس نے عمل کو پڑھا بھی ہے کہ نہیں۔ دوسرے تمام نے اس کی تصدیق کی ہے۔ عمل بہت سیدھا ہے۔ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد 21 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں پھر اکیس مرتبہ

سورۃ اخلاص پڑھیں پھر کی نماز فرض کے بعد بائیس مرتبہ درود شریف پھر بائیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر بائیس مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر عصر کے وقت تیئس مرتبہ درود پاک تیئس مرتبہ سورۃ اخلاص پھر تیئس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ مغرب کی نماز کے بعد چونیس مرتبہ درود شریف چونیس مرتبہ سورۃ اخلاص چونیس مرتبہ درود شریف عشاء کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ درود شریف 25 مرتبہ سورۃ اخلاص پھر پچیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس طرح آپ کو تین ماہ تک پڑھنا ہوگا انشا اللہ تعالیٰ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کی ہر مشکل حل ہوگی اور ہر قسم کی تنگی دور ہوگی جس میں خصوصی طور پر رزق کی تنگی دور ہوگی اور روزی فراخ ہوگی۔ ہماری طرف سے اجازت ہے آپ یہ عمل خود کر لیں یا کسی بھی دوست کو اجازت دے سکتے ہیں۔

کشف قبور اور کشف قلوب

کشف قبور کا مطلب قبر والوں سے باتیں کرنا اور ان سے ملاقات کر کے نصیحت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ کشف قلوب کا مطلب لوگوں کے دل کے حالات معلوم کرنا ہے۔ جن لوگوں کو یہ دونوں باتیں آجائیں وہ ولی اللہ سے کم نہیں ہوتے مگر بعض مرتبہ دیکھنے میں آیا ہے کہ بے عمل لوگوں کے پاس بھی کشف قبور اور کشف قلوب ہوتا ہے۔ یہاں ایک واقعہ یاد آگیا ہے ہم آپ کے گوش گزار کرتے ہیں تاکہ آپ کو سچے اور جھوٹے کی پہچان آسانی کے ساتھ ہو جائے۔ حضرت جنید بغدادیؒ کا واقعہ ہے کہ آپ کا ایک خاص مرید آپ کے ساتھ بہت محبت کرتا تھا اور آپ کے نزدیک بہت زیادہ رہتا تھا۔ اس طرح اس کو کئی سال گزر گئے کہ ہر وقت اپنے پیشوا کی خدمت کرتا رہتا تھا۔ ایک دن حضرت جنید بغدادیؒ نے اس کو کشف قلوب کا یہی عمل بتایا اس نے عمل شروع کر دیا عمل کرنے کے بعد اس شخص نے سب سے پہلے اپنے پیشوا مرشد حضرت جنیدؒ پر تجربہ شروع کر دیا۔ جب وہ اپنے مرشد کے اوپر اپنا کشف شروع کرتا تو حضرت جنیدؒ کامل شخص ہونے کی وجہ سے اپنا باطنی نافہ بند کر لیتے تھے اس طرح کرتے کرتے کئی ماہ و سال گزر گئے۔ اس مرید نے سوچا کہ جس شخص کو میں اپنا مرشد تسلیم کرتا ہوں وہ تو ہر طرف سے فارغ ہے اس کے پاس تو کوئی باطنی نعمت نہیں ہے میں ویسے ہی ان کو اپنا مرشد تسلیم کرتا ہوں۔ اس نے اپنے مرشد پاکؒ سے کہہ دیا کہ آپ کے باطنی نافہ میں تو کچھ نہیں ہے تو آپ ایسے ہی کامل بنے بیٹھے ہیں۔ میں نے تو اپنے قیمتی وقت کا خیال نہ کرتے ہوئے آپ کے پاس کئی سال

گزار دیئے ہیں لہٰذا آپ مجھے اجازت دے دیں۔ آپ نے اجازت دے دی۔ پھر اس طرح کئی سال گزر گئے وہ وہاں سے چلا گیا۔ کئی کوس میل دور کسی گاؤں کو اپنا مسکن بنا لیا اور لوگوں کو کشف قلوب کر کے روزانہ آنے اور گئے ہوئے حالات سے آگاہ کرتا رہا۔ پھر آہستہ آہستہ اس نے کشف قبور بھی شروع کر دیا۔ جب بھی گاؤں میں کوئی آدمی فوت ہو جاتا تو وہ ان سے پیسے لے کر ان کے مردہ کا حال بیان کرتا ہے کہ وہ جہنم میں گیا ہے یا جنت میں پھر اس طرح اس کا کافی چرچہ ہوا اور اس نے اپنا معمول بنا لیا اور لوگوں سے پیسے بٹورنے کا بہت اچھا ذریعہ بن گیا۔ ایک دن اسی گاؤں کے کسی آدمی نے حضرت جنید بغدادی سے ملاقات کر کے بتایا کہ ہمارے گاؤں میں ایک درویش رہتا ہے جو کہ مکمل طور پر نماز روزہ کا پابند نہیں ہے اور لوگوں کو کشف کر کے ہر چیز بتا دیتا ہے حضرت جنیدؒ کچھ دیر کے لیے خاموش رہے پھر آپ نے فرمایا کہ اس پر تو شیطانی حملہ ہے ہم نے اس کو روحانی طریقہ بتایا تھا وہ تو گمراہ ہو چکا ہے اس شخص نے کہا کہ حضور وہ کس طرح آپ نے مندرجہ بالا پورا واقعہ اس کو سنایا اور ساتھ ہی فرمایا کہ جب آپ ان کو ملیں تو میری طرف سے ان کو کہنا کہ سوئم کلمہ کا ذکر بکثرت کیا کریں، تاکہ اصل حقیقت سامنے آئے حضرت جنیدؒ کو تو ساری بات کا علم تھا کیونکہ جو آدمی کسی کامل شخص کے ہاتھ پر بیعت ہو کر اسے ہی آزمانا شروع ہو جائے تو وہ آدمی گمراہ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ہی وہ آدمی گمراہ ہو چکا تھا اس پر گو کہ روحانی کشف تھا مگر اس میں شیطانی عمل زیادہ تھا۔ جب آدمی اس کو ملا تو اس نے بتایا کہ آپ سوئم کلمہ کا بکثرت ذکر کیا کریں اس کے کہنے پر اس نے ذکر شروع کر دیا۔ اس سے پہلے وہ آدمی دعویٰ کرتا تھا کہ میں روزانہ جنت دوزخ کی سیر کرتا ہوں۔ ایک دن وہ گمراہ آدمی جنت کی سیر کے لیے چلا گیا تو وہاں پر اسے یاد آیا کہ مجھے ہدایت ہے کہ وہاں جا کر سوئم کلمہ کا ذکر کیا کرو اس نے ذکر شروع کر دیا ابھی تھوڑا بہت ہی پڑھا کہ وہ آدمی کیا دیکھتا ہے کہ یکدم اسے جو کشف ہو رہا تھا وہ ختم ہونا شروع ہو گیا جونہی اس کا کشف ختم ہوا تو کیا دیکھتا ہے کہ گاؤں کے لوگ جہاں پورے گاؤں کا کوڑا کرکٹ پھینکتے تھے وہاں پر بیٹھا ہوا ہے۔ تب اس کو افسوس ہوا کہ جب سے میں مرشد کی نگاہ سے گرا ہوں اس وقت سے مجھ پر شیطان غالب آیا ہوا ہے۔ پھر اس شخص نے حضرت جنید بغدادیؒ کے ہاتھوں پر دوبارہ بیعت کی اور توبہ کا طلب گار ہوا۔ اس پوری کہانی کے لکھنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ بے شرع لوگوں کو بھی کشف ہو جاتا ہے مگر وہ ہوتا شیطانی ہے۔ اس بات پر مجھے ایک اور بات یاد آگئی کہ میرے ایک عزیز جو کہ اپنے آپ کو بہت کامل اور قابل سمجھتے ہیں۔ وہ ہر

وقت اپنے آپ کو مجذوبی حالات میں رکھتے تھے لیکن محترم حضرت سید حسنین حیدرؒ فرمایا کرتے تھے کہ تم پر شیطان وارد ہوا ہے تم کو شیطانی کشف ہے روحانی نہیں ہے۔ اس وجہ سے میں نے اسے کئی بار کشف کر کے دیکھا مگر کچھ نظر نہ آیا میں نے سمجھا کہ شائد میرے سے پردہ کرتے ہوں گے اس لئے کچھ معلوم نہیں ہوتا ہے۔ ایک دن ہوا یوں کہ سرراہ انہوں نے مجھے بلایا اور چائے پینے کی پیشکش کی میں نے ان کی پیشکش قبول کر لی۔ ہم نزدیک ہی ہوٹل میں بیٹھ گئے چائے ہمارے سامنے رکھ دی گئی تو وہ صاحب فوراً ہی بولے کہ تم اور تمہارے ساتھ ایک دوست فلاں دن اپنے کلینک میں بیٹھ کر میرے گلے کر رہے تھے تو میں سن رہا تھا۔ اس نے ہونے والی تمام باتیں مجھے بتا دیں کہ تم نے یہ باتیں کیں تھیں میں نے سوچا کہ بھائی صاحب اس وقت کشف میں بیٹھے ہیں چلو باتیں سنتے ہیں وہ باتیں کرتے رہے اور میں سنتا رہا میں نے سوچا کہ اگر روحانی کشف ہوگا تو ضرور اب بھی میرے دل کی حالت کو اچھی طرح سمجھ رہے ہوں گے میں نے دل ہی دل میں اسے پھر برا بھلا کہنا شروع کر دیا وہ باتیں کرتے رہے تو میں برا بھلا کہتا رہا۔ جب انہوں نے باتیں کر لیں تو میں نے کہا کہ یار جو میرے دل کی باتیں اب میرے دل میں ہیں وہ مجھے بتاؤ تو انہوں نے بالکل برعکس باتیں بتائیں اس وقت مجھے خیال آیا کہ واقعی شاہ صاحب فرماتے تھے کہ ان پر شیطان غالب ہے جو ان کو لوگوں کی باتیں بتایا کرتا ہے اس وجہ سے کامل مرشد کا ہونا اور ان کی اجازت کا ہونا کشف کرنے کے لیے ضروری ہے ورنہ گمراہ ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اب آتے ہیں اصل مقصد کی طرف ۔ کشف کیلئے کامل مرشد ہونا ضروری ہے جو کہ آپ کے عمل کی تائید کرے کہ یہ واقعہ ہی کشف سچا ہے الہامی ہے شیطانی نہیں ہے اس کیلئے وہی شخص کارگر ثابت ہوسکتا ہے جس نے پہلے کشف کیا ہے۔ یہ عمل حضرت جنید بغدادیؒ کا عطا کردہ ہے اس لئے کہ جب میں یہ حروف رقم کر رہا تھا تو تقریباً تین دن کے لیے میرا کشف بند ہوگیا تھا میں بہت گھبرایا اس لئے کہ لکھتے لکھتے روحانیت بند ہونا شروع ہوگئی تھی تین دن بعد جب تھوڑا سا کشف کی طرف زور دیا تو فوراً ہی حضرت جنیدؒ سے رابطہ ہوگیا آپ نے فرمایا کہ کشف بند ہونے کا مقصد میری ملاقات تھی جو ہوگئی ہے۔ پھر انہوں نے مزید اجازت دی ہے کہ میری طرف سے بھی اس عمل کی اجازت لکھ دیں تاکہ لوگوں کے یقین مزید پختہ ہوجائیں مزید جو باتیں ہوئیں لکھنا ضروری نہیں ہیں۔ کشف قبول کرنا عام آدمی کے بس کی بات نہیں ہے تصوف اور راہ سلوک پر چلنے کے لیے بہت کارآمد ثابت ہوا ہے۔ عمل کچھ اس طرح ہے۔

یَاصَمَدُ۔یَاصَمَدُ۔اللّٰہُ الصَّمَدُ

عشاء پڑھنے کے بعد کچھ وقت کے لیے سو جائیں۔ تنہائی کی جگہ ہو خواہ مسجد ہو یا تنہا مکان ہو ایسی جگہ جہاں پڑھائی کے دوران کوئی پڑھائی میں خلل نہ ڈال سکے اگر مکان ہو تو مکان کا گوشہ پاک صاف ہو اور مصلہ بھی نیا ہونا ضروری ہے۔ اوّل دن ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر تہجد پڑھیں (خواہ جتنے مرضی نفل پڑھیں) پھر 41 مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانچ ہزار مرتبہ مندرجہ بالا الفاظ پڑھیں دوسرے دن پھر چار ہزار مرتبہ پھر تیسرے دن تین ہزار مرتبہ پڑھیں پھر اس کے بعد روزانہ ایک تسبیح روزانہ کم کرتے جائیں حتیٰ کہ ایک تسبیح باقی رہ جائے اس عمل کے دوران آپ پر رقت طاری ہوجائے گی اور پڑھنا مشکل ہوجائے گا مگر عمل جاری رکھیں کوشش کریں کہ عمل ناکام نہ ہونے پائے اپنے دل کو اپنے قابو میں رکھیں۔ جس طرح بھی ہوسکے اس میں کوئی عمل کے دوران کوئی خیر وغیرہ نہیں ہوگا اور نہ ہی کوئی جلالی جمالی کا پرہیز ہے۔ جب آپ ایک تسبیح پر آجائیں گے تو پھر روزانہ ایک ہی تسبیح اپنے وظیفہ میں جاری رکھیں عمل آپ کے قبضہ میں آگیا ہے۔ اگر اوّل مرتبہ کچھ رقت طاری نہ ہو تو پھر دوسری مرتبہ پھر کر سکتے ہیں۔ اگر اس دوران روزہ رکھتے رہیں تو پھر بہت ہی اچھا ہوجائے گا کیونکہ تصفیہ قلب بہت ضروری چیز ہے (عمل والوں کے لیے یہاں اشارہ ہے) اس کے بعد اپنے کسی رشتہ دار کی قبر پر حاضر کریں تاکہ آپ ان کو پہچان سکیں کہ واقعی وہ فلاں شخص ہے۔ اگر کسی صاحب مزار پر کرنا ہو تو پہلے دن اپنے مرشد کے ساتھ رابطہ قائم کر کے عمل کام میں لائیں یا پھر اگر مرشد اس دنیا سے گزر گیا ہے تو پھر سب سے پہلے ان کے مزار پر عمل کریں تاکہ وہ آپ کی مکمل کر رہنمائی کر سکے اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس قبر کے حالات دیکھنا منظور ہوں اس پر قبلہ رخ بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے اوّل سورۃ مزمل شریف یا سورۃ الرحمٰن یا سورۃ یٰسین یا سورۃ فتح پڑھیں پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر تسبیح ہاتھ میں لے کر پڑھنا شروع کر دیں۔ یہاں تک کہ آپ کو ہر طرف اندھیرا نظر آنے لگے پھر یکدم روشنی نظر آنا شروع ہوجائے گی۔ پھر قبر مثل صندوق یا دروازہ کی طرح کھلنا شروع جائے گی۔ وہاں آپ اپنی آنکھوں سے سب کچھ دیکھ لیں گے۔ مزید جو کہ پوچھنا ہو پوچھ سکتے ہیں۔ اگر کوئی بات پوچھنا ہو تو پہلے باادب سلام کریں سلام کے بعد جواب سنیں اگر جواب ملے تو پھر مزید گفتگو کریں۔ سلام کا جواب دل ہی دل میں آپ کو آواز آئے گی اور آپ نے بھی سلام دل میں ہی کرنا ہے۔ پھر آپ جو بات دل میں سوچتے جائیں گے۔ اس کا جواب آپ کو ملتا جائے گا اگر کسی بات کا

جواب دینا مقصود نہ ہوگا تو اہل قبر خاموش ہوجائے گا۔ دوبارہ اصرار کرنے کی ضرورت نہیں ہے اس میں آپ کو بھلائی ہوگی وہ بات نہ کریں یاد رہے کہ اس عمل کو بچوں کا کھیل نہیں بنانا چاہیے صرف مطلب کے طور پر یا کسی خاص بات پر مراقبہ کریں۔ جب تک عمل میں کشف و قبور رکھنا منظور ہو تو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتے رہا کریں۔ اس میں خاص خوبی یہ بھی ہے آپ روزانہ اجازت کے طور پر پڑھتے رہیں کسی دن آپ مراقبہ کی صورت میں مدینہ طیبہ یا بیعت اللہ شریف پہنچ جائیں گے پورا نقشہ سامنے آجائے گا لیکن عمل تہجد کے دوران ہی کرنا ضروری ہے۔ ایک اور خوبی یہ ہے کہ بزرگوں کی اصلی حالت کو دیکھنا اور اس سے عبرت حاصل کرنا۔ خود بخود صفائی قلب اور معصیت کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ انسان بہت سارے گناہوں سے بچ جاتا ہے یاد رکھیں کسی عورت کی قبر پر عمل نہ کریں۔ خدا جانے وہ کس حالت میں ہو۔ اگر آپ نے حماقت کر ہی لی ہے تو پھر آپ کو گناہ کبیرہ ہوگا۔ کیونکہ ہم نے بہت سارے تجربات کیے ہیں شریعت میں پردہ کی خاص پابندی ہے۔ ایک صفت یہ بھی ہے کہ مکاشفہ اور مراقبہ کے ذریعے سے دین اور تصوف کا فائدہ بھی آپ اٹھا سکتے ہیں۔ نیز دنیاوی معلومات بھی آپ اہل قبر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ انشا اللہ آپ کو سو فیصد فائدہ ہوگا۔ ہاں قبرستان پر کسی غیر محرم کی قبر پر مراقبہ کرنا سخت گناہ ہے کسی اہل مزار یا اپنے والدین اپنے رشتہ دار اپنے مرشد کے مزار پر مراقبہ کرنے کی اجازت ہے ہر عام و خاص کی قبر پر مراقبہ کرنا منع ہے۔ مراقبہ کرنے سے پہلے کچھ مٹھائی پر اہل قبر کے نام سے نیاز دیں تاکہ مراقبہ کرنے میں آسانی حاصل ہو۔ یہ تمام راز کسی غیر محرم کے آگے نہ کریں ورنہ آپ کا عمل بند ہوجائے گا جو کچھ سوال جواب آپ کریں گے وہ کسی کو مت بتائیں بلکہ یہ بھی مت بتائیں کہ میں فلاں بزرگ سے ملا کرتا ہوں۔

خبردار، چغل خور جنت میں داخل
نہیں ہوگا (فرمان رسول اللہ ﷺ)

مفلسی اور ناداری پیدا کرنے والی باتیں

حضرت امام جعفر صادقؒ نے فرمایا! کہ جس گھر میں یا جس آدمی کے پاس یہ باتیں (مندرجہ ذیل) ہوں گی ان کے ہاں (گھر میں) بدبختی اور رزق کی کمی کے اسباب پیدا ہوتے رہیں گے۔ لہٰذا میری (مصنف ہذا) کی درخواست ہے کہ میں نے ان اشیاء کو کتاب تحفۂ الگیلانی کی زینت بنایا ہے تاکہ ہر خاص و عام کو ان باتوں کا پتہ چل جائے

تاکہ لوگ بدبختی اور بدحالی سے نجات حاصل کر سکیں لیکن مصنف ھذا کے تجربہ میں آیا ہے کہ زیادہ گھروں میں اور لوگوں میں یہ باتیں موجود ہیں مگر کسی کو اس بات کا احساس نہیں ہے۔ مجھے امید ہے کہ ان تمام باتوں کو لوگ پڑھ کر خود بھی عمل کریں گے اور دوسروں کو بھی ان اعمال صالح کے کرنے کی تلقین کریں گے میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ہم کو ان (مندرجہ ذیل) باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

مفلسی اور ناداری، بدبختی اور رزق کی کمی کرنے والی مندرجہ ذیل باتیں ہیں ان سے پرہیز کرو اور دوسروں کو بھی تلقین کرو۔

1- عورت سے ہم بستری کر کے بغیر نہائے یا وضو کیے کھانا یا پینا حرام ہے۔
2- ٹوٹے ہوئے گھڑے کو استعمال میں لانا۔
3- برہنہ پیشاب کرنا۔
4- برتنوں کو کھلنے منہ رکھنا۔
5- عورت کے لیے خاوند کا نام لینا اور خاوند کے لیے عورت کا نام لے کر پکارنا بچے کا ماں باپ کا نام لے کر پکارنا۔
6- بیٹے یا بیٹی کو بدعا دینا۔
7- کھڑے ہو کر یا جامہ پہننا۔
8- خشک بالوں میں کنگھی کرنا اور ٹوٹی ہوئی کنگھی استعمال کرنا۔
9- شرمگاہ کے بال قینچی سے کاٹنا۔
10- ناف کے بال نہ لینا۔
11- بزرگوں کے آگے چلنا۔
12- لکڑی سے دانتوں میں خلل کرنا۔
13- لہسن یا پیاز کے چھلکے جلانا۔
14- مکڑی کے جالے کو گھر سے دور نہ کرنا۔
15- جوں کو زندہ چھوڑ دینا۔
16- شرمگاہ کی طرف دیکھتے رہنا۔
17- پاجامے تہبند یا دوپٹے کے دامن سے منہ سے صاف کرنا۔
18- صبح کی نماز کے بعد جلدی مسجد سے باہر آجانا۔
19- صبح کے وقت سونا۔

20- خربوزہ کے بیج ناخنوں سے تراشنا۔
21- کپڑے یا رومال سے کسی چیز کو جھاڑنا۔
22- دانت سے ناخن کاٹنا۔
23- کھڑے ہو کر یا چلتے پھرتے کنگھی کرنا۔
24- پھٹے کپڑے بدن پر پہنے ہونے سلائی کرنا۔
25- بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا۔
26- ہر وقت بال بچوں سے لڑنا۔
27- جنازہ کے پاس بیٹھ کر کھانا۔
28- خلال کے وقت دانتوں سے جو کچھ نکلے اسے نگل جانا۔
29- ہر کسی کو کوستے رہنا۔
30- اولاد کو برا بھلا کہنا۔
31- فقیر اور سائل کو جھڑکی دینا۔
32- بایاں پاؤں پاجامے میں پہلے ڈالنا۔
33- قبرستان میں ہنسنا، دل لگی کرنا، مذاق اڑانا۔
34- کوڑا کرکٹ گھر میں جمع رکھنا۔
35- مغرب اور عشاء کے درمیان سوجانا۔
36- احتلام یا عورت سے ہم بستر ہونے پر حجامت کرنا۔
37- اندھیرے میں کھانا کھانا۔
38- بے وضو یا ہاتھ دھوئے بغیر قرآن شریف ہاتھ لگانا۔
39- بدھ اور اتوار کو ہم بستری کرنا۔
40- راستہ میں یا کسی سایہ دار پھل دار درخت کے نیچے پیشاب کرنا۔
41- ننگے سر پاخانہ کرنے جانا۔
42- ننگے سر بازار میں پھرنا۔
43- ننگے سر کھانا کھانا۔
44- کسی دوسرے کی کنگھی استعمال کرنا۔
45- آفتاب نکلتے یا غروب ہوتے وقت کنگھی کرنا۔
46- حوض، تالاب، دریا، راکھ، قبلہ رخ، غسل خانہ، وضو کی جگہ پیشاب کرنا۔

47- چوہے کا جوٹھا کھانا کھانا۔
48- سوتے وقت پاجامہ، لنگی تہبند سر کے نیچے رکھنا۔
49- مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا۔
50- مٹی یا چینی کے ٹوٹے ہوئے برتن میں کچھ چیز رکھنا یا کھانا۔
51- ٹوٹے یا گرہ دار قلم سے لکھنا۔
52- قلم تراشتے وقت جو کچھ گرے اس کو پاؤں کے نیچے لانا۔
53- ٹوٹے ہوئے گلاس یا صحرائی میں پانی پینا۔
54- مہمان آنے سے ناخوش ہونا۔
55- پاخانہ یا استنجا کرتے وقت باتیں کرنا۔
56- چارپائی یا دسترخوان پر بغیر بچھائے کھانا کھانا۔
57- کھانا کھاتے وقت روٹی دانتوں سے کترنا۔
58- کپڑے دانتوں کو ملنا جیسے مسواک یا انگلی سے صاف کرنا۔
58- جس برتن میں کھانا کھایا ہے اس میں ہاتھ دھونا۔
60- دہلیز میں بیٹھنا۔
61- گھڑے سے منہ لگا کر پانی پینا۔
62- چوکھٹ پر سر رکھ کر سونا۔

خاص نکتہ

اے حضرت انسان کبھی تو نے بصارت اور بصیرت میں بھی فرق تلاش کیا ہے بصارت کا تعلق آنکھوں سے ہے اور بصیرت کا تعلق دل کی آنکھوں سے ہے اگر آنکھیں اندھی ہوجائیں تو انسان دنیا کی زیبائش دیکھنے سے قاصر ہوجاتا ہے دنیا کی رنگینی آنکھوں سے اوجھل ہوجاتی ہے۔ دنیا کے نظاروں سے غافل ہوجاتا ہے۔ ہر وقت دنیا کی لگی رہتی ہے کہ پتہ نہیں یہ کس کی آواز ہے یہ کون ہے جس سے میں مخاطب ہوں یہ میں کیا کھا رہا ہوں یہ کیا پہن رکھا ہے یہ کیا پی رہا ہوں ماں بیوی بہن بھائی حتیٰ کہ ہر چیز کی پہچان ختم ہوجاتی ہے اور اگر بصیرت انسان کے پاس نہیں ہے تو انسان چوپائیوں سے بھی بدتر ہے۔ اگر بصیرت نہ ہو تو دل سیاہ ہوجاتا ہے۔ خون سفید ہوجاتا ہے دنیا تو کیا انسان اپنے خالق حقیقی کی پہچان سے بھی غافل ہوجاتا ہے۔ اگر دل سیاہ ہے تو پھر دنیا وبال جان بن جاتی

ہے۔ قرآن اور فرمان کی پہچان نہیں رہتی ہے جگہ جگہ آخرت کیلئے بڑا عمدہ بیان کیا ہے دوزخ کی آگ کا ایندھن بن جاتا ہے۔ اگر دل روشن ہے تو پھر عرش اللہ تعالیٰ ہے اگر دل منور ہے تو دنیا و آخرت کی کھیتی ہے اگر دل منور ہے تو دنیا پل صراط ہے۔ اگر دل جھوٹے تو دنیا عبرت کا مقام ہے۔ دنیا میں رسوائی ہے۔ دل سیاہ ہے تو تیرے اندر ہی دوزخ ہے ذرا سوچ بصارت اور بصیرت میں کیا فرق ہے اُسے ڈھونڈ جو تجھ کو بصارت اور بصیرت کی پہچان کروائے۔ اگر بصارت اور بصیرت میں فرق نہیں کرے گا تو پھر خدا تعالیٰ کی پہچان ناممکن ہے۔ اگر فرق ڈھونڈ لیا تو پھر خدا ہر جگہ موجود ہے وہ ظاہر بھی ہے اور باطن بھی ہے پھر دیکھ درمیان میں تو کون ہے۔

برائے تسخیر خلق

تسخیر خلق کا یہ بہت ہی کامیاب اور آسان نسخہ ہے جو کہ میرے آباؤ اجداد کا تجربہ شدہ ہے میں نے اس عمل کو نہیں کر کے دیکھا۔ بہرحال زندگی میں اگر ضرورت محسوس ہوئی تو شائد کرلوں لیکن فی سبیل اللہ اپنے بزرگوں کی اجازت سے لکھ رہا ہوں تاکہ مخلوق خدا فائدہ اٹھائے اس سے پہلے ہم نے سورۃ فاتحہ یعنی کہ الحمد شریف کے کافی سارے فائدے لکھے ہیں لیکن مختصر طور پر یہاں ہم پھر سورۃ فاتحہ کا تذکرہ کرتے ہیں سورۃ فاتحہ کے پڑھنے سے جو ثمرات و برکات حاصل ہوتے ہیں وہ صرف عمل کرنے والا ہی جان سکتا ہے اور اتنے مختصر بھی نہیں کہ تھوڑے سارے کاغذات میں بند ہوجائیں۔ اکثر احادیث میں اس کا ذکر ہے اور اس کے پڑھنے کے مختلف طریقے ہیں۔ چنانچہ تبرک ہم یہ حصہ بھی لکھ رہے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ جو شخص ان آیات (سورۃ فاتحہ) کی تلاوت کی سعادت سے بہرہ اندوز ہو، وہ انشا اللہ تعالیٰ کبھی بھی تنگ دست اور پریشان نہیں رہے گا۔ مخالفین و اعدا پر اسے غلبہ نصیب ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ جس گھر میں یہ آیات (سورۃ فاتحہ کی) پڑھی جائیں گی وہ چوری اور نقب سے حفظ و امان میں رہے گا اگر کسی بیماری کے لیے ان کی تلاوت کی جائے گی تو مریض شفا پائے گا۔ اگر کوئی مہم درپیش ہو تو بفضلہٖ تعالیٰ وہ پوری ہوگی تسخیر خلق کے لیے بھی اس کا ورد معمول کے لیے مجرب ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کے پڑھنے سے جو ظاہری و باطنی فائدے حاصل ہوتے ہیں ان کا طریقہ تحریر آنا مشکل ہے۔ ہمارے بزرگان

فرماتے ہیں کہ اس کا بھید صرف خدا تعالیٰ کو ہے اور کوئی نہیں جان سکتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ وتر نماز ادا کرنے کے بعد پہلے اوّل آخر اکتالیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں پھر اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھ کر وتر ادا کریں یہ تمام کام پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ 41 دن کرنا ہوگا۔ انشا اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے آپ پر مخلوق کا ہجوم ہونا شروع ہوجائے گا۔ لیکن مخلوق میں کسی کے ساتھ زیادتی نہ کرے اور اپنی روزانہ کی آمدن میں خدا تعالیٰ کا حصہ ضرور رکھیں ورنہ عمل کم ہوجائے گا روزانہ خرچ کرتے رہیں یا ایک ماہ بعد اکٹھا خرچہ کردیں آپ کی مرضی ہے۔

برائے زیارت حضور اکرم ﷺ

یہ عمل میرے ایک دوست کا تجربہ شدہ ہے (یہاں ان کا نام لکھنا ضروری نہیں ہے) انہوں نے بھی اس کو تجربہ کیا ہے۔ مگر اس عمل میں نیت صاف ہوگی تو پھر عمل مکمل ہوگا دوسرا یہ کہ جب حضور پاک ﷺ کی زیارت ہوگی تو وہاں مرشد کا ہونا بہت ضروری ہے اور محفل میں درود شریف کا ذکر ہونا بھی ضروری ہے اگر اس طرح نہیں تو پھر سمجھ لیں کہ شیطانی غلبہ ہے کیونکہ جب تک درود شریف کا ذکر نہ ہوگا اصل حقیقت سامنے نہ آسکے گی ورنہ گمراہ ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔

زیارت کا طریقہ یہ ہے کہ جمعہ کی رات کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل ادا کریں نیت کرتے وقت کہیں کہ زیارت حضور پاک ﷺ کے واسطے پھر الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص تین بار پڑھیں پھر پانچ سو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھیں۔ اس طرح رکعت مکمل کریں پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں پھر پانچ سو مرتبہ مُحَمد'' رَّسول اللّٰہ پڑھیں۔ پھر رکعت مکمل کریں سلام پھیر کر سجدہ میں جائیں اور تسبیح سجدہ 70 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سجدہ ہی میں بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے کہ اے اللہ اس کلمہ شریف کے طفیل کر کے حضور پاک ﷺ کی زیارت نصیب فرما۔ اس طرح بے حساب پڑھیں۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر گیارہ سو مرتبہ مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں۔ یَااَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِ وَآلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ○ یا بے شمار پڑھے یہاں تک کہ نیند غالب آجائے۔ پھر اسی مصلہ پر شمال کی طرف سر کر کے اور پاؤں جنوب کی طرف کر کے اور منہ قبلہ کی طرف کر کے دایاں ہاتھ دائیں کان کے نیچے رکھ کر تھوڑا سا خم کر کے سوئیں۔ اور درود شریف بکثرت پڑھتے رہیں۔ یہاں تک کہ نیند آجائے ایمان

کامل رکھے۔ انشا اللہ اوّل رات ہی زیارت سے مشرف ہوگا اگر خدا نہ کرے کہ زیارت نصیب نہ ہو تو پھر دوسرے دن کرے۔ اگر دوسرے دن بھی نہ ہو تو پھر تیسرے دن کرے۔ انشا اللہ تین رات کے اندر اندر زیارت نصیب ہوگی۔ اگر زیارت نہ نصیب ہو تو پھر تین دن پہلے روزہ رکھے پھر تین دن عمل کرے اور ساتھ روزہ بھی رکھے یا پہلے دن سے ہی روزہ رکھنا شروع کر دے تاکہ شک کی گنجائش باقی نہ رہے اگر پھر بھی زیارت نہ ہو تو اپنی بدنصیبی سمجھے۔

چند قرآنی آیات کی تاثیر

قرآن مجید ہمارے مسلمان بھائیوں کی مقدس کتاب ہے اور حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے اللہ تبارک و تعالیٰ کے مبارک الفاظ ہیں چونکہ قرآن پاک دینی مقدس کتاب ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ اس کو تجربہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کے لیے ایمان کامل اور پختہ یقین ہونا ضروری ہے۔ کلام الٰہی کی سورۃ یا آیات کے خواص کے متعلق ہر مسلمان کے دل میں یقین کامل ہونا ضروری ہے اور اس کے لیے دین دار، متقی، پابند نماز، پاک و صاف اور باوضو ہونا ضروری ہے، یہاں پر ہم چند قرآنی آیات کی تاثیر بیان کرتے ہیں جو کہ بعض مرتبہ ہم نے اپنے چند دوستوں کو عمل بتائے اور ہزار فیصد درست پائے کیونکہ ان کا براہ راست تعلق ایمان سے ہے اگر ایمان کامل ہے تو ہر ایک ایک سورۃ اور ہر سورت کی ایک ایک آیت ایٹم بم سے بھی زیادہ بھاری ہے۔ ایٹم بم کا ذکر ہم نے اس لیے کیا ہے کہ ایٹم بم نے بھی قرآنی آیات کی تفسیر ہے۔ جس طرح ایٹم بم کا ایک ایک ذرہ ایٹم کہلاتا ہے اس طرح قرآن پاک کی ایک ایک آیت تو کیا ایک ایک حرف کئی ہزار گنا زیادہ ایٹم بم کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ تجربہ شاہد ہے ہم نے ایسے کئی تجربات کیے ہیں جن کی مدد سے کئی لوگوں کو آباد ہوتے دیکھا ہے کئی لوگوں کو برباد ہوتے ایٹم بم چل جائے تو وہاں دوسری کئی دہائیاں آباد ہو سکتی ہیں لیکن جہاں کہیں خدانخواستہ کے بیک ہتھوڑے کی ٹکا بدچل جائے وہاں پر ساری زندگی کوئی چیز آباد نہیں ہو سکتی ہے۔ ایٹم بم نہیں تو اور کیا ہے۔ بہرحال بہت بڑے بڑے واقعات ہمارے ساتھ پیش آئے ہیں جن کی حیثیت کئی ہزار ایٹم بموں سے زیادہ ہے۔ بہرحال ہمارا کام یہاں قرآنی آیات کی تاثیر لکھنا ہے وہ یہاں درج کرتے ہیں مختصر مختصر لکھی جائیں گی تاکہ چھوٹی چھوٹی آیات سے لوگ عمل کر سکیں۔

---

۱ دیکھئے قرآن پاک کی سورۃ 33 الاحزاب آیت 30

برائے محبت

مندرجہ ذیل آیت کے حروف لے کر مقررہ حروف چھوڑ کر جو حروف باقی بچیں ان کے ابجد نکال لیں اور اپنے محبوب کے نام کے اعداد نکال کر دونوں کو جمع کریں اور تین سے ضرب دیں پھر اپنے نام کے اعداد جمع کریں جو حاصل جمع ہو ان کی تعداد کے مطابق آیت مذکورہ کو اکتالیس دن باپرہیز جلالی کے اپنے وظیفہ میں رکھیں۔ اکتالیس دن بعد شرینی پر دم کر کے اپنے محبوب کو کسی طرح کھلا دیں انشا اللہ ساری زندگی تابعدار رہے گا مگر حرام کاری کرنے والے کو اجازت نہیں ہے کیونکہ قرآن پاک میں ہے اس سے ناجائز فائدہ نہیں اٹھانا چاہیے۔ ناجائز کرنے والے خود ذمہ دار ہوں گے۔ اگر مخلوق کو تسخیر کرنے کے لیے پڑھی جائے تو آیت کے اعداد مقررہ اعداد کے علاوہ اور اپنے نام کے اعداد نکال کر دونوں سے ضرب دیں پھر اس کے مطابق بعد نماز عشاء اپنے وظیفہ میں رکھیں آیت یہ ہے۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ ط

ایضاً

یہ عمل بھی بہت کارآمد ہے میاں بیوی کی محبت کے لیے بھی مجرب ہے اور مخلوق کی محبت کے لیے بھی مجرب ہے۔ طالب اور مطلوب دونوں کے لیے تیر بہدف ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل آیت کے اعداد نکال کر مقررہ حروف چھوڑ دیں۔ اور مطلوب کے اعداد شامل کر لیں۔ پھر بعد نماز عشاء بغیر کسی پرہیز کے اس تعداد کے مطابق پڑھتے رہیں۔ اگر مطلوب کے لیے ہے تو پھر اکیس دن لگاتار پڑھیں پھر شرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں مگر ناجائز کرنا گناہ ہے تسخیر مخلوق کے لیے پڑھتے رہیں۔ انشا اللہ دو تین چلوں میں مخلوق مسخر ہونا شروع ہو جائے گی۔ مطلوب کو شرینی کی طرح پر کھلائیں تو فائدہ ہوگا آیت یہ ہے۔

لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ط

ایضاً

مندرجہ ذیل آیت مبارک کے حروف علیحدہ علیحدہ نکال کر ان کے اعداد بنائیں ا

میں اپنے عدد جمع کریں اور مطلوب کے بمعہ والدہ جمع کریں اگر مخلوق کو مسخر کرنا ہے تو پھر صرف آیت کے اعداد اور اپنے نام کے اعداد نکال کر جمع کریں پھر وقت مقررہ پر قائم کر کے پڑھیں انشا اللہ اکتالیس دن کے اندر اندر مطالب حاصل ہوں گے۔ اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں اگر خود کام نہ چلے تو پھر اجازت لے سکتے ہیں۔ آیت یہ ہے یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا سکہ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْبِكِ ج اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِیْنَ ○ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○

ایضاً

یہ آیت بھی حب کے لیے بہت مجرب ہے عروج ماہ میں دوشنبہ کے دن ہرن کی جھلی پر شہتوت کے عرق سے لکھ کر آخر میں یَامُؤلف القلوب اَلِّفْ بن فلاں وفلاں لکھے دونوں شخصوں کے نام لکھے جن میں محبت پیدا کرنی ہو۔ پھر طالب اپنے دائیں بازو پر باندھے اور ساتھ ہی اپنے نام کے اعداد کے مطابق پانچ نماز کے بعد وظیفہ کے طور پر جاری رکھے انشا اللہ مطلوب مہربان ہوگا اور پہلے سے زیادہ عزت و توقیر کرے گا۔ اگر کوئی عالم فاضل اس آیت کا ذکر رکھے تو انشا اللہ تعالیٰ اس کا وعظ پڑھنے کو بہت دل کرے اور لوگ بہت خوشی کے ساتھ سنیں گے۔ آیت یہ ہے وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا سے هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک پارہ ۴ رکوع ۲

ہر سواری اور جانور سواری پر قابو پانے کیلئے

اگر کسی سواری کا خطرہ ہو کہ یہ اپنے مقام پر ٹھیک نہ پہنچے گی یا سواری کا جانور مثلاً گھوڑا اونٹ گدھا وغیرہ سواری کے دوران شوخی و شرارت کرے اور سوار کو اپنے اوپر سوار نہ ہونے دے تو اس آیت مبارکہ کو تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک مار دیں تو انشا اللہ سواری کا جانور تنگ نہ کرے گا اور اپنے قابو میں رہے گا مگر یقین کامل رہے تو آیت مبارک یہ ہے۔ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ○

ایضاً

سورۃ انعام اگر کالی سیاہی سے لکھ کر شیخی والے جانور کے گلے میں باندھ دی جائے

تو شیخی والا جانور کبھی بھی شیخی نہ کرے گا اور ہر طرح کی جمیع آفات سے امن میں رہے گا اور کبھی بھی بیمار نہ ہوگا ہر وقت انشا اللہ تندرست رہے گا۔

ایضاً

اگر کوئی میں آیت فَالِقُ الْاِصْبَاحِ سے لے کر یَعْلَمُوْنَ تک جمعہ کے روز باوضو ہو کر کشتی کے دائیں جانب والے تختہ پر لکڑی کے اوپر کندہ کرے اور کشتی کے ساتھ باندھا رہنے دے۔ انشا اللہ اس کی برکت سے کشتی تمام آفات سے محفوظ رہے گی۔ دیگر اگر لاجورد کے پتھر پر بدھ کے دن کندہ کر کے انگوٹھی پہنے تو ہر طرح کی روانی اور قبولیت دعا اور محبت اور ہیبت پیدا ہو لوگوں کی نظروں میں با توقیر ہو ہر آدمی محبت کے ساتھ پیش آئے گا مجرب ہے۔

مصیبت دور کرنے، قبولیت دعا، تباہی دشمن کے اعمال

اگر کوئی بہت مصیبت میں ہو اور کوئی حل نظر نہ آتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل کو ہم نے جلد اوّل میں بھی لکھا اور پچھلے صفحات میں بھی درج کیا ہے۔ پہلے یہ عمل عملیات کے تجربات میں تھا اب یہ قرآنی آیات کی تاثیر میں درج کرتے ہیں اس کی تعداد 450 ہے یا اگر آپ زیادہ کرنا چاہیں تو پھر چار ہزار پانچ سو بھی کر سکتے ہیں یا جلد اوّل میں دیکھیں۔

اس مذکورہ آیت کے روزانہ وظیفہ رکھنے سے انشا اللہ ہر طرح کی تکلیف دور ہوتی ہے۔ آیت مبارک یہ ہے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ۔ ○

اگر کسی کو سخت سے سخت مصیبت آجائے تو اس کا کوئی حل نظر نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ فجر نماز کے بعد سورۃ انعام کی تلاوت کرے پھر دعا مانگے انشا اللہ جو بھی دعا مانگو گے پوری ہوگی۔ یہ آیت وَاِذْ جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ" قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ اس آیت میں جہاں لفظ اللہ آیا ہے وہاں جو بھی دعا مانگو گے انشا اللہ پوری ہوگی۔

اگر کوئی فرض سنتوں کے درمیان صبح کی نماز میں دعائے آدم پڑھے اور بکثرت پڑھے ہر نماز کے بعد اس کا ذکر کرے پھر دعا مانگے انشا اللہ چند دن کے اندر دعا کو قبولیت حاصل ہوگی۔ یا اگر کوئی آیت رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○ کی مصیبت یا بلا کے لیے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو مصیبت اور بلا سے نجات عطا فرمائیں

گے۔

اگر کوئی حضرت یونس علیہ السلام کی دعا کی کثرت کرے تو انشا اللہ ہر طرح کی مصیبت سے نجات حاصل ہوگی اس کا پچھلے صفحات میں ذکر ہے۔

اگر کوئی ظالم دشمن ہو اور اس کو ویران کرنا منظور ہو بعد استفتا شرعی کے ہفتہ کے دن ایک ٹھیکری کچی تیار کرو اور کسی پرائے قبرستان کی تھوڑی سی مٹی ہفتہ والے دن لاؤ اور تھوڑی سی مٹی کسی ویران گھر کی لاؤ اور تھوڑی سی مٹی کسی خالی مکان کی لاؤ (جس کے رہنے والے مر چکے ہوں اور وہ خالی ہو) ان آیات کو سکوری پر لکھو پھر خوب باریک کر کے پیس ڈالو پھر دوسری مٹی جو کہ مختلف جگہ سے لی تھی ان کے ساتھ ملا دو پھر ان کو ہفتہ کے دن پہلی ساعت میں دشمن کے گھر ڈال دو دشمن بالکل تباہ ہوجائے گا۔ مگر کرنا حرام ہے اس کا لین دین قیامت کے دن خود بھگتو گے۔ ہر کام سے افضل عفو درگزر کرنا ہے۔

ایضاً

مراد حاصل کرنے، خوف بادشاہ ظالم دشمن کیلئے بہت مجرب عمل ہے۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق پہلے 41 دن باشرائط عمل کام میں لائیں۔ پھر جب ضرورت ہو استعمال میں لائیں۔ شب کے وقت جنوں یا انسانوں کے خوف کے لیے بھی بہت مجرب پھر فجر کی نماز کا انتظار کرے۔ پھر ادا کرے اور طلوع آفتاب کا انتظار کرے اور ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل آیات کا ذکر کرتا رہے۔ جب آفتاب بلند ہوجائے تو پھر دو رکعت پڑھے اوّل میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار پڑھے۔ پھر دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت امن الرسول سے آخر تک پڑھے پھر سات دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر حَسْبِیَ اللّٰہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تو کَلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ العظِیم پڑھے پھر تازہ وضو کرے یہ آیتیں لکھ کر اپنے پاس رکھ لے انشا اللہ تعالیٰ دل کی مراد حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے وَاِذْھَمَّتْ طَّاءَ لفَتْنِ منکُھْ سے العزیز الحکیم تک پڑھے پارہ لن تنالو رکوع ۶ میں یہ آیتیں موجود ہیں۔ اسی طرح ہی رکوع نمبر ۵ کی آیات کا جو ہمیشہ ذکر رکھے گا۔ تیز نفس وغضب اور سلطانِ جابر و دشمن جاہل سے محفوظ رہے گا۔ شب جمعہ پاک صاف کاغذ لے کر نماز عشاء ادا کرنے کے بعد لکھے اور ساتھ ساتھ لکھتے وقت ذکر بھی کرے۔ انشا اللہ تعالیٰ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً

پارہ لایحب اللہ رکوع چہارم کی آیت مبارک یَاَیُّھا النَّاسُ قَدجَآءَ کُمْ بُرْھَان" سے لے کر صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا تک پڑھے اور اتوار کے دن روزہ رکھے اور ایک چمڑے ہلال جانور کے ٹکڑے پر لکھ کر باندھ لے تو دشمن پر بحث کے وقت غالب آئے گا۔ عدالت زیادہ جانے والوں کے لیے بہت مجرب عمل ہے۔ اگر دولہا اور دلہن گلاب کے عرق میں زعفران حل کر کے لکھیں اور اپنے عمامہ میں رکھ کر پیشانی کے ساتھ باندھ لیں تو دونوں میں وجاہت پیدا ہوگی۔

جو کوئی پارہ واذا سمعو رکوع سات کی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی سے یَعْدِلُوْن تک سات مرتبہ صبح کی نماز کے بعد اور سات مرتبہ شام کی نماز کے بعد پڑھ کر اپنے بدن پر ہاتھ پھیر دیا کرے تو خدا تعالیٰ اس کو جمیع دردآفات سے محفوظ فرمائے گا۔

مندرجہ ذیل کی آیات دشمن کو خراب کرنے اور کند ذہنی کیلئے بہت مجرب ہیں جو شخص ناحق ایذا دیتا ہو اور ظالم ہو اور ظلم کرتا ہو۔ جب تمہاری صبر شکیبائی پر بھی باز نہ آئے تو جمعرات کا روزہ رکھو اور بعد نماز عشاء پڑھ کر ان آیتوں کو کسی وقفی گھر کی ایک مشت خاک پر تین بار پڑھ کر اس شخص کے گھر میں وہ مٹی ڈال دو پھر دیکھو اس کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ قُلْ یَاَھْلَ اَلْکِتٰب ھَلْ سے سَوَاءَ السَّبِیلِ تک پارہ 6 رکوع 13 آیت فَلَمَّا نَسُوْا مَاذُکِرُوْا سے لے کر رَبِّ العٰلَمِیْنَ تک (پارہ ساتواں رکوع گیارہ) کو اپنے ورد میں ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھتا رہے۔ پھر اگر ظالموں کی خانہ ویرانی اور ان کی جماعت کی پراگندگی کی مقصود ہو، تو ان آیتوں کو حلال جانور کی پرانی ہڈی پر لکھ کر پھر اس کو باریک پیس کر اس کے گھر میں ڈال دے دشمن کا گھر تباہ ہوگا اور اگر تانبے کی تھالی میں آب ریحان سے لکھ کر اور آب زیرہ سے بھگو رکھو اور عشاء تک بھگویا رہنے دے پھر وہ پانی جس گھر میں مچھر پسو زیادہ ہوں، چند بار چھڑکو گے تو وہ سب بھاگ جائیں گے۔

اگر کسی کے دل کا حال معلوم کرنا مقصود ہو یا کوئی انکشاف کرنا مقصود ہو یا کوئی بھاگ کر گھر سے چلا جائے تو اس کے حالات معلوم کرنا ہوں یا کوئی چاہے کہ روزانہ کے آنے والے حالات مجھے روزانہ معلوم ہوجایا کریں تو اس کو چاہیے کہ پارہ ساتواں رکوع ۱۳ کی آیت وَعِنْدَہٗ مَفَاتِیحُ الْغَیْبِ سے لے کر حَاسِبِیْنَ تک روزانہ ایک سو مرتبہ

پڑھا کرے تو انشا اللہ تمام حالات سے آگاہ ہوجائے گا۔ جو بھی حالات معلوم کرنا مقصود ہوں معلوم ہوجایا کریں گے یا کتان کے کپڑے پر لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جایا کرے انشا اللہ تعالیٰ تمام حالات و واقعات سے آگاہی ہوجائے گی۔ بستر کا پاک ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ درستی رائے فہم اور امن و امان اور آبرو پیش حکام اور غلبہ گفتگو میں برتری حاصل ہو اس کے لیے مندرجہ ذیل آیت بہت مفید ہے۔ اس آیت کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں کسی چلہ یا پرہیز کی ضرورت نہیں ہے۔ بس پڑھتے رہیں بس وظیفہ جاری ہوجائے گا۔ اوّل درستی رائے فہم کے لیے۔ زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے چینی کی تھالی پر یہ آیت لکھیں پھر نہر کے پانی کے ساتھ دھوکر پانی پئیں اس طرح گیارہ دن کریں۔ انشا اللہ درستی پیدا ہوگی۔ آبرو پیش حکام کے لیے شیشہ کے برتن پر عرق گلاب اور زعفران کے ساتھ لکھیں پھر برتن پر شہد 5 تولہ ملیں یا شہد میں برتن کو ہلائیں تاکہ آیت کی لکھائی سب شہد میں حل ہوجائے پھر ایک تولہ سرمہ سیاہ لے کر شہد کے ساتھ کھرل کریں۔ اس طرح گیارہ دن کریں اور گیارہ تولہ شہد خالص میں حل کرتے رہیں اور سرمہ میں رگڑائی کرتے رہیں۔ پھر ساتھ ساتھ مذکورہ آیت کا ذکر بھی ساتھ ساتھ کرتے رہیں اور باوضو ہو کر کھرل کریں جب سرمہ بالکل باریک ہوجائے تو پھر جو شخص سرمہ کو آنکھوں میں لگائے گا۔ حکام خوش اخلاقی سے پیش آئیں گے اور عوام کی نظروں میں بھی ہر دل عزیز ہوگا اور محبوب و مقبول ہوگا۔ اس طرح ہی انیس عدد گلاب دیسی کے پھولوں پر اُنیس اُنیس بار پڑھیں پھر علیحدہ عرق گلاب لیں اور زعفران میں حل کریں پھر پھول گلاب کو کسی چینی کے برتن میں کھرل کریں اور آیت مبارکہ زعفران کے ساتھ پہلے ہی سے برتن میں لکھیں اس طرح اکیس دن کریں اور گلاب کے پھولوں کا مالیدہ ہر روز نہار منہ کھا لیا کریں۔ بدھ نو چندے کو شروع کریں۔ چار بدھ کے بعد جو آدمی اس کا استعمال کرے گا تو وہ گفتگو میں سب پر غالب آئے گا۔ خاص کر وکلاء وغیرہ کے لیے بہت مجرب ہے یا جو لوگ بحث مباحثہ کرتے ہیں ان کے لیے بہت کارآمد ہے۔ مناظر حضرات کے لیے بھی بہت کارآمد ہے۔

> دل کالا ہونے سے منہ کالا اچھا
> ہوتا ہے کیونکہ کالے دل میں بغض
> اللہ اور بغض رسول اللہ ہوتا ہے۔

فریقین میں تفرقہ ڈالنے کے اعمال

خوش اسلوب فریقین میں تفرقہ ڈالنا بہت سخت گناہ کبیرہ ہے۔ اگر کوئی خوش اسلوب فریقین میں تفرقہ ڈالے گا تو وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ بلکہ دشمن کے گھر میں بھی تفرقہ نہیں ڈالنا چاہیے۔ ہاں اگر کفر اور اسلام کی جنگ ہے تو پھر فریقین میں تفرقہ ڈالنا سنت نبویؐ ہے تاکہ دشمن خوار ہوں اور اسلام کو فتح حاصل ہو۔ فی الحال آیت قرآنی جو فریقین میں تفرقہ کے بارے زیادہ مشہور ہیں ہم لکھ دیتے ہیں لیکن ناجائز کرنے والے کو کوئی اجازت نہ ہے۔ وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ اگر کسی کو مقصود ہو کہ دو شخصوں میں عداوت پیدا ہو اور آپس میں دونوں کے درمیان تفرقہ شروع ہوجائے اس کو چاہیے کہ بھوج پتر بازار سے پنساری حضرات سے خرید لے اور بھوج پتر پر مندرجہ ذیل آیت لکھے۔ ساتھ یہ عبارت لکھے کہ فلاں بن فلاں کے مابین عداوت شروع ہوجائے پھر بھوج پتر کا نقش بنا کر یہ نقش دو پرانی قبروں کے درمیان میں دفن کر دے۔ مگر ناحق نہ کرے گناہ کار ہوگا۔ دفن کرتے وقت مندرجہ ذیل آیت اکیس سو مرتبہ پڑھے دفن کرنے کے بعد پڑھتا رہے۔ معہ چہارم نام کے پڑھے۔ آیت مبارک یہ ہے۔ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝

اگر کسی کے خلاف کوئی مجمع ہو کہ یا کسی غلط بیانی والے مجمع کو دونو گیارہ کرنا ہو تو پھر عامل کو چاہیے کہ ہر روز ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ مندرجہ ذیل آیت کا گیارہ دن عمل کرے پھر جب محفل میں یا مجمع میں تفرقہ ڈالنا مقصود ہو تو ان میں جو سب سے بڑی عمر کا آدمی ہے اور جو سب سے چھوٹی عمر کا شخص ہو ان دونوں کے کسی طریقہ سے تھوڑے تھوڑے بال لے کر ان کو آگ میں جلائے

جب خاکستر ہوجائیں تو یہ آیت کسی چینی کے برتن میں لکھ کر اور اس کو برگ حرمل کے عرق سے دھو کر وہ پانی اور وہ راکھ دونوں ملا کر اس مقام میں ڈال دیں جہاں ناجائز لوگ جمع ہوتے ہیں۔ انشا اللہ پھر ہرگز وہ مجمع جمع نہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُاللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ'' سے لے کر لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ تک پارہ چھ رکوع تیسرا۔

مندرجہ ذیل آیت دشمن کی بربادی و خانہ ویرانی کیلئے ہے، جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور اس کی ایذا رسانی کے در پے ہو اور انہوں نے جینا حرام کر دیا ہو تو پھر اس آیت کو عمل میں لائیں لیکن یاد رکھے کہ آخری درجہ پر جب بات پہنچے تو پھر یہ استعمال کرے ورنہ ناجائز

اور جلد باز خدا کی پکڑ میں آجائے گا۔ تین دن لگاتار بعد نماز عشاء اور بعد نماز فجر اس آیت کا گیارہ سو مرتبہ وظیفہ رکھے تاکہ عمل قبضہ میں آجائے۔ پھر تین دن کے بعد تین پتے درخت بید کے اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح لائے کہ اس کو کوئی دیکھ نہ لے اور ہر پتہ پر ایک رخ میں یہ آیتیں لکھیں سر برہنہ ہو سیاہی میں سرکہ ڈالا ہو تب لکھے۔ دوسرے رخ پر ان لوگوں کے نام لکھے جب لکھ رہا ہو اس وقت بھی کوئی آدمی دیکھنے والا نہ ہو۔ پھر ہر روز ایک پتا ان کے پینے والے پانی میں کسی طرح حل کر ڈالے یا ان کے گھر میں کسی محفوظ جگہ پر رکھ دے جہاں سے کوئی ان پتوں کو جلدی نہ اٹھائے پھر تماشہ دیکھے۔

بخار ہر قسم، فالج لقوہ، درد ہر قسم سے نجات کے اعمال

اگر کسی کو ٹائیفائیڈ بخار یا ملیریا یا کوئی بھی کسی قسم کا بخار ہو جائے تو ان کو چاہیے کہ ایک عدد چینی کی تھالی میں زعفران کے ساتھ مندرجہ ذیل آیت لکھ کر مریض کو دن میں تین بار پلائیں اگر ہو سکے تو پھر ہر مرتبہ تازہ لکھائی کریں اگر اتنی طاقت نہیں ہے تو پھر صرف ایک مرتبہ لکھ کر پھر پانی کو گھول کر کسی بڑے برتن میں رکھ لیں وہاں سے ایک چمچہ صبح دوپہر شام پلاتے رہیں۔ انشا اللہ مریض جلدی شفایاب ہوگا۔ آیت یہ ہے اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْ اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ" مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْ فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ ○

اگر مندرجہ ذیل آیت روئی پر دم کر کے بخار والے مریض کے کانوں میں ڈال دیں پھر کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں پھر ایک عدد لکھ کر مریض کو صبح دوپہر شام پلائیں تو انشا اللہ ہر قسم کا بخار ختم ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ط

اگر کسی کو فالج لقوہ، ریاح کی تکلیف ہو تو اسے چاہیے کہ قلعی اور تانبہ دونوں ہم وزن لے کر اس کی ایک تھالی بنائے پھر اس کو خوب روح کیوڑہ کے ساتھ دھوئے پھر مندرجہ ذیل آیت مشک گلاب کے عرق میں حل کر کے لکھے پھر تھالی کو دھو کر لقوہ والے کا منہ دھویا جائے اور منہ دھونے کے بعد تھالی میں تین چار گھنٹہ تک نظر رکھے اس طرح تین دن کرے۔ انشا اللہ فالج ریاح والے لقوہ والے تمام مریض شفایاب ہوں گے۔ فالج والے اپنے فالج زدہ حصہ پر پانی ملیں ریاح کی درد جہاں ہو وہاں بھی رگڑیں اور ساتھ پلائیں بھی انشا اللہ مریض شفایاب ہوگا۔ آیت یہ ہے قُدْنَرِی تَقَلُّبَ سے یَعْلَمُوْنَ تک۔ فالج اور لقوہ سے محفوظ رہنے کے لیے اور شیاطین کی شرارت سے بچنے کے لیے جو مندرجہ

ذیل آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے یا پڑھ کر دم کر کے سو جائے تو انشا اللہ فالج لقوہ وغیرہ سے پوری زندگی محفوظ رہے گا۔ آیت سورۃ الاعراف اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ سے لے کر رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ تک ہے۔ یا یہی آیت مُحْسِنِیْن تک پڑھی جائے تو پھر نیند کا غلبہ نہ ہوگا۔

کشائش رزق، علم کیمیاء اور دل کی بیماری کے لیے اعمال

کشائش رزق کے لیے اگر کسی کا رزق تنگ ہو گیا ہو یا مال اسباب میں برکت نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ پارہ سات رکوع سات کی آیت مبارکہ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ سے لے کر ذَاتِ الصُّدُوْرِ تک بعد نماز مغرب گیارہ مرتبہ اپنے وظیفہ میں رکھے ابتدائی جمعہ سے شروع کرے اور چالیس جمعہ تک ہر روز پڑھا کرے۔ انشا اللہ رزق کی تنگی دور ہوگی اور اگر اس کے ساتھ ساتویں سپارہ کی آیت رکوع نمبر 5 سے لے کر شروع کرے اور ہر جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ کاغذ پر لکھ کر نہر یا دریا میں ڈالتا جائے تو انشا اللہ ان کی برکت سے غنی و تونگر ہوگا۔

اگر کوئی دل کا مریض ہو اور دل کمزور ہو گیا ہو تو یہ آیت ہول دل کے لیے نہایت مجرب ہے۔ اس کو لکھ کر اپنے گلے میں رکھے تعویذ عین قلب تک آنا ضروری ہے۔ یا پھر کسی ڈوری کے ساتھ قلب کے اوپر باندھ لیں انشا اللہ دل کی تنگی دور ہوگی مریض شفایاب ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ

اگر حضورؐ پاک کی شفاعت کا مشتاق ہو یا اگر مشکلوں نے گھر میں ڈیرہ ڈال رکھا ہو تو ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھا کرے تو انشا اللہ روز حشر جناب رسول پاک ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی اور دنیا میں ہر طرح کی مشکلات انشا اللہ آسان ہوں گی آیت یہ ہے لَقَدْ جَآءَکُمْ سے لے کر عَرْشِ الْعَظِیْمِ تک پڑھے۔

استقامت قلب کے لیے مندرجہ ذیل آیت ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھیں تو استقامت قلب نصیب ہو آیت یہ ہے فَاسْتَقِمْ کَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَکَ ○ یہ عمل کشف علوم و تسخیر جن و انسان کیلئے مفید ہے۔ جس مہینہ کی پہلی تاریخ کو جمعرات ہو غسل کر کے اس دن روزہ رکھے شام کو جَو کی روٹی سے اور شکر کے ساتھ افطار کرے اور اپنے عام وقت کے مطابق سو رہے جب نصف شب ہو، اٹھ کر وضو کر کے روبقبلہ بیٹھ کر یہ آیتیں 3300 مرتبہ پڑھے پھر کانچ کے

برتن پر مشک و زعفران گلاب عرق سے ان آیتوں کو لکھ کر آب ژالہ سے دھو کر پیئے اور سورہ ہے اس طرح ہی سات روز تک کرے اور آخری دن میں یہ آیتیں 70 مرتبہ پڑھے لیکن یاد رہے کہ مکان میں تنہا ہونا ضروری ہے۔ آخری دن عود بلسان کی دھونی دے کر فارغ ہو کر انہیں پارچات میں سورہے انشا اللہ اُس دن علوم کشف ظاہر ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے۔ آیت یہ ہے وَاِذْقَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ سے اَلْحَكِيْمُ ط

سر درد کیلئے مجرب عمل

یاد رہے کہ جب ہم نے تحفہ انگیلانی جلد اوّل لکھی تو سینکڑوں لوگوں کی طرف سے خطوط موصول ہوئے تھے جو کچھ ہم نے دوسری اشاعت میں کتاب کے ساتھ لگا دیئے تھے اس کے بعد پھر کئی خطوط ملے۔ لوگوں نے ہمارے علم پر بھروسہ کیا اور انشا اللہ کرتے رہیں گے کیونکہ ہم نے جو کچھ لکھا ہے وہ سب سچائی کی بنیاد پر لکھا ہے۔ بعض نام نہاد عامل دنیا کو بٹورنے کیلئے بہت کچھ کر دیتے ہیں۔ ایک مرتبہ ذکر ہے کہ مجھے ملتان میں ضروری کام تھا تو میں نے سوچا کہ ملتان میں جن لوگوں نے تحفہ انگیلانی خریدی ہے کیوں نہ ان سے ملاقات بھی کی جائے۔ میں نے تمام ملتان کے قاری حضرات کو خط لکھ دیئے کہ فلاں جگہ قیام ہوگا لہٰذا اگر ملاقات کرنی ہو تو ضرور ملاقات کر سکتے ہیں۔ خط تو میں نے صرف تین چار عدد لکھے تھے مگر جب وہاں پہنچا تو کم از کم پچاس ساٹھ آدمی جمع تھے تمام نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تمام نے اپنے اپنے نظریات کے مطابق کتاب کے بارے میں پوچھا اس طرح ایک دن مکمل طور پر گزر گیا۔ دوسرے دن ہم نے واپس آنا تھا پھر دوبارہ ہم نے سب سے پوچھا کہ کوئی بات رہ گئی ہو تو دوبارہ پوچھ لیں۔ تمام نے کہا کہ مزید کوئی بات پوچھنے والی نہیں ہے۔ آخر میں ہم نے کہا کہ ہمارا ایک سوال ہے اور وہ تمام لوگوں سے ہے جو موجود ہیں۔ انہوں نے پوچھا کہ کون سا ہے ہم نے کہا کہ میں صرف یہ پوچھتا ہوں کہ ہم آج یہاں کیوں جمع ہیں میرا سوال سن کر تمام لوگ خاموش ہو گئے۔ بہاول پور سے ساجد محمود بھٹکر کہنے لگے کہ مجھے زیادہ تو نہیں صرف یہ علم ہے کہ میرے پاس تقریباً دو سو کتابیں عملیات کی موجود ہیں۔ میں نے ہر کتاب کے مصنف اور کتب خانے والے کو خط لکھے ہیں مگر جواب کسی کا نہیں ملا تھا جب آپ کی کتاب بازار میں آئی تو ہم نے سوچا کہ چلو پہلے کی طرح ایک خط اس کتاب کے مصنف کو لکھتے ہیں جب خط لکھا تو سوچا تھا کہ یہ آدمی بھی دوسرے مصنفوں کی طرح ہمارے ساتھ ہاتھ کرے گا۔ جب آپ نے جواب دیا

تو میرے دل نے سوچا کہ اگر کتابوں میں قرآنی آیات اور خدا رسول کا نام نہ ہوتا تو میں تمام کتابوں کو آگ لگا دیتا (نعوذ باللہ) دوسرا یہ کہ آپ نے کتاب کے ہر صفحہ پر تجربہ کی مہر ثبت کی ہے یہ کتاب کی سچائی ہے کہ ہم آج تمام لوگ اکٹھے بیٹھے ہوئے ہیں۔ لوگوں نے کتاب لکھنے پر دل کھول کر داد دی پھر چند لوگ ایسے ملے کہ انہوں نے کہا کہ حضرت صاحب آپ نے اپنا سینہ چیر کر ہمارے سامنے رکھ دیا ہے تو ہمارے اندر بھی جو کچھ موجود ہے وہ ہم آپ کی نظر کرتے ہیں۔ یہاں پر یہ چند الفاظ لکھنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ کتاب تحفہ انگیلانی جلد اوّل لکھنے کے بعد سینکڑوں لوگوں نے اپنے مجرب عملیات ہمارے سامنے رکھ دیئے کہ ہم فلاں فلاں کام کرتے ہیں اور فلاں فلاں تعویزات سے ہم کام لیتے ہیں۔ لہٰذا ہم یہاں وہ نقوش عملیات لکھتے ہیں جو کہ دوسرے دوست احباب نے ہمیں بھیجے ہیں۔ سب سے پہلے حافظ آباد سے میاں یونس غفاری گگی بھورے والی مکان نمبر 48/22 نے سر درد کیلئے مجرب عمل لکھا ہے آپ لکھتے ہیں کہ اوّل آخر درود شریف ابراہیمی پڑھ کر سورۃ اخلاص اور سورۃ والناس پڑھ کر تین تین مرتبہ دم کریں تو سر درد ختم ہو جاتا ہے جو کہ ان کا ذاتی تجربہ ہے اور بہت مجرب عمل ہے۔

کھانسی ہر قسم، بدن میں ریشہ، ریاح ہر قسم کیلئے

آپ نے لکھ بھیجا ہے کہ میں وَشِفَاء" لِمَا فِی صُدُوْرِکُمْ کو چینی کی پیالی پر زعفران سے لکھ کر مریض کو دیتا ہوں اس سے ہزاروں مریض کھانسی، بدن میں ریشہ، ہوا کا ہونا کہیں بھی خواہ پیٹ میں ہو 14 دن صبح نہار منہ پلائیں تو صحت یاب ہوئے ہیں بہتر تو ہے کہ چودہ چینی کے پیالے لے کر تمام پر ایک مرتبہ لکھ کر دے دیں ہر روز مریض بلاناغہ استعمال کرے تو انشا اللہ صحت یاب ہو جاتا ہے۔

ناف کا ٹل جانا، پیڑو میں درد، کمر درد کا علاج

مزید آپ نے لکھا کہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریضوں کو دیتا ہوں تو انشا اللہ ناف ٹل جاتی ہے۔ پیڑو میں درد، کمر درد کیلئے کمر وغیرہ یا درد والی جگہ باندھا جائے تو آرام آجاتا ہے۔ اس طرح بہت سارے پریشان لوگوں کو میں نے فی سبیل اللہ دیا ہے خدا تعالیٰ نے شفاء بخشی ہے۔ مریض کو اتوار کے دن صبح صبح لکھ کر دیں اور 21 دن تک کمر کے ساتھ رہنے دیں انشا اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا یہ دو نقش ہیں دونوں اکٹھے لکھ کر دیتے ہیں اور اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ نقش لکھتے لکھتے فائدہ کرنا شروع کر دیں گے (مصنف)



۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

استخارہ غوثیہ

تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کی اشاعت اوِل کے بعد جلالپور جٹاں سے ایک صاحبزادی نے کتاب خریدنے کے بعد رابطہ کیا تو انہوں نے ایک استخارہ لکھ بھیجا کہ میں اکثر اس استخارہ سے لوگوں کی مشکلات کا حل کرتی ہوں وہ استخارہ انہوں نے فی سبیل اللہ لکھنے کو کہا اور ساتھ اس کی اجازت بھی عطا کی وہ قارئین کی نظر کرتے ہیں۔ سب سے پہلے حسب توفیق یا کم از کم 21 روپے کی نیاز حضور غوث پاک کے نام پر خدا تعالیٰ کی راہ میں تقسیم کریں پھر فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر پانچ سو مرتبہ "یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیأ اللہ، پڑھیں پھر اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھیں اور دعا نہ مانگیں پھر عشاء کی نماز کے بعد بھی اسی طرح کریں اور شمال کی طرف سر کر کے سو جائیں تین مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دل میں نیت کریں کہ فلاں کام کا کیا بنے گا یا کیا ہوگا پھر کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک مار کر ہاتھ کو سر کے نیچے کان کے ساتھ لگا کر دائیں کان کے نیچے رکھنا ہے لیٹ جائیں اور ساتھ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیأ اللہ پڑھتے رہیں۔ حتیٰ کہ نیند آجائے۔ انشا اللہ خدا تعالیٰ نے چاہا تو پہلی رات کو ہی کوئی بزرگ خواب کی حالت میں ملے گا اور تمام حالت سے آپ کو آگاہ کرے گا۔ آپ کی منشاء کے مطابق تمام حل آپ پر ظاہر ہوجائیں گے اگر خدانخواستہ پہلی رات کچھ نہ معلوم ہو تو پھر مسلسل تین رات تک عمل کریں انشا اللہ حل نظر آجائے گا۔ بااجازت۔

حاضری موکلات

سیالکوٹ سے مزمل حمید نے اپنا نام ارسال کرتے وقت اپنی زندگی کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ہمیں موکلات کی حاضری کا ایک عمل ارسال کیا تھا جو کہ ان کا اپنا ذاتی تجربہ تھا لیکن اس کے بعد پھر میں نے بذات خود یہ عمل کیا تو ناکام رہا تھا

پھر بعد میں وہی عمل ہم نے اپنے ایک خاص مرید ملازم حسین ڈی آئی خان سے کروایا تھا تو صد فی صد کامیابی ہوئی تھی اس کے بعد بندہ نے پھر ایک اور آدمی کو یہ عمل اپنی اجازت کے ساتھ کروایا تھا تو پھر وہ بھی کامیابی سے ہمکنار ہوا تھے۔ ابھی وہ عمل ہم آپ کو پیش کرتے ہیں تاکہ اگر کوئی چاہے تو ہم سے رابطہ کر کے عمل قائم کر سکتا ہے۔ اس کی عام اجازت نہیں ہے کیونکہ یہ عمل خاص سلسلہ والوں کے لیے ہے کسی اور کے کام نہیں آئے گا اس لیے اس کو کرنے کیلئے ملاقات کرنا ضروری ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ پہلے جمعرات کے دن روزہ رکھیں اور پیر والے دن تک مسلسل پانچ روزے رکھیں پھر پیر اور منگل کی درمیانی شب کو رات بارہ بجے غسل کریں اور پاک صاف کپڑے پہنیں خوشبو لگائیں مصلہ پر کھڑے ہو کر پہلے دو نفل تحیۃ الگیلانی الوضو پڑھیں پھر کھڑے ہو کر 41 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں پھر 41 مرتبہ الحمد شریف سورۃ اخلاص پڑھیں پھر 41 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ بعد میں یااللہ چار ہزار چار سو انچاس بار پڑھیں اس طرح ہی اکیس دن پورے کریں۔ اجازت ضروری ہے لیکن پرہیز جلالی جمالی کوئی نہیں ہے۔ اگر آپ شادی شدہ ہیں تو پھر بہتر تو ہے کہ پرہیز کریں اگر نہیں ہوسکتا تو پھر پہلے منزل کر لیں بعد میں ہمبستری کریں اوّل تو سات دن کے اندر اندر ایک روحانی شخصیت حاضر ہوئے گی۔ آپ کے پاس بیٹھ جائے گی بعد میں آہستہ آہستہ آپ سے گفتگو کی کوشش کریں گے۔ لیکن ذرا جتنا بھی خوف نہیں کرنا اس روحانی نورانی شخصیت کی داڑھی مبارک سفید ہوگی اور زلفیں رکھی ہوں گی ہاتھ میں ننگی تلوار ہوگی پہلے دن جب وہ آئیں گے تو خاموش ہو کر آپ کے پاس بیٹھ جائیں گے بعد میں جب دوسرے دن آئیں تو آپ کو چاہیے کہ کھڑے ہو کر ان کا استقبال کریں لیکن پڑھتے رہیں صرف کھڑے ہو کر باادب تھوڑا سا جھک جائیں سلام کا جواب بھی صرف اشارہ کے ساتھ دیں۔ یہ آپ کی قسمت ہے کہ پہلے سات دن میں حاضر ہوجائے یا آخری دنوں میں حاضر ہوں۔ جب وہ آپ کے ساتھ گفتگو کریں تو ان کو اشارہ دیں کہ میں منزل کر کے آپ کے ساتھ گفتگو کروں گا اگر وہ انتظار کریں تو ٹھیک ورنہ چلے جائیں گے جس دن وہ آرام کے ساتھ بیٹھ جائیں تو آپ اپنی منزل ختم کر کے باادب کھڑے رہیں جب وہ آرام کے ساتھ بیٹھنے کو کہیں تو بیٹھ جائیں پھر ان کے ساتھ عاجزی کے ساتھ گفتگو کریں اور اپنا مقصد بیان کریں۔ پہلے تو یہ کہیں کہ مجھے حاضری دی جائے اگر وہ مان جائیں تو بہت اچھا ہے نہیں تو جو آپ کا مقصد ہے وہ بیان کریں اگر کاروبار یا روزی کا مسئلہ ہے تو ہر پیر کے دن روزہ رکھیں اور رات کو چار ہزار چار سو انچاس مرتبہ

پڑھیں پھر صبح کی نماز کے بعد 66 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد 66 مرتبہ اپنا معمول بنالیں تو انشا اللہ آپ کو وہاں سے روزی ملے گی جہاں سے آپ کو گمان بھی نہ ہوگا۔ جب آپ کو معمول کے مطابق روزینہ ملنے لگے تو پھر پیسے جمع نہیں کرنے ہیں صبح سے شام تک اپنا خرچہ کریں جو بچ جائے وہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچہ کرنا شروع کر دیں لنگر جاری رکھیں انشا اللہ چند ماہ بعد لنگر زیادہ ہوتا جائے گا اور آپ کی ضروریات بھی پورا ہوں گی اور گیارہویں کا خاص خیال رکھیں۔

ہر مرض کیلئے یونانی، ہومیو پیتھک علاج
علم نجوم، نفسیاتی مسائل، پامسٹری
عملیات، تعویذات، روحانی مسائل
تصوف، آسیبی مسائل نیز ہر طرح کے مسائل کیلئے

مفت

مشورہ حاصل کریں
نیز ادویات کے علاوہ ہر کام فری کیا جاتا ہے
رابطہ کیلئے: رات 9 بجے تا صبح سات بجے تک فون 861317
دن صبح نو بجے تا شام پانچ بجے تک فون 890017
کوڈ نمبر 04449 یا بذریعہ خط و کتابت

آستانہ عالیہ گیلانی قادری 2½ کلومیٹر حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ
الحسنین گیلانی کلینک حجرہ روڈ چورستہ میاں خان بصیر پور اوکاڑہ

مجربات بزم پُوری

جیسا کہ ہم نے پہلے بھی ذکر کیا ہے کہ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل لکھنے کے بعد لوگوں نے ہمارے سامنے اپنے اپنے مجربات رکھ دیئے تھے ان میں سے چند ایک ہم نے پہلے درج کر دیئے ہیں مزید کتاب لکھنے کے دوران اگر کسی صاحب نے مزید اپنے مجربات پیش کیئے تو ہم وہ بھی لوگوں کے سامنے پیش کریں گے، تحفۃ الگیلانی کی اشاعت کے بعد سینکڑوں عامل حضرت کے ساتھ واسطہ ہوا تھا مگر چند ایک کو ہم نے ٹھیک پایا تھا ان میں سے نائب صوبیدار عبدالرحیم بزم پوری سے بھی واسطہ پڑا تھا آپ فوج میں ڈیوٹی دینے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے ساتھ روحانی تعلقات رکھتے ہیں ان کی تعریف میں جتنا بھی لکھا جائے وہ بہت کم ہے کیونکہ ایک سرکاری ڈیوٹی اور پھر فی سبیل اللہ مخلوق کی خدمت کرنا بہت مشکل کام ہے لیکن یہ کام بزم پوری انجام دے رہے ہیں۔ یہاں ہم ان کے مجربات لوگوں کی نذر کرتے ہیں لیکن اس سے پہلے بزم پوری کا تھوڑا سا تعارف ضروری ہے۔ یاد رہے کہ تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں ہم نے مجربات سجاد کے نام پر ایک باب لکھا تھا اب ہم مجربات بزم پوری کے مجربات لکھ رہے ہیں۔ 12 جون 1963ء کی بات ہے کہ ایک روحانی گھرانے میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ آپ کے والد ماجد بھی شیخ الحدیث تھے آپ نے اپنے ہی گاؤں میں ایک مدرسہ بنایا ہوا تھا جہاں پر عبدالرحیم بزم پوری نے تعلیم حاصل کی تھی اور اپنا بچپن اسی مدرسہ سے منسلک رکھا۔ پرائمری سکول تک اپنے گاؤں میں ہی تعلیم حاصل کی میٹرک کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے حضرت جناب محمد ابراہیم فاروقی کے ساتھ شاگردی کی اور وہاں روحانیت کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ پھر آپ 25 اپریل 1981 کو فوج میں بھرتی ہوگئے وہاں ہی آپ نے ایف اے کی تعلیم حاصل کی۔ فوج کی سروس کے دوران ہی آپ نے حاجی ہونے کی سعادت حاصل کی اور تین سال تک تبوک میں فوجی ڈیوٹی انجام دیتے رہے۔ آپ کو حضرت ابراہیم فاروقی کے ساتھ ساتھ حضرت حاجی شاہ سردارؒ مجکہ شریف سے روحانی فیض حاصل ہوتا رہا ہے اور صوفی غلام نبی صاحب سلسلہ قادری سروری حضرت سلطان باہوؒ کے ساتھ کافی ساری ملاقاتیں ہوئیں۔ حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی بمقام کوٹ لکھنا نہ والے سے بھی آپ کے کافی مراسم تھے۔ آپ مجربات بزم پوری کے نام سے ایک عملیات کی کتاب کی تیاری کر رہے ہیں لیکن عدم توجہ اور وقت کی کم یابی کی وجہ سے ابھی مکمل طور پر لکھ نہیں پائے۔ ہماری ان

کے ساتھ کافی ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ وہ اپنی کتاب مجربات بزم پوری کے پیش الفاظ میں لکھتے ہیں کہ ''ہر طرح کی حمد و ثناء اس خدا تعالیٰ کیلئے ہے جس نے ہمیں انسان بنایا اور اس خطہ ارض کو اپنی مخلوق سے آباد کیا۔ پھر لاکھ لاکھ اس کا احسان ہے کہ اس نے ہمیں خادم رسولؐ اللہ بنایا اور بے حد درود و سلام اس نبی کریم ﷺ پر جسے اللہ نے اپنا محبوب بنایا اور اس نبی برحق نے دین کا بول بالا کیا۔

آج ہمیں بھی فخر ہے کہ ہم اُمت مصطفیٰ ﷺ میں سے ہیں اور نبی کریم ﷺ کا صدقہ ہے کہ بندہ ناچیز کو چند چیزیں پیش کرنے کی سعادت نصیب ہوئی جو چیزیں میں تحریر کر رہا ہوں وہ مجھے اپنے اُستاد مکرم حافظ حاذق محمد ابراہیم فاروقی نے عطا کیں ہیں۔ یہ تمام اعمال، تعویذات انہوں نے اپنے مجربات میں سے مجھے عطا کئے ہیں جو بھی کلام انہوں نے عطا کیا ہے وہ آج تک مجھے کہیں بھی منظر عام پر نظر نہیں آئے ہیں ہوسکتا ہے کہ کسی کتاب میں ہوں بھی لیکن میں یہ کہوں گا کہ یہ ان کے سینہ کی پیدائش ہیں جو کہ انہوں نے صرف میرے پر ظاہر کی ہیں۔ یہ تمام چیزیں میں نے اپنے استاد مکرم کے تجربات سے لی ہیں۔ جو صاحب علم ان اعمال تعویذات سے فائدہ اٹھائے تو میرے استاد مکرم کے حق میں دعائے خیر کرے۔ اگر کسی صاحب کو ان اعمال میں کوئی شک نظر آئے تو وہ بلا روک ٹوک مجھ سے رابطہ قائم کر سکتا ہے پتہ مندرجہ ذیل ہے۔

حاجی عبدالرحیم بزم پوری چک نمبر 182 گاڈی والا ڈاکخانہ اڈا ہسپتال موچی والا تحصیل و ضلع جھنگ فون نمبر 642063,642064۔

آگے لکھتے ہیں ! قارئین کرام ہم یہی سمجھتے ہیں کہ اس کلام میں اثر نہیں ہے یہ کہنا بالکل جہالت اور گمراہی ہے کسی بھی عمل یا وظیفہ کو پڑھنے کیلئے اپنی زبان کو پڑھنے کے قابل بنائیں۔ کبھی بھی کوئی عمل و وظیفہ غلط ثابت نہیں ہوگا لیکن ہم اس پر پورا اترنے کی کوشش نہیں کرتے ہاں ! عملیات کے قواعد و ضوابط کو بھی سامنے رکھیں اور کسی عامل کامل کی اجازت شرط ہے۔

آپ مزید لکھتے ہیں کہ قبل ازیں میں کوئی اور بات لکھوں میں مناسب سمجھتا ہوں جو مجھے میرے اُستاد محترم نے بتائی قارئین کو بتاؤں کوئی بھی عمل یا وظیفہ کرنے سے صاحب عمل کی اجازت ضروری ہے۔ آپ مصلّٰی جو محراب دار ہو بچھا کر یہ کہا جائے۔

''یا صاحب دعوت شیخ داؤد بن سبز پوش حسن الامام المغرب اس وظیفہ یا تعویذ یا کلام کیلئے تیری بیعت کرتا ہوں قبول فرما کر اجازت دے دیں تین مرتبہ کہیں عاجزی سے

کہیں تا کہ قبول ہو جائے۔

قارئین یہ تھیں عبدالرحیم بزم پوری کی بیاض بزم پوری سے اقتباسات جو کہ ہم نے تحریر کئے ہیں یاد رہے کہ بزم پوری مجربات ابھی تک مارکیٹ میں آنے کا کوئی امکان نہیں ہے یہ صرف ہم نے ان سے بہت مشکل کے ساتھ نوٹ کیں ہیں وہ یہ نہیں چاہتے ہیں کہ دنیا میں کچھ نام پیدا ہو۔ آخر میں ہماری دعا ہے کہ تحفۃ الگیلانی جلد دوئم اور مجربات بزم پوری کے عامل حضرات کو خدا تعالیٰ مزید نیک اور صالح اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور کار خیر حاصل کرنے کی توفیق دے۔ آمین ثم آمین۔

فقط احقر العباد

خادم الفقراء مصنف تحفۃ الگیلانی

اب آتے ہیں مجربات بزم پوری کے صدری نسخہ جات کی طرف ہمیں امید ہے کہ لوگ جائز طور پر مخلوق خدا کو فائدہ دینے کیلئے ہمہ تن گوش رہیں گے۔ اس سے پہلے کہ مجربات بزم پوری لکھوں صرف یہاں ایک عرض ہے کہ بعض احباب عامل تو بن گئے ہیں مگر ابھی تک ان کو یہ اکثر نہیں پتہ کہ نقوش کی اقسام کتنی ہوتی ہیں اور ان کا استعمال کیا ہے اور ایسے ہی نام نہاد اُستاد حضرات ہوتے ہیں کہ مکمل طور پر اپنے شاگرد کو سمجھا نہیں سکتے ہیں مگر یہاں صرف میں یہ کہنا چاہوں گا کہ حضرت سلطان باہوؒ اپنے ابیات باہو میں فرماتے ہیں کہ۔

''باہج علم جو کرے فقری کافر مرے دیوانہ ہو''

یہاں صرف اشارہ ہی کافی ہے ہم یہاں آنے والے نئے عامل حضرات کے لیے نقوش کی اقسام بزم پوری مجربات سے لکھتے ہیں تا کہ ہر عام خاص کو پتہ آسانی کے ساتھ چل جائے۔

اقسام تعویذات

جیسا کہ ہم نے پہلے بھی لکھا ہے کہ زندگی انسان میں چار اشیاء مشترک ہیں ان چار اشیاء کے ساتھ مل کر زندگی ظہور پذیر ہوئی ہے۔ یہاں پر بزمی صاحب بھی لکھتے ہیں کہ زندگی کیا ہے؟ اربعہ عناصر سے مل کر زندگی انسان کی تخلیق کی گئی ہے۔ اربعہ عناصر آگ، پانی، مٹی اور ہوا ہیں ایسے ہی اثرات تعویذات میں بھی یہی اصول ہیں۔ تعویذات بھی چار قسم کے ہوتے ہیں۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی۔ ان میں کسی ایک کو ترک کر دینے سے اپنے

مقصد میں کامیابی حاصل نہیں کر سکتے ضبط تحریر میں ان کی وضاحت ضروری ہے۔

تعویذ آتشی

بعض عامل حضرات کا فرمان ہے کہ جب آپ آتشی چال کا نقش رکھیں تو آپ کا منہ مشرق کی طرف ہو۔ ایک زانو بیٹھیں اور قریب چولہے یا سورج کی حرارت سے مدد لیں پھر تعویذ لکھیں اور آتشی نقش کو زیر آتش دان کے رکھنے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن مصنف ہذا نے ابھی تک نقش سمت کے مطابق یا بخور وغیرہ کے مطابق نہیں لکھے ہیں۔

تعویذ بادی

بعض عامل حضرات فرماتے ہیں کہ بادی نقش لکھتے وقت آپ کا منہ مغرب کی طرف ہو اور اونچے مقام پر بیٹھ کر لکھیں۔ جہاں ہوا کا گزر ہو۔ بادی نقش اکثر اوقات پلانے کے کام آتے ہیں۔

تعویذ آبی

جب آبی تعویذ لکھیں تو منہ شمال کی جانب ہو۔ حوض یا دریا کے کنارے بیٹھ کر نقش لکھے جاتے ہیں۔ یا پھر پانی میں کھڑے ہو کر نقش لکھے جاتے ہیں یہ نقش پلائے بھی جاتے ہیں اور وزن کے نیچے رکھے جاتے ہیں گلے میں باندھے بھی جاتے ہیں۔ آبی نقوش اکثر اوقات مریض کو پلانے کیلئے زیادہ کام آتے ہیں۔

تعویذ خاکی

بعض عامل حضرات کہتے ہیں کہ خاکی نقوش لکھتے وقت چار چیزوں کا خیال رکھیں منہ جانب جنوب ہو۔ مکان خالی ہو۔ خوشبو جلتی ہو۔ زمین پر بیٹھ کر زانو اختیار کریں۔ تعویذ لکھنے سے پہلے وضو کریں۔ بدن پر خوشبو لگائیں بزمی صاحب اپنی بیاض میں لکھتے ہیں کہ اگر نقش کوئی بھی لکھتے وقت یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ یَاوَکِیلُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں تو رجعت نہیں آتی ہے (واللہ علم) درمیان نقوش تحریر کرتے کسی سے کلام نہ کریں۔ غیر عورت کا سایہ نہ پڑے محبت کیلئے میٹھی چیزیں منہ میں رکھیں عداوت کیلئے کڑوی چیز منہ میں رکھنا مفید ہے اور ساعت کا خیال بہت ضروری ہے لیکن مصنف ہذا نے ابھی تک یہ کوئی بھی نہیں کیا ہے۔

1- ''حصار مجرب''

بزمی صاحب اپنی بیاض میں لکھتے ہیں کہ حصار کو ضرور پڑھیں یا روزانہ اس کا ورد کرنا جادو ٹونہ، جن بھوت وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ اوّل آخر درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھیں درمیان میں 100 مرتبہ پڑھیں اپنے اوپر دائیں بائیں اور پورے جسم پر پھونک ماریں اگر کوئی عامل اس حصار کو روزانہ پڑھا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کوئی بھی طاقت اس کا علم سلب نہ کر سکے گی اس کو بندہ نے بااجازت تحریر فرمایا ہے اور اجازت عام ہے۔ حصار یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آیت الکرسی وچہ قرآن آپ چلے تو رحمان۔ ہلکے ہلکے سات آسمان۔ ساتوں کیلئے ایک درمیان۔ پاؤں رکھے جبرائیل علیہ السلام دھڑ رکھے سبحان، وجود موجود، بارگاہ رسول چلا کرے۔ چھلاوہ کرے جادو کرے جو دو کرے سو سو مرے اُلٹ پھر کر اسی کا اسی پر پڑے سب ملے محمد مصطفیٰ ناپے بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ یاد رکھے کہ ہر مرتبہ بسم اللہ شریف ساتھ ضرور پڑھیں اس سے ہر قسم کا جادو ٹونہ آسیبی اثر ختم ہوگا۔

2- عمل حاضرات

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوجائے یا کوئی بچہ وغیرہ گم ہوگیا ہو یا گھر میں کاروبار میں جنات وغیرہ کا اثر معلوم ہو یا جادو ٹونہ کا اثر ہو تو چاہیے کہ مندرجہ ذیل عمل سے خود ہی کام لیں آپ کو سب کچھ معلوم ہوجائے گا۔ دس سال سے کم عمر بچہ جس نے کوئی شیطانی کام نہ کیا ہو اس کے ہاتھ کے دائیں انگوٹھا پر روشنائی لگا کر گہری خشک کر کے اوپر سرسوں کا تیل لگائے اور بچے کو سامنے بٹھائے اور مندرجہ ذیل کلام الٰہی سات بار پڑھے اور بچے کے اوپر دم کرے بہتر ہے کہ تیل کو بھی دم کر کے پہلے سے رکھ لے بچے کو کہیں انگوٹھے پر دیکھتا رہے جب کوئی چیز نظر آئے تو دریافت کرے۔ سب سے پہلے خاکروب کو حاضر کرو۔ جب بچہ بولے کہ خاکروب آگیا ہے تو پھر بچہ کو بولیں کہ ماشکی آجائے پھر کہو کہ بادشاہ آجائے۔ جب بادشاہ آجائے تو آپ بچہ سے پوچھیں کہ بادشاہ سلامت میرا فلاں کام ہے بتائیں کیا بنے گا یا کیا ہوگا؟ چوری کا سامان دیکھنا ہو کہاں پڑا ہے۔ یا مفرور کے بارے پوچھنا ہو تو پوچھیں۔ انشاء اللہ درست جواب ملے گا۔ پاس اگر بتی یا خوشبو، پھول وغیرہ رکھیں۔ باقی شرط یہ ہے کہ آسمان پر بادل نہ ہوں۔ لوہا پاس نہ ہو جگہ پاک صاف ہو، زوال کا وقت نہ ہو آزما کر دیکھیں کسی صاحب عقل سے پوچھیں باقی اجازت ضروری ہے اپنے استاد سے

اجازت لیں یا رابطہ قائم کریں انشاء اللہ تعالیٰ حاضرات کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس، ملک الناس تا آخر تک پڑھیں پھر من الجنۃ والناس، تین بار پڑھیں پھر بعد میں الجن والانس علی صراط مستقیم۔ تجدا تجدا دالا دالا ذالا ذالا ثم عیثمرین سلیمان بن داؤد علیہما السلام، بحق یا جبرائیل بحق یا میکائیل، بحق یا اسرائیل بحق یا عزرائیل قل ھو اللہ احد یا جبرائیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد ولم یلد یااسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد یا عزرائیل از طرف بادشاہ خواہ بادشاہی، مشرق و مغرب شمال و جنوب حاضر شو، حاضر شود، حاضر شو بادشاہ مشرق و مغرب شمال و جنوب حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من الظالمین۔

پہلے اکتالیس دن روزانہ ایک سو مرتبہ بعد نماز فجر پڑھتے رہیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

3- جنات والے مریض کی حاضری

اگر کسی آدمی کو جنات کا سایہ ہوجائے تو عامل کو چاہیے کہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل عمل اکتالیس دن روزانہ ایک سو پچاس مرتبہ نماز عشاء عام حالت میں پڑھا کرے اکتالیس دن کے بعد عمل کام میں لائے عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم قل ھو اللہ احد یا جبرائیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد ولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد یا عزرائیل، عزّمتُ عَلَیکم وَاُقسمتُ عَلَیکُم یَامَعشَرَالجنِّ وَالانسِ وَالرُّوحِ بِحقِّ سلیمان بن داؤد علیہما السلام یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل بحق یابدوح جن بھوت دیو پری چڑیل مسان کفتار جو کچھ بھی ہے جس مقام پر ہے سب حاضر ہو (فلاں بن فلاں) دے وجود دیوج حاضر ہوجاؤ اور مکمل سرایت کر جاؤ شاباش سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک مکمل حاضر ہوجاؤ (فلاں بن فلاں کی جگہ مریض کا نام لیں) سب سے پہلے صرف عربی عبارت تک پڑھنا ہے جب حاضری کرنا ہو تو پھر دوسری عبارت ساتھ پڑھنی ہے۔ عمل جب مکمل ہوجائے تو پھر گلاب کا عطر لیں یا چنبیلی کا عطر لیں اس پر سات مرتبہ عمل پڑھ کر پھونک ماریں اور ساتھ دم بھی کریں۔ پھر روئی پاکیزہ لے کر مریض کے چہرہ پر ملیں اس طرح سات سات بار تین مرتبہ پڑھیں اور روئی پر بھی دم کریں روئی خالی چہرہ پر پھیریں پھر عطر کے ساتھ روئی بھگو کر ماتھے پر کراس (x) کا نشان لگائیں پھر ناک کے اوپر لگائیں پھر ناک کے نتھنے کے اندر بھی

لگائیں پھر مذکورہ حاضری تین مرتبہ پڑھیں آسیب حاضر ہوگا اس کے بعد مریض اگر عورت ہے تو اس کے بالوں کو گانٹھ دے دیں اگر مرد ہے تو پھر دائیں ہاتھ کی چھنگلی پکڑ لیں مریض سے پوچھیں کہ تو کون ہے۔ اگر جن بھوت ہوگا تو اپنا نام بتائے گا۔ پھر وجہ پوچھیں کہ کیوں پکڑا ہے۔ پھر کہیں کہ آرام سے چھوڑ دے۔ ورنہ ہم تیرا نقصان کریں گے اور ساتھ کوئی ہلکی سزا بھی دیں۔ اگر چھوڑیں تو پھر قسم لے کر رہا کریں مسلمان کیلئے حضورؐ پاک یا قرآن پاک، حضرت سلیمان یا حضور غوث پاک کی قسم لیں اگر ہندو کیلئے ہے تو پھر وہ دیوی یا کتاب پوتھی سکھ کیلئے گورونانک یا گرنتھ، عیسائی کیلئے عیسیٰ علیہ السلام یا انجیل کی شیعہ کیلئے حضرت عباس علمدار کی پھر نشانی دے کر جائے اس کو کہو فلاں درخت کا تنا توڑ دے یا کوئی ایسی نشانی بناؤ جو کہ آپ کو نظر آئے پھر چلا جائے لیکن بعض مرتبہ آج کل عام رواج ہے کہ بعض نوجوان لڑکے لڑکیاں عشق کے مرض میں مبتلا ہوتے ہیں جن کو اکثر جن پڑ جاتے ہیں یہ معلوم کرنے کیلئے کہ واقعی جن ہے یا فریب ہے۔ لال مرچ لے کر اس کی دھونی دے اگر چھینک آئے تو فریب ہے ورنہ سایہ جن ہوگا اگر جن ہے تو پھر عمل کے ذریعہ نکال دیں پھر جسم میں دردیں وغیرہ باقی رہ جائیں گی اثر مکمل ختم نہ ہوگا۔ پھر یہ دھونی دیں نیلے کپڑے یا نیلے دھاگے میں دھونی کو لپیٹ لیں پھر دھونی دیں۔ دھونی یہ ہے۔ ابلیس نمرود فرعون ہامان قارون دقیانوس ابوجہل ابولہب عقبہ شیبہ علیہم اللعنۃ۔

4- جن کو تکلیف دینا

مریض کی تصویر زمین پر بنائیں مندرجہ ذیل کلام پڑھ کر تعویذ پر دم کریں۔ آدمیوں کو کہیں کہ باری باری تصویر پر جوتے ماریں تو جن کو تکلیف شروع ہوجائے گی۔ جوتے مارنے سے پہلے تمام کو حصار کریں۔ عامل کو چاہیے کہ قصیدہ غوثیہ کا ورد ضرور رکھے تکلیف دینے کیلئے مندرجہ ذیل عبارت پڑھے۔ سپارہ نمبر 1 رکوع نمبر 3 اعراب لگا کر درست کر لیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یُضِل بہٖ کثیرًا ویھدی بہ کثیرًا وَما یُضَل بہ اِلا الفاسقین الذین یَنقضون عھداللّٰہ مِن بعدِ میثاقِہٖ وَیقطعون مااَمراللّٰہ بہٖ اِن یوصل وَیَفسدون فِی الارض اولئک ہم الخاسرون○ مذکورہ حاضر بعد نماز فجر 41 مرتبہ روزانہ پڑھیں اور 41 دن پڑھیں عمل مجرب ہوجائے گا۔ پیرومرشد اُستاد کا ہونا ضروری ہے۔

5- دشمن کو چوٹ لگانا

اگر کوئی آدمی جان بوجھ کر یا کسی ذاتی انا کی وجہ سے تنگ کرتا ہے تو دشمن کے ہاتھوں مجبور ہو کر پھر آپ یہ کام کر سکتے ہیں انتباہ رہے یعنی کہ کسی کو چھیڑنے کے لئے کریں ایک مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھیں اور دشمن کے کاروبار یا گھر میں ایک ایک ماریں جس کو بند کرنا مقصود ہو جہاں فلانی شے لکھا ہے وہاں اس چیز کا نام لیں جسے بند کرنا مقصود ہے اگر کھانا ہو تو پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونک ماریں یا پانی پر دم کر کے چھڑکاؤ کریں یاد رہے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ پہلے نمبر پر 41 دن تک ہر روز بعد نماز فجر پڑھتے رہیں تاکہ ذکوٰۃ ادا ہوجائے پھر عمل کو کام میں لائیں۔ لیکن اُستاد کرنے والے کو اجازت لینی ہے۔ اگر وہ کرے تو پھر خود ذمہ ہوگا عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم○ آیۃ الکرسی، آیت القرآن لوے دی کنجیاں تراے دا کوٹ یا محمد تیری امت حضرت بی بی فاطمہ حضرت علی شیر حضرت محمد مصطفیٰ لے کے آون زیر، پھرے پھرے کام اللہ دی پھرے فلانی شے دیوے ڈے ڈے ڈے ڈیگر تڑے کڑا دہ مجھے برکت سیو کبیر دی ناں کم ہوے۔ اللہ تے اللہ دا رسول کرے۔

6- بستن ہمہ کارن

اگر کسی کو باری کا بخار ہوتا ہو یا عام بخار ہوتا ہو یا کوئی بھی چیز باندھنا مقصود ہو تو چاہیے کہ پہلے اس عمل کو 41 دن کے لیے ہر روز بعد نماز فجر 41 بار پڑھیں پھر عمل کو کام میں لائیں لیکن استاد کی اجازت ضروری ہے۔ پھر عمل کام میں لائیں۔ اگر کوئی کاروبار بند کرنا مقصود ہو تو پھر چورستے کی مٹی قبر کی مٹی دونوں کو ملا کر 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بند کرنے والی جگہ پر ڈال دیں تو بند ہوجائے گی مگر ناجائز کرنا حرام ہے اور شرکی جرم ہے۔ بخار وغیرہ کیلئے پانی پر دم کر کے مریض کو دیں صبح شام پئیں انشاء اللہ باری کا بخار بند ہوجائے گا عمل یہ ہے۔ سوئی ہناں سار ہناں ستے اتوار ہناں چک تے کمیار ہناں ارن تے لوہار ہناں آگ دا ابھار ہناں سوئی میری بجنی دھاگہ ویراس دھروئی سلیمان پیغمبر دی بھج وجیں خاص جلتی ہناں بلتی ہناں ہناں آگن کڑاہی۔ چوؤں گلیاں دا کوڑا ہناں ہناں شاہ پرشاہی۔ آگن صاحب دا گڈوا آیا برکت پیر دستگیر دی نال بلدی آگ بجھائیں قلنا یا نارا کوئی بڑا وسلاماً علی ابراہیم پھرے منتر ایسر مہا دیوی تیریاں واچیاں پھرن۔ کم سوئی جو کرے اُستاد اللہ محمد رسول اللہ کرے۔

7- نکاح باندھنا

اگر کسی لڑکی سے شادی کا ارادہ ہو یا کسی کی منگنی ہوگئی ہو تو پھر لڑکی والے مکر جائیں تو پھر نکاح باندھا جاتا ہے مگر ناجائز کرنا حرام ہے اور خود ذمہ دار ہوں گے۔ در ساعت عطارد پہلی ساعت میں زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر قبرستان میں دفن کریں پھر آپ کے علاوہ کسی کے ساتھ نکاح نہ ہوگا عمل یہ ہے، اُستاد کی اجازت ضروری ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم انا جعلنا من بین ایدھم سدًا ومن خلفِھم سدًا فاغشینھم فھم لا یُبصیرون اولئیک الذین طبع اللہِ علی قلوبھم وسمعھم وأبصارھم ولھم عذاب الیم الفالون بستم نکاح فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

نیکی یہ ہے جب نیکی کرو تو دل
خوشی کے آنسو روئے پھر اس کا اجر
ملے گا۔ (منصف)

سانپ کے کاٹے کا عمل

اگر کسی کو سانپ ڈس جائے تو یہ عمل بہت مجرب ہے۔ پہلے اس کی زکوۃ ادا کریں زکوۃ صرف یہ ہے کہ اُستاد سے اجازت لے کر فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ پڑھ لیا کریں 41 دن پڑھیں اس دوران ناغہ ہونے نہ پائے پھر آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ سجو بھارا یا منج کی رسی یعنی کہ بان لے کر پانچ گرہ دیں ہر گرہ پر ایک دفعہ یہ عمل پڑھیں اور پانچ ہی گرہ دیں انشاء اللہ زہر نہیں چڑھے گا یا پھر درود ابراہیمی پڑھتے جائیں اور پھونک لگا لگا کر ہاتھ اوپر پھیر کر جھاڑتے جائیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا مجرب ہے (آزمودہ مصنف) عمل یہ ہے یاد رہے کہ بسم اللہ شریف ہر مرتبہ ساتھ پڑھنا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اُچا پیل جھاٹلا زیر بیٹھی چھاں۔ مائی واچھلاں بیٹا جایا دھریوں گوگاناں۔ زیادتی آون زیادتی گھن گگے داناں، وٹو پیر پیر گگے دا۔ دھاگا مویا بلد اٹھیوے اٹھ کے بہنی گھوڑے کی چال۔ مت آویں سامنے مت رنجانے بال جھڑے جھڑے دیں اُتاں نہ چڑھے۔ بدھی سیدی سلطان احمد کبیر کے کٹرے پنڈوئیں چھوڑے تے دھرتی ورے۔

9- دم بچھو

جب کسی کو بچھو کاٹ لے یا کوئی آکر بتائے کہ فلاں شخص کو بچھو نے کاٹ لیا ہے تو اس کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہے اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور گیارہ مرتبہ دم پڑھیں اگر کوئی قاصد پیغام لے کر آیا ہے تو پانی پر دم کر کے اس کو پلائیں انشاء اللہ درد بھی ختم ہوگا اور زہر بھی اُتر جائے گا۔ جس کو کاٹ لیا ہے اس کو پانی نہیں پلانا کسی دوسرے کو پلانا ہے بے شک مریض پاس کیوں نہ ہو آزمائش شرط ہے۔ اوّل اس کی زکوۃ عام زکوۃ کی طرح ادا کریں پھر عمل کام میں لائیں عمل یہ ہے۔ آگے سمری پیچھے سمری۔ دیکھو کل کی بھاہ۔ بچھو الڑیا اور پانی اور پلا۔ اس کا ساتھ صرف ایک دفعہ بسم اللہ شریف پڑھنا ضروری ہے پھر نہیں پڑھنا ہے اور زکوۃ کے لیے اجازت ضروری ہے خواہ جن سے مرضی لیں۔

10- ہر قسم کا میدان باندھنا

اگر کوئی میدان باندھنا مقصود ہو تو پہلے سات دن نماز پنجگانہ کے بعد ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں پھر کام میں لائیں۔ کبڈی، پڑکو ڈی، کشتی والی بال، فٹ بال کرکٹ خواہ کوئی بھی میدان ہو تو میدان کی مٹی لے کر یا کھلاڑیوں کے پاؤں کی مٹی اٹھا کر سات مرتبہ ذیل کا عمل پڑھیں اور مٹی میدان سے باہر پھینک دیں تاکہ بے ادبی نہ ہو میدان بند ہو جائے گا۔ اگر کھولنا مقصود ہو تو باہر کی مٹی اٹھا کر کھولنے والا دم پڑھ کر مٹی میدان میں ڈالیں میدان کھل جائے گا۔ باندھنے والا عمل حِبُّو حَبَ کَحُبِ اللہ وَالَّذِیْن تُوحِ حَبَ کھولنے والا عمل۔ شیر خدا تو ہیں زبر مشکل میری حل کر تو ہیں سرپسر۔

11- مویشی کے کیڑے مارنے کا عمل

اگر کسی مویشی کو کیڑے پڑ جائیں تو یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ بعد نماز مغرب اس جانور کی طرف منہ کر کے جس کو کیڑے موجود ہوں 41 مرتبہ پڑھیں اور تصور میں پھونک ماریں انشاء اللہ کیڑے ختم ہو جائیں گے۔ اکثر گرمیوں کے موسم میں جانوروں کو کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ فلاں چیز، فلاں رنگ، فلاں کی، اگر میری بکری کو کیڑے ہیں بکری کا رنگ سفید ہے تو اس طرح کہیں۔ بکری سفید رنگ بزم کی کیڑے چگ لے۔ انشاء اللہ کیڑے ختم ہو جائیں گے صرف تین دن کرنا ہے۔ عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمندر کھاری

تے سمندر کھارا اُتے پارس کنکڑا اگر پارس کنکڑ ہیں تاں فلاں چیز فلاں رنگ فلاں کی کیڑے چگ لے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

12- دانت درد کیلئے

دانت درد والے مریض کو سامنے بیٹھا کر اس کو کہیں کہ درد والے دانت کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے پکڑے اور رومال یا چادر کا کونہ پکڑ کر بٹ چڑھائیں یعنی کہ بل چڑھائیں اور سورۃ کوثر بمعہ تسمیہ تین مرتبہ پڑھیں اور پھونک لگائیں اور بل مریض کے منہ کے سامنے کھولیں اور اسے کہیں تھوک دو درد جب تک نہ ختم ہو کرتے جائیں انشاء اللہ تین چار مرتبہ کرنے سے آرام آجائے گا۔ مجرب ہے اور لِيُعَذِّبَهُم مقام ماؤف پر سانس بند کر کے چار مرتبہ پڑھیں پھر پھونک ماریں انشاءَ اللہ جس بھی قسم کا درد ہوگا آرام آجائے گا صرف دیکھیں یہ کہ چھوٹے چھوٹے الفاظ میں خدا تعالیٰ نے کیا طاقت رکھ چھوڑی ہے اور دعا کریں جس مریض کو آرام آجائے تو گیارہ روپے ہدیہ مریض سے لیں پانچ خود رکھیں اور چھ حضور غوث پاک کے نام پر خدا کی راہ میں خیرات کریں خواہ ہر روز کر دیا کریں یا ایک ہفتہ بعد یا ایک ماہ بعد خیرات کر دیا کریں۔

13- کان ناک چھیدنے کا عمل

اگر کسی بچی یا بچے کا ناک کان چھیدنا مقصود ہو یا شعبدہ بازی کرنی ہو تو جسم میں سے سوئی گزار دیں مگر نہ تو درد ہو اور نہ ہی جسم سے خون خارج ہوگا۔ اکثر ٹھگ باز پیر اور شعبدہ باز لوگ جاہل لوگوں کو اس طرح بٹور لیتے ہیں لیکن ایسا کرنا حرام ہے اور مخلوق خدا کے ساتھ مذاق ہے۔ آخرت میں اس کی پکڑ بہت سخت ہوگی۔ اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور پھر گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل کلام پڑھیں پھر اپنا لعاب دہن مطلوبہ جگہ پر لگا کر بے خوف خطر سوئی گزار دیں۔ بالکل تکلیف نہیں ہوگی اور نہ ہی خون نکلے گا عمل یہ ہے بسم اللہ الرحیم۔ لوہا سوئی سار باندھوں لوہا کالی دھار باندھوں۔ لوہا باندھوں۔ لوہا پاڑے لوہا پاڑے کے درد نہ کرے ہُڑا پیر کالب اُستاد کی لڑے۔ رخصت بحکم خدا اللہ محمد آپ کرے۔

14- تھن یا پستان ٹھل جانا

عورت کا پستان یا جانور کا تھن، آنکھوں پر گوہانجی گھراہی کیلئے بہت مجرب عمل ہے۔

جنگلی اوپلوں کی راکھ لے کر دم کریں اور تیل میں ملا کر اوپر راکھ لگا دیں تھن ٹھل جائے تو جس کو درد ہو اپنی مخالف انگلی پھیرتے جائیں اور دم کریں مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔

آنکھ ڈکلے تھن ٹھلے کھیرالی پھوڑا لوت

برکت کلمے محمدی پانچوں بھکنا بھوت

> بندے کا منہ کالا ہو تو کوئی بات نہیں ہے لیکن دل کالا نہیں ہونا چاہیے (مصنف)

15- عمل گوہانجی

اکثر آنکھوں کے اوپر پلکوں اور کونوں پر سرخ رنگ کا دانہ سا ہو جاتا ہے اور سخت درد ہوتی ہے اور ورم ساتھ ہو جاتا ہے۔ بیری کے سبز سات پتے لے کر ہر پتے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اور آنکھوں کے ساتھ پتے کو مس کریں اور پتے کو بانس کی تیلی پر پرولیں اس طرح سات پتے پڑھیں اور تیلے میں پرولیں اونچی جگہ پر لٹکائیں جیسے جیسے پتے خشک ہوں گے ایسے پھنسی ختم ہوگی (جھاڑو کا تیلا) استعمال کریں آزمودہ ہے۔

16- حاکم کو مسخر کرنا

جب کسی حاکم یا افسر کو مسخر کرنا ہو یا کوئی کام مقصود ہو تو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر لکھیں اور آفیسر یا حاکم کو سلام پیش کریں۔ بشرطیکہ کسی دوسرے کو راستے میں سلام نہ کریں انشاء اللہ مہربان ہوگا۔ الفاظ یہ ہیں رقط مسعلا رسولہ، اس عمل میں زکوٰۃ ضروری نہیں ہے اگر عمل کام نہ کرے تو پھر کاغذ پر روزانہ 41 مرتبہ لکھیں 41 دن لکھیں اور پانی میں بہا دیں انشاء اللہ عمل کام کرنا شروع کر دے گا۔

17- استخارہ

یہ عمل میں نے پہلے ایک مرتبہ آزمایا تھا۔ میرے اُستاد میاں شہامد کی بیاض کا نسخہ ہے اور بڑی صاحب کا بھی آزمودہ ہے۔ اگر کسی چیز کے ہونے یا نہ ہونے کے بارے معلوم کرنا مقصود ہو تو پھر استخارہ کیا جاتا ہے۔ استخارہ کرنا حضور پاک ﷺ کی سنت مبارک ہے لہٰذا باوضو ہو کر دو رکعت استخارہ کیلئے پڑھیں پہلی رکعت میں تین مرتبہ سورۃ والشمس والیل

اذا آجی دوسری رکعت میں تین مرتبہ سورۃ اَلَمْ نَشْرَحَ پڑھیں پھر پاک بستر پر لیٹ کر مندرجہ ذیل آیۃ مبارک 100 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ خواب میں جس کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہوں گی معلوم ہوجائے گا۔ مگر پہلے دن کچھ نہ معلوم ہو تو پھر دوسرے دن کریں اس طرح حد درجہ سات دن تک عمل کریں اوّل تو انشاء اللہ پہلی رات میں ہی معلوم ہوجائے گا۔ یقین کامل ہونا ضروری ہے۔ آیت مبارک یہ ہے۔ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِی یَابَصِیْرُ اَنْصِرْنِی یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِی بِحَقِّ مِنْ اَحْوَالِی۔

18- دشمن کو ہلاک کرنا

فی زمانہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑا ہوجاتا ہے اس لیے کہ ہم میں بردباری نہیں ہے اور شیطان ہم لوگوں کے سر پر چڑھا ہوا ہے۔ دشمن کو ہلاک کرنا ہے تو گناہ ہے کیونکہ اگر ذاتی اناد پر دشمن ہے تو پھر گناہ کبیرہ ہے۔ اصل مسلمان کا دشمن کافر ہے۔ مسلمان مسلمان بھائی ہے۔ اگر کوئی خود سر ہوجائے تو پھر بھی دشمن ہلاک نہیں کرنا چاہیے اسے کوشش کریں کے معاف کر دیا جائے یا علاقہ چھوڑ دیا جائے۔ یہاں ہم ہلاکی دشمن کا ایک عمل لکھتے ہیں ہم نے صرف لکھا ہے اس کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

بکری کا کلیجہ لے کر روبرو رکھیں 41 عدد کیکر کے کانٹے لے کر پاس رکھیں اور دشمن کا نام لے کر اس کلیجے میں چبھوتے جائیں ایک کانٹا منہ میں رکھ کر 41 مرتبہ سورۃ تبت یا بغیر تسمیہ کے پڑھیں اس طرح تمام کانٹے کلیجہ کے اندر چبھو دیں اس کے بعد کپڑا ڈال کر دشمن کا تصور مردہ کر کے جنازہ پڑھیں اور دفن کردیں صرف ایک ہی دن میں کافی ہے عمل قبرستان میں کریں خدا تعالیٰ کو جواب بھی دینا ہے دیکھ کر کریں سخت عمل ہے۔ ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

19- متفرق عملیات

بعد نماز عشاء ایک تسبیح مندرجہ ذیل عمل پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں بعد رزق کی فروانی شروع ہوجائے گی مگر عقیدہ درست ہونا ضروری ہے۔ انشاء اللہ پہاڑ جتنا بھی قرضہ ہوگا تو تین چار ماہ کے اندر اتر جائے گا۔ پانچوں نمازوں کے ساتھ بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر عمل کام میں لائیں۔ نیز قل اللھم مالك الملك تا بغیر حساب تک بھی پنجگانہ نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھنے بھی رزق کی تنگی دور ہوجاتی ہے۔ عمل یہ ہے۔

یَارَزَّاقُ العِباد یَاخَالِقُ النجُوم ط
یَادافِعُ البَلاءَ یَا کاشِفُ الغمُوم ط

اگر انسان یا حیوان کا پیشاب بند ہوجائے دو عدد کاغذ پر لکھیں اور ایک گلے میں ڈالیں دوسرا پانی میں گھول کر پلائیں انشاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔ اگر عمل اس طرح کام نہ کرے تو پھر فجر کی نماز کے بعد ہر روز 41 مرتبہ پڑھتے رہا کریں تاکہ عمل ہاتھ میں رہے۔ اگر زکوٰۃ ادا کرنا چاہیں تو مل سکتے ہیں اور طریقہ پوچھ لیں عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لولا اَنزَلنا ہذا القران علی جبل الرایتہ خاشیعًا متعدّعًا مِن خشیۃ اللہ و تلك الامثال نَضربھا للناس لعلھم یتفکرون۔ قرآن پاک سے اعراب لگا کر درست کرلیں سورۃ حشر کے آخری رکوع میں مندرجہ بالا آیت ہے۔

اگر کوئی آدمی بچہ، عورت ناراض ہوکر بھاگ جائے یا محبوب ناراض ہوجائے تو بروز جمعہ بوقت خطبہ مندرجہ ذیل آیت لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ آدمی اگر زنجیروں میں بھی جکڑا ہوگا تو حاضر ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

سو سو سوخ خ خ ح ح ح ح ح ح ح اہل اہل با آفت استیل یا وہاب یا عصابھا کل شی بعدۂ علیہ محمد الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں دیگر۔ بروز منگل بوقت زہرہ کی ساعت میں زیر آستانہ چوکھٹ دفن کریں محبوب محبت کرے گا۔ کھلکھ کھلکھل عال ھوی ط ط م صادث شراھیاً دھودرا اودی م ہ ۱۱۱ ھی عندالہ قدھی الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

دیگر۔ الف الف کرو۔ قل ھو اللہ فلاں کو حاضر کرو۔ یا اللہ خیر وتر پڑھنے کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھیں 21 دن پڑھیں اپنے گرد حصار ضرور کریں محبوب حصار سے باہر آکر اٹھائے گا ورنہ محبت رائیگاں جائے گی۔ باجازت عمل ہے۔

دیگر۔ بسم اللہ الرحمن یَاحَیُّ یَاقیوم یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ برحمتك یا ارحم الرٰحمین میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں کم از کم ایک سو مرتبہ پڑھیں ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن کھلائیں سات مرتبہ کھلائیں انشاء اللہ فائدہ ہو۔

دیگر۔ نو چندی جمعرات بوقت بعد نماز عشاء سورۃ مذکورہ 41 مرتبہ پڑھیں ایک دانہ فلفل سیاہ پر پڑھیں اور آگ میں ڈالیں کل عدد 30 مرچ ڈالیں اور ہر ایک پر 41 مرتبہ پڑھیں آگ میں ڈالتے وقت آنکھیں بند کریں اور تصور قائم کریں تین راتیں عمل کریں آزما کر دیکھیں بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین

یا جبرائیل الرحمٰن الرحیم یا میکائیل مالك یوم الدین یا اسرافیل ایّاكَ نعبدُ وایاك نستعین یاعزرائیل اهدنا الصراط المستقیم لا اله انیسی الله ملیسی محمد الرسول الله میرے سوا فلاں بن فلاں کو آرام نہ دیسی گوشے و ہوشے و پے دوست بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام فلاں بن فلاں حاضر شود اگر حاضر نہ شود قہر خدا حاضر شود۔

دیگر۔ اَحب یَا رفتمائیل بحق یا ودود 313 بار باتصور گیارہ یا اکیس دن پڑھیں مقصود حاصل ہوگا مراد بر آئے گی۔

دیگر۔ قَد شَغَفَهَا حَباً بحق یا ودود یَا ودود یَاودود باتصور گیارہ دن تک گیارہ تسبیح روزانہ پڑھیں بعد نماز عشاء بہت ہی مجرب ہے۔

دیگر۔ سجے پڑھیا کلمہ کھبے پڑھیا چپت جیڑی نگری وساں میں سارے میرے مت پاواں نتھ عزرائیل دی کراں سواری نت۔ صدقہ پیر غوث دا فلاں بن فلاں نوں ملا دے۔ کھڑا اڈ کے نت لا الہ لا دے الا اللہ پھڑکا دے میرا محبوب ملا دے 101 مرتبہ پہلے گیارہ دن پڑھیں پھر مٹھائی پر دم کر کے محبوب کو کھلائیں۔

زیادتی مکھن۔ جماؤنے کے گلے میں باندھ دیں انشاء اللہ مکھن زیادہ آئے گا مزید نیچے والی عبارت سات مرتبہ پڑھ کر جاگ دم کر کے دیا کریں۔ انشاء اللہ اچھی چیز ہے باندھے والا نقش یہ ہے۔

میکائیل	۷۸۶			جبرائیل
	۶	۱	۸	
	۷	۵	۳	
	۲	۹	۴	
عزرائیل				اسرافیل

یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی و گیلانی محبوب سبحانی روغن این خانہ افزوں گردانی مدھانی کے جُٹ کے اندر یہ رکھیں۔ دم کرنے والی عبارت دوسری طرف ہے۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴		۱۲

سکڑ ہتھا کڑ مدھانی چھاہ چھوڑے تے روغن آنی۔ آگیت رانی پھیرا پایا اس نگری دا آسرا بحق اَیّاماً مَعدودۃ۔

دودھ بڑھانے کیلئے

عورتوں کا دودھ اور جانوروں کا دودھ اکثر نظر بد، کبھی خون کی کمی، کبھی بیماری کی وجہ سے سوکھ جاتا ہے اور بچے کی شکم سیری نہیں ہوتی۔ عورتوں کو کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں اور جانوروں کو نمک پر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ دودھ میں اضافہ ہوگا سورۃ قدر 21 مرتبہ پڑھ کر تین تین مرتبہ پڑھ کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آزمودہ ہے۔

بخار ہر قسم

یہ عمل میرے اُستاد محترم میاں شہامدؒ کی بیاض میں ہے اور بزمی صاحب کی بیاض میں بھی ہے۔ مندرجہ ذیل نقش کو موم جامہ کر کے گلے میں رکھیں انشاء اللہ ہر قسم کا بخار دور ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱۴۰	۱۱۴۳	۱
۱۱۴۲	۲	۷	۱۱۴۱
۳	۱۱۴۵	۱۱۳۸	۶
۱۱۳۹	۵	۴	۱۱۴۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وننزل ومن القرآن ماھو شفاء ورحمۃ المومنین ولایزید الظالمین الاخسارا

سردرد ہر قسم

آزمودہ ہے میاں صاحب کی بیاض میں تھا۔ لیکن میرا تجربہ نہیں ہے۔ بزمی صاحب

کا تجربہ ہے۔ انہوں نے بھی عطا فرمایا تھا۔ ہر قسم کی سردرد کیلئے مجرب بتاتے ہیں۔ سر میں باندھنا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ل ل ل ل ل ل ل ل

الٰہی درد سر درد نیم سر دفع شود

ص ص ص ص ص ص ص

عداوت کا بیان

جن دو افراد میں جدائی ڈالنا مقصود ہو ان کیلئے مجرب عمل ہے یہ عمل بزمی صاحب کی بیاض کا ہے مگر میرا تجربہ شدہ ہے میں نے ایک مرتبہ آزمایا تھا کامیاب رہا تھا۔ دونوں فریقین میں سے ایک کا پرانا کپڑا لے کر اس کے سات عدد ٹکڑے کر لیں ہر ٹکڑا پر ایک ایک مرتبہ لکھیں پہلے دن ایک ٹکڑا جلائیں دوسرے دن دوسرا اس طرح سات دن میں سات ٹکڑے جلانا ہیں پھر دیکھو تماشہ عداوت ہوجائے گی۔ مگر خدا تعالیٰ کے قہر کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے ناحق عداوت ناجائز ہے جس طرح خاوند اپنی بیوی کے علاوہ کسی اور کے پاس جاتا ہو تب استعمال کریں۔ کلام الٰہی میں بہت اثر ہے۔ دیکھ کر اور سوچ سمجھ کر استعمال کریں عمل یہ ہے۔ یا اصحاب العداوۃ والبغضاء والحق والباطل الوما الوما الوحا

۸۸۸۸۸۸۸۸ عدد



لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

البغض فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں

دیگر: لیموں کے اوپر لکھ کر کانٹے دار درخت جن کا پھل ترش ہو اس کے نیچے جڑ کے ساتھ دفن کریں تعویذ لکڑی کے ساتھ مَس کرے۔ جونہی لیموں خشک ہوگا عداوت ہوگی

نقش یہ ہے۔

۴	۱۰	۱
۲	۵	۸
۹	۳ درمیان فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں	۶

دیگر: مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر بیری کے درخت کے ساتھ باندھ دیں انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر عداوت ہوگی۔

اللہ اللہ اللہ اللہ

مرب انہوا الا الا الا الا الا الا تا تھا



اہیا اروقی مارثیہ اللھم عقدۃ اللسان فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں۔

دیگر: کسی کاغذ پر یا ابلیس ابلیس 41 مرتبہ لکھیں اور آخر میں البغض فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں لکھ کر لوہے کے پترے کے درمیان رکھ کر زیر آتش دان دفن کر دیں لیکن یاد رہے کہ نقش جلنے نہ پائے صرف حرارت ملتی رہے۔

زکوٰۃ کی قسمیں

تحفۃ الگیلانی جلد اوّل کے لکھنے کے بعد کافی عامل حضرات نے زکوٰۃ کی قسم کے بارے خطوط لکھے تھے کیونکہ کافی سارے عامل حضرات زکوٰۃ کی قسموں سے نابلد ہیں یہاں ہم یہ راز افشاں کرتے ہیں کہ زکوٰۃ کس طرح ادا کرنی چاہیے اور کونسی زکوٰۃ بہت اچھی ہے۔ مختلف عاملوں نے مختلف طریقہ ہائے زکوٰۃ لکھے ہیں مگر ہم یہاں وہ بھی طریقہ لکھیں گے جو کہ ہم نے خود آزمایا تھا اس کے ساتھ عمل تا حیات کام کرتا ہے۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ عامل حضرات صرف اپنے شاگرد کو یا ویسے کسی کو عمل بتانا چاہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ فلاں آیت کا سوا ماہ میں سوا لاکھ کر لو آپ کا مقصد حل ہوجائے گا اور زکوٰۃ ہوجائے گی جو کہ سراسر غلط ہے۔ اس میں ایک اور راز ہے کہ سوا لاکھ کی تعداد ہر آیت یا اسم کی ہے اور

وہ زکوٰۃ کی قسموں میں سے کس قسم کی زکوٰۃ ہے آیا سوا لاکھ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس عمل سے عمر بھر کام لے سکتے ہیں یا وقتی طور پر اگر عمر بھر کیلئے عامل ہوجائے گا تو ہر روز اسے مخصوص تعداد میں پڑھنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

قسم اوّل

عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق 41 یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل صرف ایک دفعہ کام دے گا۔ ہمیشہ کیلئے کام نہیں دے گا اگر زیادہ ہوا تو پھر ایک ماہ تک کام دے جائے گا۔

قسم دوئم

جو عمل پڑھتا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو اتنے ہی ہزار مرتبہ 41 یوم پڑھے تو ہمیشہ کیلئے عامل ہوجائے گا۔ عامل اس کا سیف زبان ہوگا پھر وقت ضرورت صرف ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

سوئم

عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی دفعہ کام دیتی ہے مگر اکثر عامل حضرات اس کو اچھا تصور کرتے ہیں مگر پہلی قسم سے بہتر ہے۔

چہارم

اس کو زکوٰۃ صغیر بھی کہتے ہیں آیت کے اعداد قمری جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ عملی ہے اور دوسری اقسام سے معتبر بھی ہے۔

پنجم

اس کو زکوٰۃ کبیر بھی کہتے ہیں اعداد قمری نکال کر ان کو ان ہی حروف سے ضرب دے اور جو حاصل ضرب ہوگا اس کو روزانہ کی تعداد میں پڑھے اور 41 یوم پڑھے یہ زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے اس کے کرنے سے عامل تاحیات کام لے سکتا ہے۔

ششم

اس زکوٰۃ کو زکوٰۃ اکبر کہتے ہیں عمل کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب

دے کر روزانہ پڑھے یہ کبیر سے زیادہ قوی ہے اس طرح زکوٰۃ ادا کرنے سے اس آیت کے موکل سامنے آجاتے ہیں اور ملاقات کرتے ہیں۔

ہفتم

اس عمل کو زکوٰۃ کبائر بھی کہتے ہیں عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے ساتھ ضرب دو جو حاصل ضرب ہوگا اس کے مطابق روزانہ پڑھیں اور سوا ماہ پڑھیں یہ عمل اکبر سے بھی زیادہ قوی ہے اس اسم کے موکلات خادم ہو کر آدمی کے ساتھ رہتے ہیں اور ایک نسل تک کام کرتے ہیں یعنی کہ اگر آپ کا انتقال ہوگیا ہے تو پھر آپ کے صاحبزادہ کے کام بھی آئیں گے۔

ہشتم

اس کو زکوٰۃ اکبر الکبائر کہتے ہیں۔ یہ آخری زکوٰۃ ہے عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف ف کے اعداد کے ساتھ ضرب دے کر حاصل ضرب کو روزانہ پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید بھی کہتے ہیں جواہر خمسہ میں اس تعداد کو نصاب کہا گیا ہے۔

نہم

اس زکوٰۃ کا طریقہ میرا اپنا مروجہ ہے اس کو آپ کوئی بھی نام دے سکتے ہیں مگر ہر کام کی پہچان ہوتی ہے اس لئے اس کو آپ اکابر الکبائر الا کبر کا نام دے سکتے ہیں کیوں کہ یہ طریقہ تمام طریقوں سے مختلف ہے اور تمام ہشتم زکوٰۃ کے بعد آتا ہے کیونکہ ہشتم زکوٰۃ اکبر الکبائر ہے اس کے بعد اکبر کی جمع اکابر ہے اس لئے ہم نے یہ نام تجویز کیا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ آیت کے اعداد کو آیت کے اعداد سے ضرب دیں پھر حاصل ضرب کو اپنے نام کے اعداد سے ضرب دیں پھر تین کے ساتھ ضرب دیں تو جو کچھ حاصل ضرب ہوگا۔ مثال کے طور پر آیت کے اعداد × آیت کے اعداد

1584869 = 1263 x 1263

559458757 = 3 x 55945875 = 353 نام کے اعداد x 1584869

353 پھر ان کو 41 یوم پر تقسیم کیا تو 13645335 بچے ہیں۔ پہلے اس تعداد کو 41 یوم میں پورا کرنا ہے۔ پھر یعنی کہ 13645335 کی تعداد پوری کرنی ہے۔ پھر اس کے بعد کل تعداد 559458757 کی تعداد ایک سال کے اندر اندر پوری کرنی ہے خواہ ایک ماہ لگاتار

کرے یا چھ ماہ لگاتار کرلیں یہ آپ کی زکوٰۃ اکابرالکبائرالا اکبر ہوئی جب آپ یہ زکوٰۃ ادا کرلیں گے تو کم از کم دس بندوں کو اگر آپ بغیر زکوٰۃ کے اجازت دے دیں گے تو ان کا بھی عمل جاری ہوجائے گا جب آپ ساری زکوٰۃ ادا کریں تو پھر آپ کو عمل پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوگی کسی کو دم کرنے یا تعویذ وغیرہ دینے کی ضرورت نہ ہوگی یہ عمل میرا مجرب ہے اور ذاتی تجربہ شدہ آیت واللہ اَشدُ کا آزمودہ ہے۔ اس طرح صرف تصور کرنے سے کام سرانجام ہوجاتا ہے مگر آج کل دنیا ناقص ایمان ہے پھر بھی کچھ کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور چلہ کرنے کا طریقہ ہے وہ بھی میرا ذاتی تجربہ ہے پہلے آپ آیت کو گیارہ سو مرتبہ 41 یوم پڑھیں پھر بعد میں ایک تسبیح سے شروع کریں اور 41 یوم پر 41 مرتبہ پڑھیں پھر روزانہ ایک تسبیح کم کرتے جائیں یہاں تک کہ ایک تسبیح باقی رہ جائے۔ پھر اس کے بعد 3300 مرتبہ روزانہ پڑھیں اور 41 یوم پڑھیں۔ پھر گیارہ تسبیح 41 یوم پڑھیں اس طرح آپ کا عمل مجرب المجرب ہوجائے گا۔ یہ تقریباً پانچ سال تک بغیر پڑھنے سے کام کرتا رہے گا۔ اگر تاحیات جاری کرنا ہو تو پھر بعد میں ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھتے رہیں مگر عمل آپ کی نسل میں منتقل نہیں ہوگا۔

اس کے علاوہ ایک اور طریقہ ہے جو کہ عام عامل حضرات کی کتابوں میں درج ہے وہ بھی ہم لکھ دیتے ہیں۔ قسم اوّل عشر نصاب کی نصف تعداد کو کہتے ہیں قسم دوئم دور مدور عشر کے نصف کو کہتے ہیں قسم سوئم قفل دور مدور کے نصف کو کہتے ہیں قسم چہارم بذل قفل کے نصف کو کہتے ہیں قسم پنجم بذل کے نصف کو کہتے ہیں۔

باموکل عمل کرنے کیلئے خصوصی ہدایات

موجودہ زمانہ میں اکثر عامل حضرات کے ساتھ واسطہ پڑا ہے تو اکثر کہتے ہیں کہ ہمارے پاس موکل ہیں جو کہ اکثر جھوٹ بولتے ہیں کیونکہ ہم نے ہزاروں عامل حضرات کے ساتھ ملاقات کی ہے اور جھوٹ مارنے والے پر خدا تعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے۔ جو زکوٰۃ کے طریقے ہم نے پچھلے صفحات پر لکھے ہیں ان میں زکوٰۃ ہفتم یعنی کہ زکوٰۃ کبائر میں موکل حاضر ہوتے ہیں اور آدمی کے ساتھ ہمیشہ رہتے ہیں۔ یہ آپ خود دیکھ لیں کہ ہم یہاں مثال پیش کرتے ہیں کہ آیت کے اعداد 1263x1263 اعداد آیت 1263x اعداد آیت جو حاصل ضرب ہوگا اس کے مطابق پڑھیں یہ کل مجموعہ بیس کروڑ چودہ لاکھ انہتر ہزار آٹھ سو چوراسی کا بنتا ہے۔ موکل حاضر کرنا اتنا آسان بھی نہیں ہے جتنا کہ موجودہ حالات

میں لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس موکلات ہیں یا رہے کہ اس تعداد میں پڑھنے والے کو خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور جس شخص کو قرب باری تعالیٰ ہوجائے تو پھر اس کو دنیاوی لالچ سے کیا تعلق کہ ہم فلاں کام کرنے کے اتنے پیسے لیں گے۔ بس آپ سمجھ گئے ہوں گے۔ لیکن یوں تو ہر عمل باموکل ہوتا ہے اور ہر عدد اور حرف کا ایک موکل ہوتا ہے کیونکہ ہر آیت اور ہر اسم بلکہ ہر حرف کے موکل ہوتے ہیں۔ جس کی تلاوت کرنے سے وہ موکل جو اس حرف یا اسم کے تابع ہوتے ہیں اللہ کے حکم سے عامل کے کام کو سرانجام دیتے ہیں مگر اصطلاح عالمین میں عمل باموکل اسے بولتے ہیں جس کے ذریعہ موکل کو عامل اپنے تابع بناتا ہے اور موکل عامل سامنے حاضر نہیں ہوتا بلکہ اطاعت کرتا ہے اور آئندہ آنے کا طریقہ بھی خود بتا دیتا ہے لیکن وہ بھی صرف پہلے دن حاضر ہوگا بعد میں پھر کبھی بھی حاضر نہ ہوگا۔ صرف آپ جو کام ان کے سپرد کردیں گے وہ سرانجام دے گا۔ اس طرح ہر عمل کے پانچ موکل ہوتے ہیں۔ موکل علوی جمالی، موکل علوی جلالی، موکل سفلی جمالی، موکل سفلی جلالی، موکل قدس۔

موکل علوی جلالی و جمالی، اہل اسلام یا باالفاظ دیگر صحیح العقیدہ اہل سنت کے سوا بد عقیدہ بدمذہب مرتد تو کیا صلح کلی قسم کے تذبذب سُنی بھی اس میں کامیاب نہیں ہوتے بلکہ کتب اعمال سے کوئی عمل کریں بھی تو نقصان پہنچنے کا یقین ہے اس لئے یہ موکل حاصل نہیں کرنے چاہئیں۔

موکل سفلی جلالی و جمالی میں کس کی قید نہیں ہے۔ یہ ہر ایک فرد کرسکتا ہے مگر عام طور پر عملی سفلی میں موکل ناجائز امور کی طرف زیادہ مائل رہتا ہے اور موکل سے بھی ایسے کام ہی لیتا ہے جس کی وجہ سے عقل و خرد کے ساتھ جانی و مالی نقصان بھی اٹھانا پڑتا ہے اگر صرف جائز امور میں ان سے کام لیا جائے تو کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں ہوتا۔

عمل باموکل علوی جمالی و جلالی کرتے وقت نیت صادق ہے تو اس کا عامل مائل ہوتا ہے یہاں تک کہ موکل اس سے مانوس ہوکر تابع ہوجاتے ہیں۔ عام طور پر عمل باموکل کی طرف زیادہ نظریں اٹھتی ہیں ہم نے تحفۃ الگیلانی جلد اوّل میں باموکل بہت کم ہی عمل درج کئے ہیں لیکن اس جلد میں زیادہ تر موکلات کا ذکر درج ہے ہمارا خاص وظیفہ واللہ اَشد باسا والے پر اکثر لوگوں کی نظر میں جم جاتی ہیں کیونکہ ہم نے کتاب صرف خاص کر اس کے لیے لکھی ہے اس جلد میں بھی اس وظیفہ کی اضافی تحریریں لکھیں ہیں۔ بعض حضرات نے اکثر خطوط صرف اس عمل کیلئے ہی لکھے تھے مگر اکثر لوگ جاہل ہونے کی وجہ سے ہم

نے کسی کو بھی اجازت نہیں دی ہے کیونکہ وہ کوزہ کے اندر سمندر بند ہے۔ یاد رکھا جائے کہ ہر عمل یا موکل تحریر ہو یا نہ ہو مگر اس کے لیے ترک جلالی و جمالی ضروری ہے اس لئے کہ ترک جلالی جمالی کے ساتھ عمل بہت ہی احسن طریقے سے انجام پذیر ہو جاتا ہے اور اس میں طاقت زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ عمل کرتے وقت اول آخر سب سے پہلے تو سو مرتبہ اگر وقت کم ہے تو پھر 41 مرتبہ نہ تو پھر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی ضرور پڑھیں قلب چشم کا ممنوعات شرع سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ پاکیزگی و طہارت کے ساتھ اچھی خوشبو لگانا ضروری ہے۔ موکل پاکیزگی اور خوشبو پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں بلکہ پسند کرتے ہیں۔ ناجائز بات کو دل سے نکال دیں ورنہ نقصان ہوگا۔ ہماری رائے یہ ہے کہ موکلات کو تابع کرنے یا سامنے لانے کی نسبت نہ کرے کیونکہ اکثر موکلات سامنے نہیں آتے ہیں کیونکہ اکثر حضرات میں موکلات کو پاس بلانے کی صلاحیت نہیں ہوتی ہے۔ عامل کا مقصد صرف یہ ہو کہ ہمارا فلاں کام مثلاً ادائیگی قرض، ملازمت کا ملنا، فلاں شخص غائب ہے حاضر ہو جائے فلاں کی بیوی میکے بیٹھی ہے شوہر کے پاس چلی آئے وغیرہ وغیرہ۔ یہ تمام امور موکل کے بغیر بھی پورے ہو سکتے ہیں تو پھر کیا ضرورت ہے کہ موکل کو اپنے تابع کیا جائے۔ اکثر دیکھنے میں یہ بھی آیا ہے کہ لوگ صرف 41 یوم پورے کرتے ہیں جو کہ بالکل غلط طریقہ ہے۔ اگر آپ نے چلہ کشی کرنی ہے تو پہلے نمبر پر چلہ کے دوران کم از کم سوا لاکھ ضروری ہے۔ مگر عمل کم از کم ایک سال تک کام دیتا رہے گا۔ اگر موکلات حاضر کرنے ہیں تو پھر ایک چلہ میں کم از کم اڑھائی لاکھ زکوٰۃ ادا کی جائے تو عمل پھر ٹھیک طور پر سیدھا ہو جاتا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ صرف 41 یوم پورے کئے جائیں جو کہ سراسر غلط طریقہ ہے۔ اس وجہ سے ہی اکثر لوگوں نے بتایا ہے کہ پہلے پہل کام ہو جایا کرتے تھے اب نہیں ہو رہے ہیں۔ یاد رہے کہ سوا لاکھ 41 یوم میں کرنے سے کم از کم چھ ماہ تک آپ کام اچھی طرح لے سکتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی آپ کو کم از کم گیارہ سو مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔ موکل قدسی صرف اہل اللہ والے ہی یا اہل تقویٰ والے ہی تابع کر سکتے ہیں کیونکہ یہ ہر ایک کی پہنچ سے باہر ہوتے ہیں۔

مربع نقوش کا طریقہ استعمال

جیسا کہ ہم نے پچھلے صفحات میں بھی درج کیا ہے کہ عامل حضرات نے نقوش کو استعمال کرنے کے طریقے مختلف بتائے ہیں جن میں اکثر مربع اور مثلث ہوتے ہیں۔

ان میں ایک مربع میں سولہ خانے ہوتے ہیں اور ہر خانہ کی علیحدہ فضیلت ہے اس کا طریقہ ہم نے پہلے لکھا ہے۔ مگر موجودہ نام نہاد عامل حضرات دوسری کتابوں سے نقل کر کے لکھ دیتے ہیں اور یہ نہیں پتہ کہ اس نقش کی چال کیا ہے میرے ساتھ کافی سارے عامل حضرات کا واسطہ پڑا ہے جو کہ کہتے ہیں کہ فلاں نقش فلاں آدمی کو رزق کی ترقی یعنی کہ کاروبار کی خوشحالی کیلئے دیا تھا مگر کام نہیں ہوا اور وہی نقش فلاں بیمار کو دیا تھا وہ شفایاب ہو گیا ہمارے پاس آزاد کشمیر سے ریاض صاحب تشریف لائے تھے تو انہوں نے کہا کہ میں نے ایک اکیڈمی سے عملیات کا کورس کیا ہے لیکن اس اکیڈمی کے کورس میں لکھا ہوا ہے کہ سولہ نقوش ہوتے ہیں۔ ان کے بنانے کا طریقہ بھی لکھا ہوا ہے مگر اس کورس میں ایک نقش چال ایک والا نقش رزق کی ترقی کے لیے لکھا ہوا تھا جو کہ بالکل غلط ہے کیونکہ کاروبار کی ترقی کے لیے چال نمبر 11 استعمال ہوتی ہے۔ ایسے ادارہ پر بہت افسوس ہے کہ جو صرف اپنے پیٹ کی خاطر چلتے ہیں اور لوگوں کی بھلائی کم کرتے ہیں میں یہ آپ کو تاکید کرتا ہوں کہ سولہ نقوش کے علیحدہ علیحدہ استعمال ہیں جو چال ہوگی اس پر ہی کام چلے گا ورنہ نہیں ایک نمبر چال صحت کے لیے ہے اور ایک نمبر چال کا نقش صرف صحت پر کام کرے گا کاروبار کی ترقی کے لیے نہیں کرے گا۔ مگر لوگ ہر کام کے لیے صرف ایک چال ہی استعمال کرتے ہیں۔ سولہ خانے والے نقش کی سولہ چالیں ہوتی ہیں اس لئے ہی ہم نے پہلی جلد میں لکھا تھا کہ اگر وظیفہ صرف ایک ہی ٹھیک طور پر ہو تو کامیاب ہو جاتا ہے۔ ہم یہاں دوبارہ سولہ چالیں بیان کرتے ہیں عامل کو ٹھیک طور پر اپنے دماغ میں ذہن نشین کر لینا چاہیے چال کے مطابق اگر نقش نہ دیں تو وہ کام نہیں کرے گا۔ چالیں مندرجہ ذیل ہیں۔

چال نمبر 1 کا نقش	برائے حفاظت جان وصحت از بیماری۔
چال نمبر 2 کا نقش	برائے حفاظت مال از چور دشمن۔
چال نمبر 3 کا نقش	برائے اصلاح وصلح دوست برادران
چال نمبر 4 کا نقش	برائے زبان بندی وعقد للوم
چال نمبر 5 کا نقش	برائے عشق فراواں اور محبوب کو حاضر لانے کیلئے
چال نمبر 6 کا نقش	برائے حفاظت از سانپ وبچھو وحاسدین
چال نمبر 7 کا نقش	برائے دفع مرض وامان از غرق آب
چال نمبر 8 کا نقش	برائے محفوظی خوف مفسدین ومعتبین

چال نمبر 9 کا نقش برائے گریہ طفلاں درد شکم و امراض شکم
چال نمبر 10 کا نقش برائے تسخیر افسران حاکمان و امیران
چال نمبر 11 کا نقش برائے حصول مراد و دولت و صحت از زحمت
چال نمبر 12 کا نقش برائے دفع اعداد کا مقہوری اعداء
چال نمبر 13 کا نقش برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمن
چال نمبر 14 کا نقش برائے جائز دوستی و محبت و تسخیر عوام
چال نمبر 15 کا نقش برائے فراخی زراعت و دفع کرم از کھیتی
چال نمبر 16 کا نقش برائے فتح یابی مقدمات و ملاقات ارواح روحانیات

بسم اللہ شریف کے سولہ ۱۶ نقوش

ہم یہاں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شریف کے سولہ نقوش لکھتے ہیں۔ بسم اللہ شریف کے 786 اعداد ہیں سولہ نقوش تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اعداد آیت تفریق 30 تقسیم 4 حاصل ضرب سے نقش پر کرنا شروع کریں۔ ہم نے قارئین کی سہولت کے لیے یہاں کافی ساری سورتوں کے سولہ نقوش لکھنے کی کوشش کر رہے ہیں تا کہ عامل حضرات کو زیادہ مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اگر آپ چالوں کے مطابق نقش استعمال کریں تو انشا اللہ سو فیصد کامیابی ہوگی مگر عقیدہ درست اور آزمائش شرط ہے۔

چال نمبر 1 کا نقش برائے حفاظت جان صحت از بیماری
۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

چال نمبر۲ کا نقش برائے حفاظت مال از چور دشمن
۷۸۶

۱۹۵	۲۰۰	۲۰۱	۱۹۰
۲۰۲	۱۸۹	۱۹۶	۱۹۹
۱۹۲	۲۰۳	۱۹۸	۱۹۳
۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱	۲۰۴

چال نمبر۳ کا نقش: برائے اصلاح و صلح دوست برادران
۷۸۶

۱۹۹	۱۹۰	۲۰۴	۱۹۳
۱۹۶	۲۰۱	۱۹۱	۱۹۸
۱۸۹	۲۰۰	۱۹۴	۲۰۳
۲۰۲	۱۹۵	۱۹۷	۱۹۲

چال نمبر 4 کا نقش برائے زبان بندی و عقد للوم
۷۸۶

۱۹۳	۱۹۸	۲۰۳	۱۹۲
۲۰۴	۱۹۱	۱۹۴	۱۹۷
۱۹۰	۲۰۱	۲۰۰	۱۹۵
۱۹۹	۱۹۶	۱۸۹	۲۰۲

چال نمبر 5 کا نقش برائے عشق فراواں و محبوب حاضر کرنے کیلئے
۷۸۶

۱۹۲	۲۰۳	۱۹۸	۱۹۳
۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱	۲۰۴
۱۹۵	۲۰۰	۲۰۱	۱۹۰
۲۰۲	۱۸۹	۱۹۶	۱۹۹

چال نمبر 6 کا نقش: برائے از حفاظت سانپ بچھو حاسدین
۷۸۶

۱۹۱	۲۰۴	۱۹۳	۱۹۸
۱۹۴	۱۹۷	۱۹۲	۲۰۳
۲۰۰	۱۹۵	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۹	۱۹۶

چال نمبر 7 کا نقش: برائے دفع مرض امان از غرق آب

۷۸۶

۱۹۵	۲۰۲	۱۹۲	۱۹۷
۲۰۰	۱۸۹	۲۰۳	۱۹۴
۲۰۱	۱۹۶	۱۹۸	۱۹۱
۱۹۰	۱۹۹	۱۹۳	۲۰۴

چال نمبر 8 کا نقش برائے محفوظی خوف ملحدین

۷۸۶

۲۰۳	۱۹۴	۲۰۰	۱۸۹
۱۹۲	۱۹۷	۱۹۵	۲۰۴
۱۹۳	۲۰۴	۱۹۰	۱۹۹
۱۹۸	۱۹۱	۲۰۱	۱۹۶

چال نمبر 9 کا نقش برائے گریہ طفلاں درد شکم و امراض شکم

۷۸۶

۱۹۳	۱۹۸	۱۹۱	۲۰۴
۱۹۲	۲۰۳	۱۹۴	۱۹۷
۲۰۲	۱۸۹	۲۰۰	۱۹۵
۱۹۹	۱۹۶	۲۰۱	۱۹۰

چال نمبر 10 کا نقش: برائے تسخیر الفران حاکمان و امیران

۷۸۶

۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳
۱۹۳	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۲
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹

چال نمبر 11 کا نقش برائے حصول مراد دولت و صحت از زحمت

۷۸۶

۱۹۹	۱۹۶	۱۸۹	۲۰۲
۱۹۰	۲۰۱	۲۰۰	۱۹۵
۲۰۴	۱۹۱	۱۹۴	۱۹۷
۱۹۳	۱۹۸	۲۰۳	۱۹۲

چال نمبر 12 کا نقش: برائے دفع متعوری اعداد

۷۸۶

۲۰۲	۱۹۵	۱۹۷	۱۹۲
۱۸۹	۲۰۰	۱۹۴	۲۰۳
۱۹۶	۲۰۱	۱۹۱	۱۹۸
۱۹۹	۱۹۰	۲۰۴	۱۹۳

چال نمبر 13 کا نقش برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمن

۷۸۶

۱۹۲	۱۹۷	۱۹۵	۲۰۲
۲۰۳	۱۹۴	۲۰۰	۱۸۹
۱۹۸	۱۹۱	۲۰۱	۱۹۶
۱۹۳	۲۰۴	۱۹۰	۱۹۹

چال نمبر 14 کا نقش برائے جائز دوستی و محبت و تسخیر عوام

۷۸۶

۲۰۲	۱۸۹	۱۹۶	۱۹۹
۱۹۵	۲۰۰	۲۰۱	۱۹۰
۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱	۲۰۴
۱۹۲	۲۰۳	۱۹۸	۱۹۳

چال نمبر 15 کا نقش برائے فراخی زراعت کرم از کھیتی

۷۸۶

۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶

چال نمبر 16 کا نقش برائے فتح یابی مقدمات و ملاقات ارواح و حاجات

۷۸۶

۲۰۴	۱۹۱	۱۹۸	۱۹۳
۱۹۷	۱۹۴	۲۰۳	۱۹۲
۱۹۵	۲۰۰	۱۸۹	۲۰۲
۱۹۰	۲۰۱	۱۹۶	۱۹۹

نوٹ!

ہم نے یہاں بسم اللہ شریف کے سولہ نقوش لکھے ہیں اور ہر نقش کے آگے نقش کا اشارہ لکھا گیا ہے اس کو استعمال کیلئے چاروں طریقہ حفظ مذکور کے نیچے بتائے گئے ہیں، زیر آتش دان، دھونی میں درخت کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے جو عامل کو اور سائل کو آسانی ہو اس کے مطابق استعمال کریں اور آئندہ بھی جو نقوش لکھے جائیں گے ان کا بھی طریقہ یہی ہوگا یا پھر مریض کی کیفیت کے مطابق استعمال کریں تو زیادہ مناسب ہوگا۔

سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف کے سولہ نقوش

یہاں پر سورۃ فاتحہ کے سولہ نقوش سولہ چالوں کے مطابق عامل حضرات کی آسانی کیلئے لکھے جاتے ہیں۔ انشاء اللہ ان سے پورا پورا فائدہ ہوگا۔ نقوش کی زکوٰۃ ضرور نکال لیں زکوٰۃ نکالنے کیلئے روزانہ 41 عدد نقش لکھیں اور نہر کے پانی میں بہا دیا کریں یا آٹا میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلائیں اگر کوئی نقش پانی کے اوپر تیرنا شروع کر دے تو وہ اٹھا کر اپنے پاس رکھیں اس طرح ہی تمام نقوش کی زکوٰۃ دی جاتی ہے اور ساتھ ساتھ سورۃ فاتحہ کا وظیفہ بھی رکھیں تاکہ مکمل طور پر فائدہ حاصل ہو۔ ہم کوشش کریں گے کہ قرآن پاک کی 114 سورتوں کے علیحدہ علیحدہ نقش لکھے جائیں گے تاکہ عامل حضرات کو دقت محسوس نہ ہو اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ چال نمبر 1 والا نقش حالانکہ چال کے مطابق صحت کیلئے ہوتا ہے مگر عام کتابوں میں روزی کیلئے، صحت کیلئے زبان بندی کیلئے، کاروباری ترقی کیلئے صرف چال نمبر ایک ہی لکھی ہوتی ہے اور عامل حضرات اسی چال کے مطابق بنا کر تعویذ دے دیتے ہیں جو کہ قائدہ کے مطابق بالکل غلط ہے جو نقش کی چال ہے وہ صرف اُس ہی کام میں لگائیں تو زیادہ فائدہ دے گا اور عامل کو مایوسی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ سورۃ فاتحہ کے کل

اعداد 9481 ہیں اور ہر چال کے مطابق نقش درج ذیل ہیں۔

چال نمبر 1 ایک کا نقش برائے حفاظت جان و صحت از بیماری

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۱	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

چال نمبر 2 کا نقش برائے حفاظت مال چور دشمن

۷۸۶

۲۳۶۴	۲۳۶۹	۲۳۷۰	۲۳۵۸
۲۳۷۱	۲۳۵۷	۲۳۶۵	۲۳۶۸
۲۳۶۰	۲۳۷۲	۲۳۶۷	۲۳۶۲
۲۳۶۱	۲۳۶۳	۲۳۵۹	۲۳۷۳

چال نمبر 3 کا نقش برائے اصلاح و صلح دوست برادران

۷۸۶

۲۳۶۸	۲۳۵۸	۲۳۷۳	۲۳۶۲
۲۳۶۵	۲۳۷۰	۲۳۵۹	۲۳۶۷
۲۳۵۷	۲۳۶۹	۲۳۶۳	۲۳۷۲
۲۳۷۱	۲۳۶۴	۲۳۶۶	۲۳۶۰

چال نمبر 4 کا نقش برائے زبان بندی و حفظ لوگ

۷۸۶

۲۳۶۲	۲۳۶۷	۲۳۷۲	۲۳۶۰
۲۳۷۳	۲۳۵۹	۲۳۶۳	۲۳۶۶
۲۳۵۸	۲۳۷۰	۲۳۶۹	۲۳۶۴
۲۳۶۸	۲۳۶۵	۲۳۵۷	۲۳۷۱

چال نمبر 5 کا نقش برائے عشق فراواں و محبوب حاضر کرنے کیلئے

۷۸۶

۲۳۶۰	۲۳۷۲	۲۳۶۷	۲۳۲۲
۲۳۶۶	۲۳۶۳	۲۳۵۹	۲۳۷۳
۲۳۶۴	۲۳۶۹	۲۳۷۰	۲۳۵۸
۲۳۷۱	۲۳۵۷	۲۳۶۵	۲۳۶۸

چال نمبر 6 کا نقش: برائے از حفاظت سانپ بچھو حاسدین

۷۸۶

۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۲	۲۳۶۷
۲۳۶۳	۲۳۶۶	۲۳۲۰	۲۳۷۲
۲۳۷۰	۲۳۶۴	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۶۹	۲۳۵۸	۲۳۶۸	۲۳۶۵

چال نمبر 7 کا نقش: برائے دفع مرض وامان از غرق آب

۷۸۶

۲۳۶۶	۲۳۶۰	۲۳۷۱	۲۳۶۴
۲۳۶۳	۲۳۷۲	۲۳۵۷	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۶۷	۲۳۶۵	۲۳۷۰
۲۳۷۳	۲۳۶۲	۲۳۶۸	۲۳۵۸

چال نمبر 8 کا نقش برائے محفوظی خوف مفسدین

۷۸۶

۲۳۵۷	۲۳۶۹	۲۳۶۳	۲۳۷۲
۲۳۷۱	۲۳۶۴	۲۳۶۶	۲۳۶۰
۲۳۶۸	۲۳۵۸	۲۳۷۳	۲۳۶۲
۲۳۶۵	۲۳۷۰	۲۳۵۹	۲۳۶۷

چال نمبر 9 کا نقش برائے گریہ طفلان و درد شکم و امراض شکم

۷۸۶

۲۳۷۳	۲۳۵۹	۲۳۶۷	۲۳۶۲
۲۳۶۱	۲۳۶۳	۲۳۷۲	۲۳۶۰
۲۳۶۴	۲۳۶۰	۲۳۵۷	۲۳۷۱
۲۳۵۸	۲۳۷۰	۲۳۶۵	۲۳۶۸

چال نمبر 10 کا نقش برائے تسخیر اقران و حاکمان و امیران

۷۸۶

۲۳۷۳	۲۳۶۰	۲۳۶۲	۲۳۶۷
۲۳۶۳	۲۳۶۱	۲۳۷۲	۲۳۵۹
۲۳۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۳۷۰
۲۳۵۷	۲۳۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵

چال نمبر 11 کا نقش برائے حصول مراد دولت و صحت از زحمت

۷۸۶

۲۳۷۱	۲۳۵۷	۲۳۶۵	۲۳۶۸
۲۳۶۴	۲۳۶۹	۲۳۷۰	۲۳۵۸
۲۳۶۶	۲۳۶۳	۲۳۵۹	۲۳۷۳
۲۳۶۰	۲۳۷۲	۲۳۶۷	۲۳۶۲

چال نمبر 12 کا نقش: برائے دفع مقہوری اعداد

۷۸۶

۲۳۶۰	۲۳۶۶	۲۳۶۴	۲۳۷۱
۲۳۷۲	۲۳۶۳	۲۳۶۹	۲۳۵۷
۲۳۶۷	۲۳۰۹	۲۳۷۰	۲۳۶۵
۲۳۶۲	۲۳۷۳	۲۳۵۸	۲۳۶۸

چال نمبر 13 کا نقش برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمن

۷۸۶

۲۳۷۱	۲۳۶۴	۲۳۶۶	۲۳۶۰
۲۳۵۷	۲۳۶۹	۲۳۶۳	۲۳۷۲
۲۳۶۵	۲۳۷۰	۲۳۵۹	۲۳۶۷
۲۳۶۸	۲۳۵۸	۲۳۷۳	۲۳۶۲

چال نمبر 14 کا نقش برائے جائز دوستی و محبت و تسخیر عوام

۷۸۶

۲۳۶۸	۲۳۶۵	۲۳۵۷	۲۳۷۱
۲۳۵۸	۲۳۷۰	۲۳۶۹	۲۳۶۴
۲۳۷۳	۲۳۵۹	۲۳۶۳	۲۳۶۶
۲۳۶۲	۲۳۶۷	۲۳۷۲	۲۳۶۰

چال نمبر پندرہ کا نقش برائے فراخی زراعت و دفع کرم از کھیتی

۷۸۶

۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷

چال نمبر سولہ کا نقش برائے فتح یابی مقدمات و ملاقات ارواح روحانیات

۷۸۶

۲۳۶۲	۲۳۶۷	۲۳۵۹	۲۳۷۳
۲۳۶۰	۲۳۷۲	۶۳۶۳	۲۳۶۶
۲۳۷۱	۲۳۵۷	۲۳۶۹	۲۳۶۴
۲۳۶۸	۲۳۶۵	۲۳۷۰	۲۳۵۸

سورۃ البقرہ کے سولہ نقش

سورۃ بقرہ قرآن پاک کی دوسری سورۃ ہے جو کوئی شخص سورۃ بقرہ کو سات بار ہر روز پڑھا کرے وہ تمام امراض خاص کر صرع اور جنون اور جذام برص اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا جو کوئی شخص آیۃ الکرسی تیرہ سو مرتبہ پڑھے گا سب حاجتیں بر آئیں گی اور حاکم جابر مہربان ہوگا اور مرگی والے پر گیارہ مرتبہ پڑھیں تو ٹھیک ہوجائے اور اگر سورہ بقرہ کا نقشہ لکھ کر اپنے پاس رکھے جمیع آفات سے محفوظ رہے سورۃ بقرہ کے یہاں سولہ نقوش لکھے گئے ہیں چال خانہ پنجم میں ہے۔ سولہ نقوش میں سے اپنے مطلوبہ نقش خود تیار کریں۔ اگر مطلوبہ نقش کام نہ کرے تو پھر پہلے ہر روز اکتالیس نقش بعد نماز فجر لکھا کریں اور دریا کے پانی میں ہر روز بہا دیا کریں تا کہ نقش کارآمد ثابت ہوجائے۔ اس کے اعداد 947609 ہیں اور چال کا عدد 236894 ہے۔ جو کوئی مندرجہ ذیل نقوش استعمال کرے اسے چاہیے کہ ساتھ ساتھ اس کی تلاوت بھی بعد نماز فجر پڑھا کریں تا کہ اچھے نتائج حاصل ہوں۔ اس نقوش کیلئے ہماری طرف سے اجازت ہے۔ نقوش یہ ہے۔

چال نمبر 1 کا نقش برائے حفاظت مال صحت جان از بیماری

۷۸۶

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

چال نمبر 2 کا نقش برائے حفاظت مال از چور دشمن

۷۸۶

۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵
۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰

چال نمبر 3 کا نقش برائے اصلاح وصلح دوست برادران

۷۸۶

۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۴
۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۹
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۷

چال نمبر 4 کا نقش برائے زبان بندی دمقدلوم

۷۸۶

۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰
۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵

چال نمبر ۵ کا نقش برائے عشق فرداں ومحبوب حاضر کرنے کیلئے

۷۸۶

۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵

چال نمبر ۶ کا نقش برائے از حفاظت سانپ بچھو حاسدین

۷۸۶

۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲

چال نمبر ۷ کا نقش برائے دفع مرض امان از غرق آب

۷۸۶

۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۱
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۸۹۵

چال نمبر ۸ کا نقش برائے محفوظی خوف مفسدین

۷۸۶

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۹
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۷
۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۴

چال نمبر ۹ کا نقش برائے گریہ خلقاں درد شکم وامراض شکم

۷۸۶

۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷
۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸
۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵

چال نمبر ۱۰ کا نقش برائے تسخیر آفسران حاکمان وامیراں

۷۸۶

۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲

چال نمبر ۱۱ کا نقش برائے حصول مراد دولت وصحت از زحمت

۷۸۶

۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵
۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰
۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹

چال نمبر ۱۲ کا نقش برائے دفع مقہوری اعداو

۷۸۶

۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۸
۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۹۰۲
۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۵

چال نمبر ۱۳ کا نقش برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمن

۷۸۶

۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۷
۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۹
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۴
۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۸۹۹

چال نمبر ۱۴ کا نقش برائے جلاوطنی و ہجرت تخریب عبور

۷۸۶

۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸
۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱
۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳
۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷

چال نمبر ۱۵ کا نقش برائے فراوانی زراعت کرم از کھیتی

۷۸۶

۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹
۲۳۶۸۹۱	۲۳۶۹۱۵	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴

چال نمبر ۱۶ کا نقش برائے فتح یابی مقدمات و طاقت اداکار اسطابلات

۷۸۶

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰
۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳
۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱
۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵

سورہ آل عمران کے سولہ نقوش

سورہ العمران قرآن پاک کی تیسری سورۃ ہے اس کے کل اعداد 184956 ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے اگر کسی طرح کسی آدمی پر قرضہ زیادہ ہوگیا ہو اور قرضہ اتارنے کی کوئی بات نہ بنتی ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ مذکورہ کی تلاوت سات بار کرے انشا اللہ چند ہی ایام میں قرضہ اُتر جائے گا۔ یا ہر روز سورۃ مذکورہ کی تلاوت کیا کرے۔ میرے ایک دوست کا مجرب عمل ہے وہ ہر قرضہ والے آدمی کو اس سورۃ کا مشورہ دیا کرتے تھے۔ اگر کوئی زعفران کے ساتھ ہرن کی جھلی پر لکھ کر انگوٹھی کے نیچے طلوع آفتاب کے وقت جمعہ کے دن پہنے گا تو انشا اللہ کبھی بھی مفلس نہ ہوگا اور کاروبار ترقی کرے گا۔ حاکم وقت کے پاس جائے گا تو مطیع ہوگا اور مندرجہ ذیل سورۃ کا نقش پاس رکھے تو کبھی بھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ یہاں ہم مذکورہ سورۃ کے سولہ نقش سو چالوں کے مطابق لکھ دیتے ہیں ہر نقش کو چال کے مطابق استعمال کریں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔ اگر نقش کام نہ کریں تو پھر کسی بھی نقش کی زکوٰۃ ادا کر دیں تو انشا اللہ فائدہ دیں گے۔ یقین نہ کرنے والا کافر ہوگا کیونکہ قرآن پاک خدا تعالیٰ کی کتاب ہے۔ اس پر یقین رکھنا ہر مسلمان کا اوّلین فرض ہے لہٰذا اپنا ایمان درست کر کے ان نقوش سے بے بہا فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ چال عدد 46231 ہے چال خانہ نہم میں ہے۔

چال نمبر ۱ کا نقش برائے حفاظت جان صحت از بیماری

۷۸۶

۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۱
۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۹	۴۶۲۳۰	۴۶۲۳۷
۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۹	۴۶۲۳۶

چال نمبر ۲ کا نقش برائے اصلاح و صلح دوست برادران

۷۸۶

۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵
۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۱
۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۶
۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۰	۴۶۲۳۲

چال نمبر ۳ کا نقش برائے تسخیر جن و حفظ از جن

۷۸۶

۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۲
۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۹	۴۶۲۳۰
۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۷
۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۱

چال نمبر ۴ کا نقش برائے حفاظت مال از چور و دشمن

۷۸۶

۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۱
۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۹
۴۶۲۳۰	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۹	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵

چال نمبر ۵ کا نقش برائے تسخیر جن و حفظ از جن

۷۸۶

۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۲
۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۱
۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۸
۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۵

چال نمبر ۶ کا نقش برائے از حفاظت سانپ بچھو سانپ دیگر

۷۸۶

۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۱
۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۰	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۹
۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۸
۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۹	۴۶۲۳۴

چال نمبر ۷ کا نقش برائے دفع مرض امان از غرق آب

۷۸۶

۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۰
۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۶
۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۷

چال نمبر ۸ کا نقش برائے محفوظی خوف مقدمین

۷۸۶

۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۹
۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۰	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۵
۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۸

چال نمبر ۹ کا نقش برائے گریہ طفلاں ورد شکم و امراض شکم

۷۸۶

۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۳	۴۶۲۱۴	۴۶۲۳۵
۴۶۲۴۰	۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۷	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۵
۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۸	۴۶۲۴۲

چال نمبر ۱۰ کا نقش برائے تسخیر آفسران حاکمان و امیران

۷۸۶

۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۴	۴۶۲۳۵	۴۶۲۴۱
۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۰	۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۳
۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۷	۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۴
۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۵	۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۸

چال نمبر ۱۱ کا نقش برائے حصول مراد دولت و صحت از زحمت

۷۸۶

۴۶۲۴۵	۴۶۲۳۱	۴۶۲۳۸	۴۶۲۴۲
۴۶۲۳۷	۴۶۲۴۳	۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۲
۴۶۲۴۰	۴۶۲۳۶	۴۶۲۳۳	۴۶۲۴۷
۴۶۲۳۴	۴۶۲۴۶	۴۶۲۴۱	۴۶۲۳۵

چال نمبر ۱۲ کا نقش برائے دفع مقہوری اعداد

۷۸۶

۴۶۲۳۴	۴۶۲۴۰	۴۶۲۳۷	۴۶۲۴۵
۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۱
۴۶۲۴۱	۴۶۲۳۳	۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۸
۴۶۲۳۵	۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۲

چال نمبر ۱۳ کا نقش برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمن

۷۸۶

۴۶۲۴۵	۴۶۲۳۷	۴۶۲۴۰	۴۶۲۳۴
۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۶
۴۶۲۳۸	۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۳	۴۶۲۴۱
۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۵

چال نمبر ۱۴ کا نقش برائے جائز دوستی و محبت و تسخیر عوام

۷۸۶

۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۵
۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۴	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۷
۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۴	۴۶۲۴۰
۴۶۲۳۵	۴۶۲۴۱	۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۴

چال نمبر ۱۵ کا نقش برائے فراخی زراعت کرم از کھیتی

۷۸۶

۴۶۲۴۱	۴۶۲۳۵	۴۶۲۳۴	۴۶۲۴۶
۴۶۲۳۳	۴۶۲۴۷	۴۶۲۴۰	۴۶۲۳۶
۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۲	۴۶۲۳۷	۴۶۲۴۳
۴۶۲۳۸	۴۶۲۴۴	۴۶۲۴۵	۴۶۲۳۱

چال نمبر ۱۶ کا نقش برائے فتح یابی مقدمات و ملاقات ارواح روحانیات

۷۸۶

۴۶۲۳۵	۴۶۲۱۴	۴۶۲۳۳	۴۶۲۴۷
۴۶۲۳۴	۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۰
۴۶۲۴۵	۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۷
۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۸	۴۶۲۴۴	۴۶۲۳۲

خواص سورۃ النساء

سورۃ نساء قرآن پاک کی چوتھی سورۃ ہے اس کے کل اعداد 1139393 ہیں اور چال

خانہ پنجم میں ہے آغاز اعداد 284815 ہے۔ اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو تو اس سورۃ کو گیارہ دن تک فجر کی نماز کے بعد پڑھ کر زوجین کو پلایا جائے تو موافقت ہو جائے گی اگر کوئی عورت یا مرد فاحشہ ہو تو اس کو روزانہ سات بار پانی پر پڑھ کر گیارہ دن پلائیں تو خدا تعالیٰ ان کو ایمان بخشے گا۔ اگر کوئی قرآن پاک نہ پڑھ سکتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش زعفران عرق گلاب میں ملا کر زہرہ کی ساعت میں لکھے اور پلائیں تو درست ہوں۔ ایک عدد نقش لکھوا کر یا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو انشا اللہ تمام ٹھیک ہو جائے گا۔ انشا اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۴۸۱۸	۲۸۴۸۳۰	۲۸۴۸۲۵	۲۸۴۸۲۰
۲۸۴۸۲۴	۲۸۴۸۲۱	۲۸۴۸۱۷	۲۸۴۸۳۱
۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۲۷	۲۸۴۸۲۸	۲۸۴۸۱۶
۲۸۴۸۲۹	۲۸۴۸۱۵	۲۸۴۸۲۳	۲۸۴۸۲۶

اور زبان بندی کیلئے بھی مجرب نقش ہے خاص کر میاں بیوی کی زبان بندی اس کے علاوہ دوسروں کی زبان بندی کیلئے بھی مجرب ہے۔

خواص سورۃ مائدہ

سورۃ مائدہ قرآن پاک کی پانچویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 848546 ہیں۔ آغاز چال عدد 212129 ہیں۔ اگر کوئی سورۃ مائدہ کو کثرت کے ساتھ پڑھا کرے تو انشا اللہ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا اور اگر استسقاء والے مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں تو انشا اللہ فائدہ ہوگا اگر تنگ رزق والا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو رزق کی محتاجی نہ ہوگی۔ استسقاء والا نقش نمبر ایک ہے اور محتاجی روزی والا نقش نمبر دو ہے۔ البتہ ہر چال کے مطابق نقش تیار کئے جا سکتے ہیں۔

نقش نمبر 1

۷۸۶

۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳
۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴	۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۳۲
۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۴۲
۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹

نقش نمبر 2

۷۸۶

۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۸
۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۳۰
۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴	۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۴۳
۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۳

خواص سورۃ انعام

سورۃ انعام قرآن پاک کی چھٹی سورۃ ہے اس کے کل اعداد 935329 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے آغاز اعداد 233824 ہے۔ اگر کوئی حاجت ہو تو واسطے رفع حاجت اور دفع مشکل میں ایک جلسہ میں اکتالیس بار سورۃ انعام پڑھے تو جس مطلب کے واسطے پڑھے گا حسب دل پورا ہوگا انشا اللہ اور جو مشکل ہوگی آسان ہوگی اور جو کوئی سورۃ مذکورہ کو اپنی سواری کے گلے میں رکھے گا جانور سرکشی سے محفوظ رہے گا اور بیماری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ خاص حاجت کیلئے نقش نمبر ایک اپنے پاس رکھے اور حصول جاہ وحشمت کیلئے نقش نمبر دو اپنے پاس رکھے تو جاہ حشمت میں وقار پیدا ہوگا اور جمیع بلیات و آفات کیلئے نقش نمبر تین اپنے پاس رکھے تو ہر طرح کی بیماری سے محفوظ رہے گا انشا اللہ۔

نقش یہ ہے۔

نقش نمبر 1

۷۸۶

۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۲	۲۳۳۸۲۱	۲۳۳۸۲۰
۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۲۳	۲۳۳۸۲۰	۲۳۳۸۲۲
۲۳۳۸۲۸	۲۳۳۸۲۴	۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۱
۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۲۲	۲۳۳۸۲۵

نقش نمبر 2

۷۸۶

۲۳۳۸۲۸	۲۳۳۸۲۴	۲۳۳۸۲۲	۲۳۳۸۲۵
۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۱	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۲۵
۲۳۳۸۲۲	۲۳۳۸۲۰	۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۰
۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۳	۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۲

نقش نمبر تین

۷۸۶

۲۳۳۸۲۴	۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۰	۲۳۳۸۲۹
۲۳۳۸۲۸	۲۳۳۸۲۱	۲۳۳۸۲۳	۲۳۳۸۲۷
۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۲۰	۲۳۳۸۲۹
۲۳۳۸۲۳	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۲۴

خواص سورۃ اعراف

سورۃ اعراف قرآن پاک کی ساتویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد ۲۵۳۵۹۲ ہیں اور چال خانہ نو میں ہے اپنے مقصد کے مطابق نقش تیار کیا جاسکتا ہے مگر ہم یہاں دو عدد نقش

لکھتے ہیں ایک نمبر نقش جابر حاکم کے سامنے پیش ہونے کیلئے ہے اگر کوئی عرق گلاب و زعفران کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو جابر حاکم تسخیر ہوگا۔ دو نمبر نقش جملہ آفات کیلئے ہے جو کوئی اپنے پاس رکھے گا ہر طرح کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی مکمل سورۃ کو پڑھا کرے گا تو تسخیر عوام خاص کر سرکاری ملازم تسخیر ہوں گے۔ انشا اللہ تعالیٰ۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۲۳۳۰۵	۲۳۳۹۳	۲۳۳۹۴	۲۳۳۰۰
۲۳۳۹۵	۲۳۳۹۹	۲۳۳۰۶	۲۳۳۹۲
۲۳۳۰۲	۲۳۳۹۶	۲۳۳۹۱	۲۳۳۰۳
۲۳۳۹۰	۲۳۳۰۴	۲۳۳۰۱	۲۳۳۹۷

نقش نمبر دو

۷۸۶

۲۳۳۹۳	۲۳۳۹۹	۲۳۳۹۴	۲۳۳۰۲
۲۳۳۰۵	۲۳۳۹۵	۲۳۳۰۲	۲۳۳۹۰
۲۳۳۰۰	۲۳۳۹۲	۲۳۳۰۳	۲۳۳۹۷
۲۳۳۹۴	۲۳۳۰۶	۲۳۳۹۱	۲۳۳۰۱

نقش سورۃ انفال

سورۃ انفال قرآن شریف کی آٹھویں سورۃ ہے اس کی کل اعداد 412375 ہیں اور چال خانہ تیرہ میں ہے۔ آغاز حروف 103086 ہیں۔ یوں تو سوا نقش تیار کر کے ہر کام کیلئے بنائے جاسکتے ہیں۔ لیکن قیدی کی رہائی کیلئے بہت موثر ہیں ہے۔ اس سورۃ کی روزانہ گیارہ بار تلاوت کرنے سے قیدی کرے تا حق رہا ہوگا اور گھریلو جملہ آفات سے اہل خانہ محفوظ رہیں گے۔ یہاں پر صرف قیدی کی رہائی کیلئے نقش درج ہے قیدی روزانہ اکتالیس عدد لکھا کرے اور کسی خاص عزیز کے ہاتھوں گولیاں بنا کر نہر میں یا دریا میں بہا دیا کرے۔ انشا اللہ جلدی رہائی نصیب ہوگی اگر قیدی پڑھا لکھا نہیں ہے تو پھر گھر کا کوئی بھی فرد قیدی کا تصور کر کے روزانہ نقش تیار کرے قیدی کو کہیں کہ وہ تلاوت کیا کرے اگر قرآن شریف نہیں پڑھا ہے تو پھر قیدی کے وارث بیوی یا بہن یا والدہ پڑھا کریں تو انشا اللہ جلدی رہائی نصیب ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۸۸	۱۰۳۱۰۲
۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۱۰۱	۱۰۳۰۹۱	۱۰۳۰۹۴
۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶	۱۰۳۰۹۷	۱۰۳۰۹۲
۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۹	۱۰۳۰۸۷

نقش سورۃ توبہ

سورۃ توبہ قرآن پاک کی نویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 52861 ہیں اور چال خانہ نمبر تیرہ میں ہے۔ اگر کوئی اس کی روزانہ تلاوت سات بار یا گیارہ بار کرے گا تو تمام سرکاری ملازم مطیع فرمانبردار ہوں گے اور اس کی تلاوت کرنے والے کے گھر میں کبھی بھی چوری نہ ہوگی اور نہ ہی کسی اور طرح سے نقصان ہوگا۔ ہم یہاں پر تین نقش درج کرتے ہیں ویسے اپنے مطالب کیلئے علیحدہ چال استعمال کریں۔ یہاں پر ایک نمبر نقش کو اپنے پاس رکھنے سے حاکم جابر مطیع ہوگا نقش نمبر دو کو اپنے مال اسباب میں رکھیں تو نقصان سے محفوظ رہے گا اور تین نمبر نقش کو پانی میں گھول کر باغ و زراعت کو ڈالا جائے تو زراعت میں خوب ترقی ہوگی۔ انشا اللہ تعالیٰ نقش آغاز عدد 178596 ہے۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۷۸۶۰۵	۱۷۸۶۰۰	۱۷۸۵۹۹	۱۷۸۶۱۲
۱۷۸۵۹۸	۱۷۸۶۱۳	۱۷۸۶۰۴	۱۷۸۶۰۱
۱۷۸۶۱۰	۱۷۸۵۹۷	۱۷۸۶۰۲	۱۷۸۶۰۸
۱۷۸۶۹۰	۱۷۸۶۰۷	۱۷۸۶۱۱	۱۷۸۵۹۴

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۷۸۵۹۷	۱۷۸۶۱۰	۱۷۸۶۰۸	۱۷۸۶۰۲
۱۷۸۶۰۷	۱۷۸۶۰۳	۱۷۸۵۹۶	۱۷۸۶۱۱
۱۷۸۶۰۰	۱۷۸۶۰۵	۱۷۸۶۱۲	۱۷۸۵۹۹
۱۷۸۶۱۳	۱۷۸۵۹۸	۱۷۸۶۰۱	۱۷۸۶۰۴

نقش نمبر تین

۷۸۶

۱۷۸۶۱۱	۱۷۸۵۶۰۰	۱۷۸۵۹۹	۱۷۸۶۰۵
۱۷۸۶۰۱	۱۷۸۶۱۲	۱۷۸۶۰۲	۱۷۸۵۹۸
۱۷۸۶۰۷	۱۷۸۵۰۹۷	۱۷۸۶۰۲	۱۷۸۶۰۹
۱۷۸۵۹۶	۱۷۸۶۰۶	۱۷۸۶۱۰	۱۷۸۶۰۳

نقش سورۃ یونس

سورۃ یونس قرآن پاک کی دسویں سورۃ ہے۔ اس کے کل اعداد 550108 ہیں۔

چال خانہ نمبر نو میں ہے چال کا عدد 137519 ہے۔ جو کوئی سورۃ مذکورہ کو اپنے تصرف میں روزانہ 21 بار رکھے گا تو وہ اپنے دشمنوں پر فتح پاوے گا (نقش نمبر 1 اپنے پاس رکھے) اور غالب رہے گا اور اگر عرق گلاب کو زعفران کے ساتھ ملا کر نقش نمبر 2 لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے تو آسیبی خلل دور ہوگا اور اگر کوئی مہم پیش آئے تو اس کے نقش نمبر 3 کو 41 بار لکھے اور 41 دن لکھے تو انشا اللہ 41 یوم کے اندر مہم آسان ہوگی اور ساتھ ساتھ تیرہ بار روزانہ تلاوت کرے تو انشا اللہ مہم آسان ہوگی۔ اس کا نقش نمبر 4 لکھ کر اپنے پاس رکھے تو حاکم کے قہر سے اور اعداد مقہوری سے محفوظ رہے گا۔ انشا اللہ نقش نمبر ایک یہ ہے۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۳
۱۳۷۵۳۴	۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۳۱	۱۳۷۵۱۹
۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۲	۱۳۷۵۲۶
۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۳۰

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۳۷۵۲۶	۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۱۹
۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۱
۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۲۴
۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۳۴

نقش نمبر تین

۷۸۶

۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۵
۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۳۴	۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۲۸
۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۱۹	۱۳۷۵۳۱	۱۳۷۵۲۵
۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۲۶	۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۲۰

نقش نمبر چار

۷۸۲

۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۳
۱۳۷۵۳۴	۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۳۱	۱۳۷۵۱۹
۱۳۷۵۲۹	۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۳۲	۱۳۷۵۲۶
۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۳۵	۱۳۵۲۰	۱۳۷۵۳۰

نقش سورۃ ہود

سورۃ ہود قرآن پاک کی گیارہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 154781 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے اور آغاز حروف چال 128687 ہیں۔ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آجائے تو سورۃ ہود کی روزانہ تیرہ مرتبہ تلاوت کرے اور تیرہ دن کرے۔ انشا اللہ تیرہ دن کے اندر اندر اس کی مشکل حل ہوجائے گی اگر کوئی قرآن پاک نہیں پڑھا ہے تو پھر نقش نمبر ایک کو ہزار مرتبہ لکھے اور پانی میں بہائے تو انشا اللہ ایک ہزار نقش لکھتے لکھتے کوئی روحانی اس کی مشکل کا حل آپ کو آکر بتا دے گا بلکہ مشکل حل ہونے کی کوئی تدبیر بتائے گا۔ اگر کوئی روزانہ اپنے تصرف میں اس سورۃ کو رکھے گا تو اس کا دشمن مغلوب ہوگا اور نقش نمبر 2 لکھ کر اپنے پاس رکھے نیچے نام جمع والدہ اپنے اور دشمن کے لکھے ایک عدد نقش وزن کے نیچے رکھے دوسرا اپنے پاس رکھے انشا اللہ دشمن پر ظفر یابی حاصل ہوگی۔ زبان بندی کیلئے بھی بہت مجرب ہے نقش نمبر تین لکھے اور نیچے فلاں بن فلاں ضرور لکھے پھر وزن کے نیچے رکھے تو زبان بندی ہوگی۔ اگر ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ نقوش مندرجہ ذیل ہیں۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۷۰۳
۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۷۰۲	۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۶۹۶
۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۸۷	۱۲۸۶۹۹	۱۲۸۶۹۴
۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۸۸

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۶۹۲
۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۶۹۷
۱۲۸۶۸۷	۱۲۸۶۹۹	۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۷۰۲
۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۹۴	۱۲۸۶۹۶	۱۲۸۶۹۰

نقش نمبر تین

۷۸۶

۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۷۰۲	۱۲۸۶۹۰
۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۶۹۶
۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۹۹	۱۲۸۶۹۴
۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۶۸۷	۱۲۸۷۰۱

نقش سورۃ یوسف

سورۃ یوسف قرآن پاک کی بارہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 503980 ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے اور حروف آغاز 125987 ہیں۔ اگر کوئی حاملہ اس سورۃ کی روزانہ تلاوت کرے گی تو انشا اللہ لڑکا پیدا ہوگا اور خوبصورت ہوگا اور نقش نمبر ایک اپنے گلے میں ایک عدد رکھے اور دوسرا نقش پانی میں بھگو کر ہر ماہ پہلے گیارہ دن پیا کرے اور دردزہ جاری ہونے تک جاری رکھے گلے والا نقش پیدائش کے فوراً بعد بچے کو نہلا کر اور اذان کان میں دے کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اگر کوئی حاجت ہو تو ہر روز تیرہ مرتبہ پڑھیں انشا اللہ حاجت برآئے گی اور نقش نمبر دو اپنے پاس رکھے۔ اگر کوئی اپنے عہدہ سے معزول ہوجائے تو پھر اس کی تلاوت کرے انشا اللہ عہدہ پر دوبارہ مامور ہوگا۔ اگر کوئی شخص مفلس ہوجائے اور کاروبار نہ چل رہا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ نقش نمبر تین کو 41 بار لکھے اور 41 دن لکھے ہر روز کی تعداد روزانہ نہر میں بہا دیا کرے۔ انشا اللہ چند ماہ میں مفلسی دور ہوگی۔ اور یہی نقش ایک عدد روزانہ گھول کر پیا کرے تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔ انشا اللہ تھوڑے ہی دنوں میں مقبول بارگاہ الٰہی ہوجائے گا اور جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ حصول غنا کیلئے اس سورۃ کو روزانہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق تلاوت کرے تو انشا اللہ بہت جلد غنی ہوجائے گا۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۲۵۹۸۷	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۹۸	۱۲۵۹۹۴
۱۲۵۹۹۲	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۶۰۰۰
۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۸۹
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۲۵۹۸۷	۱۲۵۹۹۹	۱۲۵۹۹۲	۱۲۶۰۰۲
۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۰
۱۲۵۹۹۸	۱۲۵۹۸۸	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۱
۱۲۵۹۹۴	۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۹	۱۲۵۹۹۷

نقش نمبر تین

۷۸۶

۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷	۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸
۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹	۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸
۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲	۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳
۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲	۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱

نقش سورۃ رعد

سورۃ رعد قرآن پاک کی تیرہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 244692 ہیں اور چال خانہ نمبر 9 میں واقعہ ہے اور آغاز حروف 41165 ہیں۔ اگر کوئی بچہ روتا ہو تو نقش نمبر ایک لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں اور ساتھ ساتھ سورۃ پڑھ کر دم کر کے پھونک لگائیں انشا اللہ بچہ رونے سے محفوظ رہے گا اور نظر بد سے بھی محفوظ رہے گا۔ اگر ملک میں حاکم جابر ظالم ہے اور رعایا پر ناحق ایذا رسانی کرتا ہے تو چاہیے کہ سورۃ رعد لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر بادشاہ کے گھر میں ڈال دے تو وہ معزول ہو جائے گا۔ لیکن یاد رکھے کہ سورۃ لکھتے وقت بارش ہو رہی ہو اور خوب بادل گرج چمک پیدا کر رہا ہو تو پھر لکھیں اس طرح زیادہ کام ہوگا۔ اس کا نقش نمبر دو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں تو آسیب جاتا رہے گا۔ اگر کسی گھر میں آسیب رہتا ہو تو گھر کے چاروں کونوں میں نقش لگا دیں تو انشا اللہ تعالیٰ آسیب کا خلل جاتا رہے گا۔

نقش نمبر 1

۷۸۶

۱۱۱۲۹	۱۱۱۷۵	۱۱۱۲۷	۱۱۱۸۱
۱۱۱۲۸	۱۱۱۸۰	۱۱۱۷۰	۱۱۱۷۳
۱۱۱۷۹	۱۱۱۲۵	۱۱۱۷۷	۱۱۱۷۱
۱۱۱۷۱	۱۱۱۷۲	۱۱۱۷۸	۱۱۱۲۲

نقش نمبر 2

۷۸۶

۱۱۱۲۹	۱۱۱۷۵	۱۱۱۲۷	۱۱۱۸۱
۱۱۱۲۸	۱۱۱۸۰	۱۱۱۷۰	۱۱۱۷۳
۱۱۱۷۹	۱۱۱۲۵	۱۱۱۷۷	۱۱۱۷۱
۱۱۱۷۱	۱۱۱۷۲	۱۱۱۷۸	۱۱۱۲۲

نقش سورۃ ابراہیم

سورہ ابراہیم قرآن پاک کی چودھویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 245818 ہیں اور آغاز حروف 61447 ہیں یہ سورہ حصول دولت اور تسخیر خلق کے لیے بہت نایاب نسخہ ہے اگر کسی کی روزی تنگ ہوگئی ہو تو وہ روزانہ اس کی گیارہ مرتبہ تلاوت کرے اور کم از کم ۴۱ یوم کرے اور ناغہ نہ ڈالے فجر کی نماز کے بعد پڑھے۔ انشا اللہ جاہ چشمت اور روزی فراخ ہوگی اور نقش نمبر ایک ہر روز اکتالیس مرتبہ لکھ کر نہر میں ڈالے جہاں مچھلیاں ہوں انشا اللہ اکتالیس یوم کرنے سے رزق کی تنگی دور ہوگی جب آخری دن نقش لکھے تو سب سے آخر والا نقش چاندی کی تختی میں کندہ کروالے پھر اپنے پاس رکھے یاد رہے کہ زیرہ کی ساعت

میں نقش لکھنا شروع کرے اور ختم بھی زیرہ کی ساعت میں ہونا ضروری ہے اگر شرف زیرہ میں لکھے تو پھر بہت اچھا ہوگا اگر شرف زیرہ میسر نہ آئے تو پھر زیرہ کی عام ساعت میں لکھنا شروع کر دے۔ دردِ چشم کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ اگر کوئی مرد کسی سحر کے ساتھ نامرد ہوگیا ہو تو وہ اس کی روزانہ تلاوت کرے اور نقش نمبر دو اپنے گلے میں رکھے اور دو نمبر نقش ہی پانی میں گھول کر ۴۱ یوم تک پئے تو انشا اللہ تعالیٰ درست ہو جائے گا۔ اگر زیادہ فائدہ حاصل کرنا ہے تو پھر زعفران اور مشک کے ساتھ لکھے زیادہ طاقت آئے گی۔ اگر نظر بد کی وجہ سے بچہ رونے لگے یا بچہ کو کوئی تکلیف آجائے تو نقش نمبر تین لکھ کر گلے میں رکھیں اور نقش نمبر دو لکھ کر پلائیں انشا اللہ بچہ تندرست ہو جائے گا انشا اللہ تعالیٰ۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۱۱۳۱۰	۱۱۱۲۷	۱۱۱۲۵۳	۱۱۱۲۵۷
۱۱۱۲۵۳	۱۱۱۲۵۸	۱۱۱۲۵۹	۱۱۱۲۲۸
۱۱۱۲۵۵	۱۱۱۲۵۴	۱۱۱۲۲۹	۱۱۱۲۱۴
۱۱۱۲۵۰	۱۱۱۲۱۱	۱۱۱۲۵۱	۱۱۱۲۵۱

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۱۱۲۵۱	۱۱۱۲۵۶	۱۱۱۲۲۹	۱۱۱۲۱۴
۱۱۱۲۵۰	۱۱۱۲۱۱	۱۱۱۲۵۴	۱۱۱۲۵۵
۱۱۱۲۱۰	۱۱۱۲۷	۱۱۱۲۵۸	۱۱۱۲۵۳
۱۱۱۲۵۷	۱۱۱۲۵۳	۱۱۱۲۵۹	۱۱۱۲۲۸

نقش سورہ حجر

سورۃ حجر قرآن پاک کی پندرہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 176709 ہیں اور آغاز حروف 716709 ہیں۔ یہ سورۃ رزق کی خیر و برکت کیلئے بہت مجرب ہے اگر کسی کا کاروبار بہت مندا ہوگیا ہو تو اسے چاہیے کہ فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس آیت مبارک کا وظیفہ رکھے اور پڑھ کر اپنے مال و متاع میں پھونک لگا دیا کرے تو انشا اللہ بہت جلدی امیر و کبیر ہو جائے گا اس کے نقش کو اپنے مال میں رکھے تو انشا اللہ برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

نقش نمبر تین

۷۸۶

۷۱۹۱۸۲	۷۱۹۱۶۹	۷۱۹۱۸۶	۷۱۹۱۷۹
۷۱۹۱۷۵	۷۱۹۱۸۰	۷۱۹۱۷۱	۷۱۹۱۷۰
۷۱۹۱۷۷	۷۱۹۱۷۴	۷۱۹۱۷۱	۷۱۹۱۸۴
۷۱۹۱۷۲	۷۱۹۱۸۳	۷۱۹۱۷۸	۷۱۹۱۷۳

نقش سورہ نحل

سورۃ نحل قرآن پاک کی سولہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 520188 ہیں اور چال حروف 130039 ہے اور چال خانہ نمبر نو میں ہے۔ یہ سورۃ ظالم لوگوں کیلئے بلٹ پروف کا کام کرتی ہے اگر آپ کی کسی کے ساتھ دشمنی ہے تو آپ اس کو روزانہ سات بار پڑھا کریں تو انشا اللہ تعالیٰ دشمنوں کی آنکھوں سے ہمیشہ کیلئے اوجھل رہیں گے یا ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں تو پھر بھی ظالم دشمن زیر ہوگا۔ اس کا نقش لکھ کر اپنے گلے میں رکھنے سے دشمن ذلیل خوار ہوگا مگر ایمان مضبوط ہونا ضروری ہے۔ اس نقش کو تین ماہ 21 دن تک روزانہ لکھیں اور دشمن کا تصور کر کے روزانہ پانی میں ڈال دیا کریں تو دشمن ہلاک ہوگا یا پھر آپ کا علاقہ چھوڑ جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۰۰۵۴	۱۳۰۰۴۴	۱۳۰۰۵۱	۱۳۰۰۳۹
۱۳۰۰۴۲	۱۳۰۰۴۸	۱۳۰۰۴۵	۱۳۰۰۵۳
۱۳۰۰۴۳	۱۳۰۰۵۵	۱۳۰۰۴۰	۱۳۰۰۵۰
۱۳۰۰۴۹	۱۳۰۰۴۱	۱۳۰۰۵۲	۱۳۰۰۴۶

نقش سورہ بنی اسرائیل

سورۃ بنی اسرائیل قرآن پاک کی ستارہویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 38613 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے حرف آغاز 9645 ہے۔ یہ زیادہ تر حاسدین و مفسدین کی زبان بندی کے واسطے استعمال ہوتی ہے اگر کوئی اس سورۃ کی روزانہ تلاوت کرے تو حاسدین کی زبان بندی ہو جاتی ہے۔ اس کا نقش ہرن کی جھلی پر قمر در عقرب میں لکھا جائے اور پاس رکھنے سے تمام حاسدین کی زبان بندی ہوجائے گی۔ نیچے حاسدین کے نام لکھنا ضروری ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۶۴۸	۹۶۶۰	۹۶۵۵	۹۶۵۰
۹۶۵۴	۹۶۵۱	۹۶۴۷	۹۶۶۱
۹۶۵۲	۹۶۵۷	۹۶۵۸	۹۶۴۶
۹۶۵۹	۹۶۴۵	۹۶۵۳	۹۶۵۶

نقش سورۃ کہف

سورہ کہف قرآن پاک کی اٹھارویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 505517 ہیں چال خانہ پنجم میں ہے۔ آغاز حروف 126371 ہیں۔ اگر کوئی جمعہ کی نماز کے بعد تین بار مذکورہ سورۃ کی تلاوت کرے گا تو اس پر آئندہ جمعہ تک کوئی قرضہ نہ ہوگا اگر کسی عورت یا مرد کی شادی نہ ہو رہی ہو تو وہ روزانہ اس کی تلاوت کرے تو انشا اللہ جلدی شادی ہوجائے گی اگر کسی کا نکاح باندھ دیا گیا ہو یا اپنی مرضی سے کہیں شادی کرنا مقصود ہو تو پھر اس کو روزانہ تین بار تلاوت کرے تو انشا اللہ تین چار ماہ کے اندر شادی ہوجائے گی عقد کھل جائے گا۔ اگر کوئی پوری سورۃ کو کسی صاف کاغذ پر لکھے اور سیاہ رنگ کی بوتل میں بند کر کے رکھ دے تو انشا اللہ اس کی برکت سے گھریلو حالات درست ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اگر کوئی اس کا نقش نمبر ایک ہر روز 41 بار 41 یوم لکھے تو اس پر تین ماہ تک پہاڑ جتنا قرضہ بھی ہوگا اتر جائے گا۔ حاملہ جب بچہ جننے لگے تو درد زہ شروع ہونے پر نقش نمبر دو لکھ کر عورت کے سامنے کرنے سے ولادت میں آسانی پیدا ہوگی۔ اگر کسی عورت کو اٹھرا کا مرض لاحق ہو تو نقش نمبر تین لکھ کر اپنے گلے میں رکھے اور نقش نمبر دو ہر ماہ تازہ لکھ کر گیارہ دن پیا کرے انشا اللہ اٹھرا کا مرض جاتا رہے گا۔ اس کا نقش نمبر 4 لکھ کر اپنے گھر کی کسی بھی دیوار کے ساتھ لگا دیں تو گھر میں خدا تعالیٰ کے فضل سے آتشزدگی نہ ہوگی۔ سردرد کیلئے نقش نمبر 5 لکھ کر سر پر باندھنے سے سردرد اتر جائے گا۔ اگر جنگ کے دوران نقش نمبر چھ لکھ کر اوپر چادروں کونوں پر اصحاب کہف کے نام لکھیں اور جنگ میں جھنڈا کے ساتھ باندھ دیں تو فتح حاصل ہوگی۔ اس کے بہت سے روحانی فائدے ہیں تجربات سے خود ثابت کر سکتے ہیں۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۲۶۳۸	۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲
۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳	۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۸۲
۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۷
۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۳۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷
۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۸۶

نقش نمبر پانچ

۷۸۶

۱۴۳۴۷	۱۴۳۴۳	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۶
۱۴۳۴۰	۱۴۳۴۷	۱۴۳۴۶	۱۴۳۴۲
۱۴۳۴۸	۱۴۳۴۳	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۵
۱۴۳۴۲	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۹	۱۴۳۴۴

نقش نمبر چار

۷۸۶

۱۴۳۴۸	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۲
۱۴۳۴۵	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۹	۱۴۳۴۴
۱۴۳۴۲	۱۴۳۴۶	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۶
۱۴۳۴۰	۱۴۳۴۷	۱۴۳۴۳	۱۴۳۴۷

نقش نمبر تین

۷۸۶

۱۴۳۴۹	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۵	۱۴۳۴۱
۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۲	۱۴۳۴۸	۱۴۳۴۳
۱۴۳۴۳	۱۴۳۴۷	۱۴۳۴۰	۱۴۳۴۷
۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۶	۱۴۳۴۲	۱۴۳۴۶

نقش نمبر چھ

۷۸۶

۱۴۳۴۶	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۳	۱۴۳۴۷
۱۴۳۴۲	۱۴۳۴۶	۱۴۳۴۷	۱۴۳۴۰
۱۴۳۴۵	۱۴۳۴۱	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۸
۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۹	۱۴۳۴۴	۱۴۳۴۲

نقش سورۃ مریم

سورۃ مریم قرآن پاک کی انسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 289644 ہیں اور آغاز حروف 72403 ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔ اگر کسی کا کاروبار ختم ہوگیا ہو۔ رزق میں تنگی ہو۔ کاروبار چلانے کا کوئی طریقہ نظر نہ آتا ہو تو چاہیے کہ سورۃ مذکورہ کی روزانہ سات بار یا گیارہ بار تلاوت کیا کریں تو انشا اللہ چند دنوں میں کاروبار پھلے پھولے گا اور اگر کوئی قرآن پاک نہ پڑھا ہو تو پھر مندرجہ ذیل نقش روزانہ 41 مرتبہ لکھے اور 41 یوم لکھے تو بخدا کام پھلے پھولے گا۔ اگر کسی کی کھیتی باڑی خراب ہوتی ہو یا اگر کاشت کی جاتی ہو تو پھر اس میں برکت نہ پڑے تو تب بھی یہ کام آتا ہے۔ اگر کسی کا کوئی باغ ویران ہوگیا ہو تو پھر مذکورہ نقش لکھ کر باغ کو 41 یوم پانی دیں۔ انشا اللہ سرسبز شاداب ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۲۴۱۷	۷۲۴۰۳	۷۲۴۱۰	۷۲۴۱۴
۷۲۴۰۹	۷۲۴۱۵	۷۲۴۱۶	۷۲۴۰۴
۷۲۴۱۲	۷۲۴۰۸	۷۲۴۰۵	۷۲۴۱۹
۷۲۴۰۶	۷۲۴۱۸	۷۲۴۱۳	۷۲۴۰۷

نقش سورۃ طٰہٰ

سورۃ طٰہٰ قرآن پاک کی بیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 399283 ہیں اور چال خانہ تیرہ میں ہے۔ آغاز حروف چال 99813 ہیں۔ اگر کسی مرد یا عورت کی شادی نہ ہورہی ہو یا کسی نے نکاح باندھ دیا ہو تو اسے چاہیے کہ اس سورۃ کے بعد نماز عصر 21 بار تلاوت کیا کرے تو انشا اللہ چند یوم کے اندر اندر شادی ہوجائے گی۔ اگر کوئی قرآن پاک نہیں پڑھا ہوا ہے تو پھر اس کا نقش روزانہ 41 بار 41 یوم لکھے بلکہ شادی نہ ہونے تک جاری رکھے انشا اللہ چند ایام میں شادی ہوجائے گی۔ نقش لکھ کر نہر کے پانی میں آٹے کی گولیاں بنا کر بہا کے ایک عدد نقش اپنے پینے رکھے انشا اللہ شادی صالح ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰	۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۷
۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۶	۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹
۹۹۸۲۹	۹۹۸۱۵	۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱
۹۹۸۱۷	۹۹۸۲۲	۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۶

نقش سورۃ انبیاء

سورۃ انبیاء قرآن پاک کی اکیسویں سورۃ ہے۔ اس کے کل اعداد 382219 ہیں اور آغاز حروف 95547 ہیں اور چال خانہ تیرہ میں ہے۔ اگر کوئی اس کی تین مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو اس کے غم باقی نہ ہوں گے۔ اور انشا اللہ زندگی پھر خوشحال گزرے گی کبھی بھی غم نزدیک نہ ہوں گے اگر ہوں گے بھی تو جلدی ازالہ ہوجایا کرے گا۔ مقبوری اعداد کے لیے نقش نمبر ایک اپنے پاس رکھے تو دشمن سے کبھی بھی مغلوب نہ ہونے پائے گا۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۹۵۵۵۰	۹۵۵۵۵	۹۵۵۵۳	۹۵۵۶۱
۹۵۵۶۲	۹۵۵۵۲	۹۵۵۵۸	۹۵۵۴۷
۹۵۵۵۶	۹۵۵۴۹	۹۵۵۶۰	۹۵۵۵۴
۹۵۵۵۱	۹۵۵۶۳	۹۵۵۴۸	۹۵۵۵۷

نقش سورۃ حج

سورہ قرآن پاک کی بائیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 382344 ہیں اور حروف آغاز 94478 ہیں چال خانہ نہم میں ہے۔ کشتی پر سوار ہونے کیلئے بہت مجرب ہے۔ اگر کوئی کشتی پر سوار ہوتے وقت پڑھتا رہے تو وہ غرق آب سے محفوظ رہے گا۔ اگر اس کا نقش کشتی پر لگا دیں تو انشا اللہ کشتی محفوظ رہے گی اور ساحل پر امن و امان کے ساتھ پہنچ جائے گی اور سلامتی حاصل ہوگی۔ انشا اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴۴۸۷	۹۴۴۸۱	۹۴۴۹۲	۹۴۴۸۴
۹۴۴۸۳	۹۴۴۹۳	۹۴۴۷۸	۹۴۴۹۰
۹۴۴۸۰	۹۴۴۸۸	۹۴۴۸۵	۹۴۴۹۱
۹۴۴۹۴	۹۴۴۸۲	۹۴۴۸۹	۹۴۴۷۹

نقش سورہ مومنون

سورۃ مومنوں قرآن پاک کی تیئسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 351714 ہیں اور آغاز حروف 87921 ہیں جو کوئی اس سورۃ کی روزانہ تلاوت کرے گا تو انشا اللہ کاہلی اور سستی اس کے نزدیک نہ آئے گی۔ فسق و فجور کے واسطے اس سورۃ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو کبھی بھی اندیشہ نہ ہونے پائے گا۔ اگر کسی کو شراب پینے کی عادت ہو تو چاہیے کہ اس سورۃ کو لکھ کر اپنے گلے میں رکھے یعنی کہ شرابی کے گلے میں رکھے تو انشا اللہ عادت ختم ہوجائے گی۔ اگر کسی پر بہت ہی رزق کی تنگی ہو اور افلاس کے مارے کوئی چارہ نہ ہو تو روزانہ 21 مرتبہ 21 دن پڑھیں پھر ہر روز ایک مرتبہ پڑتا رہے تو افلاس کا کوئی حل سامنے آجائے گا۔ برائے افلاس مندرجہ ذیل نقش اپنے پاس رکھے تو افلاس دور ہوگا انشا اللہ خوشحالی آئے گی۔

دونوں نقش اپنے پاس رکھے تو افلاس دور ہوگا۔

۷۸۶

۸۷۹۳۴	۸۷۹۲۱	۸۷۹۲۸	۸۷۹۳۱
۸۷۹۲۷	۸۷۹۳۲	۸۷۹۳۳	۸۷۹۲۲
۸۷۹۲۷	۸۷۹۲۶	۸۷۹۲۳	۸۷۹۳۶
۸۷۹۲۴	۸۷۹۳۵	۸۷۹۳۰	۸۷۹۲۵

نقش سورۃ نور

سورۃ نور قرآن پاک کی چوبیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 402457 ہیں اور چال حروف 100606 ہیں چال خانہ پنجم میں ہے اس کا نقش نمبر ایک بکثرت احتلام والے کو پلانے سے افاقہ ہوتا ہے ایک عدد نقش 21 یوم پلائیں اور ایک عدد نقش گلے میں رکھے انشا اللہ فائدہ ہوگا روزانہ تین بار پڑھنے سے بھی احتلام کی کثرت ختم ہوجائے گی شیطانی وسوسہ سے محفوظ رہنے کیلئے نقش نمبر دو اپنے پاس رکھے وسوسہ ختم ہوجائے گا۔ زبان بندی اعدا کیلئے نقش نمبر تین ایک عدد پاکیزہ وزن کے نیچے رکھیں اور دوسرا اپنے پاس رکھیں انشا اللہ اعدا کی زبان بندی ہوگی جو کوئی اس کی ہمیشہ تلاوت کرتا رہے گا تو انشا اللہ اعدا سے محفوظ رہے گا۔

نقش نمبر ایک

۷۸۶

۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱
۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۲۱	۱۰۰۶۰۹
۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸	۱۰۰۶۰۶	۱۰۰۶۲۰
۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷

نقش نمبر دو

۷۸۶

۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲
۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱	۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۱۵
۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶	۱۰۰۶۱۸	۱۰۰۶۱۳
۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷

نقش نمبر تین

۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱	۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱
۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲
۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸	۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷
۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶	۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷

نقش سورۃ فرقان

سورۃ فرقان قرآن پاک کی پچیسویں سورہ ہے اس کے کل اعداد 209575 ہیں اور آغاز حروف 52386 ہیں اور چال خانہ تیرہ میں ہے۔ ظالم کے ظلم سے بچنے کیلئے بہت مجرب ہے اگر کسی ظالم نے ناحق تنگ کر رکھا ہو یا ظالم نے انتہاء کر رکھی ہو تو چاہیے کہ گاؤں یا محلہ کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر ہر کونا پر گیارہ مرتبہ تلاوت کریں تو انشا اللہ تعالیٰ ظالم سے نجات ملے گی یا کسی بھی طرح ظالم کے گھر میں کسی دیوار کے ساتھ مندرجہ ذیل نقش گاڑھ دیں تو ظالم کے شر سے محفوظ رہیں گے اور ظالم امید ہے کہ علاقہ بدر ہو جائے گا اور خاص اپنے لیے ایک عدد نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ ایک عدد وزن کے نیچے رکھیں۔ اللہ پاک مہربانی فرمائے گا۔ انشا اللہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۲۳۹۶	۵۲۳۹۲	۵۲۳۸۶	۵۲۳۸۰
۵۲۳۸۷	۵۲۳۹۸	۵۲۳۹۷	۵۲۳۹۱
۵۲۳۰۲	۵۲۳۸۸	۵۲۳۹۱	۵۲۳۹۳
۵۲۳۹۰	۵۲۳۹۵	۵۲۳۰۱	۵۲۳۸۹

نقش سورۃ شعراء

سورۃ شعراء قرآن پاک کی چھبیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 403738 ہیں اور حروف آغاز چال 1100827 ہیں۔ بھاگے ہوئے شخص کیلئے سورۃ کی تلاوت بہت کمال ہے اگر کسی کا بھاگا بیٹا غلام، کنیز، لونڈی، بیوی، خاوند وغیرہ بھاگ جائیں تو اس کی تلاوت بہت کارگر ثابت ہوتی ہے روزانہ 21 مرتبہ تلاوت کریں اوّل گیارہ بار کے اندر اندر بھاگا ہوا شخص آجائے گا اگر نہ آئے تو پھر بھاگے ہوئے کے آنے تک تلاوت جاری رکھیں۔ انشا اللہ اکیس دن کے اندر اندر بھاگا ہوا آجائے گا۔ اگر اس کا نقش غلام لونڈی وغیرہ کے چمڑہ یا سول کے ساتھ وزن کے نیچے رکھ دیں تو غلام کبھی بھی نہیں بھاگے گا اور آپ کا تابعدار رہے گا۔ ایک عدد نقش پانی میں گھول کر غلام وغیرہ کو پلائیں یا جس آدمی کو گھر سے یاد یاد بھاگنے کی عادت ہو تو اس کو نقش 21 دن پلائیں انشا اللہ تعالیٰ بھاگنے کی عادت جاتی رہے گی ساری عمر گھر سے بھاگنے کی کوشش ہی نہیں کرے گا۔ خاص کر غلام کو

مطیع کرنے کیلئے مجرب ترین ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۴۱	۱۰۰۹۳۶	۱۰۰۹۳۱
۱۰۰۹۳۵	۱۰۰۹۳۲	۱۰۰۹۳۹	۱۰۰۹۳۲
۱۰۰۹۳۳	۱۰۰۹۳۸	۱۰۰۹۳۹	۱۰۰۹۳۸
۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۳۲	۱۰۰۹۳۷

نقش سورۃ نمل

سورۃ نمل قرآن پاک کی ستائیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 340962 ہیں اور آغاز حروف 85233 ہیں۔ حاجت روائی کیلئے یہ سورۃ بہت مجرب ہے اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آجائے تو روزانہ 41 مرتبہ 21 یوم تک اس کی تلاوت کرے یا ایک ہی جلسہ میں مذکورہ سورہ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں پھر اس کا ثواب حضور پاک ﷺ تمام خاندان سادات جناب حضور غوث پاک تمام کے پیش کرے پھر بارگاہ رب العزۃ میں دعا مانگیں انشا اللہ جلد ہی قبولیت کا مقام حاصل ہوگا۔ اگر پڑھ نہ سکتا ہو تو پھر مندرجہ ذیل نقش ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور 41 عدد نقش روزانہ پانی میں بہائے جب تک مقبولیت کا درجہ نہ ہو چاہیے کرتا رہے۔ اگر اس کا نقش تیر دو لکھ کر گھر میں لگا دیں تو گھر میں سانپ بچھو گزند نہ پہنچا سکیں گے یا جہاں سانپ بچھو زیادہ ہوں وہاں اس نقش کو نقب کی طرح سے کے چسپاں کر دیں اگر جانوروں کے گلے میں نقش رکھیں گے تو جانور سانپ بچھو سے محفوظ رہیں گے نقش یہ ہے۔

نقش تیر ایک

۷۵۳۳۷	۷۵۳۳۲	۷۵۳۳۵	۷۵۳۳۱
۷۵۳۳۲	۷۵۳۳۷	۷۵۳۳۸	۷۵۳۳۱
۷۵۳۳۱	۷۵۳۳۳	۷۵۳۳۳	۷۵۳۳۴
۷۵۳۳۳	۷۵۳۴۰	۷۵۳۳۹	۷۵۳۳۲

نقش تیر دو

۷۵۳۳۵	۷۵۳۳۱	۷۵۳۳۷	۷۵۳۳۲
۷۵۳۳۸	۷۵۳۳۱	۷۵۳۳۲	۷۵۳۳۷
۷۵۳۳۲	۷۵۳۳۴	۷۵۳۳۱	۷۵۳۳۳
۷۵۳۳۹	۷۵۳۳۲	۷۵۳۳۳	۷۵۳۴۰

نقش سورۃ قصص

سورۃ قصص قرآن پاک کی اٹھائیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 407120 ہیں اور آغاز حروف 101772 ہیں چال خانہ نہم میں ہے۔ بیماری کیلئے بہت مجرب ہے جو کوئی مریض کو سات دن تک روزانہ سات بار پانی پر دم کے۔ پلائے تو انشا اللہ ہر موذی مرض سے شفا حاصل ہوگی غائب حاضر کیلئے بھی بہت اہم ہے اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو اس کا نقش نمبر ایک چرخہ کے ساتھ باندھ کر الٹے چکر دیں یا پھر ایک عدد نقش وزن کے نیچے رکھیں۔ نقش نمبر دو پیٹ درد کیلئے مجرب ہے یا پیٹ کی جملہ امراض کیلئے استعمال کر سکتے ہیں مثلاً اسہال پیٹ درد ناف کا ٹل جانا درد مثانہ درد گردہ حتیٰ کہ پیٹ کے اندر ہر طرح کی مرض کیلئے مجرب ہے۔ بیماری کیلئے نقش نمبر تین لکھ کر مریض کو پلائیں۔ جزامی آدمی روزانہ اس سورۃ کی تلاوت کیا کرے شفا ہونے تک کرتا رہے اور کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھے انشا اللہ جذام کو شفاء ہوگی۔ نقش یہ ہیں۔

1 ۷۸۶

۱۰۱۷۸۸	۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۶
۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷	۱۰۱۷۸۷	۱۰۱۷۷۵
۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴	۱۰۱۷۷۲	۱۰۱۷۸۶
۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۷۸۳

2 ۷۸۶

۱۰۱۷۷۵	۱۰۱۷۸۷	۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۶
۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷	۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۸
۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴	۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۳
۱۰۱۷۸۶	۱۰۱۷۷۲	۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۷۸۳

3 ۷۸۶

۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۷۸۳	۱۰۱۷۸۶	۱۰۱۷۷۲
۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴
۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۸	۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷
۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۶	۱۰۱۷۷۵	۱۰۱۷۸۷

نقش سورۃ عنکبوت

سورۃ عنکبوت قرآن پاک کی انتیسویں سورۃ ہے۔ اس کے کل اعداد 275297 ہیں اور چال خانہ پانچ میں ہے 68816 آغاز حروف ہیں۔ غم کے دور کرنے کیلئے بہت مجرب ہے۔ اگر کسی مرد یا عورت کو کسی بھی قسم کا غم لگ جائے خواہ کوئی بھی ہو اس سورۃ کو روزانہ

سات بار پانی پر دم کر کے پئیں تو انشا اللہ غم خواہ جس طرح کا بھی ہوگا زائل ہو جائے گا۔ ہر طرح کی کامیابی حاصل کرنے کیلئے بہت مجرب ہے۔ اس کا نقش چال نمبر ایک کا خود تیار کر لیں انشا اللہ فائدہ ہوگا۔

نقش سورۃ روم

سورۃ روم قرآن پاک کی تیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 269977 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے اور حروف آغاز چال 67486 ہیں۔ شر اعدا کے لیے بہت مجرب ہے۔ اگر کسی کے دشمن بہت زیادہ ہوں تو دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے مذکورہ سورۃ کو دشمن کا تصور کر کے ہر بار 21 مرتبہ پڑھیں اور 21 دن پڑھیں تو انشا اللہ دشمن خوار ہوگا اور ہمیشہ کیلئے آپ کے آگے جھکا رہے گا۔ اگر دشمن کو بالکل ہی تباہ کرنا مقصود ہو تو پھر سورہ کو اپنے ہاتھوں زعفران کے ساتھ لکھیں اور بند منہ والی شیشہ کی بوتل میں رکھ دیں۔ انشا اللہ جلد ہی دشمن تباہ ہوگا۔ اور بوتل کو اپنے گھر میں صندوق کے اندر بند کر کے رکھ دیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷۵۰۴	۶۷۴۹۳	۶۷۴۹۹	۶۷۴۸۹
۶۷۵۰۲	۶۷۵۰۲	۶۷۴۹۲	۶۷۵۰۵
۶۷۴۸۶	۶۷۵۰۳	۶۷۴۸۸	۶۷۵۰۰
۶۷۴۹۴	۶۷۴۸۷	۶۷۵۰۶	۶۷۴۹۱
۶۷۵۰۱			

نقش سورۃ لقمان

سورۃ لقمان قرآن پاک کی اکتیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 159000 ہیں اور چال خانہ نو میں ہے۔ حروف آغاز چال 39742 ہیں اگر کسی بھی قسم کا مرض ہو تو سورۃ لقمان پڑھنے سے دفع ہو جاتا ہے۔ ہر روز صبح کی نماز کے بعد سات بار پڑھ کر پانی پر پھونک لگائیں اس طرح تین مرتبہ کریں تو پھر پانی کو دن میں تین بار پی لیں تو انشا اللہ بہت جلد مرض جاتا رہے گا۔ اس کا نقش نمبر ایک مریض کے گلے میں رکھیں اور پینے کو دیں۔ درد شکم کیلئے بھی بہت مجرب ہے۔ اس کا نقش نمبر دو مریض کے پیٹ پر باندھ دیں اور یہی نقش صبح دوپہر شام پلائیں۔ انشا اللہ درد شکم جاتا رہے گا غرق آب کیلئے سورۃ لقمان لکھ کر کشتی میں لگا دیں یا پھر اس کا نقش نمبر تین لکھ کر کشتی کی جنوبی جانب لگا دیں تو انشا

اللہ کشتی غرق آب سے محفوظ رہے گی اگر کسی کے گلے میں یہ نقش ہوگا تو غرق آبی سے محفوظ رہے گا۔ نقوش یہ ہے۔

1 ۷۸۶

۳۹۷۴۹	۳۹۷۵۳	۳۹۷۵۶	۳۹۷۴۲
۳۹۷۵۵	۳۹۷۴۳	۳۹۷۴۸	۳۹۷۵۴
۳۹۷۴۴	۳۹۷۵۸	۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۷
۳۹۷۵۲	۳۹۷۴۶	۳۹۷۴۵	۳۹۷۵۷

2 ۷۸۶

۳۹۷۵۸	۳۹۷۴۴	۳۹۷۵۲	۳۹۷۴۶
۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۷	۳۹۷۵۷	۳۹۷۴۵
۳۹۷۴۸	۳۹۷۵۴	۳۹۷۴۲	۳۹۷۵۶
۳۹۷۴۳	۳۹۷۵۵	۳۹۷۴۹	۳۹۷۵۳

3 ۷۸۶

۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۵	۳۹۷۵۶	۳۹۷۴۸
۳۹۷۴۷	۳۹۷۵۷	۳۹۷۴۲	۳۹۷۵۴
۳۹۷۴۴	۳۹۷۵۲	۳۹۷۴۹	۳۹۷۵۵
۳۹۷۵۸	۳۹۷۴۶	۳۹۷۵۳	۳۹۷۴۲

نقش سورۃ سجدہ

سورۃ سجدہ قرآن پاک کی بتیسویں سورۃ ہے اور اس کے کل اعداد 113332 ہیں چال خانہ نہم میں ہے حروف آغاز 28325 ہیں ہر بیماری کیلئے اس میں شفا ہے۔ جو کوئی اس کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے گا۔ انشا اللہ ہر طرح کی مرض سے محفوظ رہے گا اگر کسی کو دق سل کی بیماری ہو یا جذام کا مرض لگ گیا ہو تو اس کی روزانہ تلاوت کرنے سے مرض جاتا رہے گا اس کی چال نمبر ایک کا نقش لکھ کر مریض کو پلائیں۔ انشا اللہ ہر طرح کے مرض سے محفوظ رہیں گے۔

نقش سورۃ احزاب

سورۃ احزاب قرآن پاک کی (33) تنتیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 355258 ہیں اور آغاز حروف چال 88807 ہیں۔ ظالم کے ظلم سے نجات کیلئے بہت مجرب ہے۔ اگر علاقے میں کوئی ظالم رہتا ہو۔ یا گھر میں محلہ میں کوئی ظالم رہتا ہو تو ظالم کا تصور کر کے روزانہ سات بار پڑھیں اوّل سات دن پڑھیں یا پھر 41 دن یا 21 دن پڑھیں۔ انشا اللہ

ظالم کے ظلم سے نجات ملے گی۔ اس کا نقش نمبر ایک اپنے پاس رکھیں ایک عدد لکھ کر وزن کے نیچے رکھیں تو انشا اللہ ظالم خود اپنی آگ میں جلتا رہے گا۔ اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو روزانہ گیارہ بار بعد نماز عصر پڑھا کریں تو انشا اللہ جلدی شادی ہو جائے گی۔ نقش نمبر دو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور دوسرا نقش لکھ کر وزن کے نیچے رکھیں انشا اللہ ایک ماہ کے اندر اندر شادی ہو جائے گی۔ اگر شادی لو میرج ہو تو پھر اپنی بی لور کا تصور رکھ کر پڑھا کریں انشا اللہ بہت جلدی شادی ہوگی تصور رکھ کر پڑھیں۔ اگر یہی سورۃ زعفران کے ساتھ زہرہ کی ساعت یا شرف زہرہ میں تانبہ اور چاندی کی تختی پر لکھیں تو زیادہ کارآمد ہوگی اور بہت جلدی شادی ہو جائے گی نقش یہ ہیں۔

1 ۷۸۶

۸۸۸۲۰	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۰
۸۸۸۰۷	۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۲	۸۸۸۲۱
۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۹	۸۸۸۱۶
۸۸۸۱۷	۸۸۸۰۸	۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۱

2 ۷۸۶

۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۴	۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۰
۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۹	۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳
۸۸۸۲۲	۸۸۸۰۹	۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵
۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۶	۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۰

نقش سورۃ سباء

سورہ سباء قرآن پاک کی چونتیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 253419 ہیں حروف آغاز 63347 ہیں چال خانہ تیرہ میں ہے۔ ظالم پر قابو پانے کیلئے بہت مجرب ہے۔ اگر کوئی ظالم بہت تنگ کرتا ہو تو اس سورۃ کو سات بار پڑھے اور ظالم کی طرف منہ کر کے پڑھے یا پھر سفید حریرہ میں لکھ کر باندھ لے تو انشا اللہ ظالم کے ظلم کی انتہا ختم ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ظالم دنیا میں ذلیل و خوار ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۳۳۶۱	۶۳۳۵۳	۶۳۳۵۵	۶۳۳۵۰
۶۳۳۴۷	۶۳۳۵۸	۶۳۳۵۲	۶۳۳۶۲
۶۳۳۵۴	۶۳۳۶۰	۶۳۳۴۹	۶۳۳۵۶
۶۳۳۵۷	۶۳۳۴۸	۶۳۳۶۳	۶۳۳۵۱

نقش سورۃ فاطر

سورۃ فاطر قرآن پاک کی پینتیسویں سورۃ ہے اس کے کل اعداد 242773 ہیں حروف آغاز 60685 ہیں حاجات مشکلہ کیلئے بہت مجرب ہے اس سورۃ کو کسی بھی حاجت کیلئے روزانہ 75 بار پڑھنے سے حاجت روا ہوگی اگر کسی حاکم سے کوئی کام نکالنا ہے تو پھر پہلے سفید کاغذ پر بغیر سیاہی کے پوری سورۃ لکھیں پھر اس کے اوپر اپنی درخواست لکھیں انشا اللہ جو بھی عرضی لکھی ہوگی قبول ہوگی مطلب بر آئے گا انشا اللہ۔ اس کا نقش بوقت ضرورت اپنے پاس رکھے اور حاکم کے پاس جائے تو انشاء مطلب بر آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۶۹۹	۲۰۶۸۸	۲۰۶۸۹	۲۰۶۹۴
۲۰۶۹۰	۲۰۶۹۳	۲۰۷۰۰	۲۰۶۸۷
۲۰۶۹۶	۲۰۶۹۱	۲۰۶۸۶	۲۰۶۹۷
۲۰۶۸۵	۲۰۶۹۸	۲۰۶۹۵	۲۰۶۹۲

مربع نقوش سورۃ یٰسین

سورۃ یٰسین قرآن پاک کی چھتیسویں سورۃ ہے۔ اس کے کل اعداد 215653 ہیں اور آغاز حروف 53905 ہیں چال خانہ نمبر پانچ میں ہے۔ سورۃ یٰسین کے بارے میں ہم نے پچھلے صفحات پر بہت تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ ہم یہاں پر نقوش سورۃ یٰسین درج کرتے ہیں مگر ان کی تفصیل لکھنا یہاں مناسب نہیں ہے۔ یہاں پر ہم سولہ نقوش درج کرتے ہیں اور دو عدد نقش مخمس درج کرتے ہیں اور ایک عدد نقش مثلث درج کرتے ہیں ہم نے تمام کتاب میں تنگ نظری سے کام نہیں لیا ہے۔ کیونکہ اکثر اوقات دیگر کتابوں میں دیکھا ہے کہ بہت ہی تنگ نظری کا مظاہرہ کیا گیا ہے جو کہ سراسر عامل حضرات کے ساتھ زیادتی ہے۔ ہم یہاں پر خاص کر سورۃ یاسین کے بارے میں سولہ نقوش لکھتے ہیں۔ کوشش کی ہے کہ تنگ نظری کا مظاہرہ نہ کیا جائے اگر خدانخواستہ ہو بھی جائے تو عامل حضرات سے معافی کے طلب گار ہیں۔ انشا اللہ امید ہے کہ عامل حضرات پہلے حصہ جلد اوّل کی طرح اس سے بھی اچھی طرح فائدہ اٹھائیں گے اور انشا اللہ دعاؤں سے نوازیں گے۔ جیسا کہ ہم نے پچھلے صفحات میں درج کیا ہے کہ اگر صرف ایک ہی عمل کامیاب ہوجائے تو

لمبے لمبے بستے اٹھانے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی ہے۔ پچھلے صفحات میں تعویذات کی سولہ چالیں لکھی ہیں خاص کر مربع نقش کے بارے میں۔ یہاں ہم سورۃ یٰسین کے سولہ نقوش سولہ چالوں کے مطابق درج کرتے ہیں تاکہ عامل حضرات کو اچھے نتائج برآمد ہوں چال کے ساتھ صرف نمبر درج ہیں اور چال کا استعمال پچھلے صفحات میں درج ہیں۔ حدیث مبارک ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر شے کا دل ہوتا ہے اور قرآن پاک کا دل سورۃ یٰسین ہے اس کے کچھ فائدے پچھلے صفحات میں درج ہیں اگر ٹھیک طور پر اس کے فائدے لکھے جائیں تو کم از کم 300 یا 400 صفحات ایک کتاب تیار ہوجائے لیکن یہاں تھوڑے سارے فائدے عادتاً لکھتے ہیں۔ اگر کسی آسیب زدہ پر پڑھی جائے تو آسیب جاتا رہے گا۔ اگر مجرد روزانہ 41 مرتبہ 41 دن پڑھے تو کامیاب ہو۔ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو روزانہ 11 مرتبہ تین ماہ پڑھے تو حاملہ ہو۔ اگر محتاج روزانہ گیارہ۔ دفعہ پڑھے تو انشا اللہ 41 یوم میں غنی ہوگا۔ مخمس نقش کو شرف زہرہ میں تانبہ کی تختی پر کندہ کرائے تو غنی ہو اور کبھی محتاج نہ ہوگا اگر بھاگے ہوئے کے واسطے روزانہ پڑھے تو اکیس دن میں غائب حاضر ہوگا۔ نقش مربع چال نمبر گیارہ شرف شمس میں سونے کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے تو کبھی بھی کسی کا محتاج نہ ہوگا اس کے سولہ نقوش یہ ہیں۔

1 ۷۸۶

۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰

2 ۷۸۶

۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶
۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶
۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰
۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱

3 ۷۸۶

۵۳۹۱۶	۵۳۹۰۶	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۰
۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۵
۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۱	۵۳۹۲۰
۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۴	۵۳۹۰۸

4 ۷۸۶

۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸
۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴
۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲
۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹

5 ۷۸۶

6 ۷۸۶

۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰
۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱
۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶
۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶

7 ۷۸۶

۵۳۹۱۳	۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۲
۵۳۹۱۱	۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۳	۶۳۹۱۸
۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۶	۵۳۹۰۶

۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰
۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۳

8 ۷۸۶

۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۱	۵۳۹۲۰
۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۴	۵۳۹۰۸
۵۳۹۱۱	۵۳۹۰۶	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۰
۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۵

9 ۷۸۶

۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰
۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱	۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸
۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹
۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸	۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶

10 ۷۸۶

۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷
۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸
۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳

11 ۷۸۶

۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶
۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶
۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱
۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰

12 ۷۸۶

۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۹
۵۳۹۲۰	۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۷	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۵	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۸	۵۳۹۱۳
۵۳۹۱۰	۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۶

13 ۷۸۶

۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷
۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲	۵۳۹۰۶	۶۳۹۱۸
۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳

14 ۷۸۶

۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹
۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲
۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷	۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴
۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸

15 ۷۸۶

۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰
۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵

16 ۷۸۶

۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵	۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱
۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰	۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴
۵۳۹۱۹	۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲
۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶

مثلث سورۃ یٰسین

مثلث سورۃ یٰسین کو آپ ہر طرح کی بیماری کیلئے استعمال کر سکتے ہیں اس کی زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے مگر اس کو زیادہ تر آپ نو چندے اتوار بدھ، جمعرات کو لکھ لیں اور اپنے پاس محفوظ کرلیں ہر طرح کی بیماری کیلئے مجرب ہوتی ہے۔ خاص کر بیماری کے کیلئے اسے آپ استعمال کریں بوجہ مجبوری دوسرے فائدے بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں مگر بیماری میں بہت مجرب ہوتی ہے۔ چال خانہ اوّل 71880 ہے اور چال خانہ نمبر سات یعنی کہ 71887 ہے اگر نو چندے دن میسر نہ ہوں تو پھر صبح صبح فجر کی نماز کے فوراً بعد تیار کئے جائیں تو بہت مناسب ہوگا۔ مثلث یہ ہے۔

۷۸۶

۷۱۸۸۵	۷۱۸۸۰	۷۱۸۸۸
۷۱۸۸۷	۷۱۸۸۴	۷۱۸۸۲
۷۱۸۸۱	۷۱۸۸۹	۷۱۸۸۳

مخمس سورۃ یٰسین

مخمس کا تعلق زیادہ تر رزق سے ہوتا ہے۔ اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو، نوکری میں ترقی نہ ہو رہی ہے۔ رزق کی تنگی ہو۔ فصل اچھی نہ ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ رزق کی ترقی کے جو بھی کاروبار ہیں ان تمام میں مخمس کا عمل دخل سو فیصد ہے زوجین کی محبت کے واسطے بھی بہت مجرب ہوتی ہے۔ تسخیر عوام کیلئے بھی بہت مجرب ترین ہے۔ اس کو خاص کر شرف زہرہ، شرف عطارد، شرف شمس میں لکھنے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے کسی بھی شرف میں تانبے

اور چاندی ہم وزن لے کر دونوں کو یک جاں کر لیں اور اس کی لوح تیار کر لیں پھر شرف کے وقت ہی لوح پر کندہ کر لیں۔ سونا، چاندی، تانبہ ان تینوں دھاتوں پر بہت کارآمد ہوتی ہے۔ اگر زہرہ کا شرف ہے تو پھر چاندی اگر شرف شمس ہے تو پھر تانبہ اگر شرف عطارد ہے تو پھر سونا پر کندہ کروائیں تو بہت کارآمد ہوتی ہے۔

۴۳۱۱۸	۴۳۱۴۳	۴۳۱۳۷	۴۳۱۳۱	۴۳۱۲۴
۴۳۱۳۲	۴۳۱۲۵	۴۳۱۳۹	۴۳۱۳۹	۴۳۱۳۸
۴۳۱۴۰	۴۳۱۳۴	۴۳۱۳۳	۴۳۱۲۶	۴۳۱۱۲۰
۴۳۱۶۷	۴۳۱۲۱	۴۳۱۴۱	۴۳۱۳۵	۴۳۱۲۹
۴۳۱۳۶	۴۳۱۳۰	۴۳۱۲۳	۴۳۱۲۲	۴۳۱۴۲

نوٹ!

قرآنی آیات یا قرآنی سورتوں کے جتنے بھی نقوش ہیں ان کے چاروں کونوں پر چہار موکلات کے نام ضرور لکھ لیں تاکہ نقش زیادہ فائدہ دیں قرآنی نقوش کی زکوٰۃ ضروری نہیں ہے صرف جس سورہ یا آیت کا نقش استعمال کریں اس سورت یا آیت کا ساتھ ساتھ وظیفہ ضرور لکھیں تاکہ آیات کا اثر قائم رہے۔ نقوش کی کسی بھی عامل سے اجازت لینا ضرورت ہے۔ ہم یہاں پر سورتوں کے نقوش بند کرتے ہیں اگر قسمت نے ساتھ دیا تو آگے ضرور لکھیں گے یا پھر جب سوئم جلد تیار کی تو ضرور لکھیں گے۔

منقبت جناب غوث پاکؒ

ہم یہاں پر جناب حضور غوث پاکؒ کی منقبت لکھتے ہیں جو کہ روحانی طور پر بہت کارآمد ثابت ہوئی ہے میں نے خود تجربہ کیا تھا بہت تیر بہدف ہے۔ ہمیں یہ منقبت اس کے لکھنے والے سے ملی تھی شاہد عرصہ ہوگیا ہے کہ وہ سائل اب دنیا میں موجود نہ ہوں۔ وہ جہاں بھی ہوں خدا تعالیٰ ان کو اپنے سایہ کرم میں رکھیں وہ سائل آنکھوں سے نابینا ہوگیا تھا وہ آدمی کہتا تھا کہ ایک دن میں کسی سوچ میں تھا تو مجھ سے بے ساختہ یہ الفاظ نکل گئے میں نے ان کو نوٹ کروا لیا پھر بعد میں ان کو پڑھا کرتا تھا وہی شعر میں نے اپنے پیر و مرشد جناب حضرت سید امداد علی شاہ گیلانی سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم جناب دادا حضور سید اعجاز علی شاہ گیلانی موجودہ سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم کے سامنے پیش کئے تو کچھ دیر بعد انہوں نے

پوری منقبت تیار کر دی۔ اس نے بتایا پھر زبانی یاد کر کے تہجد کے وقت پڑھنا شروع کر دی خدا تعالیٰ کا کرنا کیا ہوا کہ تقریباً ابھی دو ماہ بھی نہ گزرے تھے کہ خدا تعالیٰ نے جناب حضور غوث پاک کے طفیل میری بینائی واپس کر دی پھر خدا تعالیٰ کا کیا کہنا کہ میں نے ابھی تک بیس سال ہوگئے ہیں اس کو اپنا وظیفہ بنایا ہوا ہے۔ زندگی میں کبھی بھی ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑا انہوں نے یہ منقبت میرے ماموں سید امداد حسین شاہ عرف لعل شاہ کو عطا کر دی میرے ماموں فرماتے ہیں کہ میرا ایک کام تھا عرصہ پندرہ سال سے حل ہونے نہیں آرہا تھا جب میں نے بھی یہ منقبت شروع کی تو اکیس دن بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ پندرہ سال سے رکا ہوا میرا کام حل ہوگیا۔ انہوں نے پھر وہ منقبت بندہ ناچیز کو بھی عطا فرمائی میں نے بھی اس کو ایک کام کیلئے پڑھا تھا۔ خدا تعالیٰ کا کرنا یہ ہوا کہ پندرہ دن بعد میرا بھی کام حل ہوگیا تھا پھر میرے ماموں نے اس شخص سے مجھے تحفۃ انگیلانی میں لکھنے کیلئے اجازت لے دی۔ اب وہ منقبت میں قارئین تحفۃ انگیلانی کے نذر کرتا ہوں تاکہ مخلوق خدا اس سے اچھی طرح فائدہ حاصل کر سکے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ تہجد کی نماز کے بعد دو نفل پنج تن پاک کے نام پر ادا کرے پھر دو نفل حضور غوث پاک کے نام پر ادا کرے۔ پھر قطب شریف کی طرف گیارہ قدم چلے اور ہر قدم پر یا شیخ عبدالقادر جیلانی "اغثنی" پکارے پھر اس طرح ہی گیارہ قدم پیچھے کی طرف ہٹے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر یہ منقبت پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر جناب حضور میراں بہاول شیر قلندرؒ کی خدمت میں نذرانہ پیش کرے پھر جناب کی تمام اولاد پاک کے پیش کرے پھر خصوصی طور پر حضور سید امداد علی شاہ گیلانی کے پیش کرے۔ انشاء اللہ گیارہ دن کے اندر اندر مشکل حل ہوگی۔ منقبت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الف آیا دربار تے منگتا تساڈی ذات دا
سلطان عبدالقادر تحفۃ توں صلوٰت دا
تینوں وسیلہ سمجھیا اپنی میں ہر حاجات دا
یا غوث اعظم سیدا کر غور میری بات دا
فریاد سن فریاد سن صدقہ شاہ سادات دا
یاہیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

ویکھاں طرف شاہِ نجف لا سیف دی شمشیر نوں
ٹوراں شہید کربلا اصغر شہید صغیر نوں
مصطفیٰؐ والفاطمہؓ الزہرہ تطہیر نوں
حسنؓ الرضا یا شیخ عبدالقادرا کر دھیر نوں
پئی بھیڑ میں دلگیر تے کٹ ابرغم ظلمات دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

اوکھی بنی بیمار تے نبھاں دن سب مندیاں
یاپنجتن دے لاڈلے آ ویکھ مرضاں گندیاں
کتا تیرے دربار دا توڑے نئیں پابندیاں
کردے عبدالقادرا اکھیں پیاں ترسندیاں
گھٹ دے شر بتم فضل تھیں دے پاک آب حیات دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

مینوں نکارا گندڑا تک خویش یاراں چھڈیا
بے آس ہو کے سیدا دامن تیرے در آڈیا
پا خیر اوگن ہارنوں جھب بوہڑ پیرا وڈیا
تک عمل نہ بدکار دے جو جو برا اس گڈیا
تیری مہر دے باجھ کجھ تحفہ نئیں حسنات دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

تک حال اوگن ہار دا دشمن کریندے شادیاں
تئیں پاک سید ہندیاں میں ویکھیاں بربادیاں
دکھ میٹ دے لوح وقلم تھیں کجھ دور نہیں بغدادیا
رکھ لاج حضرت پیر جی ونگار یا فریادیاں
جھب کر مدد اے نورچشم سرور کائنات دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

افسوس تیرے راج وچہ تیرا لٹی جاوے مرید
انصاف نئیں اے سیدا کر عاجزاں ول غور دید
منگتا تیرے دربار دا بھاویں میں ہاں کتا پلید

چھڈ ساں نہ تیرے قدم نوں مرجا ساں ہوساں شہید
قسم خدا دی ذات دی محتاج تیری برأت دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

دُر کاریا سنسار دا آیا تیرے در سیدا
بانہہ پکڑ میں مسکین دی اے نور چشم مصطفیٰ
بدکار تے احسان کر صدقہ نبیؐ خیرالورا
دے اوٹ اوگن ہارنوں یا پیر یا مشکل کشاء
رکھ لاج میں مظلوم دی ضامن ہو ونج نجات دا
یاپیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

ہو کے مرید حضور دا محتاج ہوواں غیر دا
لائق نئیں اے آپ نوں آکھاں گلہ بدخیر دا
جویں سمجھنا ایں ہادیاں میں خاکسار آپ پیردا
دُرکارنہ دربار تھیں صدقہ عبید زبیر دا
منکر ساڈے نام دا پاوے تبرہ لات دا
یاپیر حضرت پیر جی درکھول دے برکات دا

صنعان تیرے قدم تھیں جاں کیتاں انکاریاں
اوہ غوث سی کہلاوندا چا کاندے خوکاں چاریاں
پھر بچایا ترس کر واہ تیریاں دلداریاں
بڈھڑی تُساں نوں ثوریاں تہیں ڈبیاں بیڑیاں تاریاں
میں بھی تیرے دربار تے مسکین سائل دات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

جو چاہیں کر سکنائیں تیری قلم لوح و قلم
درجہ تینوں محبوب دا چا بخشیا رب العظم
غوث قطب ابدال صوفی سب چمن تیرے قدم
بحر خدایا سیدا کٹ دے میرے سب دردم
اسم اعظم نانواں تیرا نئیں حد تیرے درجات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

میں گند تے توں صاف موتی پاک خوش توحید دا
لجپال سیدزاد یا رکھ شرم نچ پلید دا
بے شک نہیں اے لائق تیرے منہ اس غریب مرید دا
پر سمجھ لے منہ کالڑا سگ خاندان شہید دا
کی ہور دساں سیدا میں ذکر اپنے حالات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

خالی نہ پھیر دواریوں مسکین اس جسد ہارنوں
پٹہ توں اپنے نام دا پا اس اوگن ہارنوں
منکر کریسن شادیاں تک حال میرے خوارنوں
چوراں نوں قطب بناونا ایہہ کم تساں دی ذات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

کر دستگیری پیر جی ویلا تیری امداد دا
نیں تاں غرق ہو چلیا بیڑا تیرے سبطین دا
آزمانہ پر تقصیر نوں ضامن ہو وچ نجات دا
جب پہنچ گھٹ رکے واہراں دیکھاں میں راہ بغداد دا
جویں پہنچیوں صنعان تے زنجیر گھٹ کرامات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

گلو کے تیرے دربار تے سبطین سگ منہ کالڑا
منظور کرے زاریاں توں پیر ہے نچ پالڑا
ڈھرکار نہ دربار تھیں کہ مہر تھیں متوالڑا
فضلوں بچا لے مرشدا محتاج تے بے جا لڑا
کلمہ میں پڑھ کے کیتا مصرعہ ایس مناجات دا
یا پیر حضرت پیر جی در کھول دے برکات دا

نوٹ!

نمبر1، نمبر2 کی جگہ پر سائل اپنا نام پکارے
اس منقبت کی قادری سلسلہ والوں تمام کو اجازت ہے نیز اگر کوئی صاحب حزبہ کچھ منقبت کے بارے پوچھنا چاہے تو اجازت مل کر لے سکتا ہے۔

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمام دنیاوی کام کرنے والوں سے پوچھے گا

تحفۂ انگیلانی کے قارئین کیلئے ہم یہاں پر کچھ نصیحت آموز باتیں لکھتے ہیں اس لئے کہ سرور عالم ﷺ نے فرمایا! دنیا مردار ہے اور اس کے چاہنے والا کتا ہے اس نظریے کے تحت دنیا کے تمام محکمے انسان کیلئے ایک لعنت ثابت ہوں گے وہ کس طرح ؟ ہم یہاں آپ کو چند ایک محکموں کے بارے میں بتاتے ہیں تاکہ دنیا کی سوچ چھوڑ کر آخرت کی فکر ہوجائے کیونکہ خدا تعالیٰ کا فرمان ہے کہ قیامت کے دن انسان کے ہر عضاء گواہی دیں گے اس طرح ہر کام میں حکمت ہے۔ عقل والوں کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے ہمارا کام ہے حق کی بات تمام لوگوں تک پہنچا دینا۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ کام کس طرح آدمی پر قیامت کے دن گواہی دیں گے ذرا سوچو!.....؟

1- ملک کے وزیراعظم سے پوچھا جائے گا کہ دنیا میں صرف لوگوں پر حکومت کی تھی کیا اپنے نفس پر بھی حکومت کر کے دیکھی تھیں۔

2- آرمی کے چیف سے پوچھا جائے گا کہ ملک کے عوام کی حفاظت کرتے رہے ہو کبھی اپنے نفس کی حفاظت کر کے بھی دیکھی ہے؟

3- ٹی وی اسٹیشن والوں سے پوچھا جائے گا۔ ٹی وی پر لوگوں کو مختلف پروگرام دیکھا، دیکھا لطف اندوز ہوتے رہے ہو کبھی اپنے اندر کا پروگرام بھی دیکھا تھا؟

4- اسی طرح ہی ریڈیو اسٹیشن والوں سے بھی سوال ہوگا

5- پولیس والوں سے سوال ہوگا کہ ہمیشہ لوگوں کی حفاظت کرتے رہے ہو کبھی اپنے نفس کی بھی حفاظت کر کے دیکھی تھی؟

6- ڈاکٹروں، حکیموں، طبیبوں، معالجوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ آنے والے کے ہر مریض کا علاج کرتے رہے ہو کیا جو تمہارے اندر نفس میں بیماری تھی کبھی اس کا بھی علاج کیا؟

7- ڈرائیور سے پوچھا جائے گا ہمیشہ لوگوں کو منزل مقصود پر پہنچاتے رہے ہو کبھی خود بھی منزل پر پہنچ کر دیکھا ہے؟

8- بس کے اندر سرمہ فروشوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ لوگوں کی آنکھوں کی بینائی واپس لانے کے دعوے کرتے رہے ہو کبھی اپنی بینائی بھی چیک کی تھی؟

9- ترکھان سے پوچھا جائے گا ہمیشہ لوگوں کی چارپائیوں کی چولیں ٹھوکتے رہے ہو کبھی

اپنے نفس کی چول بھی ٹھوک کر دیکھی تھی؟

10- واپڈا والوں، بجلی والوں سے پوچھا جائے گا ہمیشہ لوگوں کے دنیاوی گھروں کو روشن کرتے رہے ہو وائرنگ کرتے رہے ہو کبھی اپنے اندر کو بھی روشن کر کے دیکھا تھا کبھی اپنے اندر بھی وائرنگ کر کے دیکھی تھی؟

11- سائنس دانوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ مختلف ایٹموں کے تجربات کرتے رہے ہو کبھی اپنے اندر کے ایٹم کا بھی تجربہ کیا تھا؟

12- چائے بنانے والوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ لوگوں کو ہی چائے بنا کر پلاتے رہے ہو کبھی اپنے اندر کی چائے بھی بنا کر دیکھی ہے؟

13- مٹھائی بنانے والے مٹھائی فروشوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ دوسرے مختلف اجزاء کی مٹھائی بناتے رہے ہو کبھی اپنے آپ کو بھی مٹھائی بنا کر دیکھا تھا؟

14- بینک ملازمین سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ لوگوں کی امانتیں سنبھالتے رہے تھے کبھی اپنی امانت بھی سنبھال کر دیکھی تھی؟

15- جج صاحبان سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ لوگوں میں جھوٹ اور سچ نتھارتے رہے ہو کبھی اپنے اندر بھی جھوٹ سچ کی نتھار کی ہے؟

16- الیکٹرونکس والوں سے پوچھا جائے گا ہمیشہ لوگوں کو ہی الیکٹرونک کا سامان دیتے رہے ہو کبھی اپنے اندر بھی الیکٹرونک سرکٹ تلاش کیا تھا؟

17- درباروں کے سجادگان سے پوچھا جائے گا ہمیشہ درباروں پر ہی سجادہ نشین بنے بیٹھے رہے ہو کبھی اپنے نفس پر بھی سجادہ نشینی کی تھی۔

18- علماء حضرات سے پوچھا جائے گا ہمیشہ لوگوں کو بڑی بڑی تقاریر کر کے سناتے رہے ہو کبھی اپنے نفس کو بھی تقریر کر کے سنائی تھی؟

19- کنسٹرکشن والوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ بڑی بڑی کوٹھیاں، بنگلے، دفاتر بنائی ویز بناتے رہتے ہو۔ کبھی اپنے نفس پر بھی دفتر قائم کیا کبھی نفس پر بھی کوٹھی بنا کر دیکھی کبھی نفس پر بھی بنگلہ بنا کر دیکھا تھا؟

20- بڑے بڑے پروفیسروں، ماسٹروں، معلموں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ بچوں کو ہی پڑھاتے رہتے ہو کبھی اپنے نفس کو بھی پڑھا کر دیکھا تھا؟

21- سوداگروں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ بڑے بڑے مالوں کے، سامان کے سودے کرتے رہے ہو کبھی اپنے نفس کے ساتھ بھی سودا کیا تھا؟

22- جنرل سٹوروں کے مالکان سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ دوسری اشیاء صرف سٹور پر فروخت کرتے رہے ہو کبھی اپنے نفس کو بھی سٹور کیا؟

23- مکینکوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیشہ دنیا کی مشینری پر مکینکی کرتے رہے ہو کبھی اپنے نفس پر بھی مکینکی کی ہے یا کروائی ہے؟

محبوب خدا ﷺ کی چند مسنون دعائیں

1: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو کوئی اس دعا کو روزانہ صبح و شام کثرت سے (مصنف کے نزدیک کم از کم پانچ سو مرتبہ) پڑھے تو قیامت کے روز اس سے بڑھ کر اس کے پاس کوئی نیکی نہ ہوگی وہ دعا یہ ہے، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

2: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو کوئی صبح و شام تین تین بار اس دعا کو پڑھے گا (صبح سے شام تک) اسے کوئی چیز ضرر نہیں دے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّمَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ○

3: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو کوئی صبح اور شام (مصنف کے نزدیک کم از کم سو مرتبہ ضروری) اس دُعا کو پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ستر ہزار ملائکہ مقرر فرما دیتا جو اس کے لیے دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اگر وہ اس دن مرگیا تو شہید ہو کر مرے گا دعا یہ ہے۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ○ هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلسَّلٰمُ اَلْمُؤْمِنُ اَلْمُهَیْمِنُ اَلْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَالْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ○

4: حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی صبح و شام (عامل حضرات کے نزدیک کم از کم صبح شام ایک ایک سو مرتبہ) یہ کلمات توحید پڑھ لے تو اس کو اتنا ثواب ہے کہ جتنا حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کسی ایک کو آزاد کرایا جائے تیز اس کیلئے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں (صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے) دس برائیاں دور کر دی جائیں گی اور دس درجے بلند کر دیے جائیں گے اور اگر صبح شام پڑھا جائے تو (اگر صبح کو پڑھے تو پھر شام تک اگر شام کو پڑھے تو صبح تک) شیطان سے حفاظت میں

رہے گا وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ۔لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر"

5: حضرت ابو امامہؓ فرماتے ہیں کہ مجھے قرضوں اور غموں نے بہت پریشان کر رکھا تھا میں نے حضور پاک ﷺ سے عرض کیا یارسول اللہ قرضہ اور غم بہت پریشان کرتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ دعا صبح و شام پڑھا کرو تو تمام غم دور کر دیئے جائیں گے اور تمام قرضہ ادا ہوجائے گا آپ فرماتے ہیں کہ میں نے اس طرح ہی کیا تو تمام غم اور قرضہ دور ہوگیا (مصنف کے نزدیک ہر بار کم از کم سو مرتبہ ضرور پڑھا کریں) وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعُجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِالرِّجَالِ

6: حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی (بعد نماز مغرب) اور بازار میں داخل ہو کر یہ دعا پڑھے اس کیلئے خدا تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھ دیں گے اور دس لاکھ برائیاں مٹا دی جائیں گی اور دس ہزار درجے بلند کر دیئے جائیں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرo۔

7: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی سوتے وقت یہ استغفار تین بار پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دے گا خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں یا ستاروں کی تعداد کے برابر یا بڑے ٹیلے کے ذرات کے برابر یا دنیا کے دنوں کے برابر ہوں۔ دعا یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُوَاللّٰہَ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِo

8: سرور کائنات ﷺ نے فرمایا جو نماز مغرب کے بعد یہ دعا پڑھے گا (مصنف کے نزدیک کم از کم سو مرتبہ ضرور پڑھے) اللہ تعالیٰ اس لئے محافظ فرشتے بھیجے گا جو صبح تک اس کی حفاظت کریں گے اور اس کے لیے دس بڑی نیکیاں لکھ دے گا اور دس بڑی برائیاں مٹا دے گا اور دس مسلمان قیدیوں کے آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ۔لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر"

9: اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗo

حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی وضو کے بعد یہ کلمہ شہادت پڑھے تو اس کے لیے بہشت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس دروازے سے چاہے داخل ہوجائے۔

موذی جانوروں سے محفوظ رہنے کا عمل

موذی جانور مثلاً سانپ بچھو، بھڑ، تمبوڑی (اس کو پنجابی میں ڈیموں کہتے ہیں) ہلکا کتا عام بھونکنے والے کتے شیر، چیتا، لومڑ، بھیڑیا وغیرہ حتیٰ کہ وہ جانور جو کاٹ کھاتے ہوں ان کے لیے بہت مجرب ہے یہ عمل ہمارے شاگرد میجر ایوب پنجاب رجمنٹ کا عطا کردہ ہے یہ ان کے اباؤ اجداد کا آزمودہ ہے اور ان کا بھی ذاتی مجرب عمل ہے کسی بھی کاٹنے والے جانور کا ڈانگ یا دہشت باندھنے کیلئے مجرب ہے۔ ویسے ہی اگر اس سے کام لینا چاہیں تو انشاء اللہ ضرور کام کرے گا۔ لیکن اگر اس کی روزانہ گیارہ تسبیح گیارہ دن تک زکوٰۃ ادا کی جائے تو پھر زیادہ مجرب ہوجائے گا۔ پھر بے شک آپ شیر پر سواری کر لیں شیر کی مکھیوں کو ہاتھ میں پکڑے رکھیں یا تمبوڑی کو ہاتھ میں لئے پھریں بالکل ہرگز نہ کاٹنے پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل یہ ہے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَo مچھر، مکھی، پسو، کھٹمل لال بیگ وغیرہ ہر کاٹنے والے حشرات الارض اور جانور کے کاٹنے کو روکنے کے لیے مجرب ثابت ہوا ہے۔

خاص نکتہ

دنیا ایک فنا کا مقام ہے اور آخرت ابدی مقام ہے ہر شخص اتنا معلوم ہونے کے باوجود بھی فانی دنیا کو چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ کسی نے بابا بلھے شاہؒ سے پوچھا تھا کہ خدا تعالیٰ کی تلاش کس طرح ممکن ہے آپ نے فرمایا یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ صرف اتنا ہے کہ "رب دا کی پاون ایدھروں پٹن اودھر لاون" یعنی کہ خدا تعالیٰ کو پانے کیلئے صرف دل ہی تو ہے کہ فانی دنیا سے اٹھا لیا جائے اور ابدی جہان کی طرف لگا لیا جائے۔ لیکن پھر بھی یہ مشکل کام نہیں ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "جو خدا تعالیٰ کے بندے ہیں ان کو نہ خرید

غافل کر سکتی ہے نہ فروخت" کیوں کیا خیال ہے کبھی تم نے اس کے بارے میں سوچا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ غفلت میں رکھا تم کو بہتات کی حرص نے یہاں تک کہ تم قبروں تک جا پہنچے" لیکن یاد رکھو خدا تعالیٰ صرف ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو خدا تعالیٰ پر توکل رکھتا ہے۔ کیا تم چاہتے ہو کہ خدا تم لوگوں سے محبت کرے۔ اگر چاہتے ہو تو پھر توکل اختیار کرو۔ اگر توکل اختیار کرو گے تو خدا تعالیٰ تمہیں محبوب جانے گا۔ وہ کون ہے جو اپنے محبوب کو آگ میں جلتا دیکھے یا آگ میں جلائے۔

بارہ امام

تصوف اور عملیات کی دنیا میں بارہ امام کی بہت اہمیت ہے۔ تصوف اور عملیات میں بارہ امام کا عامل تیغ بے میان ہوتا ہے۔ اکثر اہل سادات گیلانیہ کا یہ معمول رہا ہے۔ اگر کوئی تصوف کی دنیا میں اپنی منزل کھو بیٹھے یا پھر منزل کی جانب رواں ہو مگر منزل نظر نہ آرہی ہو تو انہیں چاہیے کہ تہجد کی نماز ادا کر کے قبلہ رو کھڑے ہو کر اوّل گیارہ بار درود ابراہیمی پھر 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے۔ پھر کم از کم گیارہ بار یا 21 بار یا 41 بار بارہ امام کا ورد کرے۔ پھر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھ کر سورۃ اخلاص آیت الکرسی سورۃ فاتحہ کا ثواب بارہ امام کے نام تحفۃً پیش کر دے اس طرح گیارہ دن 21 دن 41 دن کے اندر اندر جس طرح کی بھی روحانی منزل ہوگی جاری ہو جائے گی۔ اور اگر دنیاوی منزل میں رکاوٹ ہے مثلاً شادی نہیں ہو رہی گھریلو لڑائی جھگڑا تنگی رزق عہدہ کی رکاوٹ حتیٰ کہ دنیا کی کوئی بھی مہم ہو جاری ہوگی اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ فاتحہ 41 مرتبہ اخلاص 41 مرتبہ سورہ ملک پڑھے۔ خواہ بیٹھے بیٹھے پڑھے یا کھڑے ہو کر پڑھے۔ جگہ تنہا ہونا ضروری ہے۔ اوّل دورد ابراہیمی 41 مرتبہ ضرور پڑھیں پھر شروع کریں تمام پڑھنے کا ثواب اماموں کے نام اور پنجتن پاک کے نام اور جناب میراں محی الدین کے نام ہدیۃً پیش کریں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں کامیابی ہوگی عقیدہ درست رکھیں کام نہ ہونے تک جاری رکھیں انشاء اللہ چند ہی دنوں میں کام ہو جائے گا۔ بارہ امام یہ ہیں ہر بار بسم اللہ ضرور پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱)

اسم اللہ جسم فقیر جبار کشادم نام کریم کہ مسلم
گلچے در گنجے حکیم استاداں فرمایا الف لام میم

کراں صفت تیری قلاں دلا حکیم
سلیکاں نے کیتی تیری کو تعظیم
سدا عرش اوپر قلاں قادر کریم
سوہنے تیری قلاں جا دتا القاب
دیواں اگے پنجاں تے یاراں دے عرض سنا
مشکل میری حل کرو قلاں مشکل کشا
تیرا نام حیدر علی لافتاح
اوّل امام علی شاہ نور
فتح کیتا خیبر دیتے دو مروڑ
پنجاں تے یاراں دا دامن نہ چھوڑ
دیہاڑے حشر دے کریسن رہا
دیواں پنجاں تے یاراں دے اگے عرضی سنا
مشکل میری حل کرو توں مشکل کشاء تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۲)

دوسرے امام حسن مجتبیٰ بابا ہے جس کا علی لافتاح
دیتی زہر کوفیاں نے کیتا نہ حیاء
ملک تے فلک اتے دیواں گھت گہا
دیواں پنجاں تے یاراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کرو توں مشکل کشاء تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۳)

تیرا امام سید کونین پنگھا ہے جسدا فرشتے جھوئیں
زبان میری پڑھدی سدا یاحسین
صدقہ کب ئسی کرسوں مدد میری آ
دیواں پنجاں تے یاراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا

مشکل میری حل کروتوں مشکل کشا تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۴)

چوتھا امام پیر زین العابدین
ٹرے ہو کے قیدی سید شاہ دین
ہتھ وچہ مہاراں تے پڑھدے یٰسین
صدقہ اس قیدی دیاں موجاں ہٹا
دیواں پنجاں تے باراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کروتوں مشکل کشا تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۵)

پنجواں امام محمد باقر موجود
دل دے چا کرو حاصل مقصود
پنجاں تے باراں تے بھیجو درود
دیواں پنجاں تے باراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کروتوں مشکل کشاء تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۶)

چھیواں امام جعفر صادق صحیح
کرو میری مدد توں سوہنا سخی
اللہ تے چا دیتا تینوں ساکوں سخا
دیواں پنجاں تے باراں دے اگے عرضی سنا

(۷)

ستواں امام موسیٰ کاظم آیا
جس دے در تے آن نگارا وجایا
جو مسائل در تے آیا نہ خالی ہٹایا
دیواں اگے پنجاں تے باراں دے عرضی سنا

تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کر توں مشکل کشا
تیرا نام حیدر علی لا فتاح

(۸)

اٹھواں امام موسیٰ رضا
راوی پیا لکھدا جسدی صفت سنا
جنت دیاں نہراں تے قبضہ تیرا
میں عاجز کو دینا حصہ پلا
دیواں پنجاں تے باراں دے آگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کرو توں مشکل کشا
تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۹)

ناواں امام تقی جو آیا اَمر رسول در آن سنایا
جو سائل آیا خالی نہ لایا دیودر اپنے توں نہ مینوں ہٹا
دیواں پنجاں تے باراں دے اگے عرضی سنا
مشکل میری حل کروتوں مشکل کشا تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۱۰)

دسواں امام حسن عسکری مینوں نہ بھلاؤ
نام دفتری . رسول تے چڑھاؤ
میں عاصی نوں دینا نہ وچہ دینا بھلا
دیواں پنجاں تے باراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں بے کس گدا
مشکل میری حل کرو توں ہے مشکل کشا
تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۱۱)

گیارہواں امام تقی مختیار حل مظہر العجائب

تھی ہے جا مہر نبی دا چاکیا مختیار
کرو مینوں نہ دیا وچ لاچار
دیواں ہانجاں تے ہاراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں ہے کس گدا
میری مشکل حل کرو توں ایں مشکل کشا
تیرا نام حیدر علی لافتاح

(۱۲)

ہارواں امام محمد مہندی امین
آگے لگاون گے جھنڈا جو دین
عدل جاری ہوگا اوپر زمین
دیکھو مہدی حادی ایوراہ دیکھاون آیا
دیو دین چوں کجھ حصہ مینوں دکھا
دیواں ہانجاں تے ہاراں دے اگے عرضی سنا
تیرے در تے آیا میں ہے کس گدا
مشکل میری حل کرو توں مشکل کشا تیرا نام حیدر علی لافتاح

شجرہ طریقت برائے حل المشکلات

اولیاء اکرام کا نام لینا ہمارے لئے بہت نصیب کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ اولیاء اکرام کے وسیلہ سے بلائیں ٹال دیتا ہے۔ ان کے وسیلہ سے تقدیر بدل جاتی ہیں مگر اعتقاد درست ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ جو میرا ہوجاتا ہے میں اس کا ہوجاتا ہوں میں اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ کام کرتا ہے میں اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ یہ قرآن پاک کا فیصلہ جو کہ خدا تعالیٰ نے اپنے نیک بندے کے بارے میں صادر فرمایا ہے یہ تو پھر بھی اہل سادات کے نام مبارک ہیں اگر کوئی ان کے وسیلہ سے خدا تعالیٰ سے کسی بھی مشکل کیلئے دعا کرے تو انشاء اللہ پوری ہوگی اگر فجر کی نماز کے بعد اپنا معمول بنایا جائے تو انشاء اللہ میرا دعویٰ ہے کہ زندگی میں اس آدمی کو

کبھی بھی کوئی مشکل نہیں آئے گی اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اول ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پڑھے پھر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے پھر تین بار الحمد شریف تین بار سورۃ اخلاص پھر تین بار درود شریف پڑھ کر ان تمام اولیاء اکرام کے وسیلہ پیش کرے پھر بعد میں تمام شجرہ طریقت تین بار سات بار گیارہ بار پڑھ کر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں ان کے وسیلہ سے اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ گیارہ دنوں کے اندر اندر پوری ہوگی یا پھر حاجت پوری ہونے تک جاری رکھیں۔ اجازت عام ہے۔ شجرہ طریقت یہ ہے۔

☆ الٰہی بحق حضرت سید منصب علی = نظر کرم ہم پہ بطفیل علی
☆ الٰہی بحق حضرت سید خادم حسین = حل کر دے ہماری تو سب مشکلیں
☆ الٰہی بحق حضرت سید نیاز = واسطہ ہے تجھ کو مقدس حجاز
☆ الٰہی بحق حضرت سید عظمت علی = ہے جس کے وسیلہ سے مشکل ٹلی
☆ الٰہی بحق حضرت سید عصمت اللہ پیر = حل کر دے مشکل تو ہی دستگیر
☆ الٰہی بحق حضرت سید عظمت اللہ = ہم پھرتے ہیں سارے توکل خدا
☆ الٰہی بحق حضرت سید جعفر حسین = جن کا نام لے کر ٹلی مشکلیں
☆ الٰہی بحق حضرت سید نبی دولا حسین = فدا ہے جس نام پہ دولت دارین
☆ الٰہی بحق حضرت سید شہنشاہ نور بھرپور = بنام مولا ہوئی مشکلیں دور
☆ الٰہی بحق حضرت سید علی شاہ امیر = جس کے گدا ہیں سب غریب و امیر
☆ الٰہی بحق حضرت سید شاہ محمد مقیم = کودی بیٹائے جس کو در یتیم
☆ الٰہی بحق حضرت سید جمال اللہ شاہ = جس کے وسیلہ سے دینا پناہ

اگر نام آنست حیات المیر = سپر شاہ حسین زمچی دلپزیر
اولاد جعفر امام کلاں = کہ صاحب صفا بود پیر مغاں

☆ الٰہی بحق حضرت شاہ شیخ وسعید = دیتے ہیں سب جنت رسید
☆ الٰہی بحق حضرت زمچی حسن نام = فنا میں ہیں رہتے غرق صبح و شام
☆ الٰہی بحق حضرت فرح طرطوسیاں = کرتے ہیں جو سارے پردے عیاں
☆ الٰہی بحق خواجہ عبدالواحد = بخش دے سبی کو تو ہے یا صمد
☆ الٰہی بحق حضرت شبلی راست = دیتے نہیں جو کبھی نفس کو فراغت
☆ الٰہی بحق حضرت خواجہ جنید بغدادی = رہتے ہیں ہر دم جو جنت کی وادی
☆ الٰہی بحق حضرت شیخ سری پیر = پھرتے ہیں دلوں میں روشن ضمیر

☆ الٰہی بحق حضرت خواجہ معروف کرخی = دیتے ہیں دنیا میں سب کو خرچی
☆ الٰہی بحق حضرت خواجہ داؤد عطار = جو رہبر حقیقت اور حاجت روا
☆ الٰہی بحق حضرت شاہ حبیب عجم = رہتے تھے دنیا میں ثابت قدم
☆ الٰہی بحق حضرت حسن بصری کرام = کہ جملہ مراتب از مرشد نظام
☆ الٰہی بحق حضرت صاحب ذوالفقار = کہ نفیس پیمبر صحیح آشکار
☆ الٰہی بحق حضرت علی ولی = کہ دین محمد از اوشد جلی
علی منشی خاص دفتر قضاء = علی جن و انساں را مقتداء
علی نور اللہ فخر انبیا = علی شاہِ ولایت علی بے دیا
علی کانِ عرفان از ابتداء = علی حامی سر بے منتھی
علی تشنگان را و ہر جام خاص ۔ علی مخلصاں را کند اختصاص
علی را محمد بگویم بدل = علی پاک ذات است خلقت زگل
غلام ولی است و مدد علی = مدح خوان ہر دم ذکر علی
یا علی ادرکنی فی سبیل اللہ = یا ادرکنی فی سبیل اللہ
☆ بحق چار اصحاب دین = کہ خلفاء خاص است ثابت یقین
☆ بحق حضرت محمد رسول = کہ نعمت ہزاراں بر مرشد نزول
درود و سلام سب منتھی = کہ ظاہر بشر بود باطن خدا
☆ بحق حضور میں نگاری گنہگاری پر تقصیر بچاری
☆ الٰہی بحق مان کراں تساڈا سایاں شرم شاہاں نوں ساری
☆ بحق حضرت بہاول فقیر، ہر کار مشکل تو ہی دستگیر
صلی اللہ علیہ علی کل مخلوق'' وخیر خلقہ محمد، وعلی آلہ واصحابہ ورحمۃ اجمعین و وبارک وسلم ○

ختم گیلانی قادری حجروی قلندری

ہم یہاں پر ختم شریف گیلانی قادری کا ذکر ضروری سمجھتے ہیں جو بھی عامل یا مریدین اس کتاب کا کوئی بھی عمل شروع کرے تو اسے چاہیے کہ کوئی بھی عمل یا وظیفہ کی اجازت کے بعد اس ختم شریف کو خود پڑھے یا کسی دوسروں کو اکٹھا کر کے حسب توفیق شرینی لے کر یا کوئی بھی میٹھی چیز گھر میں تیار کروا کر نیاز دے تو انشاء اللہ سلسلہ قادریہ کے طفیل کر کے ہر

مقصد میں کامیابی ہوگی اور اگر ہر ماہ یہ طریقہ اپنائے رکھے تو انشاء اللہ مزید کامیابیوں سے ہمکنار ہوں گے۔ آگے جس طرح توفیق ہو کرے۔ خواہ چلہ کرنے میں صرف ایک بار کرلیں یا ہر ماہ قمری کرتے رہیں تو اور اچھا ہوگا۔

ختم یہ ہے، درود شریف کم از کم 49 ہزار مرتبہ یا پھر ایک لاکھ مرتبہ درود کوئی بھی ہو، خواہ خود پڑھے یا ایک مجلس میں پڑھے۔ جس طرح مناسب ہو کرے۔ ایک ہزار مرتبہ الحمد شریف ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پانچ سو مرتبہ سوئم کلمہ پانچ ہزار مرتبہ کلمہ طیب ایک ہزار مرتبہ کلمہ شہادت ایک ہزار مرتبہ استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ ایک ہزار مرتبہ آیت کریمہ ایک ہزار مرتبہ التحیات تین سو مرتبہ آیۃ الکرسی سو مرتبہ منزل شریف سو مرتبہ سورۃ یاسین پچاس مرتبہ سورۃ ملک شریف پانچ ہزار مرتبہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل درود تاج 70 مرتبہ درود مقدس گیارہ مرتبہ اس کے علاوہ کچھ اور بھی پڑھنا ہو تو ضرور پڑھے اس میں شرط کوئی نہیں ہے۔ خواہ خود پڑھے یا ایک ہی مجلس میں پڑھے پھر اس کا ثواب چاروں سلاسل اصحاب کہف اصحاب رسول شہدائے کربلا یاراں امام چودہ معصومین کل اولیاء اکرام اپنے رشتہ داروں اپنے علاقے کے لوگوں کو ہدیۃ پیش کرے انشاء اللہ ہر قسم کی مشکلیں دور ہوں گی اور دینی دنیاوی مقاصد میں کامیابی ہوگی اور اجازت عام ہے۔ خاص کر گیلانی قادری کے ہدیۃ پیش کریں۔

کچھ اور واللہ اَشَدُ کے بارے میں

اس سے پہلے ہم نے واللہ اَشَدُ بَاساً وَ اَشَدُ تنکیلا کے بارے جلد اوّل میں اور جلد دوئم کے چند اوراق پر لکھا ہے۔ مگر دوئم جلد تیار کرتے کرتے ہمیں جو کچھ معلومات حاصل ہوئیں ان کے بارے میں ہم نے لکھا ہے آخر کار ایک دو آدمیوں جو کہ خاص مریدین میں شامل ہیں انہوں نے اس عمل کی اجازت لے کر تحقیق شروع کر دی تحقیق کے دوران انکشافات تو بہت ہوئے تھے مگر ہم ادھر اختصار کے طور پر لکھ رہے ہیں انشاء اللہ اگر پھر بھی کوئی غور طلب اور اجازت طلب مواد ملا تو ضرور اس کتاب کی زینت بنائیں گے۔ سب سے پہلے ہمارے محسن مرید حکیم ریاض احمد شہزاد نے ہمیں کچھ اجازت لے کر اپنی تحقیق ارسال فرمائی ہے وہ آپ کی نذر ہے انشاء اللہ فائدہ ہوگا اس کے کرنے کی آپ کو اجازت ہے۔ میری طرف سے بھی اور حکیم ریاض احمد شہزاد کی طرف سے بھی مزید اگر کوئی کچھ اور معلومات درکار ہوں تو ہمارے ساتھ رابطہ کر کے حکیم ریاض احمد شہزاد سے پوچھ سکتے ہیں۔

آپ لکھتے ہیں کہ یہ تمام اعمال میں اپنے مُرشد پاک اُستاد محترم و مکرم جناب سید سبطین حیدر گیلانی مدظلہ تعالیٰ گیلانی قادری کے نام موسوم کرتا ہوں۔ کیونکہ یہ ان کی مجھ جیسے ناکارہ کم علم کو خاص اپنی نظر کرم کا نتیجہ ہے کہ مجھے کچھ لکھنے اور سمجھنے کی طاقت آئی ہے اور انہوں نے اجازت بھی دی ہے۔

سب سے پہلے آیت پاک وَاللّٰہ اَشَدُّ بَاساً وَّاَشَدُّ تَنْکِیْلاً ۝ سے آغاز کرتے ہیں اس آیت کے فضائل کے بارے میں حضرت صاحب نے جلد اوّل اور جلد دوئم میں کافی ذکر کیا ہے کیونکہ جہاں آپ جناب کا علم ہے وہاں ہم کب پہنچ سکتے ہیں لہٰذا یہاں صرف اس آیت پاک کے اعمال (نقوش) دیئے جائیں گے اس کے علاوہ دوسرے اعمال بھی دیئے جائیں گے۔ یہاں پر حب کیلئے فتوحات، تسخیر کیلئے ہر جائز مقصد کیلئے مثلث دو عدد لکھے جاتے ہیں یہ اعداد ابجد شمسی کے ہیں مسدس جذب القلوب وفتوحات ذوالکتابت ہے۔ وفق 6207 ہیں۔ مثلث چال بادی ابجد شمسی یہ ہے۔

۷۸۶

مثلث بادی چال ابجد شمسی

۲۰۷۰	۲۰۷۱	۲۰۶۶
۲۰۶۵	۲۰۶۹	۲۰۷۳
۲۰۷۲	۲۰۲۷	۲۰۶۸

(۱) وفق ۶۲۰۷

۴۲۲	۴۲۳	۴۱۸
۴۱۷	۴۲۱	۴۲۵
۴۲۴	۴۱۹	۴۲۰

(۲) مثلث بادی چال ابجد قمری وفق ۱۲۶۳

۹ ۱	۷ اللہ	۱۳ اَشَدُّ	۲۴ بَاسًا	۳۰ اَشَدُّ	۳۶ تَنْکِیْلاً
۷۱ ۱۲	۳۰۹ ۱۷	۵۱۰ ۳۵	۸ ۳	۶۵ ۱۹	۳۰۰ ۲۵
۵۰۷ ۳۲	۳۰۳ ۲۸	۶۷ ۲۱	۳۰۶ ۱۴	۶۹ ۱۰	۱۱ ۶
۳۱۰ ۱۸	۵۰۶ ۳۱	۷۰ ۱۱	۳۰۴ ۲۹	۷ ۲	۶۶ ۳۰
۶۸ ۲۲	۵۰۶ ۵	۳۰۲ ۴۷	۶۸ ۸	۵۰۹ ۳۴	۳۰۷ ۱۵
۳۰۱ ۲۶	۶۹ ۲۳	۹ ۴	۵۰۸ ۳۲	۳۰۸ ۱۶	۶۸ ۹

وفق ۱۲۶۳ مسدس جذب القلوب ذوالکتابت

ان نقوش میں اہم خوبی یہ ہے کہ کسر نہیں ہے قوائد عملیات کے تحت پُر کریں اور استعمال کریں۔ اللہ تعالیٰ اثر دے گا۔ نقش مثلث کے متعلق کچھ عرض کرتا چلوں کہ یہ نقش جلالی و جمالی عنصر سے تعلق رکھتا ہے۔ جلالی و جمالی دونوں طریقے سے کام لیا جاسکتا ہے۔ مالی سعد امور کیلئے اور جلالی نحس امور کیلئے ہے لیکن یہاں ہمارا کام صرف سعد امور سے ہے نہ کہ نحس امور سے دُنیا میں میرا بغض و حسد کسی سے نہیں ہے اور نہ ہوا ہے اور نہ ہی انشاء اللہ تعالیٰ ہوگا۔ نقش مسدس زوج الفرد ہے جو دینوی امور کیلئے موثر ابجد قمری اس آیت کے اعداد ۱۲۶۳ ہیں جو زوج الفرد ہیں لہٰذا یہ اعداد اس مسدس کیلئے صحیح موافق ہیں نقش مسدس کو غور فرمائیں تو حیرت انگیز انکشاف ہوتا ہے یہ چال اپنے اندر عجیب اثرات رکھتی ہے کیونکہ بعض کلمات بار بار خانوں میں آرہے ہیں۔ جس سے اثر اور بڑھ جاتے ہیں ویسے عام بغیر ذوالکتابت سے پر کریں گے تو یہ صورت پیدا نہیں ہوگی۔

اس چال کو میں نے غور و فکر و تحقیق کے ساتھ تجربہ کیا ہے۔ جو ہر لحاظ سے موزوں ہے۔ ان تینوں نقوش سے فائدہ اٹھانے کیلئے میرے مُرشد کریم سے اجازت لینا ضروری ہے۔ اگر کسی عمل، تعویزات وغیرہ کے کسی جز کی سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط جوابی لفافہ ارسال فرما کر رہنمائی بغیر کسی ہدیہ کے لی سکتی ہے خط مختصر اور جامع الفاظ میں ہو کیونکہ بندہ ناچیز دن رات خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار رہتا ہے۔ واللہ اَشَدُّ کے بارے میں مزید اجازت طلب ہے اگر اجازت مل گئی تو اگلے صفحات میں ضرور لکھیں گے۔

بے مثال عمل

یہ عمل بھی میرا ذاتی تجربہ ہے مرشد کریم کی اجازت سے اس کتاب کی زینت بنایا

جارہا ہے ورنہ ایسے قیمتی قیمتی نسخہ جات لوگ ادائیگی اپنے سینوں میں دبا کر قبروں میں دفن ہوگئے ہیں۔ یہ عمل ہر جائز مقصد مثلاً قرض کی ادائیگی، ترقی رزق، محبت، نااتفاقی، پتھر دل تسخیر کرنے کیلئے مجرب ہے۔

طالب و مطلوب بمعہ والدہ کے اعداد قمری نکالیں اور 12 پر تقسیم کریں باقی جو بچے اس کو برج سمجھیں جو برج ہو اس کا جو ستارہ ہو وہ ستارہ لے لیں۔ اگر کسی ستارہ کے دو برج ہوں تو دو برج کے اعداد نکالیں اس عمل کے چار جز بنتے ہیں۔(۱) طالب کا نام بمعہ والدہ (۲) مطلوب کا نام بمعہ والدہ (۳) ستارہ کا نام (۴) برج کا نام ان کے جس قدر اعداد نکلیں ان اعداد کے مطابق اسم الٰہی سے لے لیں۔

ستارہ نکلا ہے اس ستارہ کی ساعت میں روانہ پڑھیں اول و آخر۔

گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں عمل تا حل مقصد تک جاری رکھیں۔ مثال کے طور پر عمل سمجھایا جاتا ہے۔ تاکہ ہر قاری تحفۃ الگیلانی کو سمجھنے میں آسانی رہے۔ اگر پھر بھی کسی کو کوئی سمجھ نہ آئے تو وہ بذریعہ خط لکھ کر معلومات حال کر سکتے ہیں۔

مثال دے کر طریقہ سمجھایا جاتا ہے تاکہ ہر قاری کو سمجھنے میں آسانی رہے۔

طالب زاہد احمد بن کلثوم بی بی					مطلوب شاہدہ بیگم بنت آمنہ بی بی				
					ش	۳۰۰	ا	۱	
ز	۷	ک	۲۰		ا	۱	م	۴۰	
ا	۱	ل	۳۰		ہ	۵	ن	۵۰	
ہ	۵	ش	۵۰۰		د	۴	ہ	۵	
د	۴	و	۶		ہ	۵	ب	۲	
ح	۸	ب	۲		ب	۲	ی	۱۰	
م	۴۰	ی	۱۰		ی	۱۰	ب	۲	
د	۴	ی	۱۰		گ	۲۰	ی	۱۰	
	۷۰		۶۲۰		م	۴۰			
						۳۸۷		۱۲۰	

طالب زاہد احمد بن کلثوم بی بی اعداد ۶۹۰
مطلوب شاہدہ بیگم بنت آمنہ بی بی ۵۰۷

کل اعداد ۱۱۹۷

کل اعداد کو ۱۲ پر تقسیم کرنے برج ستارہ معلوم کرنا ہوگا

$$12\overline{)1197}\ /\ 99$$

$$\frac{108}{117}$$

$$\frac{108}{9}$$

قوس برج ستارہ مشتری

عمل یہ تیار ہوا

زاہد احمد کے اعداد ۷۰ اسم الٰہی یامُبْدِئُ ۵۶ بار یَاوَہَّابُ ۱۴ بار والدہ کلثوم بی بی اعداد 620 اسم الٰہی یَا رزَاق 308 یارقیب 312 بار شاہدہ بیگم کے اعداد 1387 اسم الٰہی یامعز 117 بار یا کریم 270 بار آمنہ بی بی کی اعداد ۱۲۰ اسم الٰہی یَا جمیل ۸۳ بار یَا زکی ۳۷ بار ستارہ مشتری کے اعداد ۹۵۰ اسم الٰہی یَا قابض ۹۰۳ بار یا وَالِی ۴۷ بار برج قوس کے اعداد ۱۶۶ اسم الٰہی یَا حلیم ۸۸ بار یَا حکیم ۷۸ بار برج حوت کے اعداد ۴۱۴ اسم الٰہی یَا قیوم ۱۵۶ بار یَا رَحِیم ۲۵۸ بار عروج ماہ چاند کی ۱ تا ۱۴ تاریخ کے درمیان دن جمعرات کیونکہ جمعرات ستارہ مشتری سے منسوب ہے یہ عمل طالب پڑھے انشاء اللہ اپنے مقصد میں پہنچے گا۔

نوٹ

مطلوب سے مراد جو مقصد ہو وہ مقصد لے لیں اور اپنا نام بمعہ والدہ کا نام شامل کر کے اعداد نکالیں اور ۱۲ پر تقسیم کریں اور عمل تیار کر لیں جو مقصد لکھنا ہے اس مقصد کے اعداد کے مطابق اسم الٰہی لیں مزید معلومات کیلئے جناب قبلہ شاہ صاحب سے مل کر میرا پتہ پوچھا جاسکتا ہے۔

عمل لاکھوں میں ایک مزید وضاحت

اس سے پہلے بھی ہم نے عمل لاکھوں میں ایک یعنی کہ واللہ اشد والے عمل کے بارے میں لکھا ہے مگر علم ایک سمندر ہے بلکہ سمندر سے بھی بہت گہرائی رکھتا ہے کیونکہ واللہ اشد قرآن پاک کی ایک چھوٹی ساری آیت ہے اس سے مزید معلومات مل رہی ہیں جو کہ

سمندر کی اوپر والی سطح سے لے کر تحت الثریٰ ہیں لیکن چند ایک پھر اور لکھتے ہیں تا کہ اس میں جو عرفان پنہاں ہے اس کو اجاگر کیا جائے تا کہ مخلوق خدا فائدہ اٹھا سکے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے ہیں ملنا اور ہماری بیعت ہونا ضروری ہے جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے۔ اگر اس کے بارے ہمیں جلد سوئم بھی لکھنا پڑی تو ضروری لکھیں گے۔ مگر اجازت باامر ہونا ضروری ہے۔ ہم یہاں پر آیت مذکورہ باموکل کے اسرار و رموز پر بحث کریں گے۔

جو شخص اس آیت کی ریاضت میں مشغول ہونا چاہے اور اس کے فوائد سے بہرہ ور ہونا چاہیے تو اسے چاہیے کہ سب سے پہلے اس آیت کی جملہ شرائط ادا کرے جیسا کہ پچھلے صفحات میں لکھا جا چکا ہے۔ پھر اس کے بعد زکوٰۃ ادا کرے زکوٰۃ صرف ایک ہی چلہ میں ادا کرے چلہ کے دوران کم از کم پانچ لاکھ مرتبہ آیت مذکورہ باموکل پڑھے۔ اس طور پر پہلے سوا لاکھ خدا کیلئے بخش دے دوسرا سوا لاکھ بار پڑھے اس کا ثواب نبی پاک ﷺ کو بخشے تیسرا سوا لاکھ تمام پیغمبران خدا اصحاب کہف اصحابہ صفہ چہار سلاسل کے اولیا اکرام مشائخ عظائم درویشوں کو ایصال کرے چوتھی بار سوا لاکھ اس کا ثواب تمام امت محمدی کے ایصال کرے بعدہ دوبارہ چلہ کرے پھر بارگاہ خداوندی میں اپنے جملہ مقاصد کی حل طلبی کیلئے دعا مانگے ولایت عظمیٰ کو حاصل کرنے کے لیے پھر تیسری بار ایک چلہ میں ہوا لاکھ پڑھے کو ولایت عظمیٰ میسر ہوگی۔ جس چیز پر نظر کرے گا کیمیا گر کا مرتبہ حاصل ہوگا۔

جملہ یاران طریقت کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ اولاً شرائط کی کشتی میں سوار ہو کر دعوتوں کے بحر میں کود پڑھیں تا کہ اچھے نتائج برآمد ہوں۔ جملہ ممنوعات سے مبرا ہو کر اس کی دعوت میں مشغول ہوں۔ اس کی دعوت کیلئے ایک بات ضروری ہے کہ تمام چلہ کے دوران اپنے حجرے میں ایک آدمی ہو وہ بھی متقی پرہیزگار ہونا ضروری ہے۔

جو کہ ضروریات زندگی مہیا کرتا رہے جب یہ دعوت تمام ہو تو پھر 21 روز کیلئے روزانہ 1000 بار آیت باموکل پڑھے اور نیت تسخیر ارواح کی ہو چنانچہ 21 دن بعد ارواح حاضر ہوں گی اور ہر کار خیر میں عامل کے ساتھ مشغول ہو گی اور عامل کے ساتھ ظاہری باطنی تعاون میں معاون ثابت ہوں گی۔ اس کے بعد عامل کو چاہیے کہ اس عمل کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھتا رہے۔ عنقریب انشاء اللہ غوثیت کے مرتبہ پر فائز ہوگا۔ بے شک اس آیت کے ہم پلہ کوئی عمل سامنے نہیں آسکا ہے۔

بادشاہ کے مسخر کرنے کے لئے اور محبوب کی تسخیر کے لئے اس دعوت میں مشغول ہو اس دعوت میں آیت مذکورہ 1000 بار 20 روز تک باموکل پڑھے بادشاہ وغیرہ اس کے مطیع

ہو جائیں گے اس میں 20 روز تک روزے بھی ساتھ رکھے عمل کی پوری شرائط ضروری ہیں۔ اس کے علاوہ اگر محبوب کو اپنے اوپر عاشق کرنا منظور ہو تو آیت باموکل کو شرائط مذکورہ کے ساتھ یعنی کہ ترک حیوانات و لذت کے پڑھے عشاء کی نماز کے بعد سو دفعہ پڑھے انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔ مگر پہلے جو زکوٰۃ لکھی ہے اس میں وہ ضروری شرط ہے ورنہ کام نہ ہوگا۔ اگر جن پری وغیرہ کو مطیع کرنا ہو تو شرائط مذکورہ کے ساتھ ہر روز تین ہزار دفعہ پڑھے اور آب دریا سے غسل کر کے پانچ روز تک پڑھے آخری روز حاضری ہوگی۔ انشاءاللہ

اگر رجال غیب ظاہر کرنے کے لئے اور مسخر کرنے کے لئے تمنا ہو تو ایک چھری مین میں گاڑ کر 70,000 بار آیت باموکل جتنے دنوں میں ہو سکے تلاوت کرے۔ رجال غیب ظاہر ہوں گے۔

کسی ظالم کو بیمار کرنا مقصود ہو تو آیت مذکورہ کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھے آخر میں بیمار کردن فلاں بن فلاں لکھے پھر ایک سوئی یا کیل پر ایک سو ایک دفعہ آیت پڑھے پھر سوئی یا کیل میں پھونک لگا کر آیت کے حرف پہلے میں گاڑ دے۔ اس طرح ہر حرف میں گاڑتا جائے۔ پھر کالے بکرے کے سر میں رکھ کر منہ بند کرے اور چورا ہے یا قبرستان میں دفن کر دے بس کام ہو جائے گا اس ظلم کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

اگر دولت حاصل کرنے کا مقصد ہے تو پھر دریا کنارے چلا جائے اور چالیس دن وہاں پر چلہ کرے اور کسی سے بات نہ کرے اور ہر روز تازہ غسل کر کے صبح کی نماز کے بعد 5 ہزار دفعہ پڑھے پھر دوسری نمازوں کے بعد ہزار دفعہ آخری روز موکل حاضر ہوگا اور آپ کو گر بتائے گا انشاء اللہ پھر کبھی بھی تنگی نہ ہوگی۔

اگر کشف القلوب کی تمنا ہو تو بارہ روز تک روزانہ بارہ ہزار بار آیت معہ موکل پڑھے بعدہ عمل کرنے کے جس بھی چیز کے بارے معلومات درکار ہوں تو اس کا تصور ذہن میں رکھ کر پڑھنا شروع دے۔ انشاء اللہ کشف حاصل ہوگا۔ اگر کوئی دوران سفر آیت بمعہ موکلات کا وظیفہ جاری رکھے تو راستے میں آفات سے محفوظ رہے گا اور سفر بخیریت سرانجام کو پہنچے گا۔ اگر کسی مردے سے ملاقات کی خواہش ہو تو شب چہار شنبہ کو قبر کے سرہانے کی جانب منہ کے قریب بائیں جانب بیٹھ جائے اور منہ قبلہ کی طرف کر کے ایک بار الحمد شریف اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھے اور مردے کو ثواب ایصال کرے۔ پھر قبر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے تو انشاء اللہ ابھی تین ہزار مرتبہ بھی نہ پڑھے پائے گا کہ مردہ سے ملاقات ہو گی جو بھی بات کرنا مقصود ہو کریں۔ لیکن عالم برزخ وغیرہ کے حالات معلوم کرنا سراسر

عذاب خداوندی کو دعوت دینا ہوگا۔

اگر کوئی قرب الٰہی کا متلاشی ہے تو اسے چاہیے کہ ایک سال تک پرہیز جلالی جمالی کر کے روزانہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق شروع کرے اور جب شروع کرنا مقصود ہو تو یاد رہے کہ اس سال محرم کی پہلی تاریخ بروز جمعرات کو آنا ضروری ہے۔ یا محرم کی دس تاریخ بروز جمعہ ہونا ضروری ہے یا پھر ربیع الثانی کی گیارہ تاریخ بروز بدھ ہو جائے یا پھر عید قربان منگل والے دن ہو تب شروع کرے اس کے اگلے ماہ میں یا پھر شوال کی یکم تاریخ پیر والے دن ہو۔ پھر نو چندے اتوار شروع کرے یا پھر یکم رمضان اتوار کو ہونا ضروری ہے۔ یا پھر 27 رجب ہفتہ والا دن ہو بعد میں شروع کرے یا پھر 14 شعبان بروز جمعہ ہو تو یکم رمضان سے شروع کرے۔ شروع کرتے وقت منہ قبلہ شریف کی طرف ہو اور پہلے دن پوری رات پڑھے۔ دوسرے دن نصف رات پڑھے۔ تیسری رات چوتھائی رات پڑھے۔ اس کے بعد اپنے نام کے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ سال کے آخر تک مقرب ہو جائے۔

اگر مقدمہ اپنے حق میں کروانا مقصود ہو تو مدعی اور مدعا الیہ کے نام کے اعداد نکال کر روزانہ پڑھے۔ جب جج کے سامنے پیش ہونا ہو تو پھر جج کے منہ کی جانب منہ کر کے پھونک لگا دے انشاء اللہ تیسری تاریخ پر اثرات ظاہر ہوں گے۔

زبان بندی کے لئے بھی یہ آیت کریمہ مجرب المجرب ہے جس کی زبان بندی کرنی ہو اس کے نام بمعہ والدہ کے ساتھ 60 بار آیت کریمہ کو پڑھے اس طرح تین روز کرے بس اس شخص کی زبان ہو جائے گی۔

بانجھ پن مستور کے لیے بھی مجرب ہے آب پیاز لے کر اس میں دو گنا شہد ملا لیں اور بانجھ مرد و عورت بمعہ والدہ کے اعداد کے مطابق گیارہ دن آیت مذکورہ پڑھے اور معجون بالا پہ دم کرتا رہے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اس کے علاوہ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں فائدے میں جو کہ قلم کی نوک سے باہر ہیں یہ آیت آدمی کو کندن بنا دیتی ہے اس آیت کے وظیفہ سے ولایت کے تمام مراتب حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ولایت کے مراتب حاصل ہو جائیں تو آدمی کو کسی اور چیز کی ضرورت نہیں ہو سکتی ہے۔

نبی کریم ﷺ کی زیارت کے لئے بھی بہت محرب ہے۔ عامل کو چاہیے 41 دن روزہ رکھے اور صرف شکر والے چاول یا شکر والی کھیر کے ساتھ افطار کرے روزہ جس بھی چیز

سے رکھ لے مگر افطاری کے لئے شرط ضروری ہے اگر شادی شدہ ہے تو پھر ٹھیک ہے۔ اگر بیوی بچے ہیں تو پھر علیحدہ ہی کمرہ استعمال لائے۔ 41 روزے رکھنے کے بعد پھر گیارہ تسبیح درود ابراہیمی پڑھے پھر اپنے نام کے اعداد گیارہ گنا کرے اور ساتھ نبی پاک ﷺ کے اعداد 92 جمع کرے پھر آیت مبارک بعد نماز عشاء گیارہ دن پڑھے بعد میں پھر گیارہ تسبیح درود ابراہیمی پڑھے انشاءاللہ ایمان قائم ہو تو جلد از جلد حضور کی ملاقات سے نوازا جائے گا۔ گیارہ دن کے اندر اندر منزل پر پہنچے گا۔ اگر دو ممالک کے درمیان حالات خراب ہوں تو دونوں ملکوں کے نام دونوں وزیراعظم کے نام کے اعداد لے کر اعداد آیت جمع کرے۔ پھر ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد ایک ہزار دفعہ یا شیخ عبدالقادر اعطنی پڑھے اس طرح ظہر عصر مغرب عشاء پڑھے۔ ایسا تین دن کرے۔ چوتھے آواز مذکورہ عمل جو اعداد تیار ہوئے ہیں اس کے مطابق سات دن پڑھے۔ انشاءاللہ دونوں ممالک کے درمیان جدائی نہ ہوگی ایک دورے کے گرویدہ ہو جائیں گے۔ مزید اس عمل پر ہم تحقیقات کر رہے ہیں انشاءاللہ اگر خدا تعالیٰ کی طرف سے امر ہوا تو جلد سوئم یا کوئی علیحدہ جلد لکھیں گے تو اس میں مکمل طور پر تفصیل ہوگی۔

ہمزاد کو قابو میں لانا

تحفۂ الگیلانی کی جلد اوّل کے بعد ہزاروں کو لوگوں کے ساتھ واسطہ ہوا ہے اکثر لوگ صرف عمل ہمزاد کے بارے میں ہی آتے رہے ہیں ان میں سے کچھ ہی اہل تھے جو کہ عمل کرنے کے قابل ہوتے مگر اکثر و بیشتر عمل کرنے کے قابل بھی نہ تھے۔ آئندہ اگر کوئی عمل ہمزاد کرنا چاہے تو وہ آدمی ہمارے ساتھ ملاقات اور کرے ہمارے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کرے تو انشاءاللہ بہت جلد ہی ہمزاد قابو میں آجائے گا۔ اس کے لئے براہ راست ملاقات ضروری ہے۔

کیونکہ اکثر کتابوں میں ہمزاد کے اذکار موجود ہیں کسی نے تین دن لکھا ہے کسی نے 21 دن کا عمل لکھا ہے۔ کسی نے چالیس دن کا عمل لکھا ہے۔ لیکن ہمارے تجربہ میں یہ تمام باتیں ہیں۔ ہمزاد کا عمل کرنے کے لئے کم از کم 120 دن درکار ہیں آپ خود ہی سوچیں کہ اگر کسی انسان کو آپ حکم دیں کہ فلاں جگہ پر سارا دن رہنا ہوگا۔ پہلی دفعہ تو وہ آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔ لیکن اگر اُسے پتہ ہے کہ وہاں جاؤں گا تو فلاں کام کرنے ہوں گے سخت محنت کرنا ہوگی تو وہ کوشش کرے گا کہ جلدی نہ ہی جاؤں۔ اس طرح ہمزاد کو بھی علم ہے

کہ اگر میں اس کے سامنے آؤں گا تو یہ مجھ قبول کر لیں گے تو پھر خود ہی سوچ کر وہ آپ کے سامنے کیوں آئے گا۔ اگر کوئی مراد حاصل کرنا چاہے تو وہ براہ راست ہم کو ملے ہم اس کے قلب کی روحانی طاقت جاں کر اسے اجازت دے دیں گے اگر وہ اس قابل ہوا تو ہم خود ہی عمل کروا لیں گے انشاء اللہ

سیف ہر مشکل کے لئے

یہ سیف میرے ایک دوست کی عطا کردہ ہے۔ بقول اُن کے یہ ہر مشکل کے لئے کام کرتی ہے اگر کسی بھی قسم کی مشکل ہو تو مجرب ثابت ہو گی۔ ایک صرف رزق کی تنگی کے لئے نہیں ہے۔ باقی تمام امور کے کاموں کے لئے استعمال کر سکتے ہیں اس کے طریقہ یہ ہے کہ منگل کے دن جب چاند کی نئی تاریخیں ہوں تو پھر شروع کرے بوجہ مجبوری کسی اور دنوں میں بھی پڑھی جا سکتی ہے لیکن تو چندے منگل کو تو بہت ہی مجرب ہے۔ اس کے طریقہ ہے کہ دوپہر زوال سے پہلے تقریباً گیارہ بجے سے پہلے دو نفل ادا کریں ہر رکعت میں سورۃ اخلاص 14 دفعہ پڑھیں پھر اُن نفلوں کا ثواب حضور غوث پاک کی روح مبارک کو ہدیہ پیش کریں پھر دوپہر بارہ بجے دھوپ میں ننگے سر کھڑے ہو کر اس پر مداومت کریں اور کم از کم 101 دفعہ پڑھیں۔ جب پڑھ کر مکمل کر لیں تو پھر الٹے ہاتھ اٹھا کر اپنے مقاصد کے لیے دعا مانگیں۔ اوّل آخر گیارہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ آخری بار جب دعا مانگ لیں تو پھر درود شریف پڑھیں عمل یہ ہے۔

والضحیٰ یٰسین شان افضل تیری جدنوں در سیف آلمہ تراکیف قتل عام کر ملحدنوں تیجا مزمل طحا سرمار منکر بدنوں شعلہ دیکھا ویں نوردا دکھڑے سریوں جان دھر فریادعبدالقادر (مشکل کریں آسان تو) یہاں پر اپنی مشکل کا نام تین دفعہ لیں پھر دوبارہ شروع کریں اور تین بار مشکل کا نام لیں کوئی بھی مشکل ہو تو انشااللہ حل ہو جائے گی۔

مصنف ہذا کی دیگر تصانیف

تحفہ الگیلانی جلد اوّل (عملیات)
تحفہ الگیلانی جلد دوئم (")
مفتاح العرش (تصوف پہ مبنی) زیر طباعت
درود پاک کی فضیلتیں اور مصائب سے نجات (زیر طباعت)

مقتل دن راتوں کے مقتل انکا (زیر طباعت)
مسافر اہل بیت (سفرنامہ) (زیر طباعت)
خط و کتابت کے لئے
آستانہ عالیہ گیلانی قادری 2½ کلومیٹر جوہلی روڈ تحریر چوک فیصل آباد پاکستان
8611317





مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور